UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224613
UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—731—28-4-81—10,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ٨٩١٥٤٣٠٥ Accession No. 894

Author محمد عبد الله

Title محمد عبد الله

This book should be returned on or before the date last marked below

OSMANIA UNIVERSITY
جامعہ عثمانیہ
Checked 1975
مجلہ عثمانیہ
سید علی محمد موسوی ام۔ اے (آخری)
مہتمم
سید محمد اشہد خاں بی۔ اے (عثمانیہ)

مجلہ عثمانیہ

(جلد ۱۵ شمارہ ۱ و ۲)

طلبہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

مہتمم مُدیر

سیّد علی محمدؐ موسوی ام۔اے (آخری)

مدیرین

سید فضل الدین خاں
بی۔اے (عثمانیہ)

سید محمدؐ اشہد خاں رضوی
بی۔اے (عثمانیہ)

مطبوعہ
اعظم اسٹیم پریس گورنمنٹ ایجوکیشنل پرنٹرز حیدرآباد دکن

مجلس انتظامی

سنہ ۱۳۵۱ ف

صدر

مولوی قاضی محمد حسین صاحب

ام۔اے۔ال ال۔بی (کنٹب)

نائب معین امیر جامعہ عثمانیہ

مشیر حصہ اردو

ڈاکٹر سید محی الدین صاحب قادری زورؔ ام۔اے۔پی ایچ۔ڈی۔(لندن) پروفیسر اردو جامعہ عثمانیہ

مشیر حصہ انگریزی

ڈی پی کرشنن صاحب ایم۔اے (آکسن) لکچرار انگریزی جامعہ عثمانیہ

خازن اعزازی

مولوی وحید الرحمن صاحب۔بی۔ایس سی پروفیسر طبیعیات جامعہ عثمانیہ

معتمد

سید علی محمد موسوی ام۔اے (آخری) مہتمم مدیر و مدیر حصہ انگریزی

ارکین مجلس انتظامی

محمد عاقل علی خاں صاحب بی۔اے صدر انجمن اتحاد — سید افضل الدین خاں صاحب بی۔اے مدیر حصہ اردو

سید محمد اشہد خاں صاحب رضوی بی۔اے مدیر حصہ اردو — میر حامد علی صاحب بی ایس سی نائب مدیر حصہ انگریزی

مجلس مشاورت

مولوی قاضی محمد حسین صاحب

ام۔اے۔ال ال بی (کنٹب)

نائب معین امیر جامعہ عثمانیہ

مشیر حصہ اردو

ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ ام۔اے۔پی ایچ۔ڈی۔(لندن) پروفیسر اردو جامعہ عثمانیہ

مشیر حصہ انگریزی

سید محی الدین قادری زورؔ

وی۔ایس۔کرشن صاحب ام۔اے (آکسن) لکچرار انگریزی جامعہ عثمانیہ

خازن اعزازی

مولوی وحید الرحمن صاحب بی ایس سی۔پروفیسر طبیعیات جامعہ عثمانیہ

اطلاع

(۱) تمام مضامین نظم و نثر مدیرین متعلقہ کے نام دفتر مجلہ عثمانیہ کے پتہ پر روانہ کئے جائیں۔
(۲) خریداری اور دیگر امور کے لئے مہتمم مدیر مجلہ عثمانیہ سے مراسلت کی جائے۔
(۳) چندہ کی تمام رقمیں خازن اعزازی مجلہ عثمانیہ کے نام دفتر کے پتہ پر روانہ کی جائیں۔

چندہ

(۱) موجودہ طلباء جامعہ عثمانیہ سے ..... للعہ
(۲) طلباء قدیم و اساتذہ جامعہ عثمانیہ سے ..... صمہ
(۳) عام خریداروں سے ..... لے
(۴) فی شمارہ ..... عال

سالانہ اخراجات ڈاک حسب ذیل ہونگے اور بصورت منی آرڈر اخراجات ڈاک میں کمی ہوگی

۱۔ بذریعہ رجسٹری ایک روپیہ آٹھ آنے کلدار ۱۳ر سکہ عثمانیہ۔
۲۔ بذریعہ سرٹیفکیٹ آف پوسٹنگ اور پہلے نمبر کی وی پی کے اخراجات ۱۴ر کلدار ۶ر سکہ عثمانیہ۔
۳۔ بذریعہ بک پوسٹ ۹ آنے کلدار ۶ آنے سکہ عثمانیہ

ارشادات ہمایونی

حضرت بندگانِ عالی مدظلہ العالی

مشورۂ نیک برائے طلبائے عثمانیہ یونیورسٹی

درخیال ما برائے اینہا دوران حصول تعلیم حصہ در امور سیاسی ملک گرفتن (یعنے در پالیٹکس) مفید نہ باشد کہ ہرچہ نتائج آن در مماثل مقدمات خواہ اندرون ملک باشند یا بیرون بہ وقوع آمدہ اند وآن ہم از چشم ایشان پوشیدہ نیست بلکہ عالم آشکار انظر بر آن این ہا را لازم کہ قبل اختیار کردن امرے بر مالہ وما علیہ آن نظر نمایند تا کہ پشیمانی غلط اقدام دامنگیر ایشان نہ شود!! آرے این ممکن است کہ بعد حصول تعلیم اگر این ہا خود را قابل ثابت کردہ در امور متذکرہ صدر شرکت بہ کنند وآن ہم با حزم واحتیاط وہم با فراست و دانشمندی کہ شیوۂ ہمہ عقلا و مدبرین جہان است (یعنے بلتھی پالیٹکس) مضایقہ نباشد بشرطیکہ ہر شئے اندرون حدود معینہ باشد وہم اختیار کردہ بعد غور وخوض بسیار کہ واقعی رہ نوردی در این کوچہ پرخار آسان نیست بلکہ خیلے دشوار وہم ایشان باید دانست کہ بغیر آمد بہار نباید در چمن جلوۂ خرامی نماید وہم بر طرف دیگر گلہائے نوع بہ نوع تبدیل لباس نہ کنند تا وقتیکہ لوازمہ بساط گلزار بہ احسن الوجوہ مہیا نہ باشد ورنہ کسے خواہشمند نظارہ منظر خوش نخواہد شد واین ہمہ اسباب از "فیضان قدرت" پیدا می شوند تا کہ آبیاری وشادابی چمن مفقود نہ شود بلکہ برجائے خود برپایۂ استوار باقی ماند۔

طبع شدہ

در اخبار صبح دکن ششم ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۶۰ ہجری

کُلّیہ مُسلّمہ دُنیا

آنان کہ در دماغِ خُود مادّۂ تکبّر و نخوت می دارند یا جلبِ منفعت پیشِ نظر ایشان باشد یا خُود را عادیٔ زندگیٔ عیش و عشرت ساختہ اند یا قلُوبِ ایشان از خدمت بنی نوع انسان خالیست یا از جوہر ہمدردی و اِعانت محرُوم۔ ہرگز در مقاصدِ خود کامیاب نمی شوند یا خود را برائے خدمتِ خلق اللہ اہل ثابت نمی کُنند و اصل سبب ناکامیٔ این اُمور فقدانِ استقامت مذہب و ہم عقائد باشد و ہم قصورِ ہمت و جُرأت در تکمیلِ اُمورِ دنیوی کہ حق و صداقت چہ چیز ہست ازان یک لخت آن ہا نا آشنا کہ نتیجۂ اش بجُز این چیزے دیگر نیست کہ در راہِ ظُلمت منزلِ مقصُود را تلاش کُنان سرگردان می باشند ازین سبب گُفتہ اند کہ "آبِ حیوان" را بدست آوردن آسان نیست بجُز رہنمائی خضرؑ یا این آن دُرِ شہوار است کہ در قعرِ دریا بہ بطنِ صدف نشستہ است و تا وقتیکہ غواص جوہر شناوری نہ نماید آن در کفش نمی آید کہ بغیر زحمت نوالہ ہم در دہان نمی رسد۔

خُلاصہ اینکہ انسان را بائید کہ حتی الامکان اوصافِ برگزیدہ در خُود پیدا کردہ دعویٔ نشستن در صفِ صاحبانِ ضمیر و کردار بہ کُند ورنہ بغیر این شرط دعویٔ اُو بلا تدلیل ہیچ وقعت نزدِ منصف مزاجان یا عقلائے جہان نمی دارد۔

بہ بہ چہ کلّیۂ زرّین است !!

طبع شدہ در اخبار نظام گزٹ یازدہم ذی قعدہ سنہ ۱۳۶۱ ہجری

مسئلہ علم و فضل

لاریب کہ این شیئے گران بہاست و صرف در حصۂ آن ہا (بہ حصۂ رسدی) می آید کہ فطرتاً برائے این "عطیۂ قدرت" مخلوق گشتہ اند و بہ طرف دیگر تکمیل ہمہ اُمورِ دینی باشند یا دُنیوی برآن منحصر ازین سبب گفتہ اند کہ انسان بغیر علم و فضل وادراکِ مافیہا از صفت انسانی متصف نمی شود (در صحیح مفہوم) و ہم خدا و رسول را نمی شناسد و آنچہ فرائض کہ بر دوشِ او عائد اند پا بجائی ایشان از دو ناممکن تا وقتیکہ شعورِ نزاکتِ آن ہا بہ ذاتِ خود نمی دارد۔

خلاصہ اینکہ این آن شیئے کمیاب ہست کہ در حصولِ آن تک و دو بسیار کردنیست تا آنکہ او در دامنِ مراد بہ افتد۔ دیگر از علم و فضل منصب یا منزلتِ انسان شناخت کردہ شود کہ او چہ پایہ درمیان ابنائے جنس یا بنی نوع انسان می دارد الحاصل ضرورتِ علم و فضل دراین دُنیا از حد ضروریست خصوصاً ما می بینیم کہ حالاتِ عالم را چہ تغیر دامن گیر شدہ است و ہم بہ چہ رنگ واقعاتِ گیتی قلابا زیان می خورند کہ دراین سیلاب صرف اقدام آن گروہ برجادۂ استقامت می مانند کہ دل و دماغ ایشان از ضیائے علم و فضل منور ہست و ہم آن ہا مادۂ غور و فکر یا بالغ نظری در فن رائے زنی برامورِ متنوعہ می دارند ورنہ ممکن نیست کہ از گرداب انتشار ایشان رہائی یابند کہ طوفانِ باد و باران بہ شدّ و مد نمودار شدہ است کہ کشتی بانی بہ پیشِ این موانعات خیلے دشوار می نماید لہذا ضرورت است کہ بہ عقل و تدبیر کار کردہ زورق را بہ ساحلِ سلامتی بہ رساند و این خدمتِ مدبرین یا عقلائے جہان است۔

طبع شدہ در اخبار صبح دکن چہار دہم ذی قعدہ سنہ ۱۳۶۰ ہجری

فہرست مضامین مجلّہ عثمانیہ

جلد (۱۵) شمارہ (۱ و ۲)

نمبر شمار	مضامین	مضمون نگار	صفحہ
۱	اداریہ	جناب سید افضل الدین خان بی۔اے (عثمانیہ) مدیر صدائے اردو	
۲	اصل مکتوب نبوی بنام نجاشی کی دستیابی	جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب۔ استاذ قانون	۱
۳	"آ"	جناب سید عبدالصمد صاحب رضوی سازؔ بی اے۔ال ال بی (عثمانیہ)	۱۱
۴	علمیات	جناب ڈاکٹر سر ولی الدین صاحب ایم اے۔ (عثمانیہ) بی ٹی ڈی (لندن) بیرسٹر ایٹ لا پروفیسر فلسفہ	۱۳
۵	نئی زندگی۔	جناب سکندر علی صاحب وجد بی اے (عثمانیہ) ایچ سی ایس۔ جامعہ عثمانیہ	۲۳
۶	آس	جناب سید احمد محی الدین صاحب متعلم بی۔اے۔ (آخری)	۲۴
۷	حسیات	جناب امیر احمد صاحب خسروؔ متعلم بی۔اے (عثمانیہ)	۲۹
۸	جمالیات اور ادب	جناب محمد عبدالقیوم خانصاحب باقیؔ ایم اے (عثمانیہ) لکچرار ادبیات اردو	۳۰
۹	عبادت	جناب عزیز احمد صاحب (عثمانیہ)	۴۰
۱۰	افسانہ کیا ہے؟	جناب محمد عمر صاحب مہاجر ایم۔اے (عثمانیہ)	۴۱
۱۱	ٹیگور	جناب صاحبزادہ میر محمد علی خاں صاحب میکشؔ (عثمانیہ)	۴۹
۱۲	موجودہ تہذیب میں سائنس کا حصہ	جناب سید شہاب الدین صاحب ایم۔اے (عثمانیہ)	۵۵
۱۳	بھول گئے!	جناب محمد علی صاحب نیرؔ بی۔اے۔ (عثمانیہ)	۶۱
۱۴	اجنٹہ کی عورت	جناب سید اکبر وفاقانی صاحب بی اے ال ال بی۔ (عثمانیہ)	۶۲
۱۵	قطعات	جناب محمد علی صاحب نیرؔ بی۔اے (عثمانیہ)	۷۳
۱۶	قانون بین الممالک کا آغاز و ارتقاء	جناب قاضی سید غلام خالق نواز صاحب بی اے (عثمانیہ) متعلم ال ال بی (آخری)	۷۵

نمبر شمار	مضامین	مضمون نگار	صفحہ
۱۷	پھولوں کی ڈالی	جناب محمد عبدالقیوم خانصاحب باقی ام اے لکچرار ادبیات اردو جامعہ عثمانیہ	۸۵
۱۸	خاکہ اٹانا	جناب محمد بن عمر صاحب ام اے (عثمانیہ) لکچرار انگریزی گلبرگہ کالج وسابق صدر انجمن اتحاد جامعہ عثمانیہ	۸۶
۱۹	تُوا ور میں	جناب علی احمد صاحب بی اے۔ (عثمانیہ)	۹۶
۲۰	اکبر کے زمانے میں ہندوستان کے اوزان پیمانے اور سکے	جناب مجمے ناصر علی صاحب ام اے (عثمانیہ) لکچرار شعبہ معاشیات	۹۸
۲۱	انسان اور فطرت	جناب محمد نعیم الدین صدیقی صاحب ام۔ اے (عثمانیہ)	۱۰۷
۲۲	تھرمامیٹر	جناب محمد علی صاحب نیّر بی۔ اے (عثمانیہ)	۱۰۸
۲۳	زندگی	جناب احمد معین الدین صاحب بزمی بی اے۔ (عثمانیہ)	۱۱۵
۲۴	اسلام نے عورتوں کو وہ کیا حقوق عطا فرمائے جو اس سے پہلے کبھی حاصل نہ تھے۔	جناب ش۔ بانو صاحبہ سال اول اکلیہ اناث (جامعہ عثمانیہ)	۱۱۶
۲۵	نطق محبت	جناب عظیم صاحب (عثمانیہ)	۱۲۴
۲۶	"دو بھوت!" (افسانہ)	جناب رشید قریشی صاحب ام اے (عثمانیہ)	۱۲۵
۲۷	"دو گیتی"	جناب سردار علیصاحب الہام (عثمانیہ) سال اول)	۱۳۱
۲۸	مملکت آصفیہ کی عدالتوں کا ماضی و حال	جناب وائی۔ ویرو پاکشٹاپیٹیل صاحب بی اے ال ال۔ بی (عثمانیہ)	۱۳۲
۲۹	معصوم اشارے	جناب شاہ یعقوب صاحب۔ عارف (سال اول)	۱۵۳
۳۰	"دو صد جلوہ"	جناب مرزا ظفر الحسن صاحب۔ بی۔ اے (عثمانیہ)	۱۵۵
۳۱	غزل	جناب میر عابد علیصاحب۔ سعید	۱۷۵
۳۲	"دو مذہب اسلام اور دوسرے مذاہب کے مشترک امور"	جناب گوپال راؤ صاحب (سال دوم)	۱۷۶
۳۳	شاعر	جناب سید محمد یوسف صاحب ناظم تعلیم ام اے (ابتلائی)	۱۸۲
۳۴	جنگ عظیم اور تحریک اشتراکیت	جناب احمد خانصاحب۔ بی اے (عثمانیہ)	۱۸۳
۳۵	خواب کی تصویر	جناب ظہیر الدین صاحب رونق (عثمانیہ)	۱۹۸
۳۶	موصیجدارو	جناب مالا رشاد صاحب شکلا۔ بی۔ اے (عثمانیہ)	۲۲۵
۳۷	بدنصیب البانیہ	از جناب سید علی محمد صاحب موسوی مہتمم مدیر مجلہ	۲۴۱
۳۸	کلیہ کی خبریں	جناب سید محمد اشہد خان رضوی بی۔ اے (عثمانیہ) مدیر حصہ اردو	۲۵۱

اداریہ

مجلہ کا یہ شمارہ کچھ تاخیر سے شائع ہو رہا ہے آپ کو یقیناً شکایت ہوگی لیکن میں خود اس کا کم شاکی نہیں ہوں وجہ تاخیر ایک طرح مصرع بن گیا ہے جس پر ہر مدیر ایک نئی گرہ لگاتا ہے اگر آپ مجلہ کے گذشتہ تمام شماروں کا جائزہ لیں تو اس ردیف کا ایک خاصہ دیوان بن جائیگا تشبیہات اور استعاروں سے قطع نظر حقیقت یہ ہے کہ تاخیر کی شکایت سب سے زیادہ ان لوگوں کو ہوتی جن کے کندھوں پر یہ گراں بار ذمہ داری ڈالدی جاتی ہے۔ اگر شکایت موقتی ہو تو اس کی وجہ بھی عارضی ہوتی ہے لیکن بنیادی خرابی کو کیا کیجئے ؟ "جائزہ وقت پر نہیں ملا" یہ آپ ہر اداریہ میں پڑھتے آئے ہوں گے۔ اگر میں اسی کو اساس قرار دوں تو غالباً آپ "عذر لنگ" سمجھیں لیکن واقعات پھر بھی واقعات ہیں۔ جائزہ ملا تو کالج بند ہو گیا پھر مضامین ملیں تو کیوں کر ! طباعت کے انتظامات ہوں تو کس طرح ! اور مجلہ وقت پر شائع ہو تو کیسے ! آپ کیا منحصر ہے بلکہ انتظامی الجھنوں کا پردا و ایکجئے تو آپ کو ایک مستقل ڈرامہ نظر آئے گا۔ ان حالات میں غور کیجئے شکایت کس کو ہونی چاہئے اور وجہ تاخیر کون بیان کرے !!!

مضامین کی اشاعت میں تنوع کا پورا خیال رکھا گیا ہے مختصر سے وقت اور چھٹیوں کے زمانے میں مختلف موضوعات پر جتنے عمدہ مضامین دستیاب ہو سکے تھے پیش کئے جا رہے ہیں۔ دوسری جامعات کا تو حال نہیں معلوم لیکن ہماری جامعہ کے لئے "چھٹیاں" ذہنی جمود کا موسم ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ اطلاعات جدید کے ذہنی نقوش اس شمارہ میں اتنے اُجاگر آپ کو نظر نہیں آرہے ہیں میں نے اپنی والی کوشش اُٹھا نہ رکھی "اعلانات" "دعوت نامے" تو ایک طرف شخصی اپیلیں بھی بیکار گئیں پھر بھی جو کچھ پیش کیا جا رہا ہے

مجھے یقین ہے کہ ان نقوش کی تائید گی کچھ کم نہیں ہے۔

میری اور مجلہ عثمانیہ کی یہ بڑی سعادت ہے کہ محترم استاد ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کا مضمون "اصل مکتوبات نبوی بنام نجاشی" سے اس شمارہ کا افتتاح ہو رہا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی جدید علمی تحقیقات سے نہ صرف طلبائے جامعہ عثمانیہ بلکہ سارا ہندوستان مستفید ہو رہا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب کا علمی ذوق ایک وہبی عطیہ ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے بلند پایہ علمی تحقیقی مقالے اس سے قبل بھی مجلہ عثمانیہ میں شائع ہوتے رہے ہیں لیکن اس مضمون کی نوعیت تاریخی ہے۔ اس کی اشاعت سے اسلامی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ہو رہا ہے۔ خدا کرے کہ ڈاکٹر صاحب کی ان علمی تحقیقات سے تمام برادران جامعہ مستفید ہوں۔

"علمیات" ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب کے مقالہ کا تیسرا حصہ ہے "جمالیات اور ادب" عبدالقیوم خاں صاحب باقی کے عمیق مطالعہ کا نتیجہ ہے۔ علمی نقطہ نظر سے ان مضامین کی اہمیت آپ اسی وقت محسوس کریں گے جب کہ آپ ان کا بہ نظر عمیق مطالعہ فرمائیں۔ ہمارے برادر قدیم مسٹر اکبر وفا آفانی کا ایک "حسن کار" مضمون "اجنٹہ کی عورت" کی اشاعت سے مجلہ کا یہ شمارہ مزین ہو رہا ہے کسی نے سچ کہا ہے کہ شعر کہنا آسان ہے لیکن سمجھنا مشکل یہ قول نہ صرف شاعری بلکہ فنون لطیفہ کی تمام اصناف پر صادق آتا ہے "حسن کاری" آسان ہے لیکن "حسن فہمی" مشکل اور اس کی تفہیم "مشکل تر" یہ کام صرف اہل نظر کا ہے بے مبالغہ نہیں ہے کہ وفا آفانی صاحب عثمانیین میں ایک ہی "حسن فہم" ہیں۔

ہم وجد، ساز، اور میکش کے ممنون ہیں کہ انھوں نے اپنی طبع زاد نظمیں روانہ کیں۔ اس شمارہ میں تین افسانے شائع کئے جا رہے ہیں۔ "بھوت" رشید قریشی صاحب کا طبع زاد افسانہ ہے "آس" اور تھرمامیٹر" اردو سے ماخوذ افسانے ہیں لیکن مجھے یقین ہے کہ ان کی دلکشی طبعزاد افسانوں سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ مرزا ظفر الحسن کا "ڈرامہ" شریک اشاعت ہے۔ اس ڈرامے میں انسانی فطرت کے بعض خامیوں کا مذاق اڑایا گیا ہے۔ مرزا ظفر الحسن کی کردار نگاری کا اندازہ آپ کو ان کا ڈرامہ پڑھنے کے بعد ہو سکے گا جذبات نگاری میں آپ کو اچھی مہارت اور طلبہ قدیم میں طرز نگارش کے میدان میں خاص مقام حاصل ہے۔

عثمانیین کی جمعیت

"حیدرآباد بلند ہوگا اور عثمانیہ کے ہاتھوں بلند ہوگا" یہ اپنی ستائش نہیں ہے۔ ایک حقیقت کا اظہار ہے اور وہ بھی ایک دیرینہ تجربہ کار کی زبان سے یہ ہمارا نصب العین ہے اور مسلک بھی۔ جامعہ کے اندر رہ کر ہم اپنے آپ کو اس مسلک کے لئے تیار کر رہے ہیں اور جو باہر جا چکے ہیں وہ اس مسلک کے لئے کام کر رہے ہیں۔ ان کام کرنیوالوں کی ایک چھوڑ دو تنظیمیں موجود ہیں جن حالات میں ان تنظیموں کی ابتدا ہوئی اور اب تک جو کچھ کام انھوں نے کیا۔ اس پر اس وقت کسی تبصرہ کی ضرورت نہیں ممکن ہے اُس وقت ان کی ابتدا بھی ٹھیک ہو اور ان کی خدمات بھی لیکن موجودہ حالات میں ہم عثمانیین کی ایک عظیم الشان جمعیت کو جو میدان عمل میں قدم رکھ چکی ہے دو جماعتوں میں منقسم دیکھتے ہیں۔ اس تقسیم کی تاریخ سے ہمیں بحث نہیں لیکن یہ واقعہ ہے کہ نہ صرف یہ جمعیت منقسم ہو چکی ہے بلکہ اس کی قوت بھی بٹ گئی ہے۔ اس انتشار کا سبب تلاش کرنا کچھ دشوار نہیں ہے "جماعتی سیاسیات" کے "کھلونے" نے دو اچھے خاصے ہوشیار اور بالغ نظر بھائیوں کو آپس میں ایک دوسرے سے گتھم گتھا کر رکھا ہے نتیجہ یہ ہے کہ اب نہ اس میں مسلک یاد ہے اور نہ نصب العین معلوم ہمارا مقصد یہ نہیں ہے کہ جماعتی سیاسیات کو شجر ممنوعہ سمجھا جائے۔ جو لوگ علمی زندگی میں داخل ہو چکے ہیں انھیں نہ اس سے روکا جا سکتا ہے اور نہ روکا جانا چاہئے **عثمانیین کی حقیقت سے** جماعتی سیاسیات میں حصہ لینا نہ صرف ملکی سیاسیات کو گھنا و نابنانا ہے بلکہ عثمانی شخصیت کو ختم کر دینا ہے۔ ہمارے سامنے جماعتی سیاسیات کے مسائل سے کہیں زیادہ اہم مسئلہ موجود ہے۔ جامعہ کی تعلیم ختم کر کے جو عثمانی عملی زندگی میں قدم رکھتا ہے۔ اس کو یہ احساس بھی نہیں ہونے پاتا کہ وہ اس پُر شوکت جمعیت کا ایک رکن ہے جس کے ہاتھوں "حیدرآباد بلند ہوگا"۔ زندگی کے صبر آزما منازل کو طے کرتے ہوئے وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے اس جمعیت کی طرف دیکھتا ہے لیکن اس کی نظریں مایوس لوٹ آتی ہیں۔

"حیدرآباد کب بلند ہوگا"؟ جب اس کی تعمیر عثمانیین کے ہاتھوں ہوگی۔ سوال یہ ہے کہ ہمارے بڑے بھائیوں نے اس تعمیر میں **عثمانیین** کو حصہ دلانے کی کتنی کوشش کی؟ عہدۂ ملازمین

معاشی مسئلہ ضرور ہیں لیکن عثمانیین کے لئے وہ حیدرآباد کی بلندی کا ایک ذریعہ ہیں۔ کیا یہ وقت نہیں ہے کہ ہمارے بڑے بھائیوں کی یہ دو نظیمیں جماعتی سیاسیات کے کھلونے کو توڑ پھوڑ کر عثمانیین کے معاشی مسئلہ کو حل کرنے اور اس کے ذریعہ ملک کے اس بلند ترین نصب العین کو حاصل کرنے کے لئے ایک متحدہ محاذ تیار کریں۔ یہ متحدہ محاذ اور ہماری یہ جمعیت حیدرآباد کی تقدیر ہے۔

طلبہ کی مرکزیت اس سے کسی کو اختلاف نہیں ہوگا کہ "جماعتی شعور" ایک قوت محرکہ ہے اور علمی فضا میں اس کی سخت ضرورت ہے۔ جامعہ کی چار دیواری میں رہ کر ہم "کتاب خوان" تو بآسانی بن سکتے ہیں لیکن "صاحب کتاب" ہونا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ اقبال نے شاید اسی لئے "خداوندان مکتب" سے شکایت کی ہے لیکن ہمیں اپنے آپ سے شکایت ہے ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ علم نصف جزو زمین ہے بلکہ جزو زندگی بن جائے۔

کرم کتابی بن کر یوں زندہ رہنے کو تو ہم رہ سکتے ہیں لیکن جب تک ہم عثمانیین کی ایک "جمعیت" نہ بن جائیں "حیدرآباد کا بلند ہونا" ایک خواب ہے جو کبھی شرمندہ تعبیر نہ ہوگا۔ کرم کتابی سے ہم "صاحب کتاب" کیسے بن سکتے ہیں؟ بالفاظ دیگر وہ کون قوت محرکہ ہے جو علم کو ہماری زندگی میں پیوست کردے؟

جماعتی شعور انسانی تجربات کا یہ جواب ہے اس شعور کو کس طرح تجسیم کیا جائے؟ یہ ہم طلبا کے حل کرنے کا مسئلہ ہے۔ کچھ دنوں قبل اس کی تجسیم عمل میں آچکی تھی اور یہ اب بھی موجود ہے۔ علمی مسئلہ تجسیم و تشکیل کا نہیں نشاط ثانیہ کا ہے۔ سب جانتے ہیں کہ طلبا کے اسی تعلیمی شعور کو بیدار کرنے اور اس کو ترقی دینے کے لئے طلبا برادری کا ایک ادارہ آٹھ سال سے قائم اور کارگزار ہے۔ ضرورت ہے کہ اسی ادارہ کے ذریعہ ہم اپنی اجتماعی آواز کو علمی فضا میں موثر بنائیں۔

کلیہ جامعہ عثمانیہ اپنی خوش نصیبی پر جس قدر بھی ناز کرے کم ہے کہ اس کے فرزندان معنوی جہاں کہیں جاتے ہیں اپنے علمی ذوق و شوق اور فطری صلاحیتوں کا غیر معمولی ثبوت دیا کرتے ہیں۔ آپ کو زیر نظر

شمارہ میں محمد علی صاحب نیّر کے دو قطعات نظر آئیں گے جو ان کے ایک مختصر سے نوٹ کے ساتھ تاثرات کا اظہار کر رہے ہیں، مولوی احمد خاں صاحب بی اے عثمانیہ متعلم ایل ایل بی (آخری) (علیگ) سابق مہتمم مدیر مجلہ عثمانیہ اپنی ٹھوس قابلیت اور گوناگون علمی امتیازات کی وجہ عثمانی برادری کے لئے محتاج تعارف نہیں ہیں۔ آپنے جامعہ کے وقار کو قائم رکھنے اور طلبہ برادری کی بہبود میں وہ سچی اور خاموش خدمت کی ہے جس پر یہ برادری بجا طور پر فخر کر سکتی ہے۔ گو موجودہ دور میں پروپیگنڈے کے عارضی اثر سے انسان تولا نہیں جا سکتا البتہ صرف شمار سے مرتبہ پا سکتا ہے جس کے ذریعہ سے عارضی کامرانی بھی نصیب ہو جاتی ہے مگر اصلیت بھی بغیر رنگ لائے نہیں رہ سکتی۔

مولوی احمد خاں صاحب نے مسلم یونیورسٹی میں اپنی قابلیتوں اور صلاحیتوں کو کچھ اس طرح اجاگر کیا کہ وہاں کے واقعات اور ماحول کا اندازہ کرتے ہوئے حیرت ہوتی ہے۔ آپ نے نہ صرف بڑے بڑے تقریری مقابلے جیتے جو ہندوستان کا "صحیح معیار" سمجھے جاتے ہیں بلکہ مسلم یونیورسٹی کی کل ہند بین جامعاتی مقابلوں میں نمائندگی کی یہی نہیں ہوا بلکہ بیرونی جامعات میں بھی بحیثیت نمائندہ آپ ہی کو منتخب کیا گیا۔ ہم موصوف کو ان کامیابیوں پر ان کی خدمت میں تحفہ مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

اس سال جلسۂ تقسیم اسناد کے موقع پر ہماری مادر علمیہ کی جانب سے عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر اور ڈاکٹر محمد رضی الدین صدیقی کو ڈاکٹریٹ کی امتیازی ڈگریاں دی گئیں۔ نواب مہدی یار جنگ بہادر (آکسن) اپنے دیرینہ تعلیمی تجربوں کا لحاظ کرتے ہوئے ہندوستان کے ایک اچھے ماہر تعلیم شمار ہوتے ہیں۔ آپ نے نہ صرف محکمہ تعلیمات میں گرانقدر خدمات انجام دیں بلکہ کچھ عرصہ تک آپ پرنسپل کلیہ جامعہ عثمانیہ کی خدمت پر بھی فائز رہے۔ جامعہ عثمانیہ کے قیام سے آپ کو ہمیشہ گہری دلچسپی رہی ہے۔ ایک عرصہ سے نواب صاحب موصوف وزیر تعلیم اور معین امیر جامعہ ہیں مجلس اعلیٰ نے بجا طور پر آپ کو مستحق اعزاز سمجھکر تحریک کی اور اعزازی لیلسان دیا۔

ڈاکٹر محمد رضی الدین صدیقی بی۔ اے (عثمانیہ) بی اے۔ آنرز (کیمبج) پی۔ ایچ۔ ڈی (ہائیڈلبرگ)

پروفیسر ریاضیات جامعہ عثمانیہ ہماری مادر علمیہ کے پہلے سپوت ہیں جنھیں خود جامعہ نے اپنے انتہائی اعزاز سے نوازا ہندوستان کیا بلکہ دیگر اور ممالک میں بہت کم عالم ہونگے جن کی قابلیتیں اتنی کم عمری میں نمایاں ہوئی ہوں اور اس قدر غیر معمولی اعزاز و امتیازات کی مستحق تسلیم کی گئی ہوں حقیقت یہ ہے کہ اس قابل قدر سپوت پر جتنا ناز کیا جائے کم ہے اس فرزند نے اپنی مادر علمی کی بڑھتی ہوئی شہرت میں چار چاند لگا دیئے یورپ میں نام کمایا۔ اگرچہ یورپ میں بھی بعض جامعات نے انھیں ملازمت کا پیش کش کیا مگر انھیں اپنی مادر جامعہ کی خدمت مقصود تھی آج ڈاکٹر صاحب موصوف بین قومی شہرت کے مالک ہیں۔

عثمانیئن کے قلوب مسرتوں سے معمور ہیں کہ جامعہ نے انھیں اپنے انتہائی اعزاز سے سرفراز کیا ہم اس اعزاز کو شاندار اور امید افزا مستقبل کا پیش خیمہ سمجھتے ہیں اور ہم ان دونوں اصحاب کی خدمت میں پرخلوص ہدیہ مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

پروفیسر عبدالقادر سروری مادر علمیہ کی ان گنی چنی شخصیتوں میں سے ہیں جن پر جامعہ بجا طور پر فخر کرسکتی ہے آپ کی علمی و ادبی خدمات محتاج تعارف نہیں ہیں۔ زمانہ طالب علمی ہی سے آپ کو ادب کا شغف رہا اور "افسانہ" اور "شاعری" ایک زمانہ تک آپ کی قلمی کاوشوں کا مستقل عنوان بنے رہے۔ آپ نے موجودہ صدارت شعبہ اردو جامعہ میسور کے انتخاب میں محض اپنی ذاتی قابلیت اور ادبی خدمات کے نتائج سے کامیابی حاصل کی ہے ورنہ "دم چھلوں" کے اعتبار سے امیدواروں کی اکثریت "سب کچھ" تھی ہم اپنی برادری کی جانب سے ان کی اس نمایاں اور شاندار کامیابی پر دل سے ہدیہ تبریک پیش کرتے اور دعا کرتے ہیں کہ پروفیسر سروری کا دور صدارت اسی امتیاز کے ساتھ کامیاب رہے جس طرح دوسری جامعہ نے شدت سے آپ کی ضرورت محسوس کی ہے ہم یقین رکھتے ہیں آپکا یہ ذوق برابر جاری رہیگا

ہماری برادری کے لئے یہ خبر انتہائی مسرت کا موجب ہوگی کہ ہمارے ایک اور ہونہار طالبان

نواب رشید نواز جنگ بہادر کو بارگاہ سلطان العلوم سے امیر پائیگاہ کا غیر معمولی امتیاز عطا کیا گیا ہے ہم موصوف کو اپنی برادری کی جانب سے دلی مبارکباد دیتے ہیں۔

حادثات رنج وملال سے کبھی نفر نہیں یہ حقیقت کس قدر دلخراش ہے کہ کل تک جس ہستی نے ہمیں موضوع پر قلم اٹھایا تھا آج اس کے ماتم کے لئے ہم کو قلم اٹھانا پڑ رہا ہے ہمیں انتہائی افسوس ہے کہ پروفیسر مولوی جمیل الرحمن صاحب ام۔ اے ہمیشہ کے لئے ہماری نظروں سے اوجھل ہوگئے پروفیسر موصوف جامعہ کے ان اساتذہ میں ہیں جو اس کے قیام سے برابر اس کی خدمت کرتے چلے آتے ہیں آپ تاریخ اسلام کے بہت بڑے عالم تھے اور خلق ومروت اور طلبار کے ساتھ مساویانہ سلوک ان کی امتیازی شان تھی۔

پروفیسر جمیل گو اب ہمارے درمیان نہیں لیکن ان کے علمی کارنامے اور ہر دلعزیزی کے نقش طلبار کے دلوں میں ہمیشہ یاد تازہ کرتے رہیں گے ہم بارگاہ رب العزت میں دست بدعا ہیں کہ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

سید افضل الدین خاں بی۔ اے (عثمانیہ)
مدیر حصہ اردو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اصل مکتوب نبوی بنام نجاشی کی نئی دستیابی

مجلۂ عثمانیہ جلد (۹) شمارہ (۳ - ۴) سنہ ۱۳۵۵ھ / ۱۹۳۶ء میں مضمون "مکتوبات نبوی کے دو اصول" کے آخر میں ایک اخباری اطلاع کا ذکر کیا گیا تھا کہ موجودہ نجاشی حبشہ نے مکتوب نبوی کی جو اپنے زمانے کے نجاشی کے نام آیا تھا، لوگوں کو زیارت کرائی۔ مگر کوئی تفصیلی اطلاع نہیں ملی تھی۔ اس کے بعد سے بڑے بڑے انقلاب رونما ہوئے۔ نجاشی کو لندن میں جا پناہ گزیں ہونا پڑا اور حبشہ پر اطالوی قبضہ ہو گیا۔ پھر موجودہ جنگ چھڑی۔ مگر خوش قسمتی سے اس اہم اور مبارک دستاویز کے متعلق کچھ اور معلومات حاصل ہوئے ہیں جو باعث دلچسپی ہونگے۔

(م ح ا)

۱۱ مئی سنہ ۱۹۳۹ء کو جب میں نے جامعۂ آکسفرڈ میں "ابتدائے سنہ ہجری کے چند عربی کتبات مدینہ" پر ایک فانوسی لکچر دیا اور ان کتبات کے خط کا مقابلہ سابق میں دستیاب شدہ مکتوبات نبوی (بنام مقوقس و منذر) سے کیا تو پروفیسر مارگولیوث نے جلسے میں بیان کیا تھا کہ ایک اور مکتوب نبوی جو نجاشی حبشہ کے نام بھیجا گیا تھا، دستیاب ہو گیا ہے اور اسکاٹ لینڈ کے ایک شخص کے پاس ہے۔ جلسے کے بعد میں نے پروفیسر مارگولیوث کے توسط سے اس شخص کو ایک خط بھیجا۔ کئی ماہ بعد مجھے اس کا جواب حیدرآباد میں ملا۔ خط نویسندہ مسٹر ڈنلاپ کا قیام ان دنوں شام میں تھا۔ جواب میں مکتوب مبارک کی ایک نقل جو ہاتھ سے کی گئی تھی منسلک تھی اور وعدہ تھا کہ اسکاٹ لینڈ واپسی پر مجھے فوٹو بھی بھیجا جائیگا نیز یہ کہ اس پر ایک مضمون

جلد لندن کے رسالہ جے آر۔ اے ایس میں بھی چھپے گا۔ اتنے میں جنگ شروع ہوگئی لیکن اتنے حالات میں نے اسلامک کلچر حیدرآباد (اکتوبر ۱۹۳۹ء صفحہ ۴۲۹ کی تعلیق ۱) اور مصر میں شائع شدہ کتاب الوثائق السیاسیۃ (صفحہ ۲۴ تا ۲۵ کی تعلیق) میں شائع کرادئے۔

موعودہ مضمون جے آر۔ اے ایس کے شمارہ جنوری ۱۹۴۰ء میں چھپا لیکن یہ پرچہ وقت سے بہت دنوں بعد ہندوستان پہنچا۔ اس میں یہ مضمون صفحہ ۵۴ تا ۶۰ میں چھپا ہے اور مکتوب مبارک کے فوٹو کا بلاک بھی وہیں شائع ہوا ہے۔

اس مضمون کے ضروری اقتباسات کا ترجمہ یہاں درج کیا جاتا ہے:۔

" یہ خط ایک جھلی پر لکھا ہوا ہے جو کوئی نو انچ چوڑی اور ساڑھے تیرہ انچ لمبی ہے۔ حروف مدوّر ہیں اور بڑے ہونے کے باعث پڑھنے میں کوئی دشواری نہیں ہوتی ہے۔ سیاہی جو استعمال کی گئی ہے وہ خاکی (براؤن) ہے۔ یہ مضمون سترہ سطروں میں ہے جس کے آخر میں ایک گول مہر کا نشان ہے جس کا قطر ایک انچ کا ہے۔ اس کی عبارت نیچے سے یوں ہے " محمد رسول اللہ" اور ہر لفظ علاحدہ علاحدہ سطر میں ہے۔[1] اور خط میں یہ عبارت ہے:۔

سطر (۱) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

" (۲) من محمد رسول اللہ الی النجا

(۳) شی عظیم الحبشۃ سلام علی من

(۴) اتبع الھدی۔ اما بعد فانی احمد الیہ

(۵) لک اللہ الذی لا الہ الا ھو الملک

(۶) القدوس السلام المومن المھیمن

(۷) واشھد ان عیسی بن مریم روح

(۸) اللہ وکلمتہ القاھا الی مریم البتو

[1] افسوس کہ جے آر اے ایس میں جو فوٹو چھپا ہے اس میں مہر بالکل مٹی ہوئی ہے۔

(۹) ل الطیبۃ الحصینۃ مخملت بعیسی من ر

(۱۰) وحہ ونفخہ کما خلق آدم بیدہ و

(۱۱) إنی أدعوك الی اللہ وحدہ لا شر

(۱۲) یک لہ والموالاۃ علی طاعتہ وأن

(۱۳) تتبعنی وتوقن بالذی جاءنی فانی ر

(۱۴) سول اللہ . وانی أدعوك وجنو

(۱۵) دك الی اللہ عزّ وجل وقد بلّغت

(۱۶) تُ ونصحتُ فاقبلو نصیحتی والسلام

(۱۷) علی من اتبع الھدیٰ
کذا

کذا

نشان مہر (اللہ رسول محمد)

یہ دستاویز اکتوبر ۱۹۳۸ء میں دمشق میں حاصل ہوئی۔ میں اسے انگلستان لے گیا۔ برٹش میوزیم میں مسٹر بل اور مسٹر فلپٹن نے اسے دیکھا . . . پروفیسر مارگولیوث اور گلاسگو کے مسٹر رابسن وغیرہ عربی دانوں کے دیکھنے کے بعد میں نے اسے واپس لے جاکر دمشق میں اس کے مالک کو پہنچا دیا جو وہاں ایک خانگی شخص ہے۔ اصل تو نہیں البتہ اس کے فوٹو کو مختلف اوقات میں جامعہ بون (جرمنی) میں پروفیسر کالے اور پروفیسر ہیفننگ نے بھی دیکھا۔ سابق میں دستیاب شدہ مکتوب نبوی (بنام مقوقس) سے مقابلے پر عام مشابہت نظر آئی۔ خاص کر مہر دونوں پر یکساں معلوم ہوئی۔ خط مختلف تھا اور ظاہر ہے کہ یہ کاتب کے مختلف ہونے کا نتیجہ ہوگا . . . اس خط کا متن جو عربی تاریخوں میں ملتا ہے ان میں باہم خفیف سا فرق ہے۔ چنانچہ تاریخ طبری میں خط کی سطر ۳ میں النجاشی الاصحم ملک الحبشۃ ہے یعنی نام زائد ہے اور "عظیم" کی جگہ "ملک" کا لفظ ہے۔ نیز "سلام علی من اتبع الھدیٰ" کی جگہ "سلم انت" ہے۔ اور "اما بعد" نہیں ہے۔ اور خاص

آخر میں طبری میں " وقد بعثت الیک ابن عمی جعفرا ونفرا معه من المسلمین فاذا جاءک فاقرهم ودع التجبر " کا جملہ زائد ہے ۔ باقی خط تقریباً یکساں ہے ۔ ۔ ۔ طبری کے برخلاف سیرۃ حلبیہ میں جو متن ہے وہ ہو بہو یکساں معلوم ہوتا ہے حتیٰ کہ اس میں " توقن بالذی جاءنی " بھی ہے ورنہ عام طور سے طبری اور دیگر مولف اس کی جگہ " تومن بالذی جاءنی " کی روایت کرتے ہیں۔ علم خطوط قدیمہ کے نقطۂ نظر سے برٹش میوزیم کے ماہروں کی رائے تھی کہ وہ اتنا قدیم نہیں معلوم ہوتا جتنا بیان کیا جاتا ہے ۔ ۔ ۔ جن جن لوگوں نے اصلی حبلی کو دیکھا ہے ان میں سے متعدد کی یہ رائے کہ اس حبلی کا جدید کے مقابل قدیم ہونا زیادہ قرین قیاس ہے ۔ مسٹر حمید اللہ مؤلف کتاب فرانسیسی بر " سیاست خارجہ اسلام بزمانۂ نبوی " کا خیال ہے کہ مکتوب نبوی کی اصل موجودہ نجاشی کے کتب خانے میں ہوگی[1] ۔ موجودہ مالک کا بیان ہے کہ اس نے چند سال قبل یہ دستاویز حبش کے ایک پادری کے پاس سے حاصل کی ۔ اس لئے یہ قرین قیاس ہے کہ سابق میں وہ شہنشاہ حبشہ کے کتب خانے میں رہی ہو ۔ اور حالیہ (حبشی اطالوی) جنگ کے دوران میں وہ کسی طرح ایک پادری کے قبضے میں آئی جس نے بعد میں شام کا سفر کیا ۔ ۔ ۔ "

اس قدر حالات دینے کے بعد مسٹر ڈنلاپ نے اس مکتوب کے حبلی ہونے کی رائے ظاہر کی ہے اور اس کی دلیلیں مختصراً یہ ہیں :-

۱ ۔ پیغمبر اسلام نے خطوط بھیجے ہی نہیں ۔ آپ اپنے کو عالمگیر نبی نہیں سمجھتے تھے بلکہ صرف عرب کی اصلاح چاہتے تھے ۔ اصل میں بعد کے زمانے میں جب عیسائی مسلمان ہوئے اور انہوں نے بتایا کہ حضرت عیسیٰ نے تمام دنیا میں اپنے حواری تبلیغ کے لئے بھیجے تھے تو مسلمانوں نے بھی اپنے نبی کی عزت کسی سے گھٹی ہوئی نظر نہ آنے کے لئے یہ قصہ گھڑ لیا ہے ۔

---

[1] میں نے یوں نہیں لکھا تھا بلکہ خط میں یہ رائے ظاہر کی تھی کہ اصل کا حبش کے کسی شخص سے حاصل کیا جانا بیان کیا جاتا ہے تو ممکن ہے کہ جلاوطنی کے زمانے میں خود نجاشی یا اس کے ساتھی یہ مکتوب اپنے ساتھ حبش سے لائے ہوں کیونکہ چند دن قبل اس کے حبش میں ہونے اور عام زیارت کرائے جانے کی خبر آئی تھی ۔ (م ح ا)

۲ ۔ سابق میں مقوقس اور منذر بن ساویٰ کے نام کے جو اصل مکتوبات نبوی دستیاب ہوئے تھے ان کے متعلق نولڈکے اور شوالی نے اور شلائشر نے جعلی ہونے کی رائے دی تھی ۔

۳ ۔ برٹش میوزیم کے ماہرین نے موجودہ جعلی کو جعلی قرار دیا ۔

۴ ۔ سیرۃ ابن ہشام میں جہاں مکتوبات نبویہ کے بھیجے جانے کا ذکر ہے وہاں شروع میں ابن اسحاق کا نام نہیں ہے ـــــ (گویا یہ روایت ابن ہشام کی یا ان کے زمانے کی پیداوار ہے)

۵ ۔ قرآن مجید کے جو پرانے نسخے ملتے ہیں ان کے خط سے اس مکتوب کا خط کافی مختلف ہے ۔

۶ ۔ آج کل بہت سی چیزیں پرانی کہہ کر بیچی جارہی ہیں مگر وہ جعلی چیزیں ہیں ۔

۷ ۔ اس خط کا متن جو عربی تاریخوں میں ہے اس میں اور جعلی کی عبارت میں خاصا فرق ہے ۔

یہ سات دلیلیں جن میں سے زیادہ تر صرف پرانی پادریانہ باتیں دہرائی گئی ہیں، کسی سنجیدہ التفات کے قابل نہ تھیں ۔ صرف نوجوان ناظرین کے معلومات کے لئے ان کی کچھ تحلیل کردی جاتی ہے ۔

پہلی دلیل محض ایک بے تکا اعتراض ہے ۔ ما ارسلناك الا رحمۃً للعالمین ـــ ما ارسلناك الا کافۃ للناس ـــــ ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ و دین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ـــ وغیرہ قرآن مجید کی متعدد آیتیں بتاتی ہیں کہ رسول عربی عالمگیر نبی تھے ۔ یہ اور بات ہے کہ انسان ہونے کی وجہ سے اس عالم اسباب میں آپ نے اپنی تبلیغی زندگی صرف حجاز میں گزاری ہو ۔ اس کے برخلاف حضرت عیسیٰ کے متعلق خود انجیل میں واقعہ ہے کہ ایک عورت ان کے پاس ایمان لانے آئی تو انھوں نے اس کی بیعت لینے سے انکار فرمایا اور کہا کہ تو بنی اسرائیل (یہودیوں) سے نہیں ہے اور میں صرف بنی اسرائیل کی بھیڑوں کے لئے مبعوث ہوا ہوں ۔

اور امریکی پادریوں کی جدید تحقیقات یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ کا حواریوں کو دنیا کے مختلف حصوں میں بھیجنا ایک من گھڑت قصہ ہے انہوں نے خود نہیں بھیجا تھا۔ بہرکیف یہ اعتراض اور الزامی جواب اس بحث سے کم متعلق ہیں۔ اگر ڈنلاپ صاحب خود اسے نہ چھیڑتے تو ہم بھی اس بحث میں نہ پڑتے۔ عہد نبوی میں مؤتہ (فلسطین) پر حملہ کیا اس دعوے کا جواب نہیں ہے کہ آپ صرف عرب کے نبی تھے؟!

دوسری دلیل اس کا تفصیلی جواب اپنے سابقہ مضمونوں میں دے چکا ہوں۔ دیکھئے مجلہ عثمانیہ (جلد ۹ شمارہ ۳۔۴۔ مکتوبات نبوی کے دو اصول) اور اسلامک کلچر (اکتوبر ۱۹۳۹ء ابتدائے سنہ ہجری کے چند عربی کتبات مدینہ) آخر الذکر زیادہ مفصل ہے۔ اب انھیں اعتراضات کو دہرا کر جوابات دینا تحصیل حاصل ہے۔ مختصراً وہ اعتراضات ناواقف اور جاہل لوگوں کے ہیں۔ یوں بھی دیگر خطوط جعلی ہوں تو یہ کیا ضروری ہے کہ موجودہ خط بھی جعلی ہی ہو۔

تیسری دلیل برٹش میوزیم کے دو ماہرین نے صرف اتنا کہا کہ جعلی اتنی پرانی نہیں معلوم ہوتی کہ عہد نبوی کی ہو۔ اس قسم کے تخمینی معاملات میں "ماہرین" میں جتنا کثیر اور مضحکہ خیز اختلاف ہوتا ہے وہ علم آثار قدیمہ سے ادنیٰ مس رکھنے والے بھی جانتے ہیں۔ ہم نے اصل جعلی کے دیکھنے کا موقع نہیں پایا۔ ممکن ہے بعض دوسرے ماہر دیکھیں تو اس جعلی اور اس کی تحریر کو اتنا ہی قدیم قرار دیں جتنا اس کی عبارت سے ظاہر ہوتا ہے۔

چوتھی دلیل اس ناواقفانہ اعتراض کا تفصیلی جواب میں نے رسالہ معارف اعظم گڑھ (جون ۱۹۳۵ء "آنحضرت کا خط قیصر روم کے نام") میں دیا ہے۔ مختصر یہ کہ عبارت کے شروع میں "قال ابن اسحاق" نہ کہنے سے کچھ ثابت نہیں ہوتا کیونکہ ایک تو دوران عبارت میں کئی جگہ ابن اسحاق کا ذکر ہے اور دوسرے ابن ہشام نے آخر میں بیان کیا ہے کہ فلاں فلاں مکتوبات نبویہ کا ذکر خاص میرا ہے ـــــ جس کے معنے صاف یہ ہیں کہ باقی خطوط کا ذکر ابن اسحاق ہی کے حوالے سے ہے۔

پانچویں دلیل سے بھی کچھ ثابت نہیں ہوتا۔ اول تو قرآن مجید کا خط خاص آرایش سے لکھا جانا چاہیے اور معمولی سرکاری مراسلے الگ دفتری خط میں۔ دوسرے مقابلہ تو ایسی تحریروں سے ہو جو مسلمہ طور سے عہد نبوی یا اس کے قریبی زمانے کی ہوں نہ کہ کئی صدی بعد کی تحریریں۔

چھٹی دلیل کو بچکانی اعتراض کہنا چاہیے۔ بازار میں تاجر بھاؤ بڑھانے کو کوئی چیز پرانی بتائے تو ہمیشہ اور سوفی صد صورتوں میں اس کا جھوٹ کہنا کیا ضروری ہے؟ ہم کو اپنی ذاتی رائے قایم کرنی چاہیے نہ کہ دودھ سے جل چکے ہوں تو چھانچ بھی پھونک پھونک کر ہی پئیں۔

ساتویں دلیل ہی البتہ ایک ایسی چیز ہے جو سنجیدہ توجہ کی مستحق ہے۔ ۱۹۳۴ء میں جب میں نے اپنا فرانسیسی مقالہ پیش کیا تھا تو اس میں (حصہ ۳۸ تعلیق ۵ میں) میں نے مکتوب نبوی بنام نجاشی کے اس متن پر جو طبری میں ہے، یہ رائے ظاہر کی تھی:-

> تمام اسلامی مورخ متفق ہیں کہ یہ خط ۶ھ میں بھیجا گیا۔ مگر اس کے بعض جملے مثلاً "میں تیرے پاس اپنے چچازاد بھائی جعفر کو بھیج رہا ہوں جس کے ہمراہ چند مسلمان بھی ہیں جب وہ تیرے پاس آئے تو ان کی مہمانداری کر..." ایسے ہیں جن سے اس گمان کی تائید ہوتی ہے کہ یہ خط آنحضرتؐ نے اپنے چچازاد بھائی کو ان کے ہجرت کر کے حبش جاتے وقت (غرض ۱ھ تقریباً ۶ھ قبل ہجرت میں) دیا ہوگا۔ بنابراں جو متن ہمارے سامنے ہے وہ اصل میں دو الگ الگ خطوں کی عبارتوں کا مرکب ہوگا۔ مکتوب ثانی بے شک ۶ھ میں بھیجا جا سکتا ہے تاکہ نجاشی کو اسلام لانے کی دعوت کی تبلیغ کرے۔ رہا وہ خط جس میں مہاجرین کے پہنچنے پر انکی مہمانداری کرنے کی خواہش کی گئی ہے ۶ھ کے اواخر میں کسی طرح نہیں لکھا جا سکتا کیونکہ مہاجرین کو حبشہ پہنچ کر تب کوئی پندرہ سال گزر چکے تھے اور اس وقت تو وہ وہاں سے مدینہ واپسی کی تیاری کر رہے تھے۔"

یہی خیال میں نے انجمن ترقی اردو کی شائع کردہ کتاب "حبش اور اطالیہ" کے باب "عرب اور حبشہ" میں ظاہر کیا تھا۔ موجودہ جھلی کی دریافت سے اس خیال کی پوری تائید ہوگئی اور اس میں حضرت جعفر طیار

کے تعارف وغیرہ کا کوئی ذکر ہی نہیں بلکہ خالص تبلیغی خط ہے۔

رہا تاریخوں میں مندرج متن سے اختلاف، اس کی وجہ سب جانتے اور مانتے ہیں کہ "روایت باللفظ" کی طرح "روایت بالمعنیٰ" کا بھی عربوں میں رواج رہا اور جتنا بھی اختلاف تاریخوں کے متن اور حلبی کے متن میں ملتا ہے، وہ صرف ایک ہی مفہوم کو دوسرے مترادف الفاظ میں ظاہر کرنے پر مشتمل ہے اور بس۔ خاص چیز یہ قابل ذکر ہے کہ ایک تاریخ میں ایک جملہ روایت بالمعنیٰ کے باعث بدلا ہے تو دوسرے میں دوسرا اور بہ حیثیت مجموعی پورے خط کی اصلی عبارت تاریخوں میں کہیں نہ کہیں موجود ہے۔ سیرۃ حلبیہ کا متن بہت زیادہ مطابق اصل ہے اور خود مسٹر ڈنلاپ نے تسلیم کیا ہے کہ اگر ابن الاثیر نے اپنی تاریخ میں ایک جگہ جو نامکمل اقتباس دیا ہے، اس کی جگہ پورا متن دیا ہوتا تو حلبی کی عبارت سے سو فی صد متفق ہوتا۔ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ تاریخوں کے متن کا دستاویز کے مندرجات سے مختلف ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ کسی جعلساز نے کسی تاریخ کی عبارت نقل کر کے فرضی دستاویز نہیں تیار کی ہے۔

یہ تو مسٹر ڈنلاپ کی اعتراضی دلیلوں کے جواب تھے۔ مسٹر ڈنلاپ نے بعض اہم چیزوں کو نظر انداز کر دیا ہے۔ چنانچہ:-

۱۔ موجودہ خط کی مُہر سابق میں دستیاب شدہ مکتوبات پر کی مہر کے بالکل مطابق ہے۔ اس کی اہمیت پر جتنا بھی زور دیا جائے کم ہے۔ چونکہ سابقہ مکتوب اور موجودہ مکتوب کی تحریر مختلف ہے اس لئے اس کا بھی اب امکان نہ رہا کہ دونوں کو ایک ہی شخص کا جعل قرار دیا جائے۔ ان دونوں کی دستیابی کے مقامات بھی ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں۔

۲۔ حلبی کی عبارت کا رسم الخط خاص اہمت رکھتا ہے۔ چنانچہ "فاقبلوا" کی جگہ بغیر الف کے "فاقبلو" لکھا گیا ہے۔ نیز "اتبع" کی جگہ (ت) کے دو نقطے "اسع" ہیں۔ اگر مسٹر ڈنلاپ کی رائے کے مطابق اسے صرف ستر اسی سال قبل کی جعل سمجھیں تو ان خصوصیات کی توجیہ ناممکن ہے۔ اس طرح کہ لکھنے کا رواج عہد نبوی میں رہا ہو نا قرآن مجید

سے ثابت ہے اور حالیہ زمانے میں کوئی اسی طرح لکھے تو اسے غلطی سمجھا جاتا ہے۔ "فاقبلو" کی مماثل نظیریں قرآن مجید میں بکثرت ملیں گی۔ اور "اتتبع" کی بھی ایک۔ چنانچہ سورۂ ۵۱ آیت ۴۷ میں "والسماءَ بنینٰھا بأیدٍ" اب تک لکھا جاتا ہے حالانکہ "بأیدٍ" بالکل کافی تھا۔ (فلسطین کے ایک قدیم کتبے میں جو حال میں دستیاب ہوا ہے "آمین" کا لفظ دو شوشوں کے ساتھ "امس" لکھا گیا ہے۔ دیکھئے کاں تی نو کی فرانسیسی کتاب "فہرست کتباتِ پالمیرا" مطبوعہ بیروت ۱۹۳۳ء صـ۵۱) اور مکتوب نبوی بنام منذر کی اصل میں بھی "غیرہ" کا لفظ دو شوشوں سے "عسرہ" لکھا گیا ہے۔

۳۔ خط میں نقطے اور اعراب بالکل نہیں ہیں حالانکہ نقطوں وغیرہ کا رواج پہلی صدی ہجری ہی سے شروع ہو گیا تھا، جس کے معنے یہ ہیں کہ یہ جھلی نقطوں اور اعراب کی ایجاد سے قبل کی ہے۔

۴۔ الفاظ کے ٹکڑے کر کے آدھا لفظ ایک سطر میں اور باقی دوسری سطر میں لکھنا مثلاً ہ/سول، الیہ/ک، ہ/روح، جنو/دک وغیرہ بھی صرف قدیم زمانے میں رائج تھا اور آج کل اس کا رواج نہیں ہے۔ مصر میں کچھ عرصہ قبل جو ۱۳ھ (یعنی حضرت عثمانؓ کے زمانے کا) کتبہ دستیاب ہوا تھا اس میں بھی یہی حال ہے۔ اور مقوقس اور منذر کے نام کے اصل مکتوبات نبویؐ میں بھی یہی چیز ملتی ہے۔ حضرت عثمان کی طرف منسوب مدینہ منورہ کے قرآن کے ایک صفحے کا جو فوٹو ترکی حکومت نے شائع کیا ہے اس میں بھی یہی کیفیت ہے۔

۵۔ "م" اور "ھ" کے لکھنے کے طریقے بھی نہایت قدیم ہیں۔ میم سطر کے نیچے نہیں بلکہ اوپر ہے مثلاً محمد (محمد) اور "ھ" کو ہم آج کل کی "ع" سے مشابہ پاتے ہیں مثلاً (أشھد) کو منذر کے خط میں اسے (سعد) لکھا ہے اور موجودہ نجاشی کے خط میں (سعد) اور مقوقس کے خط میں (الھدیٰ) کو (لعد) جو

مختلف کاتبوں کی کشش کے فرق کو ظاہر کرتا ہے۔

۶۔ خط جس جگہ سے اور جن حالات میں دستیاب ہوا ہے وہ بھی ہر طرح کے شبہے سے بالا معلوم ہوتے ہیں۔ کیونکہ اس کو وہیں ہونا بھی چاہیئے تھا اور حبشی اطالوی جنگ کے مفلس مفروروں کا اسے لاکر کسی کے ہاتھ بیچ دینا ہر طرح معقول سمجھا جاسکتا ہے۔

غرض ہمارے خیال میں یہ وجوہ مکتوب زیر نظر کی اصلیت کی مخالفت سے زیادہ تائید میں ہماری رائے قائم کراتے ہیں۔

مسٹر ڈنلاپ کا آج کل قیام گلاسگو میں ہے۔ میں نے خط لکھ کر دریافت کیا ہے کہ دمشق کے مالک کا نام اور حیثیت کیا ہے۔ خدا معلوم موجودہ یاجوجی ماجوجی جنگ میں اس یادگار کا کیا حال ہوا ہے کیونکہ دمشق بھی اس کے نرغے میں آچکا ہے۔

محمد حمید اللہ

"آ"

جب رات کی گہری تاریکی خاموش فضا پر چھا جائے　　جب خاک کے ذرّے ذرّے پر اک لانا گ سا لہرائے
جب ننھے ننھے تارونکی آنکھوں میں نیند سما جائے　　اک ہوش طلب بیہوشی سی پتے پتے پر چھا جائے
جب گردشِ پیہم سے تھک کر جنگل کی ہوائیں سو جائیں　　پھولوں کی پریشاں نگہت سے بدمست فضائیں ہو جائیں
جب فکرِ حال و مستقبل مٹ جائے دماغِ ہستی سے　　صہبائے فراموشی چھلکے دنیا پہ ایاغِ ہستی سے
جب ہستی کی ہر موجِ نفس مخمور شرابِ راحت ہو　　پابوسِ حسن، محبت ہو اور حسن نثارِ اُلفت ہو
جب ٹوٹ کے سیارہ کوئی، تاریکیوں میں گم ہو جائے　　جب نبضِ حیاتِ خفتہ میں اک لرزش ہو کر کھو جائے

جب لیلائے شب کی زلفیں آجائیں کمر تک بل کھا کر
کہسار کی چوٹی سے جھانکے وہ لالہ گوں بدمست قمر

یوں جیسے کوئی، دوشیزہ بدمست نگاہوں سے تاکے　　یا انگڑائی لیکر اُٹھے رنگین گلوں کے بستر سے
جب بہکی بہکی کرنوں کا احساسِ خمارِ صہبائی　　لے نیم شگفتہ کلیوں کی دوشیزہ فضا پر انگڑائی
جب چاند کے روشن چہرہ پر بادل کی لٹ پریشاں ہو　　جب دریا کے آئینے میں وہ پرتوِ انجم رقصاں ہو
فطرت کے حسیں نظاروں میں جب جذبِ نظر کے سامان ہوں　　جب حسن کی رنگین دنیا میں معصوم فرشتے خنداں ہوں
جب جگمگ جگمگ کرنے لگے پتی پتی ڈالی ڈالی　　وہ روشن خواب بنے دنیا جو دیکھے جوگن متوالی

جب چاروں طرف خاموشی ہو، بے ہوشی ہو، بدمستی ہو
فطرت کی مکمل خاموشی، پیغام سکوں کا دیتی ہو

تو ایسے زرین لمحوں میں آ میری خیالی دنیا میں
رنگین تصور کی رنگین پر کیف و خماری دنیا میں
اک نغمۂ دلکش بنکر آ اور دل کی گہرائی میں اتر
احساس مسرت بن کر آ اور چھا جا میری ہستی پر
شمشیر نزاکت بن کر آ، آئینۂ حیرت بن کر آ
تصویر شرارت بن کر آ۔ آ۔ دردِ محبت بن کر آ
تسکین کی دنیا بن کر آ۔ یا درد کا عالم بن کر آ
یا عیشِ مجسم بن کر آ۔ یا پیکرِ صد غم بن کر آ
پیمانِ رستی بن کر آ۔ بھولی ہوئی ہستی بن کر آ
اور اک کی آنکھیں کھل جائیں۔ وہ عالمِ مستی بن کر آ

آ۔ اپنی زیست کا سرمایہ کردوں میں ترے قدمو نپہ نثار
آنکھ کے آنسو۔ دل کی سوزش، ٹھنڈی آہیں، صبر قرار

مرجاؤں فرطِ مسرت سے دل میرا اتنا شاداں ہو
چہرہ سے عیاں ہو جوش طرب، ہونٹو نپہ تبسم رقصاں ہو

پر نور ستاروں کے چہرے اس دم پژمردہ ہوتے ہوں
چاند اونگھ رہا ہو بادل میں اور دنیا والے سوتے ہوں

صمد رضوی ساز بی۔ اے۔ ال ال۔ بی (عثمانیہ)

علمیات

(۳)

کانٹ کی عقلیت

کانٹ (ایمانوئل) ۱۷۲۴ء تا ۱۸۰۴ء کو ہیوم کے ارتیابی نتائج نے گویا خوابِ غفلت سے چونکا دیا۔ اس نے محسوس کیا کہ اگر ہیوم کا بیان صحیح ہو تو پھر ارتیاب، غارتگرِ متاعِ علم و ایمان، فلسفہ کی آخری منزل ہوگا! ہیوم ایک حد تک ضرور صحیح ہے، فلاطونی حقیقت کے خلاف، ذہنی تصورات وغیرہ کے خلاف ہیوم کا ساتھ دیا جا سکتا ہے، لیکن علم کی نفی کسی طرح درست نہیں، ہیوم نے علم کے سارے مسئلہ پر بحث نہیں کی۔ اب کانٹ اپنی شہرۂ آفاق کتاب "انتقادِ عقلِ نظری" Critique of Pure Reason میں (اشاعت ۱۷۸۱ء دوسری اشاعت ۱۷۸۷ء) علم کا ایک ایجابی نظریہ پیش کرنے اور ارتیابیت کو شکست دینے کی کوشش کرتا ہے، ڈیکارٹ اور لائبنز کی ادعائیت اختیار کر کے نہیں بلکہ علم کے سارے مسئلہ کو ایک نئی بنیاد پر قائم کر کے، لاک کی تجربیت جس کا اختتام ہیوم کی ارتیابیت میں ہوا تھا، اس میں اور ڈیکارٹ اور لائبنز کی عقلیت میں مصالحت پیدا کر کے گویا ایک درمیانی راہ اختیار کر کے۔ کانٹ کا نظریہ علم عقلیت اور تجربیت کی ایک خوشگوار آمیزش ہے۔

ہمیں علم کس چیز کا ہوتا ہے اور کس طرح ہوتا ہے؟ غائر تحلیل سے اور خاص الفاظ میں اس سوال کا جواب دیا جاتا ہے۔ کانٹ کہتا ہے کہ محض تصور علم نہیں۔ جب ایک سے زیادہ تصورات آپس میں ملائے جاتے ہیں تب علم حاصل ہوتا ہے۔ اسی عمل کو تصدیق، کہتے ہیں اور اسکی دو قسمیں ہیں۔

تحلیلی و ترکیبی ۔ تحلیلی تصدیق' میں محمول صرف اس چیز کی وضاحت کرتا ہے جو موضوع میں پہلے سے موجود ہوتی ہے مثلاً جب میں کہتا ہوں کہ جسم ممتد ہے' تو امتداد یا ممتد ہونا جسم (موضوع) کے متعلق کسی نئے علم کا اضافہ نہیں کرتا' ظاہر ہے کہ جسم میں امتداد کا تصور شامل ہے ۔ مگر جب میں کہتا ہوں کہ تمام اجسام کثافت نوعی رکھتے ہیں' تو یہ ایک ترکیبی تصدیق ہے کیونکہ یہاں محمول موضوع میں کسی نئی چیز کا اضافہ کر رہا ہے' اس کی محض وضاحت نہیں کر رہا ہے ۔

ترکیبی تصدیقات کی بھی دو قسمیں ہوتی ہیں ۔ عارضی اور ضروری ۔ عارضی ترکیبی تصدیقات تجربہ سے ماخوذ ہوتی ہیں' وہ ہمیں اس امر سے آگاہ کرتی ہیں کہ فلاں شی یہ خواص و کیفیات رکھتی ہے یا اس طرح عمل کرتی ہے' وہ یہ نہیں کہتیں کہ اس شئی کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس میں یہ خصوصیات و کیفیات ہوں اور وہ اس طرح پر عمل کرے ۔ بالفاظ دیگر ان تصدیقات میں "وجوب و لزوم" نہیں پایا جاتا عقل ان کے تسلیم کرنے پر اس طرح مجبور نہیں جس طرح کہ ایک ریاضیاتی قضیہ کو ماننے پر وہ مجبور ہوتی ہے ۔ علاوہ ازیں ان تصدیقات میں "کلیت" ہی نہیں پائی جاتی ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ چونکہ اس صنف کی بعض اشیا بعض صفات رکھتی ہیں لہذا تمام ہی کی یہ صفات ہوتی ہیں ۔ جو تصدیقات کہ کلیت اور وجوب و لزوم نہیں رکھتیں بالفاظ دیگر جو حصولی یا اکتسابی ہوتی ہیں وہ سائنٹفک یا حکیمانہ تصدیقات نہیں کہلاتیں ۔ ان سے حقیقی علم نہیں حاصل ہوتا ۔ حقیقی علم کا مرتبہ حاصل کرنے کے لئے ترکیبی تصدیق کو ضروری' ہونی چاہئے ۔ اس کی ضد ناقابل تصور ہونی چاہئے' اور وہ کلی ہونی چاہئے یعنی اس میں کسی استثنار کی گنجایش نہ ہو ۔ کلیت و وجوب کا مبدا و ماخذ حس یا ادراک نہیں بلکہ عقل ہے ۔ ہمیں بغیر تجربہ کے بھی (اس معنی میں تجربہ سے قبل) اس امر کا علم ہوتا ہے کہ مثلث کے تین زاوے دو قائموں کے برابر ہونے چاہئے اور ہمیشہ ایسا ہی ہوگا ۔ لہذا تصدیق اسی وقت حقیقی علم بخشتی ہے جب وہ حضوری یا اولی ہوتی ہے ۔

اب ہم اس نتیجہ پر پہونچے ہیں کہ حقیقی علم مشتمل ہوتا "ترکیبی حضوری تصدیقات پر Synthetic Judgment a prior تحلیلی تصدیقات ہمیشہ حضوری ہوتی ہیں' ہم بغیر تجربہ کے یہ جانتے ہیں کہ تمام

ممتد اشیاء ممتد ہوتی ہیں، ان تصدیقات کی بنیاد قوانین عینیت و تناقص پر ہوتی ہے۔ لیکن ان سے ہمارے علم میں اضافہ نہیں ہوتا۔ ترکیبی حصولی تصدیقات ہمارے علم میں اضافہ تو کرتی ہیں لیکن وہ یقینی نہیں ہوتیں، ان سے حاصل شدہ علم غیر یقینی مبہم اور ظنی ہوتا ہے۔ ہمیں علوم میں یقین مطلق کی ضرورت ہے اور ایسے یقین کا امکان صرف ترکیبی حضوری تصدیقات ہی میں پایا جاتا ہے۔

اس قسم کی تصدیقات کے وجود کے متعلق کانٹ ایک لمحہ کے لئے بھی شک نہیں کرتا وہ انہیں طبیعیات، ریاضیات بلکہ مابعد الطبیعیات میں بھی موجود پاتا ہے۔ دیکھو علماء طبیعیات و ریاضیات واقعات کے متعلق کیسی پیشین گوئی کرتے ہیں۔ انکی پیشین گویاں تجربہ پر تو مبنی نہیں ہوتیں کیونکہ محض تجربہ سے تو اس امر کی کوئی شہادت نہیں ملتی کہ جو چیز وقوع پذیر ہو چکی ہے وہ پھر ہوگی، نہ ہی قانون و ترتیب ہی کا کچھ اشارہ مل سکتا ہے۔ پیشین گوئی کا امکان کسی حضوری عنصر پر مبنی ہوتا ہے۔ لہٰذا کانٹ نہیں پوچھتا کہ کیا ترکیبی حضوری تصدیقات کا امکان ہے بلکہ وہ صرف یہ پوچھتا ہے کہ یہ کیسے ممکن ہیں۔ اس قسم کے علم کے شرائط کیا ہیں؟ کانٹ کہتا ہے کہ اس سوال کے جواب کے لئے ہمیں ملکۂ علم کا غور سے امتحان کرنا چاہئے اس کی قوتوں پر، اس کے وظائف و امکانات و تحدیدات پر غور کرنا چاہئے۔ علم ایک ذہن کو فرض کرتا ہے (عالم) پھر ہم اس وقت تک سوچ نہیں سکتے جبتک کہ سوچنے کے لئے کوئی چیز نہ ہو (جس کو معلوم کہتے ہیں) اور ہمیں کوئی معروض فکر حاصل نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ حواس کے ذریعہ عطا نہیں ہوتا، بالفاظ دیگر جب تک کہ ذہن قبول کی قابلیت نہیں رکھتا یا حسیت نہیں رکھتا "حسیت" ہمیں اشیاء یا مدرکات (وجدانات یا جیسے بعض وقت کانٹ انکو تجربی وجدانات کہتا ہے) عطا کرتی ہے۔ فہم ان اشیاء کی فکر کرتی ہے، تعقل کرتی ہے یا سوچتی سمجھتی ہے۔ یہاں تعقلات پیدا ہوتے ہیں۔ علم بغیر حس یا ادراک اور فکر یا فہم کے ناممکن ہوگا۔ علم ان دونوں کو فرض کرتا ہے (یعنی حس و فہم دونوں کو) گو یہ بنیادی طور پر ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن وہ ایک دوسرے کی تتمیم کرتے ہیں۔ "مدرکات و تعقلات سے ہمارے علم کے عناصر کی تشکیل ہوتی ہے"۔ "مدرکات بغیر تعقلات کے اندھے ہوتے ہیں اور تعقلات بغیر مدرکات کے تہی"۔ "عقل صرف اتنا ہی کر سکتی ہے کہ

حسیت سے اس کو جو مواد ملتا ہے اس کو پھیلاتی اور تکمیل دیتی ہے۔ ممکن ہے کہ ان دونوں نکات کی جڑ ایک ہو، لیکن اس کا ہمیں علم نہیں۔

اس بیان سے ظاہر ہے کہ تجربیت نے جس حد تک کہ علم کی حسی حیثیت پر زور دیا تھا بالکل حق بجانب تھی لیکن جب وہ ذہن یا عقل کی فعلیت کی اہمیت کو نظر انداز کرنے لگی (ہیوم کی اتیلافیت میں آکر) تو وہ غلط راستہ پر پڑی۔ اسی طرح عقلیت علم کے عقلی عنصر پر زور دینے میں بالکل درست تھی لیکن معطیات حواس کی اہمیت کے جانچنے میں اس سے غلطی ہوئی۔ علمیاتی نظریہ کا صحیح حل تجربیت و عقلیت پر تنقید اور پھر ان میں صحیح طور پر مصالحت و توازن کا پیدا کرنا ہے۔ اسی ازدواج کے عمل کو کانٹ کی "انتقادیت" بجالاتی ہے۔

کانٹ اس سوال کو کہ علم کس طرح ممکن ہے مزید دو سوالات میں تقسیم کرتا ہے، ادراکِ حواس کس طرح ممکن ہے اور فہم کس طرح ممکن ہے۔ پہلے سوال کا جواب اس نے اپنی انتقاد عقل نظری کے پہلے حصہ میں دیا ہے جس کو وہ ماوری اجمالیات "Transcendental Aesthetic" کہتا ہے اور دوسرے کا جواب دوسرے حصہ میں جس کو وہ ماورائی منطق ("Transcendental Logic") کہتا ہے۔

پہلے "ماورائی جمالیات" کو لو۔ ملکہ حسیت یا ادراک حواس کے منطقی شرائط کیا ہیں؟ ادراک کے لئے احساسات کی ضرورت ہے مثلاً رنگ و بو، آواز، سختی نرمی وغیرہ۔ لیکن محض علم کو ہم علم نہیں کہہ سکتے۔ حس تو شعور کی محض ایک کیفیت کا نام ہے، ایک ذہنی حالت ہے جو کسی شئی سے ہم میں پیدا ہوتی ہے۔ حس کا تعین نہ مکاں و زماں میں ہونا چاہئے، یعنی ہمیں اس کا اس طرح شعور ہونا چاہئے کہ وہ کوئی خارجی شئی ہے جو دوسری اشیاء کے ساتھ ہے، وہ ایسی شئی ہے جو دوسری شئی کے پہلے یا اس کے بعد یا اس کے ساتھ ہوتی ہے۔ ہمارے تمام احساسات مکانی و زمانی ترتیب میں مرتب ہوتے ہیں۔ لہٰذا ادراک دو چیزوں کو فرض کرتا ہے۔ مواد (یعنی احساسات) اور صورت (یعنی مکان و زماں)۔ احساسات (رنگ، آواز، وزن، بو) وہ مواد خام ہیں جن کو حسیت زماں و مکاں کی صورت میں ترتیب دیتی ہے اور اس طرح وہ مدرکات بنتے ہیں۔ ذہن احساسات کو

صرف قبول ہی نہیں کرتا بلکہ اپنے وجدان کے ملکہ کی وجہ سے وہ ان کا ادراک کرتا ہے۔ وہ اپنے سے خارج، مکان وزماں کے سلسلے میں، رنگ کو دیکھتا، آواز کو سنتا ہے۔ ذہن منفعل بھی ہے اور فعال بھی۔ ذہن کا ملکہ "حسیت" زماں ومکاں کو حضوری طور پر ادراک کرنے کی قوت رکھتا ہے حقیقت یہ ہے کہ ذہن انسانی کی تشکیل ہی ایسی ہوئی ہے کہ وہ زماں ومکاں کا ادراک اس وقت وہی کرتا ہے جب معروضات موجود ہی نہیں ہوتے، یعنی وہ نہ صرف اشیاء کا مکان وزمان میں ادراک کرتا ہے بلکہ خود مکاں وزماں کا۔ اس معنی کر کے ہم ادراکِ خالص کا ذکر کر سکتے ہیں۔

جو صورتیں کہ احساسات کو مکاں وزماں میں ترتیب دیتی ہیں وہ خود احساسات نہیں ہو سکتیں وہ احساسات سے اس طرح ممیز ہیں کہ ان کے شعور کے وقت ذہن فاعل ہوتا ہے منفعل نہیں ہوتا۔ علاوہ ازیں یہ دونوں حضوری ہیں اور احساسات اکتسابی یا حصولی۔ جب مکاں وزماں محض احساسات نہیں اور جب ایک شئی خواہ وہ کچھ ہو ہمیشہ مکانی وزمانی ہوتی ہے تو اس سے یہ لازم آتا ہے کہ کسی معلومہ محض احساسات ہی کا مجموعہ نہیں ہوتی، جیسا کہ ہیوم نے خیال کیا تھا، بلکہ وہ احساسات اور غیر حسی عناصر، مکاں وزماں سے مرکب ہوتی ہے۔

خلاصہ یہ کہ حقیقی علم جو ہمیں حاصل ہے ممکن نہ ہوتا اگر یہ چیزیں جمع نہ ہوتیں (۱) ذہن کے سامنے کسی چیز کا حاضر ہونا ضروری ہے

(۲) ذہن میں یہ قابلیت ہونی چاہیئے کہ وہ ارتسامات کو قبول کر سکے لیکن اگر ہم ارتسامات یا شعور کے تجربی کیفیات کو صرف قبول ہی کرتے تو ہم اپنے ہی ذہن کے دائرہ میں مقید ہوتے ہمیں خارجی دنیا کا ادراک نہ ہوتا۔ لہذا

۳) ہمارے احساسات کی مکاں وزماں میں ترتیب ہونی چاہیئے، وہ خارج میں محول کئے جانے چاہئیں چونکہ ذہن انسانی ادراک کے ان طریقوں کو رکھتا ہے اسی لئے خارجی دنیا کا بھی وجود ہو سکتا ہے جس کا ہم ادراک کر سکتے ہیں۔

لیکن صرف یہ چیز بھی کافی نہیں۔ محض غیر مربوط وغیر مرتب مدرکات علم نہیں۔ اور محض اشیاء کا

مکاں و زماں میں ادراک بھی علم نہیں بخشتا۔ محض آفتاب کا ادراک اور پھر گرم پتھر کا ادراک اس علم کے سادی نہیں کہ آفتاب پتھر کو گرم کرتا ہے۔ جب میں ان دو تجربات کو ایک خاص طریقہ سے ذہن میں ترتیب دیتا ہوں تو اسی وقت میں یہ حکم لگا سکتا ہوں کہ آفتاب پتھر کے گرمی کی علت ہے اس سے معلوم ہوا کہ اشیاء یا معروضات میں ترتیب و ربط پیدا ہونا چاہیئے، ان کا تعقل یا ان کی فکر کی جانی چاہیئے۔ علم یا تصدیق اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ ایک ترکیب بخش اور ذہنی فکر ذہن نہ ہو، یعنی جب تک کہ فہم (Verstand) یا عقل نہ ہو۔ وجدان کا کام ادراک ہے، فہم کا کام تعقل، وہ تعقلات میں سوچتی ہے ہمیں اپنے مدرکات کو عقلی بنانا چاہیئے یعنی تعقلات کے تحت لے آنا چاہیئے اور تعقلات کو حسی بنانا چاہیئے ادراک میں کسی معروض کو ان کے حوالہ کرنا چاہیئے۔ فہم بذات خود کسی چیز کا ادراک یا وجدان نہیں کرسکتی اور حواس بذات خود کسی چیز کی فکر نہیں کرسکتے۔ علم کا امکان ان ہی دو کی وحدت سے ہوتا ہے۔ حسیت کے قوانین و قواعد کا علم جمالیات ہے اور فہم کے قواعد و قوانین کا علم منطق ہے۔

فہم تعقل کی، یا مدرکات کو مربوط کرنیکی مختلف صورتیں رکھتی ہے۔ ان کو تعقلاتِ محض "یا مقولات فہم" کہا جاتا ہے، کیونکہ یہ حضوری ہوتے ہیں اور تجربہ سے ماخوذ و مکسوب نہیں۔ فہم اپنا اظہار تصدیق میں کرتی ہے، دراصل فہم تصدیق کا ایک ملکہ ہے۔ سوچنے کے معنی تصدیق قایم کرنے یا حکم لگانے کے ہیں۔ اسی لئے اس کے تعقل کے طریقے حکم لگانے کے طریقے ہوں گے اور حکم لگانے کے ان طریقوں کو دریافت کرنے کے لئے ہمیں تصدیقات کی تحصیل کرنی چاہیئے اور ان صورتوں کا امتحان کرنا چاہیئے جنہیں یہ ظاہر ہوتے ہیں۔ چونکہ عام منطق ہمارے لئے یہ کام کرچکی ہے لہذا ہم اس سے مدد لے سکتے ہیں۔ منطق میں تصدیقات کے اصطفاف سے ہمیں مقولات کی دریافت میں مدد مل سکتی ہے۔ کیونکہ یہاں تمام ممکنہ تصدیقات موجود ہوتے ہیں۔ منطق کا وہ حصہ جو اس مضمون سے بحث کرتا ہے ماورای تحلیل Transendental Aralytic کہلاتا ہے۔

تصدیقات کی بارہ قسموں سے کانٹ نے بارہ مقولات اخذ کئے ہیں :-

۱۔ کمیت	۲۔ کیفیت	۳۔ اضافت	۴۔ جہت
وحدت	اثبات	جوہر و عرض	امکان و عدم امکان
کثرت	نفی	علت و معلول	وجود و عدم
کلیت	تحدید	انحصار و باہمی تعامل	وجوب و امکان

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہمیں ذہن کی ان صورتوں کو اشیاء پر منطبق کرنے کا کیا حق حاصل ہے۔ گو ان کا مبداء بالکل ذہنی ہے تاہم ان کا انطباق تجربہ پر کیا جاتا ہے' اسکی وجہ؟ ہمیں اس کا کیا حق حاصل ہے؟ کانٹ اس کے جواب میں کہتا ہے کہ ان کے بغیر عقلی تجربہ کا امکان ہی نہیں فہم تصدیق ہے یعنی مدرک اشیاء کی کثیر تعداد کو شعور ذات کے تحت لے آنیکا عمل ہے۔ بغیر ایک ذہنی عقل ذہن کے جو خاص طریقوں (مکاں و زماں) سے ادراک کرتا ہے اور خاص طریقوں (مقولات) سے حکم لگاتا یا سوچتا ہے' یعنی جس کی تشکیل فطرۃً (حضوری طور پر) ایسی ہوئی ہے کہ ان ہی طریقوں سے ادراک کرتا اور حکم لگاتا ہے' تجربہ کے اشیاء کا کلی و ضروری علم نہیں ہو سکتا۔ علم ان معروضات پر جو حواس کے عطا کردہ ہیں' اور جن کا مکانی و زمانی حیثیت سے ادراک ہوا ہے' تعقلات فہم یا مقولات کا منطبق کرنا ہے۔ مقولات کی وجہ سے تجربہ ممکن ہوتا ہے اور یہی ان کو حق بجانب ثابت کرنیکے لئے کافی ہے۔

مثال کے طور پر ادراک کے ایک سادہ عمل کو لو جیسے پانی کے برف ہو جانے کا ادراک اور دیکھو کہ یہ بھی اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ ذہن دو حالتوں (سیال اور جامد) کا اس طرح ادراک کرتا ہے کہ وہ زماں میں مربوط ہیں اور فکر کی ایک ہی فعلیت میں متحد کردئے گئے ہیں۔ ہمارے تجربہ کی دنیا مقولات ہی کی وجہ سے ممکن ہوتی ہے۔ فطرت جس کا ہمیں ادراک ہوتا ہے ہماری ذہن کی صورتوں پر مبنی ہے' بالعکس نہیں' جیسا کہ تجربیہ کا دعویٰ تھا۔ کانٹ کی یہی مراد ہوتی ہے جب وہ یہ کہتا ہے کہ فہم فطرت پر اپنے قوانین کا انطباق کرتی ہے' یہی وہ "کوپرنیکی انقلاب ہے" جو وہ فلسفہ میں پیدا کرتا ہے

اب چونکہ ذہن فطرت پر اپنے قوانین کا انطباق کرتا ہے اس سے یہ لازم آتا ہے کہ

ہم فطرت کی کلی صورتوں کا حضوری طور پر علم رکھتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ مدرک دنیا ہمیشہ خاص قابل فہم طریقوں سے مربوط ہوگی، ہمارے تجربات ہمیشہ مکانی و زمانی ہوں گے، اشیاء میں ہمیشہ جوہر و عرض کا علاقہ ہوگا، ان کا تجربہ ہمیشہ بحیثیت علت و معلول اور ایک دوسرے پر منحصر ہونیکے ہوگا۔ لہذا عالم حواس پر مقولات کے انطباق میں ہم غلطی نہیں کرسکتے۔ لیکن یہ خوب یاد رکھنا چاہئے کہ ان کا جائز استعمال واقعی یا ممکنہ تجربہ ہی کے دائرہ میں ہوسکتا ہے یعنی عالم مظاہر ہی میں، اس دائرہ کے ماورا ان کا استعمال صائب نہ ہوگا۔ ہم تجربہ سے ماورا نہیں جاسکتے، یا ماورا حواس اشیاء یا اشیاء کماہی، کا عقلی علم نہیں حاصل کرسکتے۔ اس نظریہ سے یہ بھی لازم آتا ہے کہ تجربہ کے مواد کا ہمیں حضوری علم نہیں ہوسکتا یعنی اس چیز کا کہ کس وقت کونسے خاص احساسات (رنگ، آواز، وزن وغیرہ) ہوں گے ہمیں کوئی اولی علم نہیں ہوسکتا۔ جو کچھ کہ ہم کہہ سکتے ہیں وہ صرف اتنا ہے کہ خواہ یہ کچھ ہو من ان کو اپنے ضروری قوانین و قواعد ہی کی تحت مرتب و منظم کرے گا۔

ہمیں ماورا حواس اشیاء کا علم نہیں ہوسکتا یعنی ان اشیاء کا جو شعور سے مستقل و غیر محتاج طور پر پائے جاتے ہیں کوئی علم نہیں ہوسکتا۔ ایسی اشیاء کو کانٹ "اشیاء کماہی" کہتا ہے۔ علم میں ادراک شامل ہے اور اشیاء کماہی کا حواس کو کوئی ادراک نہیں لہذا ہمیں صرف مظاہر ہی کا علم ہوتا ہے۔ اور نہ ہی عقل سے ان کا ادراک یا وجدان ہوسکتا ہے، ہم میں کوئی "عقلی وجدان" نہیں ہم گویا ذہن کی آنکھ سے اشیاء کا مشاہدہ نہیں کرسکتے۔ عقل تفکری ملکہ ہے وجدانی نہیں۔ اگر ہم ایسی شئی کماہی پر مقولات کا انطباق کریں تو ہم ان کو حق بجانب نہیں ثابت کرسکتے۔ مثلاً ہم یہ نہیں ثابت کرسکتے کہ عقلی دنیا میں ہر شئی بحیثیت ایک جوہر ہی کے پائی جاتی ہے۔ لیکن ہم ایسی شئی کماہی کے متعلق فکر تو کرسکتے ہیں، کہہ سکتے ہیں کہ وہ ایسی شئی ہے جس پر ادراک حواس کے کوئی محمولات کا انطباق نہیں ہوسکتا، وہ مکاں میں پائی جاتی ہے نہ زماں میں، اس میں تغیر و زوال نہیں وغیرہ وغیرہ۔ مگر اس پر کسی ایک مقولہ کا بھی انطباق نہیں ہوسکتا کیونکہ اس امر کے جاننے کا کوئی ذریعہ نہیں کہ اسکے بالمقابل کسی شئی کا وجود بھی پایا جاتا ہے۔ ہم کو یہ علم ہرگز نہ ہوتا کہ تصور جوہر کے بالمقابل کوئی شئی

پائی جاتی ہے اگر ادراک وہ مواد فراہم نہ کرتا جس پر اس مقولہ کا انطباق ہوا ہے۔ لیکن شئ کماہی کے معاملہ میں ادراک ہماری بالکل مدد نہیں کرتا۔

شئ کماہی کا تصور ناقابل علم ہے۔ لیکن یہ متضاد نہیں کیونکہ ہم یہ دعوی تو نہیں کرسکتے کہ عالم مظاہر ہی ادراک کی ایک ممکنہ صورت ہے۔ یہ صحیح ہے کہ ہمیں محسوس اشیاء ہی کا حسی علم ہوسکتا ہے اشیاء کماہی کا نہیں، لیکن حواس کو یہ دعوی تو نہیں ہوسکتا کہ وہ ہر اس چیز کا علم رکھتے ہیں جس کو عقل سوچ سکتی ہے لہذا "شئ کماہی" کا تصور بحیثیت ایک ایسی شئ کے جس کا حواس کو علم نہیں۔ (لیکن جس کو عقلی وجدان[1] میں جاننے کا امکان قابل فکر باقی رہتا ہے) "ایک تحدیدی تصور" ہے۔ وہ حواس سے کہتا ہے۔ یہ تمھاری حد ہے، تم اس سے آگے نہیں جاسکتے تمھیں صرف مظاہر کا علم ہوسکتا ہے، اشیاء کماہی، یا بطون، تمھارے حد علم سے ورے ہیں۔

جس طرح مجھے اشیاء کماہی کا علم نہیں ہوسکتا بلکہ صرف اشیاء کما فی الظاہر کا ہوتا ہے اسی طرح مجھے اپنی ذات یا نفس کا بھی علم نہیں ہوسکتا۔ مجھے اپنے وجود کا شعور ہے۔ میں اپنی فعالیت و اختیار کا شعور رکھتا ہوں۔ لیکن اپنا شعور اپنی ذات کا علم نہیں۔ جاننے کے معنی ہیں ادراکات حاصل کرنیکے مجھے اپنی ذات یا ایغو کا ادراک نہیں، نہ ہی مجھے اپنی ذات کا عقلی وجدان ہے مجھے اپنی ذات ادراک کے آئینہ میں سے نظر آتی ہے یعنی صورت زمانی کے آئینہ میں سے، کیفیات کے ایک تسلسل کے طور پر۔ گو مجھے اپنی ذات کا ادراک کے معنی میں علم نہیں، میں اس کو سوچ سکتا ہوں۔ سچ تو یہ ہے کہ کانٹ کا سارا نظریہ علم ہی ایسے ایغو یا نفس کے ماننے پر منحصر ہے۔ بغیر ایک شعور ذات رکھنے والے نفس کے وجود کے علم کا امکان ہی نہیں ہوسکتا، لیکن اس نفس کا علم ہمیں اس معنی میں نہیں کہ وہ براہ راست مدرک ہوسکے۔

کانٹ کے نظریہ علم کا خاکہ مندرجۂ ذیل شکل سے ذہن نشین ہوسکتا ہے:-

[1] بقول اقبال ؎ زمانہ عقل کو سمجھا ہوا ہے مشعل راہ۔ کسے خبر کہ جنوں بھی ہے قابل ادراک!

خلاصہ ۔ ایسی شئی جو ناقابل ادراک ہو اس کا کلی و ضروری علم نہیں حاصل ہوسکتا ۔ لہٰذا ایسی مابعد الطبعیات جو تجربہ سے ماورا لیجاتی ہو، یعنی اشیاء کماہی کی مابعد الطبعیات، وہ مابعد الطبعیات جو ایک غیر مظاہری حقیقی دنیا کا سچا علم عطا کرسکتی ہو ۔ آزادی ارادہ، خلود یا بقا بعد الموت اور خدا ۔ کا علم بخشتی ہو نہیں پائی جاتی، اس کا امکان ہی نہیں ۔

لیکن عالم مظاہر کا ہمیں حضوری علم ہوسکتا ہے یعنی کلی و ضروری علم ۔ ریاضیات کے علم کا وجوب دلزوم زمان و مکان کی صورتوں کی وجہ سے ممکن ہے ۔ اقلیدس حضوری ادراکِ مکان پر مبنی ہے اور ریاضی عدد کے تصور پر جو حضوری ادراک ۔ زمان کا اظہار ہے ۔ نیچرل سائنس مقولات پر مبنی ہے ۔ یہاں ہم جوہر و عرض، علت و معلول، تعامل وغیرہ کا ذکر کراتے ہیں ۔ ہیوم اور دوسرے تجربیہ گم کردہ راہ ہیں ۔ ہمیں ریاضیات اور طبعیات میں کلی و ضروری علم حاصل ہوتا ہے، لیکن یہ صرف مظاہر کا علم ہے، مظاہر کی صرف صورت و ترتیب کا علم ۔

اشیاء کماہی کا ہمیں علم نہیں ہیوم کا یہ کہنا صحیح تھا ۔ لیکن اشیاء کماہی کا وجود ضروری ہے حقیقت میں انکا وجود ہونا ہی چاہئے ورنہ حس کی توجیہ نہیں ہوسکتی ۔ مظاہر کے بالمقابل کوئی ایسی چیز ہونی چاہئے جو اپنا ظہور کررہی ہو جو خارج از ذہن ہو، جو حواس پر اثر کرتی ہو اور علم کا مواد فراہم کرتی ہو ۔ اس لئے کانٹ ایک لحظہ کے لئے بھی شئی کماہی کے وجود پر شک نہیں کرتا ۔ انتقاد عقل نظری کی دوسری اشاعت میں "تردید تصوریت" کے عنوان کے تحت وہ اس کے وجود کو ثابت کرتا ہے ۔ لیکن باوجود شدید اصرار کے کہ شئی کماہی کا وجود ہے اور وہ ہمارے احساسات کے مبدء کے طور پر پائی جاتی ہے، کانٹ اپنے نظام فکر کی ماہیت کی رو سے مجبور ہے کہ وہ اس کو غیر یقینی اور مبہم چھوڑ دے ۔ وہ محض ایک تحدیدی تصور بن جاتی ہے، حسی علم کے بلند بانگ دعووں کے لئے ایک قسم کی روک جس کا مطلب یہ ہے کہ ہم ماورا حواس کا حواس کے ذریعہ علم نہیں حاصل کرسکتے ۔

اس طرح کانٹ عقلیت و تجربیت میں مصالحت اور توازن پیدا کرتا ہے ۔

میر ولی الدین

نئی زندگی

بے فکر ہوں اب ہر غم ہستی ہے گوارا
قسمت سے ملا ہے مجھے جینے کا سہارا

کچھ خوف شبِ غم کی سیاہی کا نہیں ہے
روشن ہے سرِ شام جہاں تاب ستارا

ہمت نے دکھایا ہے مری کشتیِ دل کو
طوفان کی آغوش میں ساحل کا کنارا

پھر شعلہ بنا حسن کے دامن کی ہوا سے
بجھنے ہی کو تھا دل میں محبت کا شرارا

مڑکتی ہیں گل و سنبل و ریحاں پہ نگاہیں
پُرکیف ہے پھر گلشن ہستی کا نظارا

نغموں کا طلاطم ہی مرے سازِ سخن میں
درکار تھا مضرابِ محبت کا اشارا

بدستِ مئے حال ہوں مڑکر بھی نہ دیکھوں
اب عشرتِ ماضی نے پکارا تو پکارا

پہنچا ہے محبت کا سفینہ سرِ ساحل
کچھ کر نہ سکا وقت کے سیلاب کا دھارا

سکندر علی وجد

آس

موسم سرما کی پچھلی رات جبکہ سارا عالم میٹھی نیند سو رہا تھا ایک بڈھا دیہاتی شہر کی طرف نہایت شوق سے قدم بڑھائے چلا جا رہا تھا۔ سردی میں کافی شدت تھی اُس کا جسم ٹھٹھرا جا رہا تھا اُس کا پھٹا پرانا لباس اُسے سردی سے بچا نہ سکتا تھا مگر وہ اپنی دھن میں ان مصائب کی پرواہ کئے بغیر آگے بڑھ رہا تھا۔

فضا میں سکون تھا۔ کبھی کبھی کتوں کے بھونکنے اور چڑیوں کے چہچہانے کے سوا اور کوئی آواز سنائی نہ دیتی تھی۔ بظاہر اس وقت ایسے ضعیف العمر کمزور شخص کا شہر کی مسافت طے کرنا دشوار معلوم ہوتا تھا مگر خدا جانے کون قوت اُسے شہر کی طرف کشاں کشاں لئے جا رہی تھی۔ وہ اپنے عصا کے سہارے آہستہ آہستہ منزل مقصود کی طرف بڑھ رہا تھا۔

سڑک کے ایک طرف درختوں کی قطار تھی، دوسری طرف شہر کا باغِ عام۔ صبح ہو رہی تھی، برسات شروع ہوئی، اولے برسنے لگے۔ بڈھا پہلے ہی سے کمزور، اولوں کی مار نے اس کے نحیف جسم کو سخت اذیت پہنچائی۔ اُس کا سارا جسم زخموں سے چور تھا مگر اُس نے ہمت نہ ہاری ایسا معلوم ہوتا تھا کہ بڑی سے بڑی مصیبت بھی اس کی راہ میں رکاوٹ نہیں ڈال سکتی ضعیف تھا، کمزور تھا، زخمی ہو چکا تھا مگر ہمت تھی اور نہ جانے کون چیز تھی جو اس کو ان تکالیف کا بھی احساس نہ کرنے دیتی تھی۔

باغِ عام کی دوسری نکڑ پر جدید طرز کی ایک خوبصورت عمارت تھی "ڈاک خانہ" عمارت کے

بورڈ پر کندہ تھا۔ عمارت کو دیکھ کر بڈھے کی آنکھیں دفور مسرت سے چمک اُٹھیں۔ چہرے کی جھریوں میں تبسم کی لہریں دوڑنے لگیں۔ اس کی ہمت شکن مسافت کی یہی آخری منزل تھی۔ عمارت میں داخل ہونے کے بعد وہ بازو کی ایک بنچ پر بیٹھ گیا۔ اندر چند آدمی ڈاک کھول رہے تھے۔ سردی اب بھی کافی تھی، وہ کانپ رہا تھا، لیکن محبت اور ایقان کی گرمی، سردی کے اثر کو زائل کر رہی تھی۔

منشی پتے پڑھ پڑھ کر خطوط مختلف ڈاکیوں کے حوالے کر رہا تھا۔ بڈھا منشی کی آواز پر کان لگائے بیٹھا تھا۔ یکایک توت "سائیس علی" اس کے کانوں میں آواز آئی۔ وہ اُٹھ کھڑا ہوا اُس کے قدم رک نہ سکے فوراً اندر داخل ہوا۔ منشی سر جھکائے اپنے کام میں مصروف تھا بڈھے نے لجاجت سے پکارا "گوکل بابو"

'کون؟' پوسٹ ماسٹر نے کہا ——

"کیا آپ نے سائیس علی کا نام نہیں پکارا" بڈھے نے عاجزانہ انداز میں دریافت کیا

"صاحب یہ دیوانہ ہے روزانہ ہمیں اسی طرح دق کیا کرتا ہے حالانکہ اس کا خط کبھی نہ آیا"

منشی بڈھے کو نفرت سے دیکھتے ہوئے کہا ——

بڈھا آہستہ سے اپنی بنچ کی طرف بڑھا جس پر وہ پانچ سال سے بیٹھنے کا عادی تھا۔ بڈھا "علی" کسی زمانہ میں ایک بہترین شکاری تھا جیسے جیسے وہ اپنے فن میں مہارت حاصل کرتا شکار کا شوق بھی ترقی کرتا جاتا۔ اس کی زندگی نہایت دلچسپ اور پرسکون تھی اُسے کسی سے عداوت تھی اور نہ کوئی اُس کا دشمن۔ دنیا میں سوائے اُس کی چہیتی لڑکی مریم کے اور کوئی نہ تھا۔ اس نے مریم کی شادی ایک سپاہی سے کردی۔ مریم اپنے شوہر کے ساتھ پنجاب چلی گئی جہاں اُس کا شوہر ملازم تھا۔ جدائی کے غم سے محبت کی دبی ہوئی چنگاریاں شعلہ بن کر بھڑک اٹھیں دوری کے خیال نے ہزاروں بجلیاں خرمن دل پر گرائیں۔ ایک ایک کرکے پورے پانچ سال گذر گئے خط کا انتظار کرتے کرتے آنکھیں سپید ہوگئیں۔ دل میں رہ رہ کر ہوک اٹھتی اور ایک چپ سی لگ گئی تھی

حال دل آنکھوں سے عیاں تھا۔ خط ملنے کی اُمید اُسے ہر روز پچھلی رات ڈاکخانہ پہنچاتی لوٹتے وقت حسرتوں اور مایوسیوں کے سوا اس کا کوئی غمگسار نہ ہوتا۔ پے در پے مایوسیوں کے بعد بھی خط کی اُمید کبھی ٹوٹی اور نہ ڈاکخانہ کی آمد و رفت میں کچھ فرق آیا۔

علی کی قسمت میں ڈاکخانہ کے ملازمین کی بھی جھڑکیاں لکھی تھیں وہ بُرا بھلا سب کچھ خاموشی سے خط کی خاطر سُن لیتا۔ وہ بلا ناغہ سب سے پہلے دفتر پہنچتا اور سب کے بعد گھر لوٹتا۔ اتفاقاً ایک روز علی کو جاتے ہوئے دیکھ کر پوسٹ ماسٹر نے منشی سے دریافت کیا۔

"کیا یہ شخص دیوانہ ہے؟"

"کون صاحب؟ علی! جی ہاں، بیوقوف ہر روز آیا کرتا ہے اور کہتا ہے کیا میرا خط آیا"! "کس کو اتنی فرصت ہوگی کہ اسے خط لکھے۔

"اور کیا، صاحب، بڑا گنہگار ہے نہ جانے کون گناہ کئے ہیں جن کا یہ پھل ملا"

"دیوانے بھی عجیب مخلوق ہیں!"

"ہاں صاحب! ان کے کرتب عجیب دلچسپ اور انوکھے ہوتے ہیں حال ہی کی بات ہے ایک پاگل ہمارے محلہ میں دن رات مٹی کے گھروندے بناتا اور توڑتا، توڑتا اور بناتا یہی اس کا مشغلہ تھا"۔

پوسٹ ماسٹر بولا "ارے اس سے بھی زیادہ ایک دلچسپ واقعہ یاد آیا۔ ایک پاگل اپنے گال پر طمانچے مارتا اور خود بلبلا اُٹھتا کہ کسی نے اُسے مارا!!!"

چند دنوں سے علی کو کسی نے بھی نہیں دیکھا۔ قیاس آرائیاں ہوئیں لیکن کوئی بھی اصل حقیقت تک نہ پہونچا۔ آخر کار ایک مرتبہ پھر علی ڈاکخانہ میں نظر آیا۔ حالت بالکل بدلی ہوئی تھی سخت بیمار تھا سانس مشکل سے لے سکتا تھا۔ جسم پر گوشت کا نام نہ تھا ہڈیاں ہی ہڈیاں تھیں۔ اس کے قلب میں اب بھی وہی تڑپ تھی۔ وہ خلاف معمول پوسٹ ماسٹر کے پاس پہنچا

"ماسٹر صاحب کیا میری پیاری مریم کا خط آیا؟"

پوسٹ ماسٹر نے کوئی جواب نہ دیا۔

" صاحب خدارا ذرا ادھر دیکھئے" م ... م ... م میں علی ہوں" بڈھے نے کہا۔

" جانتا ہوں" پوسٹ ماسٹر نے نہایت کرخت لہجہ میں کہا۔

" حضور ..... شاید میں ... پھر یہاں کبھی نہ آسکوں۔ مریم کا نام لکھ لیجئے وہ میری لڑکی ہے وہ مجھے ضرور خط لکھے گی۔ خط آنے پر برائے خدا مجھ تک پہنچا دیجئے۔"

" بدتمیز یہاں سے فوراً نکل جا" صاحب نے کڑک کر کہا۔

علی کی آنکھوں میں اندھیرا چھا گیا۔ ساری امیدیں لوٹ چکی تھیں مگر خط کا اب بھی انتظار تھا منشی کو دیکھ کر علی رک گیا۔ اور نہایت محبت سے پکارا۔

" بھیّا؟"

" کیا ہے" منشی نے جواب دیا۔

منشی کو ایک زنگ آلود ڈبہ دیتے ہوئے علی نے کہا اس میں پانچ اشرفیاں ہیں یہی میری زندگی کی کمائی ہے میں بخوشی اس کو آپ کی نذر کرتا ہوں۔ مگر میرا ایک کام کردو۔ کردوگے بھیّا؟

" کیا؟" منشی نے نرم ہوکر پوچھا۔

" خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہو کہ میرا خط آنے پر مجھ تک پہنچا دوگے"

" کہاں"

" میری قبر پر!"

" کیا!!"

ہاں ہاں بھیّا! آج میری زندگی کا آخری دن ہے — آخری دن — اب میں اور جی نہیں سکتا۔ منشی نے اشرفیاں لے لیں اور خط پہنچانے کا وعدہ کیا۔ علی کو پھر کسی نے نہیں دیکھا۔

پوسٹ ماسٹر کی لڑکی کسی اور شہر میں بیمار ہوگئی۔ پوسٹ ماسٹر کو بیٹی کے خط کا سخت

انتظار تھا۔ ڈاک آنے پر اس نے سارے خطوط دیکھے۔ حیرت کی انتہا نہ رہی جب اس نے ایک خط پر "سائیں علی" کا نام دیکھا۔ دولت کا خمار سر سے اُتر گیا۔ اس کو اب احساس ہوا کہ یہی وہ خط تھا جس کا انتظار علی نے ایک زمانہ تک کیا۔ اس نے منشی کو آواز دی اور تاکید اً حکم دیا کہ فوراً وہ علی کو حاضر کرے۔

پوسٹ ماسٹر کو اپنا خط نہ ملا رات بےچینی سے گذاری جدائی کا مفہوم آج سمجھ میں آیا اور علی کی تصویر آنکھوں کے سامنے پھر گئی۔ ۳ بجتے ہی دفتر پہنچا کیونکہ علی ہمیشہ ۴ بجے صبح آیا کرتا تھا کہ خط دے کر اس کی زندگی کا ارمان اپنے ہاتھوں پورا کرے۔

دفتر پہنچکر بےچینی سے علی کا انتظار کرتا رہا کسی کی آہٹ پاکر اٹھ کھڑا ہوا اور نہایت محبت سے کہا آؤ آؤ بھائی علی آؤ تمھاری مریم کا خط آیا ہے۔ نظریں اُٹھائیں معلوم ہوا کہ آنے والا علی نہیں منشی ہے۔

"علی کہاں ہے منشی جی! کیا تم ساتھ نہیں لائے؟

"نہیں صاحب"

"کیوں!"

"اب وہ وہاں ہے جہاں سے کوئی طاقت اس کو آپ کے پاس نہیں لاسکتی"

پوسٹ ماسٹر کا دل بھر آیا آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے ہاتھ سے خط گر پڑا۔ جب ذرا سکون ہوا تو پوسٹ ماسٹر نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

"منشی جی تم نے علی کو نہیں سمجھا۔ سمجھتے بھی کیونکر! اس کو وہی شخص سمجھ سکتا ہے جو کسی کا باپ ہو اور اس کی جیتی اولاد اس کی آنکھوں سے دور!!

دنیا کے کاروبار اسی طرح چلتے رہے مریم کا خط علی کی قبر پر ہے اور وہ اب سکون کی نیند سو رہا ہے۔

سید احمد محی الدین متعلم بی اے (آخری)

حیات

صبا جا کر یہ کہہ دینا کسی سے — کوئی اُکتا گیا ہے زندگی سے
اُلٹ دو پھر بساطِ زندگانی — نگاہِ ناز کی جادو گری سے
زمانہ ہو گیا دشمن ہمارا — ہوا حاصل یہ اُن کی دوستی سے
شبِ غم آگ لگ جاتی ہے دل میں — مہ و انجم کی ٹھنڈی روشنی سے
کرم ہے یہ ترا اے دردِ اُلفت — کیا آگاہ مجھ کو زندگی سے
فریبِ التفاتِ خاص دے کر — نگاہیں پھیرتے ہو بے رخی سے

مقدر ہی میں تھی خسرو تباہی
شکایت کیجئے اب کیا کسی سے

امیر احمد خسرو متعلم بی۔ اے (عثمانیہ)

جمالیات اور ادب

(تقریر اُردو کانفرنس بزم اُردو جامعہ عثمانیہ)

یہ موضوع جتنا نیا ہے اسی قدر وسیع بھی ہے۔ تھوڑے سے وقت میں اس کا سمجھانا ممکن نہیں اس لئے یہاں صرف دو چار اہم امور پر بحث کی جائے گی۔

یہ موضوع میں نے دو وجوہ سے منتخب کیا ہے۔ ایک تو اس لئے کہ ادب کے سمجھنے کا ایک جدید فلسفہ پیدا ہو چکا ہے اور اس سے استفادہ کرنا موجودہ زمانے کے ادیب کے لئے ضروری ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ موجودہ زمانے میں ادب کو ایک بہت سستی چیز سمجھ کر اس پر ہر شخص دست درازی کی فکر کر رہا ہے، اور اس پر غیر ذمہ دارانہ تنقید کرنے کی جرأت کر رہا ہے۔ حالانکہ اصولاً ادب کی تخلیق اور تنقید، ایک "صلائے عام" تو نہیں کہ یاران نکتہ دان کے سوائے ہر فرد بشر اپنے بس کی بات سمجھ لے۔

سب جانتے ہیں کہ ادب ایک حسن کارانہ تخلیق ہے، زندگی کی ایک تصویر ہے جس میں ہزاروں زندگیاں موجود رہتی ہیں۔ یہ ایک تہذیب خیال، ایک لطافت نفس، ایک الہامی سیاست اور ایک ذہنی اشتراکیت ہے۔ یہ حقیقت کی تلاش، سچائی کی روح، اور اسے سلیقے کے ساتھ پیش کرنے کی ایک صلاحیت ہے۔ ہر شخص ادب کے ذریعے حسن و کمال کا احساس رکھتا ہے، اس کی لطافت اور کیف سے بہرہ اندوز ہوتا ہے، لیکن اسے سمجھ نہیں سکتا۔ سائنس اور دیگر دماغی اور طبعی علوم سے دلچسپی رکھنے والے لوگ، ادب، اس کی ماہیت اور قدر و قیمت کو سمجھے بغیر یہ کہدیتے ہیں کہ دنیا کو سیاست کی ضرورت ہے، سائنس کی ضرورت ہے ادب کی ضرورت نہیں۔ اگر ایسا

نہ کہیں تب بھی ادب اور اس کے فلسفہ جمال کو ایک ذہنی عشرت سے تعبیر کیا جاتا ہے ۔ افسوس ہے کہ علمی دنیا میں ہنوز یہ طریقہ رائج ہے کہ محض افادی امور اور ضمنی تعلقات کی خرابیوں پر نظر ڈال کے اصل شئے پر حرف زنی کی جائے ۔ جب علمی دنیا کا یہ حال ہے تو ظاہر ہے کہ ادب کے عام خوشہ چینوں کی فہم و ادراک کا کیا حال ہوگا ؟ ہمیں فن جمالیات کا ممنون ہونا چاہیئے کہ ہم اس کی بدولت ادب کو یعنی اپنی دماغی اور روحانی زندگی ' اس کی قوت عمل اور اثر کو سمجھنے ' اور سمجھ کر محسوس کرنے ' اور محسوس کر کے ' اس کی تخلیق کرنے کے قابل ہوتے ہیں ۔

ہیگل جمالیات کی تشریح جامع الفاظ میں کرتے ہوئے لکھتا ہے ۔

" جمالیات کا مقصد حسن و جمال کی وسیع سلطنت کی تحقیقات کرنا ہے ۔ اس لئے اس میں عمومی حیثیت سے آرٹ کا فلسفہ اور خصوصی حیثیت سے ہر فن لطیف پر بحث ہوتی ہے ۔"

ادب کے متعلق ایک عام خیال یہ ہے کہ اس کا تعلق آرٹ اور فنون لطیفہ سے ہے میں اب یہ محسوس کرنے لگا ہوں کہ اس دھوکا دینے والی اصطلاح کو ادب کے لئے استعمال نہیں کرنا چاہیئے ۔ لیکن پھر یہ خیال ہوتا ہے کہ ترقی پسند ادیبوں کا سیلاب اگر اسے فن لطیف نہیں تو موقع پا کر فن کثیف بنا ہی دے گا ' اس لئے لطافت کی شرط اس پر عائد رکھنی ضروری ہے ۔ ادب کو چاہیئے کہ وہ اپنی لطافت قایم رکھے ۔ لیکن جدید رجحانات کے اعتبار سے ادب ہماری تلخ زندگیوں میں اتنا دخیل ہوگیا ہے کہ اس کے متعلق یہ کہنا پڑتا ہے ۔ "تلخ تر او نکو تر است" اور اس لئے ادب کو فن لطیف کی بجائے " سوز حیات " کے نام سے یاد کریں تو بیجا نہ ہوگا ۔

ادب ایک حسن کار از عمل ہے ۔ اس کی تخلیق کے دو حصے ہیں ۔ ایک جذبہ اور احساس دوسرے انکا اظہار ۔ پیکر ادب کی روح احساس ' اور اس کا جسم (Expression) یا (Representation) ہے ۔ فن جمالیات کی رو سے ہم یہ بھی معلوم کر سکتے ہیں کہ ادب کی تخلیق میں جذبات انسانی کی روح رواں کیا ہے ؟ اس کی تحریکات کونسی ہیں ؟ اُن کا اثر کیا ہے اور یہ جذبات کن خوبصورت سانچوں میں پیش کئے جاتے ہیں ۔ ہمارے مشرقی اہل فکر و نظر کی

ایک خصوصیت یہ ہے کہ وہ مسئلے کو عقل کی روشنی سے زیادہ دل اور احساس کی روشنی میں دیکھتے ہیں۔ اس لئے جہاں مغرب میں کوئی مسئلہ اصول تحقیق کی زد میں آتا ہے، وہاں مشرقی مفکر اس میں ڈوب کر اپنے اوپر ایک پراسرار بیخودی سی طاری کرلیتا ہے۔ بعض حالتوں میں یہ بیخودی انسانی جذبہ شعور و ادراک پر مضر اثر ڈالتی ہے۔ اس لئے جمالیات کی روشنی میں ہم عرفان قلب و نظر کو بھی جس کے متعلق حافظ کا یہ مصرع موزوں ہے۔ "کہ کس نکشود و نکشاید زحکمت ایں معمارا" ایک متصوفانہ فلسفے کی آنکھوں سے دیکھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ ان حالات میں ہم جمالیات کے اہم موضوعات کا تجزیہ کرتے ہوئے یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس میں ——

جذبہ حسن اور مسرت سے بحث ہوتی ہے جس کا تعلق مادی دنیا سے بھی ہے اور روحانی دنیا سے بھی۔ اس طرح جمالیات میں مذہب فلسفہ، نفسیات اور آرٹ کی علمی تحقیقات مشترک ہو جاتی ہیں۔

جب ہم جمالیاتی نقطۂ نظر سے ادب پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں اس کی تخلیق میں کئی تحریکات کارفرما نظر آتی ہیں۔ میں ان میں سے تین اہم تحریکات کا ذکر کروں گا۔

(۱) Intution یعنی وجدان (۲) تخیل Imagination (۳)

Emotion اور Feeling یعنی جذبہ اور تاثر

یہ تحریکات نثری ادب میں اتنی شدید نہیں ہوتیں جتنی کہ شاعری میں ہوتی ہیں۔ میں اپنی تقریر کا موضوع نثر سے زیادہ نظم رکھوں گا۔

اس منزل پر پہلا سوال تو یہی پیدا ہوتا ہے کہ حسن کیا ہے؟ اس کا جواب دینا نہ صرف مشکل ہے بلکہ اس کی تشریح کے لئے ایک ضخیم جلد چاہیئے۔ میں یہاں دو چار مفکرین کی رائے اور اپنے تبصرے پر اکتفا کروں گا۔ جملہ نفسیات دان، فلسفی اور ماہر جمالیات اس امر پر متفق ہیں کہ حسن کسی شئے کی کوئی خاص صفت نہیں ہے، بلکہ وہ کسی شئے اور انسان کے احساس کے درمیان ایک ہمدردانہ اور والہانہ تعلق ہے۔ جو شئے کسی انسان کے دائرہ احساس میں آجاتی ہے،

اس میں حسن پیدا ہو جاتا ہے۔ مفکرین کہتے ہیں کہ بعض حیثیتوں سے حسن کار فطرت کے حسن میں اضافہ کرتا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اس اضافے میں اس کا احساس بھی شامل ہوتا ہے قلب فطرت کا احساس معلوم کرنے کے لئے حضرت احمد جام زندہ پیل جیسی شخصیت کی ضرورت ہے جنھوں نے لافانی الفاظ میں کہا تھا۔

"کشتگان خنجر تسلیم را ہر زماں از غیب جانے دیگر است"

ہیگل حسن کو ایک تمثال۔ Idea قرار دیتا ہے، اور اس کو Abstract (مادی) اور Concrete (غیر مادی) میں تقسیم کرتے ہوئے کہتا ہے کہ حسن ابتداً ایک تمثال Idea ہوتا ہے۔ جب اس کی داخلی نوعیت ختم ہو کر یہ خارج ہونے، لطیف تر بننے، کسی چیز کا نمائندہ ہونے، یا ہم صورت بننے کی حالت میں آتا ہے تو یہ ایک ہم آہنگ اور تکمیل شدہ شئے بن جانا اور اپنے تعلقات کی کاملیت حاصل کر لیتا ہے۔ کانٹ کہتا ہے کہ حسن کی جب تک تصدیق نہ ہو حُسن حُسن نہیں رہتا۔ اور یہ تصدیق انسان کا ذوق اور قوت فیصلہ کرتی ہے۔ قوت فیصلہ ایک پُل ہے جو انسان کی اندرونی دنیا اور بیرونی دنیا کو ملاتا ہے

شوپنہار کے نقطۂ نظر سے حُسن ایک مشیت ایزدی ہے۔ جس چیز میں یہ حیثیت زیادہ ہم آہنگ، کامل اور احساس پذیر نظر آئے وہ چیز حسین ہے۔

نطشے کے قول کے مطابق اس حُسن کا تصور کرنا مشکل ہے جو خارجی اور مادی اشیاء پر اثر انداز نہ ہو۔

ہماری مشرقی شاعری کا موضوع اوّل حسن و عشق ہے، ہمارے نقطۂ نظر سے حسن خالق ازل کا ایک پرتو، اس کی ایک صفت ہے۔ اور انسان اس صفت کا مظہر کامل ہے۔ حضرت خواجہ اجمیریؒ فرماتے ہیں

ہمچو خورشید کہ در آب زلالے دیدم ؎ اندریں صورت من حسن و جمالے دیدم

* بعض مفکرین کا خیال ہے کہ "دیوان معین" جو حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ سے منسوب ہے وہ دراصل آپ کا نہیں بلکہ آپ کے ہم عصر ایک اور صوفی بزرگ کا ہے جو معین تخلص فرماتے تھے۔

حُسن کے ساتھ ربط اور روحانی تعلق کو عموماً عشق سے تعبیر کیا جاتا ہے مگر میرے نزدیک عشق کی صحیح اور اعلیٰ ترین تعریف اقبالؒ نے کی ہے جو رومیؒ کے تصورِ عشق پر مبنی ہے۔ وہ یہ کہ عشق معرفت الٰہی اور علم یزدانی کی آخری منزل ہے۔ اب آیئے ہم تحریکات ادب کے تین اہم عناصر وجدان، تخیل اور جذبہ پر غور کریں۔

اطالیہ کا مشہور مفکر کروچے کہتا ہے کہ جملہ حسن کاری ایک قسم کا وجدان (Intution) ہے۔ اور یہ وجدان جب کسی انسان کو حاصل ہو جاتا ہے تو اس کا خیال احساس، جذبہ اور اثر۔ وجدانی بن جاتے ہیں۔ اس لئے وہ جذبہ کے اظہار یعنی Form اور Expression کو بھی وجدان قرار دیتا ہے۔

وجدان کیا ہے؟ اسے معلوم کرنے کے لئے ہمیں جمالیات کے دو اہم نظریوں کو سمجھنا ضروری ہے۔ ان میں ایک "تھیوڈور لپس" (Theodore Lipps) کا نظریہ "ان فیلنگ" یا اپتھی Enpathy ہے۔ یہ نظریہ کہتا ہے کہ حسن کار (ادیب یا شاعر) میں کائنات کے ہر منظر اور مسئلے میں ڈوب جانے، اس کی روح اور کیف معلوم کرنے کی ایک خاص صلاحیت ہوتی ہے۔ یہ جذبہ جسے علامہ اقبال کہیں "سوز و ساز" اور کہیں "ذوقِ جستجو" سے تعبیر کرتے ہیں حسن کار کا ایک ذہنی ورثہ، ایک دماغی دولت اور روحانی فیض و عطا ہوتا ہے۔ عام نظروں سے ہٹ کر ادیب ورڈسورتھ کی زبان میں کہتا ہے کہ ہر شئے ہر مسئلہ

Flashes upon that inward eye which is the bliss of Solitude

آیئے دو چار شاعروں کی زبان سے بھی "عمیق النظری" اور مسائل حیات کی نسبت کچھ سن لیجئے تاکہ نظریہ "ان فیلنگ" کی نوعیت معلوم ہو جائے۔

اقبال فرماتے ہیں۔

میری نوائے شوق سے شور حریم ذات میں ۔ غلغلہ ہائے الاماں، بتکدۂ صفات میں
حور و فرشتہ ہیں اسیر میرے تخیلات میں میری نگاہ سے خلل، تیری تجلیات میں

گاہ مری نگاہ تیز، چیر گئی دلِ وجود گاہ الجھ کے رہ گئی میری توہمات میں

غالب کی نظر اس شاندار "عمیق النظری" میں زیادہ شوخ اور زیادہ شاعرانہ واقع ہوئی ہے۔ اس کا مشہور شعر ہے۔

دیدہ درآنکہ تا نہد دل بہ شمار دلبری در رگِ سنگ بنگرد، رقص نہان آذری

سعدیؒ فرماتے ہیں۔

برگِ درختان سبز در نظر ہوشیار ہر ورقے دفتریست معرفت کردگار

میر کہتے ہیں۔

کہا میں نے کتنا ہے گل کا ثبات کلی نے یہ سن کر تبسم کیا

اصغر کا شعر ہے۔

سُنا ہوں بڑے غور سے افسانۂ ہستی کچھ خواب ہے، کچھ اصل ہے، کچھ طرز ادا ہے

ان نغموں میں خیال کی لطافت کے ساتھ ساتھ، سوچنے کی بات یہ ہے کہ موٹی موٹی تحقیقاتی جلدوں سے زیادہ ہماری روح کو تڑپا دینے والا اثر اور مسخر کرنے والی قوت کہاں سے آئی؟

مشرقی ادب اور شعر میں یہ عمیق النظری مادی اشیاء سے زیادہ، تصورات، حقائق اور فکر و نظر کی پر اسرار فضاؤں میں "طائرِ شوق" بنکر گھومتی ہے۔ مشرقی شاعر، معشوق کے تصور، نالۂ فراق، جمال یزدانی اور وسوسۂ شیطانی، ان کو بھی اسی طرح اپنی عمیق النظری کی جولانگاہ بناتا ہے جس طرح مغربی شاعر مناظر قدرت اور زندگی کے بدیہی تماشوں سے متاثر ہوتا ہے۔ مشرق اور مغرب کی روح اور دماغ کا یہ فرق مدتوں سے چلا آرہا ہے۔ جو لوگ مشرقی ادب کو مغرب کی عینک سے دیکھیں انہیں اس دماغی اور روحانی فرق اور اس سے پیدا ہونیوالے اثر کو اچھی طرح محسوس کر لینا چاہیئے۔ جوش کا قطعہ ہے

بوندیوں کا سلسلہ ہے اور ہلکے ابر سے پڑ رہی ہیں اسطرح سبزی پہ کرنیں گاہ گاہ
وقت گریہ جیسطرح مکتوب غم لکھتے ہوئے آنسوؤں سے چھن کے آتی ہے سرکاغذ نگاہ (نقش و نگار)

یہ جدید ذوق جمال کا ایک نمونہ ہے جس میں حقیقت پرستی اور رومان، مغرب اور مشرق ہاتھ ملائے ہوئے نظر آتے ہیں۔

اسی سلسلہ میں ہم قدیم جرمن مفکر سائی سانگ (Zeissang) کے خوبصورت نظریۂ Golden Section کو پیش کریں گے جسے Fechner اور Vernon Lee جیسے مفکرین نے آگے بڑھایا۔ اس نظریہ میں یہ بتادیا گیا ہے کہ ہر حسن کار (خواہ وہ شاعر ہو مصور ہو، موسیقی دان ہو، مجسمہ ساز ہو، معمار ہو یا کچھ اور) اپنی نظر، احساس اور تخیل میں ہمیشہ ایک قسم کا (Pattern) یعنی نقش دیکھنے، تصور کرنے اور بنانے کی پراسرار صلاحیت رکھتا ہے۔ ساری کائنات اس کی نظر میں رنگ، خط، تناب، توازن، نور اور ظلمت خیر و شر کا ایک نقش نظر آتی ہے جسے وہ مشکل کرنے اور انہیں نمود کا ایک قالب عطا کرنے کی کوشش کرتا ہے حسن کار کی آنکھیں ایک کیمرہ، اور اس کا دل و دماغ، روح اور قلب، مصور بن جاتا ہے جس کی وجہ سے جو چیز اس کے مشاہدے یا تصور میں آتی ہے، پرکیف نقش، تصویر، اور مرقع بن کر آتی ہے، مثلاً شیکسپیر نے دنیا کو ناٹک گھر کی تصویر دیکھ کر یہ لافانی الفاظ کہے تھے ——— ایک منظر تمثیل ہے یہ گیتی دوار All the world is a Stage

حسن کاری عمیق النظری اور نقش تصور ان دونوں قوتوں میں ایک قسم کا مشترک کیف، مستی اور بیخودی شامل رہتی ہے۔ ان کی جب نمود ہوتی ہے تو ان پرستی اور لطافت کا ایک غلاف سا چڑھا ہوا ہوتا ہے۔ ان تینوں صفتوں کو وجدان کا مظاہرہ کہئے۔ اس وجدان کی وجہ سے ادب دیگر علوم و فنون سے الگ ہو جاتا ہے۔

اب آیئے تخیل پر غور کریں۔ اس کے لئے میں کولرج (Coleridge) کی مشہور کتاب On Imagination سے ایک جامع تعریف پیش کروں گا۔ یاد رہے کہ میں خشک مفکرین سے زیادہ شاعر یا عمل کے فلسفۂ جمال کو دقیع سمجھتا ہوں کیونکہ بقول غالب۔

بنیم از گداز دل در جگر آتشے چو سیل غالب اگر دم سخن، رہ بہ ضمیر من بری

شاعر دل کی آگ اور زحمت شعر گوئی کو محسوس کرتا اور اس سے واقف ہوتا ہے۔

کولرج کہتا ہے۔

"وہ جمع کرنے والی اور سحر انگیز قوت جس کو ہم نے کامل طور پر قوت متخیلہ سے موسوم کیا ہے" متضاد اور مخالف قوتوں کو ہم آہنگ بناتی ہے۔ ان کو متوازن بنانے میں اس کا اظہار ہوتا ہے۔ قدیم اور مانوس چیزوں میں تازگی اور نیرنگی کا احساس اسی سے پیدا ہوتا ہے یہ عام جذبے سے زیادہ ایک کیفیت ہوتی ہے اور اس میں زیادہ تنظیم پائی جاتی ہے۔ یہ ہمیشہ جاگنے والی قوت فیصلہ اور ایک مستقل خود اعتمادی اور خود گیری ہے۔ اس میں جوش اور احساس رہتا ہے جو بہت پُر اثر، اور کبھی بہت عمیق اور کامل ہوتا ہے۔ یہ ایک مترنم خوشی کا احساس ہے، جس میں کثرت کو پُر اثر وحدت بنانے کی قوت رہتی ہے۔ یہ محدود اور منتشر خیالات کو ایک محیط اور مادی خیال اور احساس میں مبدل کرتی ہے"۔ اس قدیم تعریف کو ڈاکٹر رچرڈس جیسے جدید نقاد کی تائید حاصل ہے۔ اس کی روشنی میں ہم تخیل کی تشریح یوں کرتے ہیں کہ وہ ایک ممتاز فکری عمل ہے جو شعور رکھتا ہے اور تخلیق کرتا ہے"۔

ہسپانی زبان میں بچے کو Criatura کہتے ہیں جو لفظ Creare بہ معنی Generate to سے ماخوذ ہے۔ اس میں خالق و مخلوق دونوں کا بہ یک وقت تصور شامل ہے۔ میرے خیال میں جمالیاتی نقطۂ نظر سے ادب کی تخلیق کو بھی ایک معصوم Criatura کہنا چاہیئے۔ نفسیاتی نقطۂ نظر سے انسان کا ذہن یادہائے ماضی (Past Memories) حسیات (Sensation) اور تصورات (Conceptions) کا ایک چھاپہ خانہ ہوتا ہے۔ اس کا ذہن غیر محسوس طریقے سے تصورات، گزشتہ یادوں، اور حیات کے ارتسامات کو قبول کرتا ہے اور قوت تخیل انہیں زندہ رکھتی اور شکل کرتی ہے۔ حسن کار کا تخیل ایک قسم کا Aesthetic impulse یعنی ایک جمالیاتی ہیجان اور تحریک ہوتی ہے جس کی بلند پروازی اور تیزی سے وہ حسن کی تخلیق کرتا ہے۔ یہی تخیل ہے جو ادیب کو بقول افلاطون "فطرت کا مقلد* بنا دیتا ہے۔ تخیل ہی احساس پیدا کرنے کی ایک ہلکی سی قوت

* یہاں تقلید کے معنی نمایندگی اور تخلیق دونوں کے ہیں۔

بھی ہوتی ہے۔ گو مشاہدہ اور تجربہ، احساس اور جذبے اس کے حقیقی محرک ہیں یہی وجہ ہے کہ شیکسپیر نے شعر کی تعریف میں وہ جامع الفاظ کہے جس کا ادب میں مشکل ہی سے جواب مل سکتا ہے۔

"The Poets eye in its fine frenzyrolling

Doth Glance from heaven to earth. from earth to haven"

اقبال نے اسی جذبے کے ساتھ تخیل اور نظر کی تعریف کی اور فرمایا۔

می شود پردۂ چشم پرکاہے گاہے دیدہ ام ہر دو جہاں را بہ نگاہے گاہے

وجدان اور تخیل کو سمجھ لینے کے بعد اب ہم جذبے کی طرف آتے ہیں جو ادب کا تیسرا ممتاز عنصر ہے۔

سائنس کی دنیا میں انکشاف اور تجربے کی حد تک جذبہ کام کرے اور قوت عمل کو قائم رکھے تو اچھا ہے، ورنہ اگر نتائج عمل میں جذبہ آجائے، تو ساری تحقیق فنا ہو جاتی ہے۔ اس کے برعکس ادب کی پیداوار میں ہر قدم پر جذبے کی آگ سلگتی ہوئی رہنی چاہیئے، ورنہ ہیجان الفاظ معنی کی لاش بن کر رہ جاتے ہیں۔

نفسیاتی نقطۂ نظر سے جذبہ پیدا ہونے کی چار منزلیں ہیں، ایک بیرونی تحریک، دوسری تاثر، تیسرے ردِعمل، چوتھے احساس۔ مثلاً آپ نے اندھیرے میں کوئی پرچھائیں دیکھی یہ بیرونی تحریک ہے، آپ کے اعصاب میں ایک حسی تحریک ہوئی، یہ ہیجان ہے۔ اس کی اطلاع دماغ کو ہوئی، دماغ نے فوراً چیخ مارنے، منھ چھپانے یا بھاگ جانے کا حکم دیا۔ یہ ردِعمل ہوا۔ اس کے آغاز سے بعد تک آپ کے دل و دماغ پر ایک کیفیت طاری رہی، یہ احساس ہے۔ اگر اس قسم کے کئی احساسات ہوں، تو گذشتہ یادگاروں کے ساتھ مل کر یہ جذبہ بن جاتی ہیں۔

ادب میں جذبے کو سمجھنے کے لئے ان چار منزلوں کو ذہن نشین کرنا ضروری ہے۔ ورنہ بغیر بیرونی تحریک، ہیجان اور ردِعمل کے عام طور پر لوگ، ہر دماغی جنبش، اور تصور اور یاد کو جذبے سے تعبیر کرتے ہیں۔ جمالیات یہ بتاتا ہے کہ حسن کار کا یہ جذبہ تڑپ رکھتا ہے اور اظہار چاہتا ہے۔ علم حیوانات

اس کی تائید کرتے ہوئے کہتا ہے کہ خوشی اور غم کے اظہار کا جذبہ حیوانوں سے انسانوں کو ورثے میں ملا ہے۔ اس احساس اور اظہار کی تکمیل میں ادب کو چند خاص راستوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ راستہ کا ہر واقعہ، زندگی کی ہر لہر، اور آسمان کا ہر نظارہ، شاعر کے لئے بیرونی تحریک کا باعث نہیں ہوتا، اگر ہوتا ہے تو شاعر ہر ایک کو اپنے ذوق کی چھنی میں چھانتا اور صرف اس کے جمال، لطافت، کیف اور اثر کو چن لیتا اور باقی حصہ پھینک دیتا ہے۔ جب یہ لطافتیں اظہار کی سرحدوں تک پہنچتی ہیں تو ذوق پکار کر کہتا ہے، خبردار، ان لطافتوں کو کثیف قالبوں میں نہ پھنساؤ۔" اسی لئے ان کے اظہار کا ذریعہ شعر، رنگ، خط، سنگ مرمر، رقص، اور سریلی آواز جیسے لطیف سانچے ہوتے ہیں۔ اگر شفق کی رنگینی کو ڈائنبر کے چھینٹوں سے دکھانا چاہو تو ممکن نہیں۔ جب اظہار کا سانچہ ادب میں نبھانا ہے تو اسے ہم اپنی اصطلاحوں میں افسانہ، ڈرامہ، غزل، مثنوی اور رباعی کہتے ہیں۔ اس لطیف مجموعے کی طرف اقبال اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

حق اگر سوزے ندارد حکمت است شعر می گردد چو سوز از دل گرفت

اظہار اور سانچے میں جو ایک حد تک خیال کا عکس اور مظہر ہوتا اور مادی اشیاء مثل خط، رنگ، آواز مٹی اور لفظ سے تعلق رکھتا ہے کئی اور جمالیاتی خوبیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ یہ خوبیاں ظرف اور مظروف خیال اور سانچے، احساس اور اظہار میں مشترک ہوتی ہیں۔ جمالیات کی اصطلاح میں انہیں ترنم توازن لے، ترتیب، ہم آہنگی اور تناسب کہتے ہیں۔ اس مختصر تقریر میں ان کی شرح کرتے ہوئے بحث کو آگے بڑھانا ممکن نہیں اس لئے میں جمالیات اور ادب کے باہمی تعلق کو تین اہم صفات وجدان، تخیل اور جذبات کے ساتھ وابستہ دکھاتے ہوئے رخصت ہوتا ہوں۔ ادب، جمالیات کی دوربین سے اس طرح رنگین اور واضح نظر آتا ہے جیسے رصدگاہ میں بیٹھ کر دوربین کے ذریعہ دیکھنے سے چاند، تاروں کی لطافتیں، ہماری آنکھوں کے قریب آجاتی ہیں۔ اس وقت بے اختیار ہماری زبان سے نکلتا ہے۔ اللہ جمیلٌ و یحبُّ الجمال

محمد عبدالقیوم خان باقی

عبادت

سانیٹ

وہ کنول جیسی سراپا حُسن کی تصویر ہے
شورشِ دنیا کی حد سے دور تر اس کا وجود
فکرِ فردا سے ہمیشہ بے خبر اس کا وجود
وہ مجسم نازِ شمعِ طور کی تنویر ہے

زلف شانے پر پڑی رہتی ہے بل کھاتی ہوئی
چشم پر حسرت پہ ہے اشکِ مسلسل کی نقاب
جیسے بارش کے دھندلکے میں ہو گردوں پر سحاب
حسن کی رنگینیوں میں ہے بہار آئی ہوئی

خشک ہونٹوں پر نہیں اقرارِ الفت کا نشان
سرخ لب خوفِ محبت سے ہیں دانتوں میں دبے
مرمریں گردن حسیں نیلی رگوں کے تار سے
حُسن کی بدمستیوں میں نغمۂ اُلفت نہاں

گرچہ اس کی یاد سے دم بھر مجھے فرصت نہیں
لیکن اُس کے پاؤں تک چھونے کی بھی ہمت نہیں

(ماخوذ)

عزیز احمد (عثمانیہ)

افسانہ کیا ہے؟

افسانہ ایک مستقل صنف ادب ہے۔ دنیا کی ہر زبان کے ادب میں اس کا وجود قدیم سے ہی افسانہ منظوم کی شکل میں ملتا ہے۔ اس کی تاریخ اتنی ہی قدیم ہے جتنی انسانی تخیل کی تاریخ ہو سکتی ہے۔ افسانہ کیا ہے؟ کب سے ہے؟ اور کیوں وجود میں آیا؟ یہ سوالات عموماً ہر متعلم ادب کے پیش نظر رہتے ہیں۔ یہ سوالات اگر زمانہ قدیم کے داستان کہنے اور لکھنے والوں سے یا داستان سننے اور پڑھنے والوں سے کئے جاتے تو وہ شائد سوائے اس کے کوئی جواب نہ دے سکتے کہ افسانہ ایک قصہ ہوتا ہے، یہ ہمیشہ سے موجود ہے اور اس سے جی بہلتا ہے۔ اگر یہ سوال الف لیلہ کے بنیادی کردار شہرزاد سے کیا جاتا تو وہ یہی کہتی کہ، میں نہیں جانتی کہ افسانہ کیا ہے اور کب سے ہے ـــ مجھے تو موت کی گھڑی کو ٹالتے رہنا ہے۔ شہریار سے اگر پوچھا جاتا کہ وہ شہرزاد کی کہانیوں میں اس قدر کیوں کھو گیا کہ اس کو اپنا عہد بھی یاد نہ رہا تو وہ بھی اس کا جواب شاید یہی دیتا کہ اس کو ان کہانیوں میں دلچسپی اور شہرزاد کی طرز ادا میں ایک دل نشین گھلاوٹ ہے اور اس سے اس کو ایک عجیب کیف محسوس ہوتا ہے۔

موجودہ زمانے میں بھی جو لوگ داستان امیر حمزہ، بوستانِ خیال، یا الف لیلہ پڑھتے ہیں، وہ بھی اسی احساس اور کیف کے زیر اثر پڑھتے ہیں، جس نے الف لیلہ کے شہریار کو متاثر کیا تھا داستان گوئی کا یہ مقصد صرف مشرق ہی کے لئے مختص نہیں ہے بلکہ مغرب میں بھی اب سے بہت پہلے کم و بیش ایسے ہی مقاصد کے لئے داستان سرائی آغاز کی گئی تھی۔ چاسر کی "کنٹربری کی داستانیں" (Conterbury Tales)، شاہ آتھر کے کارناموں کے قصے، الیڈ آڈیسی وغیرہ سب

اسی قبیل کی داستانیں ہیں۔ اور ان کا مقصد بھی تقریباً یہی ہے کہ وہ کسی نہ کسی طرح انسانوں کی ایک بڑی تعداد کی تخئیل کے لئے سامان عشرت بہم پہنچاتے ہیں۔ لیکن زندگی کے اقدار ہر زمانے میں بدلتے رہے ہیں۔ ہمارے کھانے، پینے، سوچنے اور محسوس کرنے کے سارے طریقے بدل گئے ہیں، ہمارے اجداد کا جن باتوں میں جی لگتا تھا، اب وہ باتیں ہم کو زیادہ دیر تک متوجہ نہیں رکھ سکتیں جو مشاغل ان کا دل لبھا سکتے تھے، آج ہم کو بے کیف اور غیر اصلی معلوم ہوتے ہیں۔ ادب کی منزل اب کوئی موہوم اور نامعلوم منزل نہیں رہی ہے، اس کا مقصد اب تخیل کی عشرت بہم پہونچانا نہیں رہا ہے، ہم تخلیق محض کے اس معصوم دور سے گزر چکے ہیں۔ آج ہر چیز کی علت، ہر بات کی منطق، اور ہر فعل کی نفسیات ہمارے پیش نظر رہتی ہے۔ یہ تجزیہ اور تنقید کا دور ہے۔ آج کوئی ایسی بات ہمارے لئے قابل قبول نہیں ہوتی اور ہماری توجہ کو جذب نہیں کرتی جس کا تجزیہ نہ ہو سکے اور جس پر تنقید کی جا سکے۔ ادب کو بھی کسی نہ کسی طرح اسی میزان منطق پر پورا اترنا ہے۔ افسانوں کے جدید رجحانات اسی بنیاد پر قائم ہو رہے ہیں۔ ان کی غایت معین، ان کی منزل ایک معلوم منزل ہے جس کے راستوں کے پیچ و خم اور نشیب و فراز سے افسانہ نگار پوری پوری آگہی رکھتا ہے اور افسانہ خوان اس سے آگہی نہیں رکھتا تو مانوس ضرور ہے۔

افسانہ کیا ہے

افسانہ کی بنیاد چند واقعات پر ہوتی ہے۔ ان واقعات کی ترتیب کو ماجرا یا پلاٹ کہتے ہیں، اس میں جو واردات اور حالات بیان کئے جاتے ہیں ان میں بے شمار ذہنوں کی توجہات کو جذب کر لینے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ اور یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ جو ماجرا افسانہ کے لئے منتخب کیا جائے اس میں عوام کے لئے کوئی اجنبیت نہ ہو۔ عوام میں یہ اُنس اُسی وقت پیدا ہو سکتا ہے جب افسانہ میں زمانہ، ماحول اور معاشرت کے سارے اعتقادات اور ذہنی رجحانات کو شامل کر لیا جائے اور اس طرح افسانوی تخیل اور عوام کی زندگی کے تخیل میں ایک طرح کا ربط اور ہم آہنگی قائم ہو جائے۔ شاہ آتھر کی مہمات، رستم کے دیوؤں کے ساتھ مقابلے۔ الف لیلہ کے جن اور پریوں کے قصے عوام کو اس لئے محبوب اور مرغوب تھے کہ ان کے

اپنے اعتقادات اور میلانات کی عکس کشی ان قصوں میں ہوا کرتی تھی۔ ان خلاف قیاس کارناموں سے قطع نظر افسانہ نگار جو ماحول اور کردار پیش کرتا تھا' اس میں عوام خود اپنی تصویریں دیکھتے تھے زمانے کے بدلنے کے ساتھ ساتھ اقوام کا مزاج نفسی بھی بدلتا رہتا ہے' یہ قدیم افسانے اسی مزاجِ نفسی کا پتہ دیتے ہیں جو ان کی پیداوار کے زمانے میں نوع انسانی پر مسلط تھا' مافوق الفطرت حالات' بہادری کے قصے' عیش و عشرت کی متحیر کر دینے والی تفصیلات' یہ سب افسانوں کے ذریعہ کسی نہ کسی مخصوص ماحول کے معاشرتی اور ذہنی رجحان کا پتہ دیتے ہیں "یہ قصے اپنے اپنے زمانے کے لئے محیر العقول ہوں تو ہوں لیکن بعید از قیاس نہیں تھے' یہ اس وقت کی یادگار ہیں جب انسان بہت معصوم تھا اور کسی بات پر یقین لاتے اسے دیر نہیں لگتی تھی"[۱]۔

انتخابِ واقعات افسانہ نگار کا سب سے اہم مرحلہ ہوتا ہے۔ بہت سے ایسے واقعات ہیں جو بظاہر نہایت معمولی اور غیر اہم معلوم ہوتے ہیں لیکن در اصل یہی زندگی کی بہت سی کروٹوں کا سبب اور اہم انقلابات کی بنیاد ہوتے ہیں۔ اور اکثر اوقات ہماری سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ جو کچھ ہوا وہ کیوں ہوا۔ ایسے ہی واقعات و حالات کو باکمال فن کار عوام کے سامنے بے نقاب کر دیتے ہیں۔ بقول ہڈسن' شاعر کی طرح افسانہ نگار میں بھی ایک انکشافی قوت (Revealing Power) ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ماہر فن کار دوسروں کے تجربوں کو اس طرز سے بیان کرتا ہے کہ اس کی اپنی سرگزشت معلوم ہو۔ وہ اپنی سرگزشت کو اس طرح بیان کر سکتا ہے کہ دوسرے اس کو اپنی روداد سمجھیں اور جو نہ اس پر گزری ہو اور نہ دوسروں پر اس کو کچھ اس انداز سے بیان کرتا ہے کہ ہر شخص اس کو آپ بیتی سمجھتا ہے۔

افسانوں کے افراد اور اُنکے کردار افسانہ کا ہر واقعہ کسی نہ کسی فرد سے متعلق ہوتا ہے' کسی واقعے کے گزرنے کے ساتھ ہی دماغ یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ واقعہ کس کے ساتھ گزرا۔ جدید افسانوں میں واقعہ سے زیادہ وہ شخصیت اہم ہوتی جا رہی ہے

[۱] "افسانہ" مجنوں گورکھپوری صفحہ (۸) An Introduction to the Study of Literature Hudson.

جس سے واقعہ متعلق ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ ادبیات میں خارجی حالات سے زیادہ اہم داخلی واردات قرار دی جارہی ہے۔ افسانہ بتدریج داخلی ہوتا جارہا ہے اور انسان کی شخصیت واقعات پر چھائی جارہی ہے۔ پرانی داستانوں میں ایک شخص معرکے جیت کر رستم بنجاتا تھا۔ یہ خارجی واقعات اس کی شخصیت بناتے تھے لیکن آج کل کا افسانہ نویس ان نفسیاتی محرکات پر غور کرتا ہے جو رستم کے لئے اُن معرکوں میں شریک ہونے کا باعث ہوئے۔ قدیم افسانہ نگار اصل افسانہ اس کو سمجھتا تھا کہ وہ یہ بتائے کہ آتھر نے کیا کیا مصیبتیں برداشت کیں، کیا کیا معرکے سر کئے اور اپنی محبوبہ سی شادی کی ——— اور پھر اس محبوبہ نے لانسلاٹ پر عاشق ہوکر بادشاہ سے دغا کی ——— لیکن اب اصل افسانہ Guenevere ——— گوئنور کی دغا کے بعد سے شروع ہوتا ہے، کہ بیوفائی کرکے وہ کس ہیجان اور انتشار میں مبتلا رہی اور کس طرح آخر وقت تک اس کی زندگی ایک کرب مسلسل بن کر رہ گئی۔ اسی طرح حاتم طائی کے کارنامے ہمارے لئے اب اتنے دلچسپ ثابت نہیں ہوتے جتنا یہ سوال کہ حاتم طائی نے آخر یہ سب کیوں کیا۔ وہ کیا محرکات تھیں جنھوں نے اس کو مجبور کیا تھا کہ خواہ مخواہ دوسروں کی بلائیں اپنے سر لے کر مارا مارا پھرے اور اپنی جان جوکھوں میں ڈال دے۔

موجودہ زمانے میں انسان کا کردار ہی سب کچھ ہے۔ یہ بات قطعی اور یقینی ہے کہ ایک ہی واقعہ کا مختلف طبائع پر اثر مختلف ہوتا ہے، یہی وجہ ہے کہ طبائع روز بروز واقعات سے زیادہ اہم اور قابلِ لحاظ ہوتی جارہی ہیں۔ شکسپیر کے نقاد اس کی عظمت کے ثبوت میں اسکی کردار نگاری کی قوت کو پیش کرتے ہیں۔ اگر اتھیلو کی جگہ ہملٹ اور ہملٹ کی جگہ اتھیلو ہوتے تو یہ تمثیلیں المیہ نہیں بن سکتی تھیں۔ میکبتھ (Macbeth) اور بیانکو (Banquo) دونوں بیک وقت اور ایک ہی مقام پر جادوگرنیوں سے ملتے ہیں، لیکن ان کی پیش گوئی کا اثر جس طرح میکبتھ قبول کرتا ہے وہ بیانکو نہیں کرتا۔ یہ دراصل کردار اور طبائع کا اختلاف ہے۔ جدید افسانہ میں اس کی بڑی اہمیت ہے، اس فرق کے اصل محرکات کی تشریح کا نام تجزیہ نفسی ہے۔

جدید افسانے میں یہ نفسیاتی تجزیہ افسانہ کے کردار کو عام انسانوں سے علیٰحدہ تو نہیں لیکن اُس کو ایک منفرد حیثیت ضرور بخش دیتا ہے۔ افراد افسانہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ اسی ماحول کے ہوں اور ہر شخص ان کو اپنی شخصیت سے قریب محسوس کرے یا اس کو ایسی شخصیت سمجھے جس سے اُس کو زندگی میں کبھی نہ کبھی سابقہ ضرور پڑا ہے یا پڑنے والا ہے۔ سٹیونسن نے میریڈیتھ کے Egoist خود پرست کی کردار نگاری کی مثال دیتے ہوئے ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ جب یہ ناول چھپ کر شائع ہوا، جس کسی نے بھی اُس کو پڑھا یہ سمجھا کہ وہ خود افسانے کا مرکزی کردار لوبی Willoughby ہے، ایک نوجوان تو غصہ میں میریڈیتھ کے پاس پہونچا اور کہنے لگا کہ تم نے "ولوبی" کے پردے میں دراصل میری تصویر کھینچی ہے اور اس طرح مجھے رسوا اور بدنام کر دیا ہے۔ کردار نگاری کی یہ مکمل اور کامیاب ترین مثال ہے۔ افسانے کے ایسے ہی کردار دنیائے ادب میں بقائے دوام حاصل کر لیتے ہیں۔ ان کی کردار نگاری میں فن کار ایسی مہارت سے کام لیتا ہے کہ ایک خاص طرز کا کردار تعمیر کرنے کے لئے وہ کوئی چھوٹی سے چھوٹی تفصیل بھی نظر انداز نہیں کرتا، اور جب وہ اس میں کامیاب ہو جاتا ہے تو پھر وہ اس کے ہی افسانے کا کردار نہیں رہتا بلکہ ایک خاص طرز زندگی اور نقطۂ فکر کا مستقل اشارہ یا استعارہ Symbol بن جاتا ہے جس سے ہم کو زندگی میں کہیں نہ کہیں اور کبھی نہ کبھی دوچار ہونا پڑتا ہے۔ اُردو میں ایسے مکمل کردار تو موجود نہیں ہیں لیکن سجاد حسین کا حاجی بغلول اور سرشار کا خدائی فوجدار ڈان کو بکزوٹ Don Quxet کی یاد دلاتے ہیں۔ نذیر احمد، مرزا رسوا، اور پریم چند کے ہاں بھی بعض مستقل کردار ہیں۔ گو یہ کردار اتنے مکمل نہیں ہیں کہ ان کو ایک طرز قرار دیا جا سکے، لیکن ان بزرگوں نے اُردو افسانے کو جو کچھ دیا ہے اس کو تاریخ ادب اُردو کا متعلم فراموش نہیں کر سکتا۔

افسانہ نگار کا نقطۂ فکر

واقعات اور کردار کے بعد افسانہ کا تیسرا عنصر جس سے افسانہ مرتب ہوتا ہے وہ فسانہ نگار کا اپنا نقطۂ خیال ہے۔ شعوری یا غیر شعوری طور پر حیاتِ انسانی، افسانہ کا معیّن موضوع ہو چکی ہے۔ افسانہ نگار جس زندگی کو پیش کرتا ہے

اس کے متعلق اس کی اپنی رائے ضرور ہوتی ہے۔ زندگی سے متعلق اس کے جو کچھ خیالات اور تاثرات ہیں ان کا عکس لازمی طور پر اس کے افسانے میں نظر آتا ہے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ افسانہ نگار خاص اہتمام اور مقصد سے اپنا نقطۂ خیال افسانے میں پیش کرے۔ افسانے میں مصنف کا نقطۂ خیال پڑھنے والے کے دل و دماغ پر مسلط نہیں کر دیا جاتا بلکہ واقعات کی ترتیب، کردار کی نفسیاتی تحلیل، اور دوسرے افسانوی محاکات مل ملا کر غیر شعوری طور پر پڑھنے والے کے دل میں اپنا گھر کر لیتے ہیں اور وہ یہ محسوس نہیں کرنے پاتا کہ کسی خاص نظریہ یا خیال کو اس پر مسلط کرنے کی کوئی کوشش کی گئی ہے۔ نظریات کی اسی دلنشینی کی خصوصیت کو ادب کی زبان میں افسانے کا بے غرض و غایت ہوتے ہوئے بھی غایتی ہونا کہا جاتا ہے۔ اردو زبان میں غایتی افسانوں کی ابتدا کم و بیش پچاس برس پہلے ہوتی ہے جب مولوی نذیر احمد نے اصلاح معاشرت کی غرض سے قصے لکھے۔ لیکن ان قصوں کا غایتی میلان دنیا کے دوسرے شاہکاروں کی طرح چھپا ہوا نہیں ہے، پڑھنے والا بہت جلد محسوس کرنے لگتا ہے کہ مصنف کسی خاص نقطۂ خیال کی تبلیغ کرنی چاہتا ہے، گو ان کے شگفتہ طرزِ تحریر کی وجہ سے ان کی تبلیغ گراں نہیں گزرتی۔ پریم چند کے ہاں یہ غایتی میلان (Purpose Bias) چھپا ہوا ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ دلنشین بھی ہوتا ہے۔ اس پر تفصیل سے بحث آئندہ موقع پر کی جائے گی۔

اسلوب واقعات، کردار اور نقطۂ خیال کے بعد افسانے کا چوتھا اہم عنصر اسلوب ہے، اسلوب میں زبان، اثر آفرینی، طنز، ظرافت، غرض تحریر کی ساری خصوصیات شامل ہیں۔ افسانہ کی کامیابی کا بڑا راز اسلوب کی شگفتگی اور پختگی میں مضمر ہوتا ہے، نہایت ہی مرتب واقعات مکمل کردار نگاری اور بہترین نقطۂ خیال کی پیش کشی کے باوجود اگر پیرایۂ اظہار مناسب نہ ہو تو افسانے کی قیمت گھٹ جاتی ہے۔ بعض نقادوں کا خیال ہے کہ "نذیر احمد کے اصلاحی افسانوں کی سب سے بڑی اہمیت یہی ہے کہ ان کا اسلوب[1] نہایت شگفتہ اور دلپذیر ہوتا ہے اور اسی وجہ سے ہم ان کے پیغام کی کہنگی اور بے کیفی کو آج بھی مشکل سے محسوس کرتے ہیں"۔ نذیر احمد کا اسلوب قصے کی کیفیات سے

[1] افسانہ مجنوں گورکھپوری

بہت زیادہ ہم آہنگ ہوتا ہے' ان کے ہاں سوز و گداز اور طنز و ظرافت سب موجود ہیں"۔

دنیا کے ہر بڑے افسانہ نگار میں چاہے افسانہ نگاری کی دوسری خصوصیات موجود ہوں یا نہ ہوں وہ صاحب طرز ضرور ہوتا ہے۔ اُردو میں اور بھی ایسے صاحب طرز افسانہ نگار موجود ہیں جو اپنے اسلوب نگارش سے اُردو ادب میں ممتاز اور رفیع مقام کے مالک سمجھے جاتے ہیں۔ موقع پر تفصیل سے ان کے اسالیب پر بحث کی جائے گی۔

غایت یہاں تک تو اس سوال کا جواب تھا کہ افسانہ در اصل کیا ہے اور اس کو کیا ہونا چاہئے اب دوسرا سوال پیش نظر ہوتا ہے کہ افسانے کا مقصد کیا ہے اور اس کی ضرورت کیوں ہوئی۔ اس سوال کے جواب میں مختلف نقاطِ نظر پیش کئے جاتے رہے ہیں۔ ان میں سے دو ایک پر یہاں بحث کی جائے گی۔ نقادوں کی ایک جماعت کا خیال ہے کہ ہم واقعات کی سنگینی کی تاب نہ لاکر فنون لطیفہ کے ذریعہ اپنے لئے ایک تخیلی حصار پیدا کر لیتے ہیں۔ ان کے نزدیک واقعی دنیا سے گریز ہی فنون لطیفہ کی اصل غایت ہے' فنون لطیفہ کا یہ تصور عہدِ قدیم کے فنون پر پورا اترتا ہو تو اترتا ہو' لیکن آج تصورات بدل گئے ہیں' وہ دن گئے کہ تلخیوں کو چھپانے کے لئے افسانے اور شعر کی نقاب ہم زندگی پر ڈال دیا کرتے تھے' اب زندگی کی تلخ حقیقتوں کو پوری صداقت اور واقعیت کے ساتھ پیش کرنا ہی ہر آرٹ کا مقصد بن گیا ہے' ہم جس قدر زیادہ ان تلخ اور سنگین حقیقتوں سے واقف ہوتے جاتے ہیں ہم میں زندگی کی تاب اور شدائد سے دوچار ہونے کا حوصلہ پیدا ہوتا ہے۔ فنون لطیفہ کا کام جہاں ہم میں تابِ زندگی اور حوصلۂ مقاومت پیدا کرنا ہے وہیں ہمارے تخیل اور احساس میں تمکین اور رفعت پیدا کرنا بھی ہے۔

Sublimation.

انسان کو قدم قدم پر احساس ہوتا ہے کہ اس کی زندگی میں کسی نہ کسی چیز کی کمی ضرور ہے' وہ خود ناقص ہے' اس کی زندگی ناقص ہے' اس کے خارج اور باطن میں بہت سی خامیاں ہیں۔ یعنی انسان کی زندگی اس کے تخیل پر پوری نہیں اُترتی۔ زندگی کی تکمیل اور نصب العین کی

تشکین کی آرزو ہمیشہ اس کے دل میں موجزن رہتی ہے۔

افسانہ ہمارے فطری جذبات و میلانات کو ایسے گہرے رنگ میں پیش کرتا ہے کہ ہم اس میں صاف پڑھ لیتے ہیں کہ یہ میلانات اگر اپنی حدِ تکمیل تک پہنچ جاتے تو کیا صورت اختیار کرتے۔ افسانہ ہر چیز کو اس کی منطقی انتہا تک پہنچا دیتا ہے جو اس کی تخیلی انتہا بھی ہوتی ہے۔

افسانے کی تخیلی غایت روز بروز اہمیت حاصل کرتی جا رہی ہے، دورِ جدید کے افسانوں میں عموماً کسی نہ کسی نصب العین کو پیش نظر رکھا جاتا ہے آج ہر زبان میں ایسے افسانے بے شمار ملتے ہیں جن میں تمدن اور ہیئت اجتماعی، کوئی نہ کوئی تصور پیش کیا جاتا ہے۔ افسانے سے وہ کام لیا جا رہا ہے جو نہ شاعری سے لیا جا سکا نہ مقالہ نگاری سے۔ افسانہ براہِ راست ہماری زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ کبھی اس میں ہم کو اپنے رجحانات کی تصویر نظر آتی ہے اور کبھی ہم اس کے خاکے پر اپنے میلانات کو ڈھالنے لگتے ہیں۔

افسانے کی ہیئت ترکیبی اور اس کے غایت کا یہ ایک مختصر خاکہ تھا، دنیا کی ہر زبان میں افسانے ان ہی خاکوں سے بن رہے ہیں، اردو زبان بھی اس عالمی اثر سے بے نیاز نہیں رہ سکتی جو قوموں اور جماعتوں کے رجحانات بدل رہا ہے، بنا رہا ہے، اور مٹا رہا ہے۔

محمد عمر مہاجر ام۔ اے (عثمانیہ)

ٹیگور

"ٹیگور کی یاد میں جس نے جدید تہذیب کے طلسم میں مشرق کے
حسن کو نکھارا ــــ اپنے آنسوؤں کو ان اشعار کیساتھ مادر جامعہ
کی خدمت میں پیش کرتا ہوں"۔

صدائے گردش ایام لے کے آیا ہوں — تجلی سحر و شام لے کے آیا ہوں
جو پل رہا ہے مری مضطرب امنگوں میں — حیات نو کا وہ پیغام لے کے آیا ہوں
جو بجلیوں کی جوانی سے لائے روح شراب — میں تیری بزم میں وہ جام لے کے آیا ہوں
جو بال و پر کا سہارا نہ لے وہ اک پرواز — جو ٹوٹنے کو ہے وہ دام لے کے آیا ہوں
جو اضطراب سے پایا ہے زندگانی نے — ان آنسوؤں میں وہ انعام لیکے آیا ہوں

ترے دیار کے شانے ہلا سکوں شائد
ترے شباب کا میں نام لے کے آیا ہوں

(میکش)

محبت کا فرشتہ

بانسری کی لے پہ جیسے جاگتے تاروں کا ناچ
سردیوں کی کپکپی کو چوم لے جس طرح آنچ
چاندنی کی کروٹیں جیسے اندھیری رات میں
جیسے ندی کی روانی آخری برسات میں
جیسے لہریں چھیڑ دیں، دھیمے سُروں میں جل ترنگ
جیسے کلیوں میں سما جائے بہاروں کی امنگ
بن کی خاموشی میں جیسے مست کوئل کی پکار
آسماں کی چھت پہ جیسے ابر کے نقش و نگار
جیسے کہساروں کے ماتھے پر شفق کی دھاریاں
جیسے تتلی کی حسیں پروازمیں گل کاریاں
صبح کے سینے پہ تھرکے جیسے سورج کا جمال
رات کے خوابوں میں جاگیں جیسے دکھ کے خیال
کالے کالے آسماں میں جیسے بجلی کی لکیر
جیسے زنجیروں سے کھیلے قید خانے میں اسیر
جیسے نغمہ ہونٹ پر مطرب کے آکر گنگنائے
جیسے، آنسو، مسکراہٹ کی جلو میں تھرتھرائے
جیسے سوکھی پتیوں کی گود میں تازہ گلاب
جیسے نورس پھول کے ہونٹوں پہ شبنم کی شراب
جیسے ریگستان میں اک گنگناتی جوئبار
جیسے آنکھوں میں کسی بچھڑے ہوئے کا انتظار
جیسے ساون کی گھٹا، قوس قزح کو چوم لے
جیسے بجلی، سُن کے تاروں کی کہانی جھوم لے
جیسے آندھی کے جگر پر پھول کی پتی کا وار
جس طرح طوفان کے دامن میں مانجھی کا قرار
جو تخیل سے بھی آگے بڑھ کے دیکھے وہ نگاہ
قلب گیتی میں جو بن کر داغ رہ جائے وہ آہ

نرم و نازک چھاؤں جیسے دوپہر کی دھوپ میں
اک "محبت کا فرشتہ" آدمی کے روپ میں

نغموں کی زندگی

جس کو اپنے پاس پا کر گنگنائیں آبشار
جس کو ہنستا دیکھ کر دنیا میں لہرائے بہار

آنسوؤں میں جس کے دُھلنے کے لئے آئیں نجوم
جس کی ہر آواز پر رنگینیوں کا ہو ہجوم

جس سے جھرنے زندگی کا گیت گانا سیکھ جائیں
گا کے دھیمے سر میں تاروں کو بلانا سیکھ جائیں

جس کی آنکھوں سے ملے فطرت کے نظارو نکو نگ
جس کی آہوں میں پلے نورس بہارو نکی ترنگ

جس کی دنیا خواب کی دنیا سے بھی رنگین تر
ڈھونڈتا پھرتا ہو جسکی آرزؤں کو اثر

جس کے چہرے پر سحر کا نور ہوتا ہو نثار
جس کے کاکل کیلئے پھولوں میں آجائے نکھار

جس کا سورج مغربی چوٹی پہ دکھلائے نمود
جو دلِ مشرق سے نکلے بن کے رازِ ہست و بود

جس کے نغموں میں محبت بن کے آئے زندگی
جس کے سجدوں میں بلندی سیکھ جائے بندگی

شام دینے آئے جس کی فکر کو نورِ حیات
صبح جس کے واسطے پیدا کرے اک کائنات

جس کو محو فکر پاکر لفظ بن جائے خیال
جس کے چرنوں کی پرستش کیلئے آئے کمال

جس کی انسانی محبت، دیوتاؤں کا پیام
جس کی پرواز تخیل میں فرشتوں کا خرام

حُسن میں گم ہو کے جو دے عشق کو نذرِ حیات
جو بنائے دل کو رنگیں دھڑکنوں کی کائنات

جس کے آگے حسن چہرے سے الٹ ڈالے نقاب
جس کے احساسات کو خود عشق دے اپنا شباب

جس کو چھو کر مسکرا اٹھیں خزاں آمادہ پھول
جو محبت کو بنا دے زندگانی کا اصول

دل کی گہرائی میں جو روشن کرے شمع یقین
اس زمیں کو جو بنائے دیوتاؤں کی زمین

آنسوؤں کا ہار

وہ نہیں محفل کی ساری زندگانی ہے اداس
لٹ گئی لے دے کے جو کچھ رہ گئی تھی دل میں آس

کھو گئی جانے کہاں اس کو محبت کی تلاش
آنسوؤں میں بہ رہا ہے پھر دلونکا ارتعاش

سوگ میں ڈوبی ہوئی ہے گردشِ لیل و نہار
پھر وطن پہنے ہوئے ہے خون کے اشکوں کا ہار

اقبال

تھا ابھی بچھڑے ہوئے اقبال کا اک تازہ داغ
دل کی بستی میں بجھا اک اور نورانی چراغ

ایک نے بخشا تھا میرے حوصلوں کو سوز و ساز
ایک نے کھولے تھے مجھ پر کائناتِ دل کے راز

ایک نے آواز دی تھی جرأت پرواز کو
ایک نے چھیڑا تھا میٹھی لے میں دل کے ساز کو

ایک تھا جھرنے کا نغمہ، ایک جوشِ آبشار
ایک آہنگ سکوں تھا اک پیامِ اضطرار

کارواں گم کردہ منزل دور منزل کارواں
پھر یقیں گھٹتا چلا ہے، بڑھ رہا ہے پھر گماں

موت نے جاگی ہوئی آواز ہم سے چھین لی
حوصلوں کی جرأتِ پرواز ہم سے چھین لی

آج دونوں کی ضرورت ہے وطن کی خاک کو
آرزوئیں چاہئیں اس سینۂ صد چاک کو

انسانیت کی آبرو

اس زمانے میں کہ ہے بے بس پہ یہ دنیا حرام
کٹ رہا ہے وہم آزادی پہ احساسِ غلام

خون کے چھینٹوں سے رنگیں ہو رہی ہے زندگی
موت کی ہڑبونگ میں بھی سو رہی ہے زندگی

جاہلوں کی تیرہ بختی، عقلمندوں کا شعور
ایک گہری بے حسی ہے ایک لاحاصل غرور

چیخ مزدوروں کی اور سرمایہ داروں کا سرود
دود پر شعلہ ہے لرزاں اور ہے شعلہ پہ دود

ہو رہا ہے حل لہو انسان کا فولاد میں
مر رہی ہے ہر نمو، آغوشِ استبداد میں

بچ رہے ہیں محفلِ ہستی میں بربادی کے ڈھول
بک رہا ہے بے گناہوں کا لہو پانی کے مول

ٹھوکریں کھاتی ہوئی پھرتی ہے آوازِ ضمیر
بن رہا ہے پاپ سے تکمیلِ ہستی کا خمیر

ایک بھوکی چیل کی مانند بے رونق سماج
لے رہی ہے نزع کے ماروں سے سانسوں کا خراج

کتنے دل ٹوٹے پڑے ہیں سینۂ خاشاک میں
کتنے جوہر ہو رہے ہیں دفن قلب خاک میں
اونچے اونچے پرچموں کی مسکراتی چھاؤں میں
کتنی زنجیریں ہیں گریاں پیتو نکے پاؤں میں
ہیں خلا میں شعلہ افگن کتنی آوازیں مہیب
کتنی آہوں کا دھواں ہے آسمانوں کے قریب
خون میں لتھڑی ہوئی ہے ہر مقدس آرزو
تیغ کے دھاروں پہ ہے انسانیت کی آبرو
سرنگوں ہے انتہا اور ابتدا ہے خودسری
زندگی ہے صرف چند الفاظ کی بازی گری
آدمیت پر ہے طاری اک تباہی کا خمار
ہے مسافر اک دوراہے پر مگر راہیں ہزار

ہچکیوں میں زندگانی کا شکستہ ساز ہے
یہ شکست زندگی کی آخری آواز ہے

وقت کا فرمان

جھونک دی ہے نسل انسانی ہوس نے آگ میں
قہقہہ ابلیس کا ہے نازیت کے راگ میں
وقت کی آواز جن کے دل کا کرتی ہے طواف
اٹھ کھڑے ہوتے ہیں وہ باطل ارادوں کے خلاف
امن و نسلِ آدمیت کے نگہباں دم بہ دم
سر کٹا کر چومتے ہیں امن کے نقشِ قدم
جن کی آنکھیں دیکھ سکتی ہیں حقایق کا جمال
جاگتا ہے ان کے دل میں آج ہی کل کا خیال
وقت کا فرمان جب ہوتا ہے ٹل سکتا نہیں
حرص جس کو لے کے اٹھے وہ سنبھل سکتا نہیں
ٹوٹتے جاتے ہیں پیہم نازیت کے پیچ و خم
کھل رہا ہے رفتہ رفتہ بند مٹھی کا بھرم

دھجیاں ہو کر رہے گا آمریت کا لباس
پی کے انسانی لہو بجھ جائے گی دنیا کی پیاس

ایک تصور

شائد ان شعلوں سے دنیا کو ملے تازہ حیات
شائد ایسی کشمکش سے امن پائے کائنات
زندگی کے زرد چہرے پر ہے برسوں کی تھکن
شائد ان تاریک لمحوں سے نکل آئے کرن

شائد اس طوفان میں تکمیل پا جائے سکوں
شائد اس ٹھوکر سے آنکھیں کھولدے اندھا جنوں
شائد اس سیلاب میں بہ جائے دنیائے کہن
شائد ان سوکھے ہوئے کانٹوں پہ ابھرے پھول لبن
شائد ان بھٹکی ہوئی روحوں کا سوزِ ناتمام
حوصلوں کی گرمی میں دیکھ لے اپنا مقام
رینگتے سایوں کی کروٹ منجمد سانسوں کا راگ
وقت کی دیوانگی کا چھین لے شائد سہاگ
کھوکھلا دل، نیم مردہ زندگی، خالی دماغ
شائد ان پر چھائیوں ہی سے سلگ جائے چراغ
فطرتِ معصوم سے دنیا کا یہ سنگیں سلوک
شائد انسانی ہوس سے چھین لے صدیوں کی بھوک
خار و خس کے ساتھ شائد بجلیوں کی یہ تباہ
زندگی کی جھریوں سے نوچ لے داغ سیاہ
شائد ان پگ ڈنڈیوں میں کھلے اک شاہ راہ
شائد اس اندھے کنویں میں غرق ہو جائیں گناہ

اس کہر ہی سے ہو شائد ایک صبح نو طلوع
شائد اس انجام سے اک اور دنیا ہو شروع

!!۹۹

امن کا پیغام بر

کاش ایسے میں کہیں دنیا کو آجائے نظر
شاعرِ حسن و محبت، امن کا پیغام بر
شانتی کا اک نیا سندیش دے سنسار کو
اپنے جادو سے دبا دے خون کے منحد بھار کو
بانسری کی لے سے نبضوں میں دوڑا دے لہو
حسن کو دے پھر تجلی، عشق کو پھر آرزو
اُڑ نہ جائے باغ کے ملے ہوئے پھولوں کا رنگ
ڈالدے سینے میں ان کے اپنے نغموں سے امنگ
ہو نہ جائے راکھ جل کر یہ دیار خار و خس
ڈالدے بجلی سے لے کر اس کے سینے میں نفس
کل کا یہ جاگا ہوا پھر ہو نہ جائے محو خواب
لے کے طوفانوں سے اس کو بخش دے اک اضطراب
چلتی پھرتی میتوں کو زندگانی بخش دے
زندگانی کیا، حیات جاودانی بخش دے

دہر ہے بے چین اس کے گیت سننے کیلئے
ظلمتوں میں نور کی کرنوں کو چننے کیلئے

میکش

موجودہ تہذیب میں سائنس کا حصّہ

آج جبکہ گورنگ کے قول کے مطابق فاشست قوتیں مکھن کے بجائے صرف توپیں تیار کر کے انسانی تہذیب کو تباہ کرنے پر آمادہ ہیں۔ سائنس اور سماج کے تعلقات کی نوعیت کا جاننا بہت ضروری ہے۔ وہ لوگ جو سماجی حالات سے واقف ہوتے ہیں لیکن سائنس کی تاریخ اور بنیادی اصولوں سے ناواقف رہتے ہیں موجودہ نظام کی ساری برائیوں کا الزام سائنس کے سر تھوپتے ہیں۔ اس کے برعکس وہ سائنس دان جو سماجی حالات کی نوعیت نہیں جانتے سائنس کو ان الزامات سے بری سمجھتے ہیں اور اسے تجربہ خانہ کے شیشہ کی پری تصور کرتے ہیں۔ ایسی پری جو باہر کی دنیا پر نگاہ نہیں ڈالتی۔ اوّل الذکر اپنے بیان کے ثبوت میں جنگ کی تباہ کاریوں اور بے روزگاری کی دشواریوں کی مثال پیش کرتے ہیں اور آخر الذکر بھاپ کے انجن، بجلی اور لاسلکی کی برکتوں کی مثالیں ان دونوں دعوں میں سچائی ضرور ہے لیکن نامکمل۔ سچ تو یہ ہے کہ ان دنوں اکثر خود غرض حکومتیں اپنے ذاتی نفع کی خاطر سائنس کو اپنا آلہ کار بنائے ہوئے ہیں اور سائنس کے اس تاجرانہ استعمال سے انسانی تہذیب و تمدن بڑے خطرہ میں ہے۔ لیکن یہ بھی واقعہ ہے کہ بغیر سائنس کی مدد کے نہ تو ہماری سماج مادی اور روحانی ترقی کے زینے طے کر سکتی ہے اور نہ تہذیب کی برکتیں عام ہو سکتی ہیں۔ کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ سائنس مختلف معلومات کا ایک خشک مجموعہ ہے۔ اور سائنس دان ان معلومات کی وجہ سے فطرت پر قابو پانے کی ایک ناقابل بیان قدرت رکھتا ہے۔ لیکن بعض لوگ سائنس میں اس سے کچھ زیادہ

پاتے ہیں۔ ان کے نزدیک سائنس کائنات کو سمجھنے اور اس کی اصلی حقیقت پانے کی ایک مسلسل کوشش ہے۔ معلومات کا وہ مجموعہ جسے سائنس کہا جاتا ہے اپنی وسعت اور اپنی تفصیل میں سائنس دانوں کی کوشش سے برابر بڑھ رہا ہے۔ ان دو خیالوں کے برخلاف ایک معمولی سائنس دان جسے زیادہ غور و فکر کی فرصت نہیں ہے۔ سمجھتا ہے کہ سائنس اس کے تجربہ خانہ میں روز کی مشغولیت کا نام ہے۔ جس میں مختلف چیزوں کی خاصیتوں کی چھان بین اور ان کے نئے نئے مقدمات کی مدد سے تشریح کرنے کی کوشش دوش بدوش چلتی ہے اس کے علاوہ وہ دولتمند ہیں جو سائنس دانوں کا خرچ برداشت کرتے ہیں ان کے نزدیک سائنس چیزوں کی لاگت کم کرنے اور پیدائش بڑھانے کا ایک نیا طریقہ ہے جو کسی قدر مشتبہ ضرور ہے مگر اکثر کثیر منافع کا باعث ہوتا ہے ان کے نزدیک گویا سائنس بھی ایک بازاری چیز ہے جس کا سود مند اور زیاں کار ہونا حالات پر مبنی ہے۔ ان تمام نظریوں میں کچھ نہ کچھ حقیقت ہے گویا ایک ہی چیز مختلف زاویوں سے دیکھی جارہی ہے مگر کسی ایک زاویہ کا منظر اس کی اصلی حقیقت کا مظہر نہیں ہے۔ اگر ہم سائنس کی ہر حیثیت کو سمجھنا چاہتے ہیں تو ہمیں اسے زیادہ وسیع نقطۂ نظر سے انسانی تہذیب کی تاریخ کے پس منظر میں دیکھنا پڑیگا جس میں سائنس انسان کے ایک کارنامہ کی شکل میں دکھائی دیگی ایسا کارنامہ جو گزشتہ چند صدیوں میں انسان کی اجتماعی زندگی میں بڑی بڑی تبدیلیوں کا ذمہ دار رہا ہے۔

جدید سائنس کی ابتدا ان سیاسی اقتصادی اور صنعتی طاقتوں کی وجہ سے ہوئی جو سولہویں صدی میں مغربی یورپ میں کارفرما تھیں۔ انھیں ابتدائی کوششوں کی وجہ سے سائنس کی ضرورت پڑی مگر ایک دفعہ جب سائنس نے قدم جمالئے تو اس نے صنعتی طاقتوں کی مدد کی اور بعد میں انکو ہدایت کرنے لگی سارے انیسویں صدی میں عام طور پر سائنس انسانی ترقی اور بہبودی کا آلہ کار سمجھی جاتی تھی مگر ہمارے زمانہ کی نت نئی دقتوں نے یہ خیال کسی قدر بدل دیا ہے۔ آج کل سائنس کے خلاف ایک خاص ردِ عمل ہے اس ردِ عمل کے ماتحت سائنس اور اُس کے تمام متعلقات کو مسترد کردینے کی کوشش کی جارہی ہے اور انسان کو وحشیانہ دور کی سادہ زندگی کی طرف واپس لیجایا جارہا ہے۔

ہندوستان بھی ان دنوں اس خطرہ کی زد میں ہے انسان اب اس درجہ سائنس کا غلام ہے کہ سائنس کے بالکل ختم ہو جانے کا امکان تو کم ہے البتہ یہ ڈر ضرور ہے کہ سائنس کی ترقی اور تحقیقات کو جو مدد اس ملک میں ملنا چاہئے وہ نہ مل سکے گی۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا سائنس ترقی کے آلۂ کار کی حیثیت سے ناکام رہی۔ اگر ایسا نہیں ہے تو بظاہر ایسا کیوں معلوم ہوتا ہے صنعتی حیثیت سے سائنس نے وہ سب کچھ کر دکھایا جو اس سے امید کی جاتی تھی۔ آج انسان سائنس کی بدولت اپنی تمام مادی ضرورتیں پوری کر سکتا ہے اور اپنی بہت سی تکلیفوں کو کم کر سکتا ہے بات تو یوں ہے کہ سائنس انسان کی بھلائی کے لئے کر تو سکتی ہے مگر کرے کون۔ سائنس دان اپنے کاموں میں لگے ہوئے ہیں اور ان کے پاس نہ اتنی سمجھ ہے نہ اتنی طاقت کہ وہ سائنس کو انسانی بھلائی کے کاموں میں لگا سکیں دنیا کی تاریخ میں کبھی اتنے دماغ ایک ساتھ سائنس کی ترقی کے لئے کوشاں نہیں رہے اور نہ کبھی اتنے تھوڑے عرصہ میں اتنی زبردست ترقی ہوئی ہے لیکن یہی ظاہری ترقی عام آدمیوں اور اکثر سائنس دانوں سے موجودہ سائنس کی اصلی کمزوری اور انتشار کو پوشیدہ رکھتی ہے۔ گزشتہ ترقیوں کے مقابلہ میں موجودہ ترقیاں زیادہ ہیں۔ مگر اس زمانہ کی سہولتوں اور ضرورتوں کے مقابلہ میں کچھ نہیں ہیں صرف سائنس دان ہی دیکھ سکتا ہے اور وہ بھی اگر وہ دیکھنے کی تکلیف گوارا کرے کہ کس حد تک سائنس کی ترقی پر جو کوشش کی جا رہی ہے تنظیم کے نقص کی وجہ سے ضائع ہو رہی ہے اور کتنی ترقی جس کی ضرورت تھی اور جس کا امکان بھی تھا روپیہ اور ذرائع نہ ہونے کی وجہ سے نہیں ہو سکتی۔ اور کتنی ترقی جو ہو چکی ہے یا تو انسانی بھلائی کے لئے استعمال ہی نہیں ہوئی یا ناقص اور نامکمل طور پر استعمال ہوتی ہے۔

ایک عام سائنس دان شاید یہ کہے کہ یہ سب غلط ہے۔ وہ جانتا ہے کہ اس کے اپنے محدود دائرے میں کس طرح مختلف دلچسپ سوال آہستہ آہستہ حل ہو رہے ہیں۔ گو روپیہ کی کمی اور اپنے کام میں دنیائے سائنس اور اس کے صحیح داد نہ پانے کی وجہ سے کسی قدر پریشان

ضرور ہے مگر اپنے کام میں اس کی مشغولیت اور باہری باتوں کے خیال کی تلخی عام طور پر اسے اس بات کا اندازہ کرنے سے روکتی ہے کہ وہ کس قدر وقت ضائع کر رہا ہے ۔ یہ ایک سائنس دان کا خلوص اور اپنے کام میں اپنی ساری طاقت کو صرف کر دینے کی عادت ہے یہ اس کی وہ کمزوری ہے جو اسے غلام بنا دیتی ہے ۔ اس کو وکیلوں اور دوسرے پیشہ وروں کے خلاف خود اپنی اہمیت کا اندازہ نہیں ہے ۔ سرکاری اعداد کے مطابق صنعتی سائنس کی تحقیقات آٹھ سو فیصد منافع لاتی ہے مگر شائد آپ کو یقین نہ آئے کہ بڑے سے بڑے ترقی یافتہ جمہوری ملک میں بھی سائنس کی تحقیقات کے لئے روپیہ کی سخت کمی ہے ۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ سائنس کیا کر سکتی ہے ۔ اس کا جواب صرف یہ سوال ہے کہ "آپ سائنس سے کیا چاہتے ہیں" انسانی سوسائٹی سائنس سے وہ پائی ہے جو وہ یا اُس کا حکمران گروہ چاہتا ہے ۔ سائنس کے خلاف جو بے اطمینانی اور نفرت عام طور سے پائی جاتی ہے وہ اس ردِ عمل کا نتیجہ ہے جو موجودہ نظام کے ہاتھوں سائنس کے غلط اور مفاد انسانی کے خلاف استعمال سے پیدا ہوتا ہے ۔ آج کل سائنس کو صنعت کے اجارہ دار صرف ان مقاصد کے واسطے استعمال کرتے ہیں جن سے ان کو کثیر تر منافع حاصل ہو آج کل کیمیاوی اور طبیعاتی سائنس کی تحقیقات حیاتی اور اجتماعی سائنسوں کی تحقیقات کے مقابلہ میں زیادہ نفع بخش ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ علم کیمیا کے ماہروں کی تعداد دوسرے تمام سائنس دانوں کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے ۔ اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ کیمیاوی سائنس کی تحقیقات اجتماعی طور پر انسان کے لئے اور تمام سائنسوں کی تحقیقات سے زیادہ کار آمد ہے بلکہ اس زمانہ میں سائنس کے کسی شعبہ کی اہمیت کا دار و مدار اس منافع کی مقدار پر ہے جو وہ صنعتوں کو دلا سکتا ہے ۔ اگر سائنس صرف چند لوگوں کے منافع بڑھانے ہی کے کام آسکتی ہے تو غالباً وہ اس لائق نہیں ہے کہ اس کے برقرار رکھنے اور اسے ترقی دینے کے لئے کوئی خاص کوشش یا قربانی کی جائے ۔

مختصر یہ ہے کہ وہ اثرات جو سائنس کی پوری ترقی کیلئے مضر ہیں ۔ موجودہ نظام کا لازمی نتیجہ

ہیں اور انہیں اس سے الگ نہیں کیا جاسکتا جب تک فاشست حکومتیں قائم ہیں سائنس کی پوری ترقی اور انسانی بہبودی کے لئے اس کا صحیح استعمال ناممکن ہے۔ خطرہ ہے کہ فاشست نظام تباہی سے پہلے اپنے ساتھ سائنس کو بھی نہ لے ڈوبے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ کس طرح جرمنی جیسے فاشست ملکوں میں سائنس دانوں اور سائنس کے مختلف نظریوں کو صرف اس بنا پر ختم کردیا جاتا ہے کہ وہ ان کے ظالمانہ نظریہ زندگی کے خلاف ہیں۔ پچھلے دور میں وسطی اور مشرقی یورپ میں جہاں فاشست سلطنتیں قائم ہیں سائنس نے بہت سا نقصان اٹھایا ہے۔ اسپین میں جنرل فرانکو کے عروج نے سائنس کی ترقی کو بالکل روکدیا ہے۔ یہ تو شاید نہ ہوسکے کہ ان فاشست ممالک میں سائنس کا بالکل وجود نہ رہے مگر وہاں اسے کافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ جرمنی میں سائنس کے زوال نے دنیائے سائنس کو کتنا دھکا لگایا ہے اس کا صحیح اندازہ ابھی تک نہیں ہوسکا ہے۔

اگر مغربی یورپ میں فاشزم نے سائنس کو ختم کردیا تو سائنس کی ترقی کئی منزل پیچھے ہٹ جائیگی۔ آج سائنس کی حفاظت قریب قریب اتنی ہی ضروری ہے جتنی اس کی ترقی کی کوشش سائنس کی جو ترقی آج ایک سائنس دان کے ہاتھوں ہوسکتی ہے وہ کل بھی کسی دوسرے کے ہاتھوں ممکن ہے مگر مجموعی طور پر سائنس کی حفاظت کے لئے جو کام ایک سائنس دان کرسکتا ہے وہ صرف سائنس کی ایک محدود شاخ ہی کو نہیں ترقی دیتا بلکہ ساری سائنس کو صدیوں تک قایم رکھنے میں مدد دیتا ہے ان ممالک میں جہاں خطرہ اس قدر سخت نہیں ہے شاید یہ بات مبالغہ آمیز معلوم ہو مگر یہ ضروری ہے کہ وقت پر خطرہ کو پہچان لیا جائے اور جرمنی کی طرح ایسا نہ ہو کہ خطرہ کا احساس پانی کے سر سے اونچا ہوجانے کے بعد ہو۔ سائنس کا مستقبل ہمارے زمانے کی اجتماعی اور اقتصادی دقتوں کے حل سے وابستہ ہے اور یہ ضروری ہے کہ کم از کم انسان کی حیاتی ضرورتوں کو پورا کرنے کے وسائل افراد کے بجائے سوسائٹی کے ہاتھ میں ہوں۔

اگر ایک دفعہ ایسا ہوجائے اور یہ خطرہ نہ باقی رہے کہ موجودہ انتشار پھر لوٹ سکتا ہے تو

سائنس کا مستقبل شاندار ہو جائے گا۔ سویٹ روس سائنس کی مدد سے جس بہادری سے لڑ رہا ہے وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ کس طرح سائنس کو ترقی دی جا سکتی ہے۔

جدید معلومات کی سرحدیں یعنی علم طبیعات کے بنیادی مسائل جن کا گہرا تعلق کائنات کی ابتداء سے ہے۔ علم الحیات کے بنیادی مسائل جن کا تعلق حیات کی ابتداء سے ہے اور نفسیات اور عمرانیات کے مسائل انسان کی ابتدائی تاریخ سے الگ نہیں کئے جا سکتے۔ اگر سائنس کو اپنا پیدائشی حق حاصل کرنا ہے تو دو باتیں ضروری ہیں۔ سائنس دان کو چاہیے کہ وہ خود اپنے خاص شعبے کے باہر دیکھنا سیکھے اور کم از کم روزمرہ کے مسائل کو اس حد تک سمجھنے کی کوشش کرے جس حد تک کہ اسے اپنی خاص سائنس کی حفاظت اور ترقی کے لئے اس کی ضرورت ہے لیکن ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ وہ لوگ جو ان مسائل سے زیادہ تعلق رکھتے ہیں اور جن کے ذریعہ سے مستقبل قریب میں موجودہ سماج کی صحیح تبدیلی اور تشکیل کا امکان پایا جاتا ہے۔ سمجھیں کہ سائنس آج کیا کر رہی ہے ان کے لئے یہ ضروری ہے کہ سائنس میں اور فاشسٹ حکمرانوں کے ہاتھوں اس کے غلط استعمال اور تخریب میں تمیز کر سکیں اور اس بات کا اندازہ کر سکیں کہ اگر موجودہ تخریبی طاقتیں جو سائنس کو مسخ کئے ہوئے ہیں ہٹا لی جائیں تو سائنس سوسائٹی کے لئے کس حد تک مفید ہو سکتی ہے۔

سید شہاب الدین ایم۔ اے (عثمانیہ)

بھول گئے!

(جذبات و حیّات کی کامیاب ترجمانی اور محاکات کا پرکیف اظہار اس غزل کی خصوصیات ہیں
شاعری کی "کارگاہ شیشہ گری" میں یہ بڑا نازک کام ہے۔
معلوم ہوا ہے کہ یہ غزل نیّر صاحب کے زیر تدوین کلام "شعاعین" کا ایک ورق ہے۔)

(مدیر)

پہلی سی طبیعت اب نہ رہی وہ جشنِ چراغاں بھول گئے
اے ساقیٔ گلرو! رخصت ہو ہم شغلِ بہاراں بھول گئے

اے صبحِ بہاراں! دے نہ ہمیں پیغام چمن میں پھرنے کا
اب ذوقِ تماشا دیس نہیں ہم سیرِ گلستاں بھول گئے

اک کیف سا حاصل ہوتا تھا اے دوست تلاشِ منزل میں
بڑھتے ہی گئے بڑھتے ہی گئے ہم چاکِ گریباں بھول گئے

مشتاقِ نظارہ دل تھا بہت ہم دھونڈھنے تم کو نکلے تھے
خود آپ ہی خود کو کیا کہیے اے حسرتِ خوباں بھول گئے

وہ حسنِ مجسم آیا تھا پر شرحِ محبت ہو نہ سکی
دل کی تمنا دل میں رہی ہم ساری ارماں بھول گئے

کافر نظریں بانکی چتون چالیں میں جادو ایسا شباب
دیکھ کے ہم یہ حشرِ مجسم فتنۂ دوراں بھول گئے

ہر عہدِ وفا کو بھلا دینا یہ حسن کی فطرت ہے شاید
اے جانِ تمنا! یاد بھی ہے تم کتنے پیماں بھول گئے

بیشک یہ حقیقت ہے نیّر کہ زہر بھرا ہے جامِ حیات
یہ فیضِ محبت ہے شاید ہم تلخیٔ دوراں بھول گئے

محمد علی نیّر بی۔اے (عثمانیہ)

اجنٹہ کی عورت

ہولناک جنگ ایسی جنگ جس نے کرۂ ارض کو جوالا مکھی بنادیا ہے۔ وہ جنگ جسمیں لڑنے والوں نہ لڑنے والوں کا کوئی امتیاز نہیں ہے جس کی ہولناکیاں ہتیار بند نہتے عورت بوڑھے بچے سب کے لئے یکساں ہیں۔ جنگ کی اس پریشان خیالی میں یکایک میری نظر اجنٹہ کی اس تصویر پر پڑتی ہے جسمیں ماں کو پیش کیا گیا ہے۔ ماں یعنی عورت کا مقدس ترین مظہر۔ وہ ماں جو چنگیز کو بھی جنم دیتی ہے اور گوتم بدھ کو بھی۔ اجنٹہ کی اس تصویر کو دیکھتے ہی میرا خیال اس زندۂ جاوید امن چین اور شانتی کے مندر میں گھومنے لگا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان صدیوں کے غاروں پر مان کی مامتا بیوی کی محبت بہن کا خلوص اور بیٹی کی چاہت رنگوں کی شکل میں پھیل گئی ہے۔ اجنٹہ کے حسن کار عورت کو حسن کاری کی روح سمجھتے تھے۔ اس کے موقلم کی جنبشوں اور تیشے کی زد میں کوئی مقام ایسا نہیں ہے جہاں عورت کی رعنائیاں کارفرما نہوں۔ کہیں دیوی ہے۔ کہیں رانی ہے کسی جگہ راجکماری جوانوں کی تمنا ہے اور کہیں داسیاں اپنی تیکھی اداؤں اور بانکی سج دھج سے راجکماری کو حسن کا انتخاب بنارہی ہیں۔ محل میں۔ صحن میں۔ دالان میں۔ آبادی اور ویرانوں میں۔ محفل عیش ومجلس وعظ میں۔ رنج اور مسرت میں۔ وسعت زمین پر یہ دیویاں داسیاں ہیں تو فضائے آسمانی پر اپسرا کہیں یہ پھول ہیں تو کہیں باعث آفرینش کل۔ کہیں مقصد اصلی ہیں تو کہیں آرائش وتزین۔ زندگی اور پائندگی کی نشانیاں۔

اجنٹہ جانے والے زائر حسن کاری پر ایک حقیقت پہلی نظر میں واضح ہوتی ہے کہ موسیقی

صرف آواز اور آہنگ ہی پر موقوف نہیں ہے۔ نظر کی موسیقی زیادہ لطیف زیادہ ذی روح اور زیادہ قائم ہے۔ رنگ اور آہنگ دونوں احساسات کی دنیا میں صرف دو شکلیں ہیں، دو روپ ہیں ایک ہی دیوی کے اور اس راز کو جس خوبی سے اجنٹہ کا حسن کار جانتا ہے شاید دنیا کے کسی مرقع حسن کاری میں اس کی مثال نہیں مل سکتی۔ یہی راز اجنٹہ کے حسن کار کو عورت اور نغمہ کے سنجوگ میں دکھائی دیتا ہے۔

وہ عورت جو بدھ سے پہلے چرنوں کی داسی تھی جس کا درجہ سوسائٹی میں اسفل اور موہوم تھا بدھ کی روحانی تعلیمات نے شانتی اور نردانہ کے اس مرکز کو اجاگر کر دیا۔ عورت بدھ مت کی دنیا میں گمنامی سے نکل کر وہ درجہ پاتی ہے جس سے زندگانی کی تصویر میں حرکت اور توانائی پیدا ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اجنٹہ میں عورت کو نہ صرف مساویانہ رتبہ میں دیکھتے ہیں بلکہ وہ حسن کاری کی ایک علامت ایک ذریعہ ( ) اور نشان حیات ہے۔

اجنٹہ میں عورت کے متعلق غور کرنے کے لئے کئی نقطۂ نظر ہو سکتے ہیں۔ عورت بحیثیت صنف نازک۔ عورت بحیثیت آرائش محفل۔ عورت بحیثیت آفرینش حسن۔ عورت مختلف درجہ حیات میں۔ عورت کے روحانی مقام۔ گوتم بدھ کی زندگی میں عورت کا حصّہ۔ بدھ مذہب اور عورت اس سے پہلے کہ ہر نقطۂ نظر پر اظہار خیال کیا جائے انکی وضاحت کے لئے چند ضروری معلومات کا اظہار ناگزیر معلوم ہوتا ہے۔ اصطلاحات اور فنی گفتگو سے ہٹ کر عام فہم زبان میں دو خصوصیات بیان کی جاتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ ہندوستان میں دیواری تصاویر کا فن (Frisco) ایک مکمل اور انتہائی ترقی یافتہ فن ہے جس کی لافانی مثال اجنٹہ ہے۔ دیواری تصاویر کی خصوصیات میں اجنٹہ کی حد تک پہلی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی رنگ کاری دو وسعتوں میں ہے۔ صرف لمبائی اور چوڑائی۔ جسامت کے خیال کو پر ترنم خطوط اور حدود سے ظاہر کیا گیا ہے۔ یہ طرز رنگ کاری تجسیم یا تین وسعتوں (Two Dimensions) سے زیادہ پر قدرت اور حسن آفریں ہے۔ اس طرز کی دوسری خصوصیت روحانیت اور شاعرانہ موسیقیت نگاہوں کے سکون اور دل کی شانتی

کے ذریعہ پیدا کرنا ہے۔ دوسری بات اجنٹہ کی رنگ کاری میں رنگوں کی موزوں، مناسب، متقابل و متبادل یکجائی ہے۔ اس میں بھی جہاں تک ہو سکے رنگوں کی غیر معروف آمیزش اور مجہول ملاوٹ سے پرہیز کیا گیا ہے۔ سب سے بڑی چیز رنگوں کی وسعتوں کا حسین اور رس بھرے خطوط سے روشن کرنا ہے۔ جہاں تک انسانی جسم اور اس کی ساخت کا تعلق ہے اجنٹہ کا حسن کار اپنی اچھی مثالوں میں نہ صرف فن پر پورا حاوی معلوم ہوتا ہے بلکہ فن کو اپنے تخیل سے شاعرانہ بلندی اور روحانی رفعت دے سکتا ہے۔ اسی طرح اس کا موقلم نظروں کے لئے رس بھرے راگ اور راگنیوں کا موسیقار ہے۔

اجنٹہ ایک ایسا مندر ہے جس میں صدیوں کی سعیٔ انسانی مرتسم ہے اس کے غار بدھ دور کے ہندوستان کی تاریخ ہیں۔ ابتداء۔ عروج، و زوال تینوں حالتوں کا مرقع۔ یہاں پر ہم ان غیر دلچسپ تفصیلات میں نہیں جائیں گے جن سے زائروں کی رہنما کتابوں کو تعلق ہے۔ غار کتنے ہیں۔ کہاں واقع ہیں۔ اس میں چیتا (مندر) اور وہارا (خانقاہ) کونسے ہیں۔ غار کس طرح کھودے اور کس طرح تراشے گئے ہیں۔ اس کی تعمیر کاری کیا ہے، آذری کی کیا خصوصیات ہیں۔ یہ چیزیں ہمارے موضوع بحث سے خارج ہیں۔ البتہ عورت اور اجنٹہ سے متعلق ہر چیز پر نظر ڈال سکتے ہیں۔ جیسا کہ ہم نے کہا بدھ مت میں عورت کی معاشی آزادی مذہبی مساوات میں کوئی فرق دونوں جنسوں میں امتیاز کا باقی نہیں رکھا۔ نروانہ ہر آتما کے لئے اپنے حوصلہ اور عمل پر موقوف تھا۔

اس خیال کو پیش نظر لاتے ہی تخیل کی نگاہ کے سامنے وہ منظر آجاتا ہے جس میں انسانی پاکیزہ انفاس اجنٹہ کی تخلیق میں مصروف ہیں مذہبی لوگوں کی ایک جماعت جسمیں راہب ہیں، راہبہ ہیں، گرو، جوان، پختہ عمر بزرگ ہیں۔ ہر قبیل کا انسان ہے اور ہر مقام کی انسانیت جن کے قلب و دماغ بدھ اور اس کی مذہبی روایات کو زندہ کرنے میں مصروف ہیں۔ انسانی آبادی کی بلندیوں اور پستیوں سے دور اور انکی کثافتوں سے بے نیاز یہ مذہبی کوہکن روحانی

عشق میں سرشار تیشہ زنی میں مصروف ہیں۔ غار پر غار بنتے ہیں جوانی بڑھاپے میں تبدیل ہو رہی ہے۔ ہر غار کی تکمیل کے بعد اس کی تزئین ہے۔ دیواریں آہستہ آہستہ بدھ کی زندگی۔ بدھ کا مذہب۔ بدھ کا تخیل اور بدھ کی روایات کو رنگوں کی زبان میں قبول کرتی جا رہی ہیں۔ رنگ کاری کی ابتدا رہے رنگ کاری کی انتہا ہے اور رنگ کاری کا زوال۔ روحانیت پرواز کر رہی ہے۔ روحانیت عروج حاصل کر رہی ہے۔ روحانیت کا چراغ ٹمٹما رہا ہے۔ غرض گوتم کا آفتاب طلوع ہوتا ہے۔ نصف النہار پر پہنچتا ہے۔ اور اپنی لمبی لمبی پرچھائیوں کے ساتھ غروب ہوتا دکھائی دیتا ہے۔ یہ ہے وہ مقام جہاں ہندوستان کی حسین ترین تہذیب نے اپنے بچپن جوانی اور بڑھاپے کو زندگی کی نذر کر دیا ہے۔ اس ماحول میں حسنِ ظاہر حسنِ باطن کی طرف رخ کر رہا ہے عشق مجازی عشق حقیقی کو جائزہ دے رہا ہے۔ مرد حسن کار اپنے تخیل کے حسین زرین لمحوں کو صنف نازک کے لوچ رس بھری آواز آہو چشمی اور سحر خرامی میں محسوس کر رہا ہے۔ اور اس کے بالمقابل عورت بحیثیت حسن کار شکتی قوت توانائی اور بانکپن میں وہ حسین نقوش ڈھونڈ رہی ہے جس کے بل اور زور پر موقلم کی حسین جنبشیں منحصر ہیں۔ اجنٹہ کا حسن کار کاروباری زندگی کی تلخیوں سے اپنے اچھے اور برے تجربوں کو سبق حاصل کر کے پرسکون غاروں میں اپنے تخیلات کو روحانیت کے راستے پر ڈال رہا ہے وہ عورت جس کو آپ نے وطن کے بازار۔ گھر۔ محل اور محفل میں دیکھا تھا آج اس کے خط و خال میں روحانیت کی ایک دنیا نظر آ رہی ہے۔ یہی وہ ماحول تھا یہی وہ زندگی تھی۔ جس نے اجنٹہ میں عورت کو ایک نیا حسن کارانہ روپ دیا۔

اجنٹہ میں عورت کے متعلق سوچتے ہوئے لازماً دو چیزیں دل کی آنکھوں کے سامنے آجاتی ہیں۔ ایک زیور۔ دوسرا لباس۔ زیور کے متعلق یہ مشاہدہ عجیب ہے کہ مرد اور عورت دونوں اس کو جسم کی زینت بناتے ہیں اور سر سے لیکر پیر تک دونوں کی تصاویر میں ان کو دخل حاصل ہے لیکن مردانی زیور اور زنانی زیور میں وہی امتیاز ہے جو لازماً ان دونوں صنفوں میں ہونا چاہیئے۔ مرد کے پاس مکٹ یا تاج۔ بازو بند۔ کان کی بالیاں۔ گلے کا ہار اور بعض تصاویر میں کمر میں خوبصورت

خنجر آرایش کے طور پر استعمال ہوتے ہیں لیکن عورت کا زیور تعداد اور اختراع کے لحاظ سے اس قدر بوقلموں ہے کہ محض اجنٹہ کے زیور پر ایک اچھا سا رسالہ لکھا جاسکتا ہے ۔ یہ دیکھ کر کہ صرف زیور ہی تہذیبی مدارج اور معاشری درجے بتا سکتے ہیں ان حسن کاروں کے مشاہدہ کی وسعت کا ہر شخص کو اندازہ ہو سکتا ہے ۔ خاص طور پر عورتوں کے سر کا زیور جوڑا، کان کے زیورات اور گلے کے ہار بازو بند ۔ پہونچیاں ۔ کمربند ۔ زانوبند ۔ پیر کے زیور اس قدر تنوع اور حسن کے ساتھ پیش کئے گئے ہیں کہ ان کو دیکھ کر عقل حیران رہجاتی ہے ۔ لباس میں ایک چیز عجیب ہے اعلیٰ طبقہ ادنیٰ طبقہ کے مقابلہ میں لباس سے بے نیاز معلوم ہوتا ہے ۔ تاہم ملبوس میں ساڑی کی قسم کی چیز کمر تک خوبصورت طرح اندازی اور پہننے کے ڈھب کی وجہ سے ایک حسن کارانہ ذوق کا اظہار کرتی ہے ۔ اس کے علاوہ انگیا، چولی، کرتنی، لانبے کرتے یہاں تک کہ بعض پردیسیوں کی تصویر پیش کرنے میں شایہ (Gown) تک دکھائی دیتا ہے ۔ لباس میں رنگوں کا انتخاب مختلف کپڑوں کا امتزاج پیرہن کے جھوک اور لوچ جسم کی مناسبت سے ان کا اتار چڑھاؤ ہر چیز موجودہ دنیا کو ذوق پیرہن دے سکتی ہے ۔ اُن کے پاس تن کی عریانی مرد کی گندگی کی دلیل نہ تھی ۔ تاہم ان میں نگاہ کی بدنمائی اور بدذوقی کا خیال تھا ۔ جہاں لباس سے جسم نازنین بے نیاز ہے وہاں زیور ستر پوشی کرکے جسم نازنین کے حسین زاویوں اور قوسوں کو جنت نگاہ بنا رہا ہے ۔

آپ اجنٹہ کی عورتوں کو دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ یہ زندگی کی جیتی جاگتی تصویریں ہیں جو تخیل کی رفعتوں کے ذریعہ خوب تر اور نازک تر بن گئی ہیں ۔ اجنٹہ میں عورت کی آنکھیں، ہونٹ، چہرہ، بال، جسم کا حسین نشیب و فراز، اداؤں کی خوبیاں غرض ہر چیز اپنے اصل نمونوں (Models) کا پتہ دے رہی ہے ۔

اب آیئے دیکھیں کہ عورت اس طوفان حسن اور رنگوں کے نغموں میں کتنے انداز سے جلوہ گر ہے ۔ ایک جگہ عورت کو ماں کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے ۔ یہ بڑی مشہور تصویر ہے اور غار نمبر ۱۷ میں موجود ہے ۔ اس تصویر کا نیچے کا حصہ کچھ اکھڑ گیا ہے پوری تصویر اصلی حالت میں موجود ہے جس میں

گوتم بدھ کو ہاتھ میں کشکول لئے پیش کیا گیا ہے۔ سامنے ماں اپنے بچے کے ساتھ ہے تصویر کے پس منظر میں ایک عمارت طائرنگاہ تناظر میں بنائی گئی ہے۔ فضائے آسمانی پر ایک آسمانی ہستی حالتِ پرواز میں چتر لئے بدھ کے سر پر تھامے ہوئی ہے تصویر کے بالکل سامنے چوکھٹے کے طور پر ایک ستون اور اس کے اوپر ایک مستطیل اس انداز میں رنگا گیا ہے جیسے پتھر کی نقش کاری کو واضح کیا گیا ہو۔ مستطیل میں ایک عورت کو گل بوٹا کاری کے درمیان محوِ خیال دکھایا گیا ہے۔ اصلی تصویر ایک رنگ میں بنائی گئی ہے جس میں سرخ وزرد اور کچھ نیلا رنگ ملا ہوا ہے۔ اُس میں گوتم بدھ سیاہ فام ہے۔ قدر زمین اور آسمان پر محیط ہے۔ ایک لمبا فرغل فقیرانہ انداز میں گلے سے لیکر پاؤں تک لٹکا ہوا ہے۔ بائیں ہاتھ میں پھول ہے اور دہنے ہاتھ میں کشکول۔ اس کے مقابل ماں اور بچے کی تصویریں بہت چھوٹے قد کی ہیں۔ آسمان کی یکرنگی اور گہرا پن چاندنی رات کا سماں ظاہر کرتا ہے جس میں گوتم بدھ کے سر کا ہالہ چاند کی جگہ درخشاں ہے اور تاروں کی بجائے سورج نما پھول کی چھوٹی چھوٹی ٹہنیوں سے فضائے آسمانی جگمگا اٹھی ہے۔ عمارت کا آنکھ کی سطح سے پست تناظر عورت اور بچے کو ارضی علائق سے بلند اور آسمانی بلندیوں سے پست بتا رہا ہے۔ یہ تو اب تک کسی محقق نے بیان نہیں کیا کہ یہ تصویر کس واقعہ کی یادگار ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ تصویر گوتم بدھ کے اُس واقعہ کی طرف اشارہ کر رہی ہو جبکہ تزکیہ نفس کے لئے انہوں نے خود اپنے ہی محل پر جاکر بھیک مانگی تھی اور ان کی رانی نے بھکشا دیا تھا۔ تصویر میں رانی ممکن ہے کہ گوتم بدھ کے بلند کشکول میں اپنے راجکمار کے معصوم اور ننھے ہاتھوں سے کچھ نذر پیش کر رہی ہو۔ واقعہ کچھ ہی ہو تصویر ایک عجیب روحانی درس دے رہی ہے۔ جہاں تک رنگ کاری کا تعلق ہے اس تصویر کو ہر لحاظ سے شہکار مانا گیا ہے۔ ماں اور بچے کا دبیج اور اُن کے کھڑے رہنے کا انداز، آنکھوں کا رخ، ہونٹوں کے جھوک پورے چہرہ پر ایک تمنا ایک آرزو اور ایک موہوم استدعا۔ ماں کی پوری ماما بچے کی معصومیت دونوں مل کر زمین کی آرزوؤں اور تمناؤں کو آسمان کی طرف لیجا رہی ہیں گویا زبانِ حال سے کہہ رہی ہیں ؎

جب اُن سے ادب نے نہ کچھ منہ سے مانگا تو اک پیکرِ التجا ہو گئے ہم

وہ روح جو زمین کی کثافتوں سے نکال کر لطافتوں کی معراج حاصل کر چکی ہے زمین والوں میں محبت اور معصومیت کی ان دو نشانیوں کو دیکھ کر اپنے کمال میں کچھ اس طرح عجز اور خاکساری کو تڑپتا پا رہی ہے کہ آنکھ جھکی ہوئی ہے، خالی کشکول کا رُخ ماں اور بچے کی طرف گویا سب کچھ دینے والا ماں سے سب کچھ مانگ رہا ہے۔ یہ تخیل کے شہ پارے ہیں۔ یا ؎

فلک کی ہمسری کے ولولے تھے تھم گئے ہیں کیا زمین کے حوصلے بلند ہو کے جم گئے ہیں کیا؟

گوتم بدھ کے مذہبی عقیدے اور معرفت کی راہوں میں تزکیہ نفس کی یہ منزل جو تواضع میں بلندی، عجز میں رفعت، خاکساری میں بے نیازی کا درس دیتی ہے اس تصویر سے واضح ہے رنگ کار نے کہیں کہیں روشنی اور سائے کی تنظیم سے تصویر کو روشن تر بنا دیا ہے اور اس ہلکے تجسیم کے ساتھ حدود کی ننھی تحریروں نے تصویر کو شہکار کا رتبہ بخشا ہے۔ یہ خصوصیت اجنٹہ کی حسن کاری میں عام ہے۔

اب ایک شاعرانہ منظر دیکھئے۔ یہ غار نمبر ۱۶ کی تصویر ہے۔ جس کو سنگار کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس تصویر میں ایک رانی آئینہ کے سامنے کھڑی ہوئی ہے اور غالبؔ کے اس شعر کی تشریح بن گئی ہے۔

آئینہ دیکھ اپنا سا منہ لے کے رہ گئے
صاحب کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا

سر پر مکٹ (تاج) ہے جواہر نگار، گلے میں ایک چھوٹا ہار اور ایک موتیوں کا ست لڑا ہے ست لڑے کے درمیان ایک گول آویزہ ہے جس کے دائرہ پر موتی اور جواہر ٹکے ہوئے ہیں اور بیچوں بیچ ایک درِ شہوار ہے۔ ست لڑے اور اس آویزے کے درمیان دو موتی ایک چھوٹا دوسرا بڑا نیچے بندن کی طرح لٹک رہے ہیں۔ چوٹی ہار اور بازو بند کے فیتے دونوں جانب ہوا میں رقصاں ہیں۔ دونوں ہاتھوں میں جڑاؤ چوڑیاں اور پہونچیاں ہیں کمر بند تین پٹیوں سے مزین ہے جو بجائے کمر کے نیچے کی طرف عجیب انداز سے ڈھلکا ہوا ہے۔ دو طرف دو زانو بند ہیں اور پیر میں کڑے ہیں۔

کھڑے رہنے کا ڈھب بے تکلف ہے۔ ایک پیر پیچھے دوسرا اس سے آگے اور ایک ہی سیدھ میں ہے۔ کھڑے رہنے کے اس ڈھب سے بائیں طرف جسم خوبصورت درمیانی زاویہ میں ڈھل گیا ہے۔ اوپر کے بدن کا جھوک سیدھے جانب ہے۔ کمر کا لوچ اور گردن کا جھکاؤ بھرے ہوئے شانوں کا ایک طرف مائل ہونا پوری تصویر میں ترنم پیدا کر رہا ہے۔ بائیں ہاتھ کی دو انگلیوں سے آئینہ کو تھامے ہوئی ہے۔ اور سیدھے ہاتھ کی دو انگلیاں ہار کی طرف ہیں۔ رانی سانولی سلونی ہے جسم پر زیور آرایش کے علاوہ ستر پوش بھی ہیں۔ لباس جو ابھی زیب بدن نہیں ہے پیٹھ پر سے ڈھلکتے ہوئے پابوسی کر رہا ہے اور خوبصورت سنجاف کی لہروں میں رقص و نغمہ بنا ہوا ہے۔ رانی کی ایک طرف سیاہ فام داسی ہے جس کے ایک ہاتھ میں چنور ہے۔ جسم پر کمر سے پاؤں تک تن زیب ہے۔ ہاتھ میں چوڑیاں پاؤں میں کڑے ہیں۔ رانی کی دوسری طرف ایک اور داسی ہے جو شاید مشاطہ ہے جس کے ایک ہاتھ میں تھال ہے جس پر سنگھار کا سامان رکھا ہوا ہے۔ اس کے گلے میں ٹھسی کے قسم کا زیور ہے کمر سے نیچے تک ملبوس ہے۔ پیر میں کڑے ہیں۔ اس کا منہ کھلا ہوا ہے گویا مجسم حیرت بنی ہوئی ہے۔ آنکھیں حسن کی قصیدہ خوانی کر رہی ہیں اور وہج استعجاب کا پیکر۔ فرش اس انداز کا بنا ہوا ہے جس میں خوبصورت طرح اندازی اینٹوں کے ذریعہ کی گئی ہے۔ جس کی وجہ سے پوری تصویر میں ایک تحرک ہے۔ فرش پر پھول ادھر ادھر بکھرے پڑے ہیں۔ پس منظر میں دیوار ہے جس پر ایک عجیب و غریب لیکن حسین نمونہ ہے۔

یہ تصویر عریانی میں ستر پوشی کے کمال کے لئے مثالاً پیش کی جاسکتی ہے۔ کہنے کو تو چند نازنینوں کو ایک جا کیا گیا ہے لیکن حقیقت میں اس کی ترکیب اور طرح اندازی میں رقص کا سرور پوشیدہ ہے۔

کالی رانی یہ تصویر بھتوا پدماپانی کے قریب غار نمبر ۱۷ کی دیوار پر ہے۔ جسم آبنوسی، سر پر مکٹ کان میں سنہری بلاق، گلے میں سونے کا ہار، موتیوں کی مالا، بازو بند، ہاتھ کے کڑے، اوپر کا جسم لباس سے بے نیاز، کمر سے نیچے ملبوس جس کا میدان زرد اور نیلگوں دھاریاں، قوز پر سوفار کی

طرح اندازی، دھج پیچھے کی طرف جھکا ہوا، صراحی دار گردن سامنے کی طرف ایک خاص جھکاؤ لی ہوئی۔ اس تصویر کے چہرہ میں ہماری غزل کے معیاری حسن کی خصوصیات ہیں۔ ابرو کمانی، نرگسی چشم، سیدھی نکیلی نازک ناک، غنچہ دہن، بلند پیشانی، کتابی چہرہ، گول گول شانے ہاتھ میں کنول کی ٹہنی، سینہ کا حسین تموج، جوش شباب کا مبالغہ، کمر کی لچک اور جسم کے تحرک میں دریائے حسن کی لہریں ہیں۔ جس کو دیکھ کر جوش کا شعر یاد آجاتا ہے۔

پھر لبوں کی گلفروشی سے جوان ہے زندگی
پھر کمر کے لوچ سے عمرِ رواں سرشار ہے

حسن و جوانی کی یہ تصویر اپنے اندر ایک اور خصوصیت کو ظاہر کرتی ہے۔ بدھ مذہب میں رنگ کا امتیاز وجہ افتخار نہ تھا۔ کالا، گورا، سیاہ و سفید ہر رنگ میں حسن جلوہ گر ہے۔ کہیں ایک سیاہ رانی کی سفید داسیاں ہیں تو کہیں گلزار راجکماری سانولی سلونی داسیوں میں گھری ہوئی ہے۔ اس تصویر کی رنگ کاری میں استادی جلوہ گر ہے۔ کمال، سیاہ جسم پر زیور کا ہے۔ رنگ کی یہ ترتیب سیاہی کے کمال کو انتہائی عروج تک درخشاں کر رہی ہے۔ اس تصویر کی سب سے خاص خصوصیت راجکماری کا تفکر اور سوچ ہے۔ پوری تصویر میں ہر خط، ہر ادا، ایک گہرے سوچ کا پتہ دے رہی ہے سیدھے ہاتھ میں جو کنول ہے اس کا نیچے کی طرف جھک جانا ان رنگوں کی راگنی کا سم ہے۔ تصویر کو دیکھ کر زبان سے اقبال کا یہ مصرعہ نکلتا ہے۔

ع ۔ قدرت ہے مراقبہ میں گویا

اب کچھ بڑی تصاویر پر نظر ڈالیں گے۔ غار نمبر ۱ میں بدھ کے پہلے جنم کا ایک قصہ ہے جس کو چھادانتا جاتکا کہتے ہیں۔ قصہ یہ ہے کہ بدھ کسی جنم میں سفید ہاتھی کے روپ میں تھے جس کے چھ دانت قوس قزح کے رنگ کے تھے۔ اس کی دو بیویاں تھیں جن میں سے ایک کو محبوب رکھتا تھا۔ دوسری سوکن سے یہ غم نہ سہا گیا۔ وہ مر کر نئے جنم میں بنارس کے راجہ کی رانی بنی۔ سفید ہاتھی بنارس کے جنگلوں میں تھا۔ رانی کو انتقام کی سوجھی۔ اُس نے اپنے شکاریوں کو حکم دیا کہ سفید ہاتھی کے دانت اکھاڑ کر لے آئیں۔ شکاریوں سے کچھ بن نہ پڑا لیکن

ہاتھی نے خود اپنے دانت اکھاڑ کر شکاریوں کے حوالے کر دیئے۔ جب یہ دانت رانی کے سامنے پیش کئے گئے تو اس پر اپنے کئے کا پچھتاوا ہوا کہ وہ بیہوش ہو کر راجہ کے گود میں گر پڑی۔

اس تصویر کے دو حصے ہیں۔ ایک میں سفید ہاتھی اور اس کا غول معہ شکاریوں کے ہے دوسرے حصے میں محل کا وہ حصہ ہے جہاں رانی راجہ اور سہلیاں ہیں۔ رانی راجہ کے آغوش میں ہے۔ رانی کی بیہوشی ہر ادا سے ظاہر ہے۔ سیدھا ہاتھ خود بخود نیچے کی طرف گر گیا ہے۔ جسم بے سدھ، پیر بے دم، چہرہ پر مردنی کے آثار، راجہ کے چہرہ پر رانی کی اس اچانک کیفیت سے سراسیمگی، اصل چیز سہیلیوں کی نفسیاتی کیفیت ہے کوئی پنکھا جھیل رہی ہے کوئی گلاب چھڑک رہی ہے، کوئی ہیبت میں تلوے سہلا رہی ہے، بدحواسی میں مورچل کا ہاتھ جہاں تھا وہیں رہ گیا ہے، کوئی انگشت بدنداں ہے، کوئی پریشان بال، کوئی اس حالت پر سرگوشیاں کر رہی ہے تو کوئی دم سادھ کر کھڑی ہوئی ہے۔ جس خادمہ کے ہاتھ میں دانت رکھے ہوئے طشت ہے اس کا چہرہ غم کی مجسم تصویر ہے۔ اس پورے غم واندوہ کے منظر میں زندگی کا آفتاب غروب ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے تصویر اپنے کمال کی وجہ سے کسی بڑے استاد کے موقلم کا نتیجہ معلوم ہوتی ہے۔

اب دوسرا منظر ناچ کا ملاحظہ فرمائیے۔ ناچ کا منظر اس غم کے منظر سے بالکل مختلف ہے بانسری پر ناچ ہو رہا ہے، رقاصہ درمیان ہے، اس کے اطراف سازندے حلقہ کئے ہوئے ہیں۔ ایک طرف دو نازنین بانسری بجا رہی ہیں دوسری طرف دو مردنگ پر تال دئے جا رہے ہیں۔ در پر ایک راجکماری تالیاں بجا رہی ہے اور دوسری محو حیرت ہے۔ یہ منظر خانہ باغ کا ہے۔ سامنے محل کا در انڈا ہے، فاصلہ پر ایک منڈپ۔ رقاصہ کی تصویر پورے منظر کی جان ہے اس کا لباس بھی خاص ہے۔ لانبے آستینوں کے قرمزی کرتے پر تارے ٹکے ہوئے ہیں، اس پر صندلی کرتنی ہے۔ جسم کا رنگ سرخ گندمی ہے۔ پیشانی پر جڑاؤ سربند ہے۔ لانبے لانبے بال کے جوڑے پر چنبیلی کے پھول کے گجرے اور اس میں سے کنول کی پتیاں ظاہر کی گئی ہیں۔ کان کا بُندا ایک حلقہ ہے جس کے نیچے تین موتی آویزاں ہیں، ہاتھ میں پہونچیاں ہیں۔ کمر سے

نیچے جو ملبوس ہے اُس پر موج دریا کے پٹے ہیں۔ پیلے میدان پر یاقوتی یا خونِ کبوتر کے رنگ کی طرح اندازی ہے جس میں سفید گل بوٹا کاری ہے۔ ہاتھوں کی ادا اور گردن کے خم میں ناچ کا پورا تحرک موجود ہے۔ رقص کا منظر کیا ہے گویا چاندنی رات میں رنگا رنگ فوارہ چھوٹ رہا ہے۔ تصاویر کی پوری ترتیب رقص اور راگ کا حلقہ ہے جسمیں رقاصہ گل نغمہ ہے۔ اس تصویر کو اجنٹہ کے حسن کار کے حرکت اور موسیقی پر قدرت دکھانے کے لئے پیش کیا جاتا ہے۔ نہ صرف اہل رقص میں تحرک ہے بلکہ آسمان اور پس منظر بھی اس مضمون سے ہم آہنگ ہیں رنگوں کو اس خوبی سے تقابلی طور پر پھیلایا گیا کہ دیکھنے والے کی نظر ایک غیر مرئی رقص سے محظوظ ہونے لگتی ہے۔ وہ رقص جس کو آواز اور آہنگ سے تعلق نہیں یہ حسن کاری کے ایک شعبہ کی دوسرے شعبوں میں ترجمہ کرنے کی بہترین مثال ہے۔

اس کے بعد ہم کچھ اور مثالیں پیش کرتے ہیں مثلاً ایرانی سفیر کی محفلِ عیش جو، شرابِ ساقی و آبِ رواں و روئے نگار، کی تصویر ہے یا بعض بڑے مجموعے پیش کرتے لیکن وقت کی تنگی اس کو برداشت نہیں کرتی اس لئے ہم آخر میں گلاڈاسٹن سالومن کے ان الفاظ پر اپنے مضمون کو ختم کرتے ہیں۔ وہ کہتا ہے "اجنٹہ کے راہب حسن کار کی نظروں میں عالم حسن ایک ہے۔ اُسی طرح سے جس طرح زندگی ایک ہے جسمانی یا اخلاقی حسن کا امتیاز اس کے پاس نہیں ہے۔ وہ بدھ کے پوتر جسم کے پاس ہی عورت کو پیش کرسکتا ہے۔ اجنٹہ کا حسن کار صنف نازک کی پرستش کرتا ہے۔ وہ عورت کو نمونہ نہیں سمجھتا بلکہ ایک ادا ایک انداز اور ایک بے ساختہ نغمہ۔ وہ تخیل کی آنکھ سے عورت کی اداؤں کو دیکھ کر حسین پیکر مرتب کرتا ہے۔ عورت کی اس کے پاس آرائشی قدر ہے۔ وہ زینت ہے لیکن ایسی قیمتی کہ اس کو اصول اور قاعدہ کی جکڑ بندھ میں نہیں لایا جاتا۔ حسن کاری کے ضوابط کی وہ پابند نہیں ہوسکتی کیونکہ وہ خود حسن ہے اور اُن اصولوں کی رانی"۔

سید محمد اکبر وفا قانی بی اے (ال ال۔ بی عثمانیہ)

قطعات

(برادرانِ جامعہ اس خبر کو نہایت مسرت سے سُنیں گے کہ مولوی احمد خان صاحب بی۔ اے (عثمانیہ) سابق مہتمم مدیر مجلہ عثمانیہ نے جامعہ علیگڈھ میں اعلیٰ معیار تقریر کو پیش کر کے طلبائے علیگڈھ میں ایک نہایت بلند و ممتاز مقام حاصل کر لیا ہے۔

علیگڈھ کے حالیہ کل ہند بین الجامعاتی تقریری مقابلہ میں خان صاحب نے جامعہ علیگڈھ کی نمائندگی کی یہ وہ غیر معمولی اعزاز ہے جس پر ثمانین اور اہل حیدرآباد جس قدر فخر کریں کم ہے۔ علاوہ بریں موصوف نے انجمن اسلامیہ تاریخ و تمدن اور جامعہ علیگڈھ کے دیگر متعدد تقریری مقابلوں میں حصّہ لے کر شاہیر ہند سے نہ صرف خراج تحسین حاصل کیا بلکہ انعامات اوّل کا بھی اعزاز موصوف ہی کو ملا۔

خان صاحب کی پیہم تقریری کامیابیوں کو سن کر میں نے حسب ذیل قطعات کہے ہیں۔) "بیرؔ"



(۴)

جامعہ عثمانیہ کے اے خطیب باجمال
ہاں دکھا دے جاودانی رعنائی فکر و خیال
اے تیرا اوج ثریا سے بھی اونچا تیرا بام
چشم نازک سے تجھے خطرہ زوال

محمد علی نیّر بی۔اے (عثمانیہ)

قانون بین الممالک کا آغاز اور ارتقاء

قانون بین الممالک کی تعریف جو انگلستان کے مشہور ماہر لارنس نے کی ہے وہ یہ ہے کہ "وہ تمام قاعدے جو متمدن ممالک کی جماعتِ عامہ کے باہمی برتاؤ میں ان کے طرزِ عمل کا تعین کریں"۔ یہ وہ قاعدے ہیں جو مختلف قوموں کے نہیں بلکہ مختلف مملکتوں کے باہمی تعلقات میں ملحوظ رہتے ہیں۔ اسی لئے ہماری اردو اصطلاح خود انگریزی اصطلاح International law سے بہتر ہے۔ اور اب امریکہ وغیرہ میں Inter-statal کا لفظ روز افزوں مقبولیت حاصل کرتا جارہا ہے۔

اس کا آغاز کب ہوا اور اس کا ارتقا کس طرح عمل میں آیا، اس کے معلوم کرنے کیلئے یہ ضروری ہے کہ تاریخ کے مختلف ادوار کا مطالعہ کریں۔

یہ ظاہر ہے کہ قانون بین الممالک کا آغاز اس وقت اور اس جگہ ہوا ہوگا جہاں بیک وقت دو خود مختار مملکتیں وجود میں آکر ایک دوسرے کے ساتھ کسی نہ کسی قسم، دوستی یا دشمنی کے تعلقات رکھنے لگی ہونگی۔ چونکہ مختلف ممالک کے باہمی برتاؤ کے اصول مختلف ہوسکتے ہیں اس لئے دنیا میں بیک وقت ایک سے زیادہ نظام ہائے قانون بین الممالک کا پایا جانا ناگزیر ہے اور جتنا زیادہ کسی زمرۂ ممالک میں باہمی احتیاج Interdependence ہوگی اتنا ہی زیادہ ان کا قانون بین الممالک یکساں ہوگا۔ اور سچ پوچھئے تو آج بھی تمام دنیا میں کوئی ایک نظام قانون بین الممالک موجود نہیں ہے اگرچہ اختلافات سابق سے اب بہت گھٹ چکے ہیں۔

ان حالات میں ہماری کوشش یہاں صرف یہ ہوگی کہ تاریخ عالم کے مختلف ادوار میں ہمارے موضوع کی حد تک جو نئے رجحانات پیدا ہوتے گئے اور مختلف ملکوں یا تمدنوں نے اس کی جو خاص خدمت کی اسے نمایاں کریں۔

سب سے قدیم دستاویزی مواد جو ہمیں تا حال دستیاب ہوا ہے وہ مصر و شام کا ہے جو نہر سویز کی کھدائی سے قبل خشکی میں بھی مشترکہ سرحد رکھتے تھے۔ یہ ساڑھے بارہ سو سال قبل مسیح کا دستاویز ہے۔ جو چاندی کی تختی پر کندہ کیا ہوا ہے۔ اس دستاویز سے پتہ چلتا ہے کہ اس قدیم زمانہ میں مصر و شام کی مملکتوں کے درمیان ایک معاہدہ ہوا تھا جنھوں نے اپنی خود مختاری کو باقی رکھتے ہوئے دوستانہ تعلقات قائم کئے تھے۔ اس دستاویز سے مصر کے بادشاہ کا نام تو معلوم ہوتا ہے جس کو رامسیس (Ramses II) کہتے تھے۔ لیکن شام کے بادشاہ کا نام معلوم نہیں ہوا اسے حطاسیر (یعنی حکمران حطا) کہا گیا ہے۔ اس زمانہ میں شام کے اس علاقہ کو حطا کہا جاتا تھا جس کو آج کل (Hatay) کہا جاتا ہے۔ اس دستاویز کی ایک دفعہ میں یہ لکھا ہوا تھا کہ اگر کوئی اجنبی مصر پر حملہ کرے تو شام اس کی مدد کرے گا اور اگر شام پر کوئی حملہ ہو تو مصر شام کی مدد کرے گا۔ اس کی دوسری دفعہ میں یہ لکھا ہوا تھا کہ ہر دو ممالک کے تاجروں اور صناعوں کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ باہم آزادی کے ساتھ اپنا کاروبار کریں اس میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہوگی۔ اس کے علاوہ اس کی بھی صراحت تھی کہ اگر کوئی مصر کا مجرم شام کو بھاگ جائے تو شام کا فرض ہوگا کہ وہ مصر کے حوالے کردے اور مصر کا فرض ہوگا کہ شام کا کوئی مجرم مصر بھاگ جائے تو شام کے حوالے کردے۔ یہ وہ چند چیزیں ہیں جو ہم کو اس دستاویز میں لکھی ہوئی ملتی ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ قدیم زمانے میں بھی خود مختار مملکتیں اپنے سیاسی مفادات کے تحت پر امن تعلقات قائم رکھتی تھیں اور ان معاہدات کے تحت عمل کیا کرتی تھیں جو اس غرض سے ان کے درمیان ہوتے۔ وہ تمام معاہدات اور تعلقات جو ایک سلطنت دوسری سلطنت سے قایم رکھتی تھی اور جس کے تحت وہ عمل کرتے تھے ان سب سے قانون بین الممالک کی ترقی ہوتی ہے۔

یہودی دور قانون بین الممالک کا ارتقار ہمیں یہودیوں کے دور میں بھی نظر آتا ہے لیکن ان کے خیالات دوسری اقوام سے بہت ہی مختلف تھے ان کا خیال تھا کہ یہودی قوم خدا کی محبوب ترین قوم Chosen People of God ہے ۔ وہ دنیا کی تمام قوموں پہ فضیلت رکھتی ہے ۔ ان کا یہ ایمان اور عقیدہ تھا کہ سوائے یہودیوں کے دنیا میں کسی کو حکمراں رہنے کا حق حاصل نہیں ان کی مذہبی کتاب توریت Old Testament میں واضح طور پر لکھا ہوا موجود ہے کہ سوائے یہودیوں کے ان چند اقوام کو قتل کر دیا جائے جن کو وہ عمالقہ کہتے ہیں ۔ (Amalekete) ان کا یہ نظریہ تھا کہ عمالقہ کے سوا دنیا کی باقی تمام قومیں ہمیشہ یہودیوں کے ماتحت رہیں ۔

اس کے بعد ہمیں حضرت داؤدؑ (زمانہ ۹۹۹ سنہ تا ۹۵۹ سنہ قبل مسیح) و حضرت سلیمانؑ (۹۵۹ سنہ تا ۹۲۹ سنہ) کے عہد کے کچھ حالات معلوم ہوتے ہیں ۔

حضرت سلیمانؑ نے صور (Tyre) کے بادشاہ سے ایک صلحنامہ کیا تھا ۔ اس بادشاہ کا نام حرام تھا ۔ اس صلحنامہ کے ذریعہ سے انھوں نے آپس میں دوستانہ تعلقات قائم رکھے تھے ۔ اس عہد کے بعد شام و مصر کے کچھ حالات نہیں معلوم ہوتے البتہ یونان و روم کے حالات کا ہمیں مفصل طور پر پتہ چلتا ہے ۔ اب ہم یونانی دور ۔ رومی دور ۔ عیسوی دور ۔ اسلامی دور پر علٰحدہ علٰحدہ مفصل بحث کریں گے اور دیکھیں گے کہ ان ادوار میں قانون بین الممالک نے کس طرح ترقی کی ۔ اور اس زمانے میں اس کے متعلق کیا کیا مختلف تصورات قائم ہوئے ۔

یونانی دور یونان نے شام (فینیقیہ) سے رسم الخط اور تمدن کے دیگر درس لئے ۔ اس کے قدیم ترین حالات ہم کو ۱۲۰۰ سنہ ق م سے معلوم ہوتے ہیں جبکہ جنگ مرائے (Iroy) ہوئی تھی جس کا ذکر ہومر نے اپنی نظموں میں کیا ہے اور جس کو وہ عالمگیر جنگ کہتا ہے اگرچہ اس جنگ میں جو سلطنتیں شریک تھیں وہ جزیرہ نمائے یونان کی خود مختار شہری مملکتیں تھیں اس جنگ کے بعد یونان میں امن کا دور دورہ رہا اور اس زمانے میں یونانی تہذیب و تمدن و علوم و فنون کو بہت ترقی حاصل ہوئی ۔

ارسطا طالیس نے اپنی کتاب (Politics میں City states) شہری مملکتوں کا ذکر کیا ہے اور کہتا ہے کہ یہ تمام شہری مملکتیں آزاد اور خود مختار تھیں۔ ان تمام شہروں کو اندرونی و بیرونی معاملات میں مکمل اختیارات حاصل تھے۔ جنگ و صلح کے زمانے میں شہر کے تمام افراد ایک جگہ جمع ہوتے اور رائے عامہ سے تصفیہ کرتے کہ آیا انھیں جنگ کرنا چاہیئے یا نہیں ؟۔

یہ امر واقعہ ہے کہ یونانی تہذیب و تمدن اور علوم و فنون نے انھیں شہروں میں پرورش پائی۔ یہیں پھلے پھولے اور دنیا کے مختلف ممالک کو متاثر کیا۔ ارسطو ان "شہری مملکتوں" کی حکومت کو بہترین حکومت کہتا ہے۔

جوں جوں زمانہ گذرتا گیا یہ شہر صنعت و حرفت، تجارت، تہذیب و تمدن، اور علوم و فنون میں ترقی کرتے گئے۔ چنانچہ ہمیں ان شہروں میں قانون۔ انصاف عدل گستری۔ نظم و نسق اور حکومت کے تمام شعبے نہایت ہی عمدگی کے ساتھ کام کرتے نظر آتے ہیں۔ یونانی چونکہ فطرتاً مذہب اور اسپورٹ کے بہت زیادہ دلدادہ تھے اس لئے یہاں مندروں کے پاس ہمیشہ میلے لگتے اور گرم بازاری رہا کرتی تھی۔ اطراف و اکناف کے خود مختار شہروں سے لوگ کسی ایک شہر میں جمع ہوتے اور کھیلوں تماشوں اور میلوں میں حصہ لیتے۔ تجارت کی خاطر بھی وہ ایک شہر سے دوسرے شہر کو جاتے اور اپنی ضروریات کی چیزیں خریدتے اور واپس لوٹتے۔ جب ان شہروں کے تعلقات دن بدن وسیع ہوتے گئے تو یہ سوال پیدا ہوا کہ غیر "ملک" یعنی غیر شہر کے باشندوں سے اگر کوئی جرم سرزد ہو تو ان پر کن قوانین کا اطلاق کیا جانا چاہیئے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں سے یونان میں بھی قانون بین الممالک کا آغاز ہوتا ہے یونانیوں نے اس غرض کے لئے دو نظام قانون بیک وقت رائج کئے ایک یونان کے باشندوں کے لئے اور دوسرا غیر یونانی ممالک کے باشندوں کے لئے۔ یونانی آپس میں لڑتے بھی تو چند قواعد ملحوظ رکھتے جو نوامیس یونان کہلاتے لیکن جب کبھی یونانیوں کا دوسری اقوام سے مقابلہ ہوا تو انھوں نے نوامیس انسانی پر عمل کیا (یعنی جو چیز ان کو مناسب معلوم ہوتی اس پر عمل کیا کرتے تھے)

یونان کی تاریخ سے اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ قدیم زمانے میں مختلف شہروں نے صنعت و حرفت و تجارت کی خاطر آپس میں اتحاد قایم کیا تھا ایسے مختلف معاہدات میں سے ایک جس کو ہم (Amphyctiony) کے نام سے یاد کرتے ہیں وہ ڈیلفی کے مندر کے ہمسایوں میں ہوا تھا۔ یہ (۱۲) قبائل میں ہوا تھا۔ اس کونسل کے ہر سال دو مرتبہ اجلاس ہوا کرتے تھے پہلا سردی میں دوسرا گرمی میں۔ اجلاسوں کی شرکت کے لئے ہر قبیلہ دو نمایندے بھیجتا تھا۔ اس طرح کل ۲۴ ارکان کی کونسل کا ڈلفی کے مقام پر اجلاس ہوتا۔ یہ معلوم نہیں کہ جس قبیلے کے چار شہر ہوں تو ان کے نمایندے کس طرح شریک ہوتے تھے۔ بہرحال اس کا پتہ چلتا ہے کہ اس اجلاس میں ہر ایک شہر کے مختلف مسائل پر بحث ہوتی اور پھر رائے عامہ سے فیصلہ کیا جاتا۔ ہر شہر کے مندر کا تحفظ بھی اس کمیٹی کے سپرد ہوا کرتا تھا۔ مختلف قبائل آپس کے جھگڑوں کو اس کونسل میں پیش کرتے اور پُر امن طریقہ سے تصفیہ کیا کرتے تھے دشمن کے ساتھ اعلان جنگ کرنے کا فیصلہ بھی اس کونسل میں ہوتا اور تمام افراد ملکر مشورہ کرتے کہ انھیں جنگ کرنا چاہئے یا نہیں۔

سکندر اعظم کی وفات کے ساتھ ہی یونانیوں میں انحطاط پیدا ہونا شروع ہوا اور یونانی سلطنت کا شیرازہ بکھر گیا اس کے بعد ہمیں ایک وسیع سلطنت کا ذکر ملتا ہے جس کو ہم رومۃ الکبریٰ (Roman Empire) کے نام سے موسوم کرتے ہیں

رومی دور ابتداً ۷۵۳ ق۔م میں سلطنت روما ایک چھوٹی سی شہری سلطنت تھی لیکن جب پہلی صدی عیسوی میں رومیوں نے وسیع سلطنت قایم کی تو ان کے قوانین، معاشرت، تہذیب و تمدن میں روزمرہ تبدیلیاں پیدا ہوتی گئیں اور مرکز کے اثرات ملک کے ہر حصہ پر پڑنے لگے۔ رومن ایمپائر دنیا کے $\frac{1}{30}$ حصہ پر مشتمل تھی۔ اس زمانے میں قانون بین الممالک کی حد تک ایک خاص دور پیدا ہوا۔ رومی تصور یونانی تصور سے بہت ہی مختلف تھا۔ یونانیوں کا خیال تھا کہ یونانی نسل کے لوگ، باقی تمام دنیا کے باشندوں پر مرجع ہیں لیکن رومن ایمپائر میں ایک نسل نہ تھی اس لئے ان کے تصور کا یونان سے مختلف ہونا ناگزیر تھا۔ رومی سلطنت میں بہت سی

نیم مختار ریاستیں تھیں ان سب میں مساوات تھی البتہ حورومن ایمپائر کے باہر تھے ان کے لئے صوابدید پر عمل ہوتا۔ رومن ایمپائر کا باشندہ ہونیکے لئے ہم قوم ہونا ہم مذہب ہونا یا ہم قبیلہ ہونا ضروری نہ تھا۔ برخلاف اس کے یونانیوں کا تخیل تھا کہ ہم قوم ہونے کے لئے ہم نسل اور ہم مذہب ہونا بہت ضروری تھا۔ یونانیوں کا تصور تھا کہ صرف یونانی حکومت کرنے کے لئے پیدا ہوئے ہیں اور دوسری اقوام کو ان کے ماتحت بطور غلام رہنا چاہیئے۔ لیکن رومن میں ہم کو اس قسم کا امتیاز نظر نہیں آتا۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ شہر روما کے باشندہ کو خاص مراعات حاصل تھیں لیکن جہاں تک قانون کا تعلق ہے رومی سلطنت کی رعایا میں باہم کوئی زیادہ فرق نہ تھا۔ اجنبی ممالک سے دوستی کا معاہدہ ہوتا تو شرائط معاہدہ پر عمل کیا جاتا اور اگر معاہدہ نہ ہوتا تو دشمن سمجھ کر جب موقع ملتا جان و مال کو نقصان پہونچانے میں باک نہ کیا جاتا۔

رومی زیادہ تر یونانیوں سے متاثر تھے۔ یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ روما نے اگرچہ سیاسی طور پر یونان کو فتح کر لیا تھا لیکن علمی و ذہنی حیثیت سے وہ یونان کا مفتوح تھا۔ رومن ایمپائر کا سیاسی مسلک یہ تھا کہ جو ملک وہ فتح کرے ان کو اندرونی آزادی (Internal autanomy) دیتے۔ چنانچہ اس زمانے میں ہم کو بہت سی چھوٹی چھوٹی سلطنتیں نظر آتی ہیں جو بالکل خود مختار تھیں صرف ایک چیز تھی وہ یہ کہ جب کبھی ان ذیلی حکمرانوں میں باہمی جھگڑے ہوتے تو ان کا مرافعہ رومن شہنشاہ کے پاس پیش ہوتا۔ اس کو اکثر مورخین Roman International Law کہتے ہیں لیکن یہ غلطی ہے حقیقت میں اگر Roman International Law ہوسکتا ہے تو صرف وہ قوانین ہیں جن کے ذریعہ رومی مختلف غیر رومی سلطنتوں سے اپنے تعلقات قائم رکھتے تھے۔

رومی مقننین نے دنیا کو تین حصوں میں تقسیم کیا تھا۔

(۱) رومی سلطنت (۲) معاہدہ سلطنت (۳) حربی سلطنت

رومن زمانے میں ان تینوں قسم کے علاقوں کے لئے مختلف قوانین تھے۔ قدیم رومی سلطنت میں اندرونی نظم و نسق کے لئے انتظامی قانون تھا۔ جن ممالک سے دوستی تھی ان کیلئے

قانون بین الممالک پر عمل ہوتا۔ جن ممالک سے دوستی نہ تھی ان سے قانون جنگ پر عمل ہوتا۔ تاجروں کے معاملات کے لئے عدالت قائم تھی جو ان کے مقدمات کا تصفیہ کرتی تھی۔

رومیوں نے قانون کی ترقی میں بہت بڑا حصہ لیا۔ چنانچہ آج دنیا کا ۳/۴ حصہ رومی قوانین کو اپنے نظامہائے قوانین کا سنگِ بنیاد بنائے ہوئے ہے۔ رومی زمانے میں ملکی اور غیر ملکی افراد کے باہمی نزاعات اور مناقشات کا تصفیہ کرنے کے لئے پریٹر (مفتیٔ عدالت) مقرر کئے گئے تھے جن کو پریٹر اُربانس یعنی مفتیٔ داخلہ اور پریٹر یا مفتیٔ خارجہ کہتے تھے۔ آخرالذکر غیر ملکی افراد کے لئے قانون مدون کرتا جو (Eqaily) یعنی اصول نفست پر مبنی ہوتا۔ رومی سفیر مختلف ممالک کو بھیجے جاتے تھے اور وہ سب قانون بین الممالک کے اصول پر عمل کرتے۔ اس زمانے میں اعلان جنگ کے مختلف طریقے تھے۔ جب کبھی کسی ملک سے اعلان جنگ کرنا ہوتا تو اس ملک کی سرحد پر ٹھہر کر نیزہ پھینک دیا جاتا تھا۔ نیزہ پھینکنا جنگ کا اعلان سمجھا جاتا تھا۔ جنگ وصلح کے معاملات ایک خاص مجلس کے سپرد تھے جس کو ہم College of Fetiali کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ اس جماعت میں بیس پجاری ہوتے تھے۔ یہ مجلس رومائی تمام خارجہ سیاست پر چھائی ہوئی تھی اور جنگ وامن کے تمام معاملات اس سے متعلق تھے۔ المختصر ہم کو اس کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ رومیوں نے قانون بین الممالک کے ارتقاء میں بہت بڑا حصہ لیا جس کے بعد عیسوی دور آتا ہے۔ اس دور میں بھی قانون بین الممالک کے تصورات پر گہرا اثر پڑا اور بہت سی تبدیلیاں پیدا ہوئیں۔

عیسوی دور فلسطین کے شہر بیت اللحم میں حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے۔ انھوں نے ۱۲ آدمی تبلیغ کے لئے روانہ کئے تھے جن میں ایک شخص St. Peters سینٹ پیٹر روما بھیجا گیا تھا۔ حضرت عیسیٰ کی تعلیم انتہائی محبت کے اصول پر تھی انھوں نے کہا تھا کہ دشمن سے بھی محبت کرو۔ اگر تمھیں کوئی ایک طمانچہ مارے تو دوسرا گال بھی پیش کردو۔ چونکہ یہ اصول فطرت کے منافی تھا اس لئے عیسائی اس پر عمل نہ کرسکے۔ دوسری چیز جو انھوں نے بتائی وہ یہ تھی کہ مذہب اور سیاست دو علیحدہ علیحدہ

چیزیں ہیں۔ اور پادریوں کو چاہیئے کہ سیاسی معاملات بالکلیہ بادشاہ کی مرضی پر چھوڑ دیں۔ اس کا ناگزیر نتیجہ یہ ہوا کہ عیسائی سیاست میں عیسائی مذہب کو رہنمائی کا موقع کبھی نہ مل سکا۔ عیسائیت میں خونآشامی پیدا ہونیکی سب سے پہلی وجہ یہ ہوئی کہ یہودیوں نے ان کے خدا حضرت عیسیٰؑ کو قتل کردیا تھا جسکی وجہ سے ان میں فطری طور پر یہودیوں سے نفرت پیدا ہوئی وہ اُن سب پر ظلم کرنے کے لئے تیار ہوئے جنھوں نے ان کے خدا کو قتل کردیا تھا۔

جب Constentine قسطنطین روما کا شہنشاہ ہوا تو اس نے عیسائی مذہب کو قبول کرلیا چنانچہ اب یہاں سے قانون اور عیسائیت میں ایک تعلق پیدا ہوتا ہے۔ جب حکمرانوں کا مذہب عیسائیت ہوگیا تو اب یہ سوال پیدا ہوا کہ غیر ممالک کے ساتھ کن قوانین پر عمل کیا جائے۔ چنانچہ جب انھیں اپنی مذہبی کتاب میں سیاست کے لئے احکام نہ ملے تو وہ قدیم رومی اصول ہی پر عمل کرنے لگے اور مذہب کی محبت صرف ایک کتابی اندراج ہوکر طاق نسیان پر رکھ دی گئی۔

Constentine کے بعد St. Augustine کے خیالات کا اثر عیسائیت پر پڑا۔ یہ ایک درباری پادری تھا۔ اس نے کہا کہ عیسائیت کو دنیا میں پھیلایا جائے چاہے تلوار ہی کے زور سے کیوں نہ ہو۔ اس کے خیالات کا اثر اس زمانے کے حکمرانوں پر بھی پڑا چنانچہ اب عیسائیت میں تبدیلی پیدا ہونی شروع ہوئی اور وہ مذہب جو رہبانیت کی تعلیم دیتا تھا جس کو سیاست سے کچھ تعلق نہ تھا۔ جو محبت کا اصول لیکر آیا تھا جس نے دشمن سے بھی محبت کرنا سکھایا تھا اب باقی نہ رہا۔ مذہب نے سیاست کا چولا بدلا۔ اور اب مذہب کی آڑ میں سیاسی جنگیں اپنے خاص خاص اغراض و مقاصد کے لئے لڑی جانے لگیں۔

صلیبی جنگیں

۵۷۰ء میں پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے اور آپ ۶۳ سال کی عمر شریف کو پہنچ کر اس جہان فانی سے رخصت فرما ہوئے۔ آپ کی وفات کے وقت مسلمانوں کی حکومت عرب اور جنوبی فلسطین تک اور وفات کے پندرہ سال بعد اسپین سے ترکستان تک پہنچ چکی تھی۔ مسلمانوں نے بہت سی عیسائی مملکتوں پر قبضہ حاصل کیا

جب بیت المقدس اور اسکندریہ جیسے مقدس عیسائی مرکزوں پر بھی مسلمانوں کا قبضہ ہوگیا تو عیسائیوں کو بہت ناگوار ہوا۔

عیسائیت کے مقدس شخص پوپ کا اس زمانہ میں پادریوں کے بداخلاقی کے باعث اقتدار گھٹتا جارہا تھا۔ چنانچہ اس نے اس موقع کو بہت غنیمت جانا اور مسلمانوں کے خلاف نفرت اور حقارت کے خیالات پیدا کئے۔ یہ کہنا کہ جنگ عیسائیت کے لئے لڑی گئی بالکل غلط ہے، یہ جنگ دراصل پوپ کے اقتدار کو قائم کرنے کے لئے لڑی گئی تھی۔

اسلامی دور قانون بین الممالک پر اسلام کا بہت ہی گہرا اثر پڑا۔ ہم بلاخوف تردید یہ کہہ سکتے ہیں کہ اسے ایک مستقل اسلامی مولفوں ہی نے بنایا اور صحیح معنوں میں قانون بین الممالک کی ترقی اسلامی دور ہی سے شروع ہوئی ہے۔

حضرت عثمانؓ کے زمانے میں مسلمانوں کی حکومت اسپین سے مغربی چین تک پہنچ چکی تھی۔ اس کا پایۂ تخت مدینہ تھا۔ اس اسلامی حکومت کے ساتھ ساتھ اس کا تمدن ترقی کرتا گیا جس کی بنیاد کلام مجید تھی۔ چنانچہ اسلامی قوانین کا اثر دوسرے ممالک پر بھی پڑا۔ اور لوگوں کے تصورات، خیالات، رجحانات و افکارات میں تبدیلی پیدا ہوتی گئی۔

اسپین میں مسلمانوں نے بڑے بڑے کالج قایم کئے۔ "الحمرا" اور "غرناطہ" مختلف علوم کے مراکز تھے جہاں تشنگانِ علم دور دور سے آکر اس چشمہ علم سے سیراب ہوتے گئے۔ فلسفہ ریاضی، منطق، سائنس، علم ہیئت اور مختلف علوم وفنون کی تعلیم دیجاتی تھی۔ یہ کہنا بالکل صحیح ہے جیساکہ Hoyland نے اپنی کتاب History of civilization میں اعتراف کیا ہے کہ یورپ جب جہالت و گمراہی کے دور میں ٹھوکریں کھاتا پھر رہا تھا اس وقت اسلامی تعلیمات کا سورج چمکا اور اس نے اپنی کرنوں سے یورپ کو منور کیا۔ اسلامی دور کی نمایاں خصوصیت یہ تھی کہ مسلمانوں نے زبان، نسل اور رنگ کے فرق کو بالکل اٹھا دیا تھا۔ انھوں نے یہ تعلیم دی کہ "بنی آدم اعضاء یک دیگر اند" انھوں نے مساوات کی تعلیم دی اور تمام بنی نوع انسان کو ایک رشتہ اتحاد و محبت

میں منسلک کردیا۔ انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام دنیا کے مسلمان ایک وحدت رکھتے ہیں مسلمانوں کے پاس اپنوں اور دوسری اقوام کے لئے کوئی الگ الگ قانون نہ تھا وہ صرف قرآن مجید کے احکام پر عمل کرتے تھے جو ہمیشہ انصاف کرنے کا حکم دیتا ہے انھوں نے کہا کہ دنیا کی تمام سلطنتیں آپس میں مساوات رکھتی ہیں۔ انھوں نے زبان، نسل، مذہب و رنگ کے فرق کو بالکل مٹادیا۔ ان کے پاس مہذب و غیر مہذب کا کوئی فرق نہ تھا۔ ہم بلاخوف تردید یہ کہہ سکتے ہیں کہ قانون بین الممالک کو اگر کسی نے ترقی دی ہے تو وہ صرف مسلمان قوم ہی ہوسکتی ہے۔

سب سے پہلی شخصیت جس نے سب سے پہلی کتاب قانون بین الممالک پر لکھی وہ حضرت امام ابوحنیفہؒ کی ہے جنکی وفات ۱۵۰ھ میں ہوئی۔ انھوں نے سیر کے نام سے مختلف لیکچر دئے تھے۔ ان کی اصلی کتاب اس وقت نہیں ملتی البتہ ان کے خیالات پر ہمعصروں کے اعتراضات اور ان کے جوابات دئے گئے ہیں وہ ان کے شاگرد ابو یوسف نے جمع کئے ہیں۔ ایک اور مؤلف سرخس ہیں جنھوں نے امام ابوحنیفہؒ کے شاگرد امام محمد شیبانی کی کتاب سیر کبیر کی شرح لکھی ہے۔ یہ یاد رہے کہ مسلمانوں کے ایک ہزار سال بعد اس فن کو ایک علیحدہ فن کی حیثیت دی گئی اور اس کے بعد بہت سے یورپی مفکرین مثلاً دانتے میکاویلی ایالا پنٹلس، اور گروشس نے اس مضمون پر جو کتابیں لکھی ہیں وہ اسلامی مولفوں کے خیالات سے بہت کچھ متاثر ہیں اور ان یورپین وسیلی کے اسلامی مدرسوں میں سیکھی ہوئی باتوں ہی کا نامکمل خلاصہ ہیں فقط

قاضی سید غلام خالق نواز بی۔اے (عثمانیہ)

متعلم ال۔ ال بی (آخری)

پھولوں کی ڈالی

ننھی ننھی شاخوں پر ہیں اُجلے اُجلے پھول
یا پتوں کی اس پر جا پر اُترے ہیں پاک رسول

سونا جیسے رنگت انکی، بجلی جیسا روپ
ان کے مکھ پر چھائی دیکھو پیلی پیلی دھوپ

سبزہ جیسے نیلا منڈل، کلیاں جیسے تارے
سُندر جل پر اُڑتے ہیں کچھ چاندی سی فوارے

ڈالی جیسی پیاری دلھن، ہنس مکھ اور دلدار
جھک کر جلوہ دیتی ہے، پھولوں کا پہنے ہار

پیشانی پر افشان ہے، اور کلیاں گیسو میں
بسا ہوا ہے گلشن سارا جس سے خوشبو میں

پی کر امرت گلشن کا، جب جھولا یہ جھولے
مانو اپنا دکھیا من بھی، دکھ کی بپتا بھولے

آؤ سکھی اس ڈالی کو، اپنے سینے لگائیں
اس مرجھائی دنیا میں پھر اپنا جیون پائیں!

باقی

خاکہ اُڑانا

خاکہ اُڑانا (Caricature) وہ مستقل فن ہے جس کے ذریعہ کسی شخص یا چیز یا کسی واقعہ کی نمایاں خصوصیت کو تصویر، تحریر یا بیان کے ذریعہ اس طرح اُجاگر کرنا کہ دل سے ایک سرد آہ نکل جائے یا ہونٹوں پر بے ساختہ ہنسی دوڑ جائے ۔ وہی خاکہ کامیاب ہوگا جس کے دیکھتے ہی خاکہ اُڑانے والے کا مقصد فوراً سمجھ میں آجائے ۔ خاکہ میں نرالا پن اور اچھوتا پن ہونا ضروری ہے ۔

یہ فن موجودہ زمانہ میں نہایت وسیع ہو چکا ہے ۔ زندگی کا کوئی پہلو ایسا نہیں جسے خاکہ اڑانے والا اپنے دلچسپ انداز میں ہنسی، مذاق، ہجو یا ملامت کا نشانہ نہ بنا سکے حقیقت میں یہ اتنا ہی وسیع ہے جتنا کہ انسانی زندگی ۔ لیکن خاکہ نویس عام طور پر سیاسی مسائل، معاشی کمزوریوں سماجی برائیوں اور مشہور شخصیتوں کی ذاتیات اور ان کے اعمال پر اس طنزیہ طریقہ سے چوٹ لگاتے ہیں کہ اس سے ایک اصلاحی پہلو بھی نکل آتا ہے ۔ ایسا بھی ہوا ہے کہ بعض کام جو لمبی چوڑی تقریروں، بڑے بڑے مضامین، سیاسی، مذہبی اور اصلاحی انجمنوں سے ہو نہ سکے انہیں ایک طنزیہ چوٹ نے ایک مضحکہ خیز تصویر نے فوراً پورا کر دکھایا ۔ خاکہ اُڑانا ہر شخص کا کام نہیں ۔ نقاشی کے اصول سے زیادہ نفسیات پر عبور رکھنا ضروری ہے ۔ ورنہ نقش بیکار اور ہجو بے معنی ہو جاتی ہے ۔

اس عجیب و غریب فن کی ابتدا یونان سے ہوتی ہے ۔ ارسطو، ارسطافینس اور

پلینی نے اپنی کتابوں میں یونانی خاکہ نویسوں مثلاً پازان، باپالس اور اتھینس کا ذکر کیا ہے۔ جنھیں اس فن کی وجہ سے بڑی مصیبتیں اُٹھانی پڑیں۔ باپالس اور اتھینس نے ملکر ایک مشہور یونانی شاعر ھیپونکس کی تصویر نہایت مذاقیہ انداز سے کھینچی۔ شاعر نے ان دونوں کے خلاف ایک ایسی ہجو نظم کہی کہ اُنہیں پھانسی لینی پڑی۔

انگلستان میں سب سے پہلے سر تھامس برون نے اس لفظ کو استعمال کیا اور پھر اڈیسن نے اپنے مشہور رسالہ "اسپکٹیٹر" میں۔ خاکے دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک ادبی دوسرے مصورانہ۔ ادبی خاکوں کے لحاظ سے اٹھارویں صدی کا نی مشہور ہے۔ سیوفٹ نے Gulliner's Travels) کے ذریعہ انسانی بیچارگی اور بڑائی کے تصورات کی جس انداز میں قلعی کھولی ہے وہ عبرت ناک ہے۔ اسمالٹ اور ہنری فیلڈنگ نے ناولوں کے ذریعہ بھی کام انجام دیا۔ پوپ نے شاعری کے ذریعہ اپنے زمانہ کی برائیوں اور اپنے ہم زمانہ لوگوں کی خوب لے دے کی۔ اُس زمانہ میں فوٹ، ھاگارتھ اور گلرے کے خاکوں کی بڑی شہرت ہوئی۔ چند برسوں کے بعد مصورانہ خاکے ادبی خاکوں سے زیادہ مقبول ہوئے۔ مصورانہ خاکوں میں عام طور پر بیوپار کرنے والوں، بینک والوں، وکیلوں اور پارلیمانی لوگوں کا مضحکہ اڑایا جاتا تھا مثلاً ایک خاکے میں نقاش نے انگلستان کے ایوان عام کا منظر اس طرح دکھایا ہے۔

کہ جناب صدر کرسی صدارت پر جلوہ افروز ہیں۔ مگر اس طرح کہ انھیں جمائی پر جمائی آرہی ہے۔ نیند کا یہ عالم ہے کہ جھونکے پر جھونکے کھا رہے ہیں۔ جب کرسی سے سر ٹکراتا ہے تو بیدار ہو جاتے ہیں اور خفت مٹانے یا بیداری کا اظہار کرنے میز پر تین چار ہاتھ مار بیٹھتے اور "آڈر آڈر" چیختے ہیں۔ کرسی صدارت سے دور ایوان کے ایک کونے میں نقاش نے دو اراکین کو بتایا ہے۔ جو آپس میں گھوڑ دوڑ کے متعلق گفتگو فرما رہے ہیں۔ دوسرے کونے میں دو حضرات اپنی گھر والیوں بچوں اور بچیوں کی بابت بات چیت کر رہے ہیں۔ ایک جگہ پر تو لوگ ایوان کی کارروائیوں سے بیزار ہو کر سو رہے ہیں۔ دوسری جگہ فیشن کے اہم سوال پر

بڑی گرم بحث چھڑ گئی ہے جس کے نتیجہ کے طور پر ایک کا ہاتھ دوسرے کے کالر پر اور دوسرے کا تیسرے کی گردن پر ہے۔ ان جماعتی خاکوں کے علاوہ چھوٹے چھوٹے خاکوں اور انفرادی نوعیت کے خاکوں کا رواج بھی عام ہوگیا۔ غرض اس قسم کے خاکوں سے لوگوں میں بڑی دلچسپی پیدا ہوگئی اور اُنکی مانگ آہستہ آہستہ بڑھنے لگی۔ لیکن سیاسی نوعیت کے خاکے اب بہت عام ہونا شروع ہوئے چونکہ اس زمانہ میں جماعتی کشمکش بہت تیز ہوچکی تھی اور لوگ اپنے مخالفوں اور دشمنوں کے مضحکہ خیز خاکے کھنچواتے اور خوش ہوتے تھے۔

خاکہ نویسی کا فنی اصول یہ ہے کہ قلم کی دو چار لکیروں سے کسی فرد یا جماعت یا کسی واقعہ کی سب سے نمایاں خوبی یا کمزوری کو نہایت اختصار یا نہایت مبالغہ کے ساتھ پیش کیا جائے۔ اگر ایک شخص کے خدوخال ٹھیک اوسی طرح اُتارے جائیں جس طرح کہ وہ اصل میں ہے تو پھر اُس خاکے میں کچھ لطف نہیں۔ اگر اس طرح اُتارے جائیں کہ اس شخص میں اور اُس خاکے میں مشابہت عیاں نہ ہو تو وہ نہ صرف غیر اصولی ہے بلکہ غیر فطری بھی۔ خاکہ دیکھنے والے کو یہ احساس ہونا چاہئے کہ نقش میں اور اصل میں مشابہت کے کچھ نقوش موجود ہوں ——

یہ نقوش اور یہ اجزا خواہ بالکل خیالی ہوں یا اُن کی بنیاد قطعی طور پر مبالغہ پر ہو اس سے خاکہ نویس کو کچھ سروکار نہیں۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ خاکہ نویس کسی واقعہ کو لکیروں کے ذریعہ ہماری آنکھوں کے سامنے اس طرح پیش کرتا ہے کہ خاکہ میں اور اس واقعہ میں جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے بظاہر کوئی مشابہت نہیں پائی جاتی۔ لیکن خاکہ نویس اس نازک خیالی سے خاکہ پر کام کرتا ہے کہ اُسے دیکھتے ہی خیال فوراً اُس شخص یا واقعہ کی طرف خود بخود رجوع ہوجاتا ہے۔

ایک ماہر فن خاکہ نویس کسی شخص یا واقعہ کا خاکہ اُتارنے سے پہلے اپنے موضوع کے وہ تمام اجزا ذہن سے خارج کردیتا ہے جو دوسرے اشخاص یا دوسرے واقعات میں بھی پائے جاتے ہوں۔ اب وہ اپنے موضوع کی نہایت واضح اور نہایت نمایاں خصوصیات کو

ٹٹولنا شروع کرتا ہے ۔ یہ خصوصیات معلوم ہونے کے بعد وہ انتخاب سے کام لیتا ہے اور صرف اسی انفرادی اور ذاتی خصوصیت کو چن لیتا ہے جو اس شخص کی زندگی کا نہ مٹنے والا جزیا اس واقعہ کی حقیقی روح ہے ۔ اب وہ پنسل یا سیاہی کی لکیروں سے اس خصوصیت کو اس طرح ابھارتا ہے اور اس پر اس شدت کے ساتھ زور دیتا ہے کہ ہر شخص اس کے اصل مقصد کو سمجھ جاتا ہے یہ اس کے اختیار میں ہے کہ وہ اس خصوصیت کو بہت بڑھا کر بتائے یا اتنا گھٹا کر دکھائے کہ ——— صرف اس بڑھنے اور گھٹنے سے وہ واضح طور پر نمایاں ہو جائے اگر ایک موٹا شخص عقل سے معذور ہے تو اس فن کا جاننے والا اس کا خاکہ اس طرح پیش کریگا کہ وہ پہلے تو ایک بہت بڑے ڈیل ڈول کے انسان نما پہاڑ کو اتارے گا اور اس پر ایک نہایت چھوٹے سر کو رکھدیگا ۔

اگر مولانا کی نگاہ کسی ایسے شخص پر پڑھ جائے جو ذہن کے تو بڑے تیز ہیں لیکن جسمانی اعتبار سے نہایت کمزور تو پھر انکی خیر نہیں ۔ ان کا قلم فوراً ایک ایسے خاکہ کی طرف بڑھے گا جسمیں ایک بہت بڑا سر دبلے پتلے پاؤں پر لاد دیا گیا ہو ۔ آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ دو دو ہاتھ آگے نکلی ہوئی ناک، شتر مرغ کی طرح پتلی ٹانگیں، ڈھول کی طرح پھولا ہوا پیٹ ——— یہ سب موضوع کی وہ خصوصیات ہیں جنھیں فن کار نہایت واضح طور پر اور مذاقیہ پیرایہ میں آپکے سامنے پیش کرنا چاہتا ہے ۔

خاکہ اور کارٹون میں بڑا لطیف فرق ہے ۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ یہ ایک دوسرے سے ملا دئے جاتے ہیں حالانکہ یہ جدا جدا فن ہیں ۔ کارٹون بنانے والا اس کی کوشش کرتا ہے کہ نقش دیکھتے ہی موضوع کے متعلق تمام واقعات اور حالات فوراً ذہن میں آجائیں ۔ کارٹون کی خوبی اس میں ہے کہ دیکھنے والا نہایت آسانی سے ایک ہی نظر میں ان تمام کیفیات کو تاڑ لے جو اس خاکہ کا باعث ہوئے ہیں ۔ ان کیفیات کو اس سادہ انداز اور اس قوت بیان کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے کہ نقش کا مرکزی خیال فوراً سمجھ میں آجاتا ہے ۔ برخلاف

کارٹون کے خاکہ میں اثر پر زور دیا جاتا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ خاکہ میں بھی کسی نہ کسی کیفیت کو ظاہر کیا جاتا ہے لیکن اس میں واقعہ یا کیفیت کے کسی خاص حصہ یا کسی خاص جز کو بے حد نمایاں کیا جاتا ہے ۔ یعنی کارٹون میں اگر خیال کو اہمیت دی جاتی ہے تو خاکہ میں " اثر " پر زور دیا جاتا ہے ۔ ان دونوں میں جو چیز ملی ہوئی ہے وہ طنز اور ہجو کا بے پناہ جذبہ ہے ۔ اس کے بغیر نہ کارٹون مکمل ہوسکتا ہے اور نہ خاکہ ۔

سیاسی خاکوں کی ابتدا کا سہرا جارج ٹاون شینڈ کے سر ہے جو بعد میں مارکوئیس ہوگئے ۔ انھوں نے کارڈس پر اپنے زمانہ کے بعض بڑے لوگوں مثلاً ڈیوک آف کمبرلینڈ لارڈ لٹلٹن اور لارڈ بیوٹ جیسے لوگوں کے خاکے کھینچے جنھیں دیکھ کر لوگ بے تحاشہ ہنس دیتے اور پھر غضب یہ کہ یہ خاکے ایک مقام سے دوسرے مقام ایک گھر سے دوسرے گھر بھجوائے گئے ۔

یہ دلچسپ فن اٹھارویں صدی میں انگلستان کی سیاسی، سماجی اور درباری زندگی کے مختلف پہلوؤں اور بڑی بڑی شخصیتوں کی کمزوریوں کی طرف نہایت بے باکی سے متوجہ ہوتا ہے ۔ اس زمانہ کے بہت سے رسالوں مثلاً لندن میوزیم، پولٹیکل رجسٹر، اکسفرڈ میگزین اور خاص طور پر ٹاون اور کنٹری میگزین نے اپنے آپ کو خاکوں کے لئے وقف کردیا ۔ یہ رسالے کسی کی خانگی زندگی پر ہنستے اور ہنسانے سے رُکتے تھے اور نہ سرکاری زندگی کو نشانہ ملامت بنانے سے چونکتے تھے ۔ ان سے سیاسی اور بڑے بڑے درباری بھی ڈرتے تھے ۔

خاکہ نویسی میں جدید رجحانات کی ابتدا ایک مشہور فرانسیسی نقاش چارلس فلیپان سے ہوتی ہے ۔ اس نے اپنے مختلف اخبارات ۔ Le Journal ' Le Charinar اور La Caricature کے ذریعہ نئے خیالات اور نئے قسم کے خاکے پیش کئے ۔ فلیپان سے پہلے کے نقاشوں نے خاکے کا واحد مقصد پبلک لوگوں کی خانگی زندگی، انکی

صورت و شکل ان کی حرکتوں اور عادتوں کو بیرحمی کے ساتھ عوام کے سامنے پیش کرنا قرار دیا تھا۔ ان کے پاس خاکہ کی بحیثیت ایک فن کے کوئی حیثیت نہ تھی۔ وہ صرف مخالفت کی خاطر پیسہ پیدا کرنے کے لئے خاکے اُتارتے تھے لیکن اس شخص نے خاکوں میں فنی خوبصورتی کی تلاش پر زور دیا۔ اس کی تعلیمات کا یہ اثر ہوا کہ بہت سے فرانسسی، جرمن، ہسپانوی اور انگریز خاکہ نویسوں نے خاکہ کے فنی پہلو پر زیادہ زور دینا شروع کیا۔

انگلستان میں خاکہ نویسی کے ذوق کی اصلاح میں پنچ کا بہت بڑا حصہ ہے۔ یہ پرچہ تقریباً (۱۰۰) سال سے نہایت ذمہ داری کے ساتھ خاکہ نویسی کے فرائض انجام دے رہا ہے۔ اس کی نمایاں خصوصیت اوسط طبقہ کے تعصبات کی نقاشی اور زندگی کے ہر ظریفانہ اور مذاقیہ پہلو کی تشریح ہے۔ انگلستان کے بہت سے ظرافت نگار مصوروں اور خاکہ نویسوں مثلاً چارلس بیکن، رچرڈ ڈائل، فل لے، لیچ، سر برنارڈ پاٹرچ، سر جان ٹینیل، ال ریون حل نے اس پرچے کو اپنی کوششوں سے مشہور کردیا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ دوسرے خاکہ نویس رسالوں مثلاً جوڈی، سرفلائی، آئیڈلر، ٹم، اور مون شائین نے اس فن کی دلچسپیوں میں کافی اضافہ کیا لیکن پنچ کے مقابلہ میں انکی کوششیں معمولی ہیں۔

انگلستان کا وہ مشہور خاکہ نویس جس نے اس فن میں عالمی شہرت حاصل کی وہ Max Beerbohm ہے۔ میکس کے خاکے تعداد میں زیادہ اور فنی خوبی میں بے مثل ہیں۔ اس کے خاکے انگلستان کے مشہور رسائل ——— اسٹانڈرڈ میگزین، پک میں اپ، دانیٹی فیر اور دی بلو پک مین چھپ چکے ہیں۔ میکس اصل میں ایک فطری خاکہ نویس ہے۔ نہ صرف خاکہ نویس ہے بلکہ ماہر نفسیات بھی۔ اس میں لوگوں کے مزاج اور انکی شخصیت کو سمجھنے کی غیر معمولی صلاحیت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے خاکے موضوع کی نفسیات کو قوت اور وضاحت کے ساتھ ہمارے سامنے پیش کرتے ہیں۔ ان خاکوں کے ذریعہ وہ بڑے لوگوں کی برائیوں کو نہیں بلکہ کمزوریوں کو پیش کرتا ہے تاکہ وہ سبق لیں اور ملک کی صحیح خدمت انجام دے سکیں۔

میکس کے ہم زمانہ لوگوں میں ایوانس اور ڈیولک نے بھی کافی شہرت حاصل کی۔

جنگ عظیم کے زمانہ میں خاکہ نویسی کو بڑا عروج ہوا۔ بعض ملکوں میں تو اس فن کی سرکاری سرپرستی ہونے لگی۔ سپاہیوں کو فوج میں بھرتی کرنے، میدان جنگ میں اپنے لوگوں کی بہادری دکھانے اور دشمنوں کی بزدلی بتانے کے لئے اسے خاص طور پر استعمال کیا گیا۔ اس زمانہ میں خفیف سی مسکراہٹ یا ہنسی کی لہر جو ان خاکوں سے پیدا ہوتی بڑی غنیمت سمجھی جاتی ہے جرمنی کے مشہور ظرافت نگار اخبار Simplicissimus نے اس زمانہ میں بڑے دلچسپ خاکے پیش کئے جو سخت طنزیہ چوٹ، بیرحمانہ مذاق اور فنی خوبی کے لحاظ سے کافی مشہور ہیں۔

جنگ عظیم کے بعد خاکہ نویسی کی نوعیت میں تھوڑی سی تبدیلی ہوگئی۔ بین قومی تعلقات کی وجہ سے خاکوں میں اب وہ ہجو اور تلخی نہ رہی جو جنگ کے زمانہ میں پائی جاتی ہے پہلے اگر خاکہ نویس زیادہ تر سیاسیات میں الجھے رہتے تو اب تجارت، صنعت و حرفت، معاشرت اور دوسرے امور کی طرف انکی توجہ منتقل ہوگئی۔ بہت سی تجارتی اور صنعتی کمپنیوں نے اپنی چیزوں کو مشہور کرنے کے لئے خاکہ نویسی سے کام لینا شروع کیا۔ یہ خاکے پوسٹروں، پرچوں اور دوسرے اشتہارات سے بھی زیادہ دلچسپ اور فائدہ مند ثابت ہوئے۔ سیاسیات سے دلچسپی رکھنے والے خاکہ نویسوں کی توجہ اب زیادہ تر پارلیمانی کارروائیوں کی طرف مبذول ہوگئی۔ ایوان عام اور ایوان خاص اور رائل اکیڈیمی کے متعلق معلومات آفرین خاکے کھینچنے والوں میں مسٹر فریز، مسٹر ای وی ایڈ اور سر اف سی گولڈ نے بڑا امتیاز حاصل کیا۔ اور مسٹر سامبورن نے تو اس فن میں کمال کردیا۔ جنگ عظیم کے بعد جہاں بہت سی نئی چیزیں مان لی گئیں وہاں مردوں اور عورتوں کی مساوات کو بھی تسلیم کرلیا گیا۔ زندگی کے ہر شعبہ میں عورتوں کو جگہ دی جانے لگی۔ یہاں تک کہ پولس اور فوج میں بھی ان کی بھرتی کا سوال اٹھایا گیا۔ خاکہ نویس کی تیز نگاہیں انگلستان میں عورتوں کی پولس کے منظر کو نہایت شوخی سے دیکھ رہی تھیں۔ خیال کا آنا تھا کہ "زنانہ پولس" کے عنوان سے پنچ نے ایک خاکہ پیش ہی کردیا۔

اس خاکہ میں ایک حسین اور جمیل لڑکی کو جو راستہ پر پولس کے لباس میں انتظام کرتے دکھایا گیا ہے ۔ ادھر تو یہ حسین دوشیزہ مصروف انتظام رہتی ہے اور ادھر بدانتظامی، پریشانی اور گھبراہٹ کے تمام سامان خود بخود پیدا ہو جاتے ہیں ۔ ایک راستہ پر دو نوجوان پولس والی کو دیکھتے ہی آپے سے باہر ہو جاتے ہیں ۔ ایک کے سینہ سے سرد آہیں نکل رہی ہیں آنسوؤں کا دریا بہہ رہا ہے اور گریبان تار تار ہے ۔ اور دوسرا ایک ہی نظر میں "ہائے غضب" کہتا ہوا سڑک پر بسمل کی طرح لوٹ جاتا ہے ۔ دوسرے راستہ پر بڑی عمر کے لوگ نہایت مسرت کے ساتھ پھولوں کے گلدستے پیش کرنے بڑھتے ہیں ۔ لیکن اس سوال پر کہ پہلے کون پیش کرے لڑ مرتے ہیں ۔ تیسری طرف چند بے فکروں کا ایک گروہ سونے کے قریطہ میں رکھا ہوا اور پس و پیش کرتے پولس والی کی طرف بڑھتے ہیں اور راستہ بند ہو جاتا ہے ۔ چوتھی طرف دو ڈرائیور بجائے راستہ دیکھنے کے پولس والی کو گھورتے رہتے ہیں اور انکی موٹریں آپس میں بری طرح سے ٹکراتی ہیں ـــــ یہ تھا وہ منظر جو خاکہ نویس نے عورت پولس سے وابستہ کیا تھا ۔ اب آپ ہی خیال کر سکتے ہیں کہ کون شخص اس خاکہ کو دیکھنے کے بعد زنانہ پولس کی تائید کیا ہوگا ۔

ممالک متحدہ امریکہ میں جس شخص نے بحیثیت ایک مشہور خاکہ نویس کے شہرت حاصل کی وہ تھامس ناسٹ ہے ۔ حقیقت میں ناسٹ کا فن امریکی سیاسیات کی خاکہ نویس کا مجموعہ ہے ۔ چودھویں سال سے اس نے اس پیشہ کو اختیار کیا ۔ پہلے تو وہ "لیزلی ویکلی" میں کام کرتا رہا ۔ اس کے بعد ہارپرس ویکلی کے ذریعہ آخر وقت تک سیاسیات کے بعض پیچیدہ مسائل کو صاف کرتا رہا ۔ اس کے خاکوں کی سیاسی اہمیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ممالک متحدہ امریکہ کے صدر ابراہیم لنکن جب دوبارہ صدارت کے لئے کھڑے ہوئے تو ایک سیاسی جماعت نے انکی سخت مخالفت کی ۔ ناسٹ نے اس سیاسی جماعت کے خلاف ایسے تیز طنزیہ، مضحکہ خیز اور عبرت دلانے والے خاکے کھینچے کہ اس جماعت کو زک اٹھانی پڑی ۔ امریکہ

کی سیاسیات اصل میں دو مشہور جماعتوں ڈموکراٹک پارٹی اور ری پبلک پارٹی کے ہاتھوں میں ہے۔ ڈاموکراٹک جماعت کے لوگوں نے جب ہفتہ وار مذاقی پرچہ Puok جاری کیا تو مقابل جماعت نے جواب کے طور پر ایک طنزیہ ہفتہ وار پرچہ Judge کے نام سے جاری کیا۔ ان دونوں پرچوں کی چوٹیں بڑی دلچسپ ہیں اور ان سے امریکہ والوں کے سیاسی رجحانات کا کافی اندازہ ہوسکتا ہے۔ سیاسیات سے بالکل علیحدہ رہ کر J. A. Mitchell نے خاکوں کے لئے ایک پرچہ Life جاری کیا۔ یہی وہ مشہور پرچہ ہے جس کے ذریعہ امریکہ کے بلند خیال خاکہ نویس گیبن نے امریکی عورتوں کی زندگی کے نمونوں کو خاکوں اور نقشوں کے ذریعہ تمام دنیا میں مشہور کردیا۔ گیبن نے اگر امریکی عورتوں کی طرف خاص توجہ کی تو اے۔ بی۔ فراسٹ نے غریبوں کی زندگی کی خاکہ نویسی کو اپنے فن کا موضوع بنالیا۔ اس طرح اس نے اپنے ملک والوں کی بڑی خدمت انجام دی۔ امریکہ کے دوسرے خاکہ نویسوں میں اری باڈرس کلاں اینجل اور آرسی سرین خاص طور پر مشہور ہیں۔

موجودہ زمانے کے خاکہ نویسوں کی صلاحیت اور فن دانی کا اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ انھیں اپنے موضوعات کے متعلق نہایت تفصیلی معلومات ہوتی ہیں۔ وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ موضوع کی ناک کی کیا لمبائی ہے۔ کان کتنے چوڑے ہیں گال کتنے پچکے ہوئے ہیں۔ سر کتنا بڑا ہے۔ پیٹ کتنا پھیلا ہوا ہے۔ وزن کیا ہے قد کیا ہے ——— قلم کی چند حرکتوں سے آج وہ کسی سماجی رجحان یا بین قومی صورت حال کو اس وضاحت، صفائی اور دلچسپی کے ساتھ ہمارے سامنے پیش کرتے ہیں کہ بغیر کسی کتاب، رسالہ یا اخبار کے طویل مضامین پڑھے ہم موجودہ حالات اور رجحانات سے اچھی طرح واقف ہوجاتے ہیں ——— اور پھر اس طرح کہ ہمارے ہونٹوں پر ہنسی اور جسم میں گدگدی محسوس ہوتی ہے۔ اس فن کی اثر پذیری اور قوت کا یہ عالم ہے کہ

بڑے بڑے بہادر، اعلیٰ درجے کے سیاس، مشہور مقرر اور بڑے بڑے مدبر خاکہ نویسوں سے اس طرح ڈرتے ہیں جس طرح کہ لوگ شیطان کے سایہ سے۔ اور ساتھ ہی اس کی کوشش بھی کرتے ہیں کہ اپنے اعمال اور افعال سے کوئی کام ملک اور قوم کے مفاد کے خلاف نہ کریں جس سے خاکہ نویسوں کے لئے خود موضوعِ مذاق، ہجو یہ طنز بنجائیں۔ خاکے رائے عامہ میں بہت آسانی سے تبدیلیاں پیدا کرتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مضامین، تقاریر اور سینما سے یہ زیادہ جلد، دلچسپ اور موثر طریقہ پر اپنا مقصد مزاحیہ پیرایہ میں پورا کرتے ہیں۔

محمد بن عمر ام اے (عثمانیہ)
لکچرار انگریزی گلبرگہ کالج
و سابق صدر انجمن اتحاد جامعہ عثمانیہ

تُو اور میں!

گلشنِ ہستی کا سارا جوش ہے تیرے لئے
دامنِ گل نوخیز کا آغوش ہے تیرے لئے
ذرّہ ذرّہ میکدہ بردوش ہے تیرے لئے
اور فطرت کی تغافل کوشیاں میرے لئے!

کیف آگیں ہر سنہری شام ہی تیرے لئے
مہ بدامن چرخ نیلی فام ہی تیرے لئے
روح پرور زندگی کا جام ہی تیرے لئے
اور شبنم سی سرشک افشانیاں میرے لئے!

چشمِ حیرانِ ثریا باز ہے تیرے لئے
رنگ میں ڈوبا ہوا ہر ساز ہی تیرے لئے
تارِ ہستی زمزمہ پرداز ہے تیرے لئے
اور سازِ غم کی نوحہ زائیاں میرے لئے!

کہکشاں ظلمت میں جلوہ بار ہے تیرے لئے
آبشارِ نغمہ، نغمہ بار ہے تیرے لئے
فرقِ دل ہر لحظہ سجدہ بار ہے تیرے لئے
اور چشمِ تر کی دریا باریاں میرے لئے!

بزمِ تاروں کی مسرت ریز ہے تیرے لئے
خامشی راتوں کی کیف انگیز ہے تیرے لئے
جامِ فطرت حسن سے لبریز ہے تیرے لئے
اور قدرت کی کرشمہ سازیاں میرے لئے!
جامِ ہستی کی شرابِ ناب ہے تیرے لئے
ساز ہے تیرے لئے مضراب ہے تیرے لئے
زندگانی ایک رنگین خواب ہے تیرے لئے
اور گرمِ جستجو بربادیاں میرے لئے!

علی احمد بی۔اے (عثمانیہ)

اکبر کے زمانے میں
ہندوستان کے اوزان پیمانے اور سکے

موجودہ زمانے کی طرح اکبر کے زمانے میں بھی ہندوستان کی یہ نمایاں خصوصیت تھی کہ یہاں معیاری وزنوں کے ساتھ ساتھ مختلف قسم کے غیر معیاری وزن کثیر تعداد میں استعمال کئے جاتے تھے۔ حکومت کی جانب سے مقرر کئے ہوئے وزنوں کا استعمال زیادہ تر ایسے علاقوں میں ہوتا تھا جو حکومت کے صدر مقام سے قریب ہوتے تھے۔ شہروں سے دور، مختلف دیہاتوں میں کئی قسم کے وزن استعمال کئے جاتے تھے۔ شمالی ہند میں "من" جو عام طور پر استعمال کیا جاتا تھا اس کا وزن تقریباً ۲۸ یا ۲۹ پونڈ (ایک پونڈ = ۱۶ اونس) بتلایا جاتا ہے۔ اکبر نے ایک "من" کا وزن چالیس سیر مقرر کیا۔ تخمینہ کیا گیا ہے کہ اس من کا وزن تقریباً ۵۶ پونڈ (ایک پونڈ۔ ۱۶ اونس) کے مساوی ہوتا تھا۔ دار السلطنت کے اطراف واکناف میں یہی "من" استعمال کیا جاتا تھا لیکن سلطنت کے دور دراز حصوں میں اس کا رواج نہ تھا۔ سورت اور کیمبے کی بندرگاہوں میں عام طور پر دو طرح کے من استعمال کئے جاتے تھے۔ ایک چھوٹا من کہلاتا تھا اور دوسرا بڑا من۔ چھوٹے من کا وزن (۲۷) پونڈ اور بڑے من کا (۳۳) پونڈ تخمینہ کیا گیا ہے۔ جنوبی ہند میں لوگ جس من سے واقف تھے اس کا وزن (۲۰) اور (۳۰) پونڈ کے مابین گھٹتا بڑھتا رہتا تھا۔ لیکن جنوبی ہند میں وزن کی جو اکائی بہت زیادہ استعمال کی جاتی تھی وہ کھنڈی کہلاتی تھی۔ مقامات کا لحاظ کرتے ہوئے اسکا وزن بھی

بدلا ہوا ہوتا تھا۔ لیکن اندازہ لگایا گیا ہے کہ اس کا وزن (۵۰۰) پونڈ کے لگ بھگ ہوتا تھا تجار کا بھی بار بار حوالہ دیا جاتا ہے۔ یہ ایک غیر ملکی اکائی تھی جسے عربوں نے بحرۂ ہند کے طول و عرض میں جاری کیا تھا۔ اس کا وزن تجارتی رسم و رواج کے مطابق جو مختلف اشیاء کی فروخت سے متعلق ہوتے تھے، گھٹتا بڑھتا رہتا تھا۔ لیکن عام طور پر وہ کھنڈی سے کم ہوتا تھا۔ اس زمانے کے یورپی مصنفین نے قنطار کا بھی حوالہ دیا ہے جس کا وزن (۱۳۰) پونڈ کے برابر ہوتا تھا۔

وزنوں کی طرح پیمانوں کا بھی کوئی مقررہ معیار نہ تھا۔ مختلف مقامات میں مختلف نوعیت کے پیمانے استعمال کئے جاتے تھے۔ شمالی ہند میں طول کی اکائی گز تھی۔ لیکن اس میں بھی اختلاف پایا جاتا تھا۔ اکبر نے ایک گز جاری کیا جسے الٰہی گز کہتے تھے۔ اس کا طول ۳۰ ۳/۴ انچ کے مساوی تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس کا استعمال زیادہ تر صرف شمالی صوبوں میں ہوا کرتا تھا مغربی ساحل کے تجارتی مرکزوں میں اس کا استعمال رائج نہ تھا۔ ان حصوں میں جملہ کاروبار کوّاد کے ذریعہ انجام پاتے تھے۔ تجارتی مال کی نوعیت کے لحاظ سے کوّاد کا طول بھی بدلا ہوا ہوتا تھا۔ یہ پیمانہ سوتی کپڑے کے لئے تقریباً ۲۶ انچ اور اونی کے لئے تقریباً ۳۵ انچ کا ہوا کرتا تھا۔ بتلایا گیا ہے کہ سوتی کپڑے کے لئے اس کا طول تقریباً (۲۶) انچ تھا اور اونی کپڑے کے لئے اس سے بھی زیادہ یعنی ۳۵ انچ ہوتا تھا۔)

اکبر کے زمانہ میں وزنوں اور پیمانوں کی طرح سکّے بھی مختلف نوعیت کے ہوتے تھے۔ نہیں ہم تین حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں (۱) سونے کے سکّے (۲) چاندی کے سکّے (۳) تانبے کے سکّے اور کوڑیاں۔

سونے کے سکّے | سہنسہ: یہ ایک سونے کا گول سکّہ ہوتا تھا جس کا وزن ۱۰۱ تولے ۹ ماشہ ستارخ ملایا گیا ہے۔ اس کی قیمت (۱۰۰) لعل جلالی کے برابر تھی۔ سکّے کے بیچ میں اکبر کا نام کندہ ہوتا تھا اور کناروں پر یہ عبارت کندہ ہوتی تھی "السلطان الاعظم الخاقان المعظم خلد اللہ ملکہ وسلطانہ ضرب فی الخلافت آگرہ"۔ سکّے کے دوسری جانب درمیانی حصّہ میں کلمہ طیبہ اور "ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب" کندہ ہوتا تھا اور چاروں طرف حضرات چہار خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے

اسمائے گرامی کندہ ہوتے تھے۔ بعد میں سکّے کے ایک طرف یہ عبارت بڑھائی گئی تھی "افضل دینار ینفقہ الرجل دینارًا ینفقہ علی اصحابہ فی سبیل اللہ" اور دوسری طرف "السلطان العالی الخلیفۃ المتعالی خلد اللہ ملکہ وسلطانہ وابّد عدلہ واحسانہ۔ لیکن اس کے بعد یہ تمام عبارتیں کندہ کرنا موقوف کردیا گیا اور شیخ فیضی کی یہ رباعی کندہ کی جانے لگی۔

خورشید کہ ہفت بحر از گوہر یافت سنگ سیہ از پرتو آں جوہر یافت
کاں از نظر تربیت او زر یافت وان زر شرف از سکّہ شاہ اکبر یافت

اسی طرح سکّہ کی دوسری جانب پہلی عربی عبارت کی بجائے یہ رباعی لکھی جانے لگی۔

ایں سکّہ کہ پیرایۂ اُمید بود یا نقش دوام و نام جاوید بود
سیمائے سعادتش ہمیں بس کہ بدہر یک ذرّہ نظر کردۂ خورشید بود

اس کے ساتھ ساتھ سکّے کے اسی جانب الٰہی سنہ اور مہینہ بھی کندہ کردیا جانے لگا۔

لعل جلالی۔ یہ سکّہ گول اور چوکور دونوں قسم کا ہوتا تھا۔ لعل جلالی گول کی قیمت دو مہر کے مساوی تھی۔ ایک مہر کی قیمت گیارہ روپیہ بتلائی گئی ہے۔

سہنسہ نامی ایک اور سکّہ بھی رائج تھا۔ اس کی شکل وصورت بھی اولذکر سکّے کی سی ہوتی تھی لیکن یہ سکّہ وزن میں مقابلتہً کم تھا۔ اس کا وزن نوّے تولے آٹھ ماشہ بتلایا جاتا ہے۔ اس کی قیمت نو گول اشرفیوں کے برابر تھی۔

گول اشرفی۔ یہ سکّہ وزن اور قیمت میں عدل گٹکہ کے برابر تھا لیکن اس کا نقش مختلف تھا

عدل گٹکہ۔ یہ سکّہ بھی گول تھا۔ اس کا وزن گیارہ ماشہ تھا۔ اس سکّہ کے ایک جانب "اللہ اکبر" اور دوسرے رخ پر "یا معین" لکھا ہوتا تھا۔

رہس۔ یہ سکّہ سہنسہ کا نصف اور شکل میں چوکور ہوتا تھا۔ اس کے ایک طرف سہنسہ کا نقش کندہ ہوتا اور دوسری طرف شیخ فیضی کی یہ رباعی لکھی ہوتی تھی۔

ایں نقد رواں گنج شاہنشاہی باکوکب اقبال کند ہمراہی
خورشید بہ پرورش ازاں ردکہ بدہر یابد شرف از سکّۂ اکبر شاہی

آتمہ | سہنسہ کا ۱/۴ ہوتا تھا۔ یہ سکہ گول اور چوکور دونوں طرح کا ہوتا تھا۔ بعض سکوں پر تو سہنسہ منقش کندہ ہوتا تھا اور بعض کے ایک طرف شیخ فیضی کی یہ رباعی کندہ ہوتی تھی۔

این سکہ کہ دست بخت رازیور باد　　پیرایۂ نہ سپہر ہفت اختر باد
زریں نقدیست کاراز دچوں زر باد　　در دہر رواں بنام شاہ اکبر باد

دوسری طرف "خورشید کہ ہفت بحراز وگوہر یافت" والی رباعی کندہ ہوتی تھی۔

بنشت = آتمہ کی طرح یہ سکہ بھی گول اور چوکور دونوں قسم کا تیار کیا جاتا تھا۔ اس کی قیمت سہنسہ کی ۱/۵ ہوتی تھی۔ اس کے علاوہ سونے کے بعض اور سکے بھی رائج تھے جو شکل اور نقش میں بنشت کی طرح ہوتے تھے اور قیمت میں سہنسہ کے ۱/۸، ۱/۱۰، ۱/۲۰ اور ۱/۲۵ حصوں کے برابر تھے۔

چگل = یہ چوکور سکہ تھا۔ اس کا وزن تین تولے ۴ ۱/۵ سرخ ہوتا تھا۔ اس کی قیمت تیس روپیے کے مساوی تھی۔

زرد = جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ ایک گول سکہ تھا۔ اس کا وزن دو تولے نو ماشہ اور قیمت تین جلالی مہر کے برابر تھا۔ اور ایک مہر کی قیمت گیارہ روپیہ بتلائی جاتی ہے۔

آفتابی = یہ سکہ بھی گول ہوتا تھا۔ اس کا وزن ایک تولہ دو ماشہ ۳/۴ ۴ سرخ اور قیمت بارہ روپیہ تھی۔ اس کے ایک طرف اللہ اکبر جل جلالہٗ اور دوسری طرف دار الضرب کا نام اور سنہ الٰہی کندہ ہوتا تھا۔

الٰہی = یہ بھی ایک گول سکہ تھا۔ اس کا وزن ۱۲ ماشہ ۱/۳ ۱ سرخ تھا۔ اس پر بھی آفتابی سکہ کا نقش کندہ ہوتا تھا اور اس کی قیمت دس روپیہ کے برابر تھی۔

محرابی = یہ سکہ وزن، قیمت اور نقش میں گول اشرفی کے برابر ہوتا تھا۔

معینی = یہ سکہ گول اور چوکور دونوں طرح کا ڈھالا جاتا تھا وزن اور قیمت میں لعل جلالی اور گول اشرفی کے برابر تھا۔ اس پر "یا معین" کندہ ہوتا تھا۔

متذکرۂ بالا مختلف سکوں کے علاوہ حسب ذیل سکے پائے جاتے تھے:۔

چہارگوشہ = وزن اور قیمت میں آفتابی کے برابر

ربی یا ربعی - آفتابی کا $\frac{1}{4}$

دہن - لعل جلالی کا نصف

پانڈو - لعل جلالی کا $\frac{1}{5}$

من - الٰہی اور جلالی سکوں کا $\frac{1}{4}$

ثمنی - الٰہی سکے کا $\frac{1}{8}$

کلا - الٰہی سکہ کا $\frac{1}{16}$

ذرہ - الٰہی سکہ کا $\frac{1}{32}$

سلیمی - عدل گٹکے کا نصف

نصف سلیمی - عدل گٹکے کا $\frac{1}{4}$

سونے کے سکے اکثر مقامات پر ڈھالے جاتے تھے لیکن اس زمانے میں صرف چار مقاموں یعنی دارالخلافت، بنگالہ، احمد آباد و گجرات اور کابل میں تیار کئے جاتے تھے۔ اس میں شک نہیں کہ سونے کے سکے کثیر تعداد میں پائے جاتے تھے لیکن ان کا استعمال بہت کم ہوتا تھا۔ کیونکہ یہ لوگوں کی روزمرہ ضروریات کی پابجائی کے لئے بالکل ناموزوں تھے ان کی طلب زیادہ تر جمع کرنے کی غرض سے ہوتی تھی۔ لعل جلالی۔ دھن اور من تینوں سکے ایک ایک مہینے میں ڈھالے جاتے تھے۔ دوسرے سکے کسی خاص احکام کے بغیر نہیں ڈھالے جاتے تھے۔

چاندی کے سکے = چاندی کے سکوں میں زیادہ تر روپیہ کا رواج تھا۔ یہ سکہ گول اور وزن میں ساڑھے گیارہ ماشہ (۱۷۲ ½ گرین) ہوتا تھا۔ اس سکے کے ایک طرف اللہ اکبر جل جلالہ، کندہ ہوتا تھا اور دوسری طرف تاریخ تسکیک لکھی ہوتی تھی۔ اس کی قیمت چالیس دام (تانبے کا سکہ) قرار دی گئی تھی۔ حالات کا لحاظ کرتے ہوئے اس کی قیمت گھٹتی۔ بڑھتی رہتی تھی لیکن تنخواہوں کی ادائی میں اس کی قیمت ہمیشہ چالیس دام سمجھی جاتی تھی۔

چاندی کا ایک اور سکہ بھی جاری تھا جسے جلالہ کہتے تھے۔ یہ چوکور شکل کا ہوتا تھا اور اکبر ہی کے زمانے میں رائج کیا گیا تھا۔ اس پر روپیہ کا سا نقش کندہ ہوتا تھا اور اس کی قیمت بھی روپیہ کے مساوی تھی۔ جلالہ کے ذیلی سکے حسب ذیل تھے :۔

درب ۔ جلالہ کا $\frac{1}{2}$

چیرن ۔ جلالہ کا $\frac{1}{4}$

پانڈو ۔ جلالہ کا $\frac{1}{5}$

اشٹ ۔ جلالہ کا $\frac{1}{8}$

دسا ۔ جلالہ کا $\frac{1}{10}$

کلا ۔ جلالہ کا $\frac{1}{16}$

سوکی ۔ جلالہ کا $\frac{1}{20}$

چاندی کے سکے دہلی، بنگالہ، احمد آباد و گجرات اور کابل کے علاوہ مزید دس مقامات پر ڈھالے جاتے تھے۔ ان مقامات کے نام یہ ہیں۔ الہ آباد، آگرہ، اجین، سورت، دہلی پٹنہ، کشمیر، لاہور، ملتان، اور مانڈہ۔

تانبے کے سکے = چاندی کے سکوں میں روپیہ اور جلالہ کی طرح تانبے کے سکوں میں دام بہت اہمیت رکھتا تھا۔ اس سکے کے ایک طرف دار الضرب کا مقام کندہ ہوتا تھا اور دوسری طرف سنہ اور مہینہ لکھا ہوتا تھا۔ اس کا وزن ایک تولہ سات ماشہ (۵ء۳۲۳ گرین) اور قیمت روپیہ کا $\frac{1}{40}$ ہوتی تھی یعنی ایک روپیہ میں چالیس دام ہوتے تھے۔ حساب کی غرض سے دام کے پچیس حصے سمجھے گئے تھے اور ہر حصہ کو جیتل کہتے تھے۔ یہ خیالی حصے صرف حساب لکھنے میں استعمال کئے جاتے تھے۔ دام کے حسب ذیل ذیلی سکے بھی رائج تھے۔

ادھیلہ = $\frac{1}{2}$ دام

پائلی = $\frac{1}{4}$ "

دمڑی = ½ دام

معمولی اغراض کے لئے کوڑیاں بھی استعمال کی جاتی تھیں۔ ان کی قدر چاندی یا تانبے کے مقابلے میں اس فاصلے پر منحصر ہوتی تھی جو ساحل سے ہوتا تھا۔ تانبے کے سکوں کی تسکیک کے لئے علیحدہ دار الضرب تھے۔ ان کی تعداد اٹھائیس بتلائی گئی ہے۔ ان کے نام یہ ہیں۔ اجمیر، اودھ، اٹک، الور، بدایون، بنارس، بھکیر، بہرہ، پٹن، جون پور، جالندھر، ہردوار حصار فیروزہ، کالپی، گوالیار، کھورپور، کلانور، لکھنو، مندو، ناگور، سرہند، سیالکوٹ، سرونج سہارن پور، سارنگ پور، سینبل، قنوج اور تنبھور۔

سونے چاندی اور تانبے کے سکوں کا ذکر کرنیکے بعد زر کی قوت خرید کا تذکرہ بھی ضروری ہے۔ آئین اکبری میں قیمتوں کے جو اعداد درج ہیں ان کی مدد سے مورلینڈ نے تخمینہ کیا ہے کہ "سولہویں صدی کے اختتام پر دار السلطنت کے قرب وجوار میں ایک روپیہ میں جس قدر اناج ملتا تھا وہ اس مقدار سے کم از کم سات گنا زیادہ تھا جو شمالی ہند میں ۱۹۱۰ء اور ۱۹۱۲ء کے درمیان ایک روپیہ میں خریدا جاسکتا تھا۔ اسی طرح روغندار تخم گیارہ گنا اور کپڑا غالباً پانچ گنا زیادہ ملتا تھا۔ اس کے برخلاف دھاتیں اب سے (۱۹۱۰-۱۹۱۲ء) کچھ زیادہ سستی نہ تھیں اور اشیائے درآمد زیادہ گراں فروخت ہوتی۔ کہا جاسکتا ہے کہ مفلس ترین طبقوں کے حق میں ۱۶۰۰ء کا ایک روپیہ ۱۹۱۲ء کے سات روپیوں کے برابر قدر رکھتا تھا۔ جو طبقے انتہائی افلاس کی حد سے ذرا بڑھیا تھے ان کے حق میں وہ تقریباً چھ روپیہ کے برابر تھا۔ اور متوسط طبقوں کے لئے وہ تقریباً پانچ روپیہ اس سے بھی کچھ زیادہ کے برابر تھا۔ لہذا عام اغراض کے لئے یہ خیال کرنا قرین عقل ہے کہ اکبر کا ایک روپیہ قوت خرید میں زمانہ قبل از جنگ ۱۹۱۴ء کے چھ روپیوں کے برابر تھا۔ بہ الفاظ دیگر یہ تسلیم کیا جاسکتا ہے کہ پانچ روپیہ کی ماہانہ آمدنی سے ضروریات کی اس قدر مقدار میسر آسکتی تھی جس قدر کہ ۱۹۱۲ء میں تیس روپیے کی آمدنی سے خریدی جاسکتی تھی"۔ یہاں تک تو ہم نے شمالی ہند کے سکوں کے حالات بیان کئے اب جہاں تک جنوبی ہند کا

تعلق ہے وہاں کا زر خاص کر سونے پر مبنی تھا۔ معیاری سکہ مختلف ناموں سے یاد کیا جاتا تھا کبھی وہ وراہیچو کہلاتا تھا اور کبھی ہُن۔ لیکن اہل یورپ کی تحریروں میں اسے عام طور پر پگوڈا کہا جاتا ہے۔ اس کی اوسط قدر اکبر کے تقریباً ساڑھے تین روپیوں کے برابر سمجھی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور چھوٹا طلائی سکہ بھی جاری تھا جسے خانم کہتے تھے۔ اس کے علاوہ کئی اور چاندی اور تانبے کے معاون سکے بھی مروج تھے۔

ملکی سکوں کے علاوہ ساحلی تجارت کا بہت بڑا تعلق غیر ملکی سکوں سے بھی تھا۔ لاون ایرانی زر تھا اور بڑی مقداریں ہندوستان پہنچتا تھا۔ اس کی شکل چاندی کے ایک خمیدہ ٹکڑے یا سلاخ کی سی ہوتی تھی جس کے کنارے پر مہر لگی ہوئی ہوتی تھی۔ اس کی قدر اکبر کے نصف روپیے سے بھی کم تھی۔ سیکوین یا چکین نامی ایک اور سکہ بھی پایا جاتا تھا۔ یہ وینس کا ایک طلائی سکہ تھا اس کی قدر اکبر کے تقریباً چار روپیوں کے برابر تھی۔ اٹلی کے ڈوکاٹ بھی پائے جاتے تھے۔ طلائی ڈوکاٹ کی قدر اکبر کے تقریباً چار روپیوں کے مساوی تھی اور نقروی ڈوکاٹ کی قدر اکبر کے دو روپیوں کے برابر تھی۔ اسپین کے ریال بھی جاری تھے۔ ریال کی قدر انگریزی زر میں چھ پنس سے کسی قدر زیادہ ہوتی تھی۔ آٹھ ریال کا ایک سکہ چار شلنگ اور تقریباً چھ پنس کے مساوی تھا۔

اس مضمون میں سکوں سے متعلق جو مواد پیش کیا گیا ہے اس سے مندرجہ ذیل نتائج اخذ کئے جاسکتے ہیں:۔

(۱) اکبر کے زمانے میں بھی سارے ہندوستان کے لئے وزن یا پیمانوں کا ایک مقررہ معیار نہ تھا۔ اکبر نے من کا وزن چالیس سیر مقرر کیا تھا مگر معیاری حیثیت سے اس کا استعمال دارالحکومت کے اطراف واکناف تک محدود تھا۔ جنوبی ہند میں کھنڈی کا استعمال عام تھا مگر اس کا بھی ایک مقررہ وزن نہ تھا۔ ناپنے کیلئے اکبر نے الہی گز جاری کیا تھا لیکن اس کا استعمال بھی محدود تھا۔ مغربی ساحل کے تجارتی مرکزوں میں ناپنے کے لئے کواد کا استعمال ہوتا تھا۔ لیکن حالات کا لحاظ کرتے ہوئے اس کا طول بھی بدلتا رہتا تھا۔

(۲) شمالی ہند میں تین قسم کے سکّے جاری تھے۔ سونے کے سکّے، چاندی کے سکّے اور تانبے کے سکّے۔ سونے کے سکوں کی قیمت بہت زیادہ تھی لیکن یہ سکّے بہت کم استعمال میں آتے تھے۔ انہیں عام طور پر ذخیروں کی شکل میں رکھا جاتا تھا۔ البتہ چاندی اور تانبے کے سکّے کثرت کے ساتھ استعمال کئے جاتے تھے۔

(۳) مورلینڈ نے اندازہ کیا ہے کہ مفلس ترین طبقوں کے حق میں سنہ ۱۶۰۰ء کا ایک روپیہ سنہ ۱۹۱۲ء کے سات روپیوں کے برابر قدر رکھتا تھا۔

(۴) شمالی ہند کے برعکس جنوبی ہند میں زیادہ تر سونے کے سکّے استعمال کئے جاتے تھے ملکی سکوں کے علاوہ ساحل کے تجارتی مرکزوں میں غیر ملکی سکّے مثلاً لازن، سیکدین، ڈوکاٹ اور ریال بھی پائے جاتے تھے۔

نوٹ۔ اس مضمون کے لئے حسب ذیل کتابوں سے مدد لی گئی ہے۔

(۱) آئین اکبری

(1) India At the Death of Akbar by W. H. Moreland (۲)

(2) The Commercial Policy of the Moguls by D. Pant. (۳)

محمد ناصر علی ام اے (عثمانیہ)
لکچرار شعبۂ معاشیات

انسان اور فطرت

(۱)

حسیں دیوی سحر کی، نور برساتی ہوئی آئی
تبسم کو گلابی رخ پہ لہراتی ہوئی آئی

دیا پیغامِ بیداری ہمیں رنگین نواؤں نے
ہوا کی شوخیوں نے آبشاروں کی صداؤں نے

ہماری خلوتِ معصوم میں حائل نہ تھا کوئی
ہماری بزم میں ہنگامۂ محفل نہ تھا کوئی

جھلکتی تھی ستاروں کی چمک اسکی نگاہوں میں
سنہری بجلیوں کا نور تھا اسکی اداؤں میں

حیاتِ تازہ اس کے پیکرِ سیمیں میں رقصاں تھی
شگفتہ پھول کی مانند وہ شاداں و فرحاں تھی

سویرے ہم نکل کر گھومتے تھے کوہساروں میں
سہانے جنگلوں میں، لہلہاتے مرغزاروں میں

کوئی زیر و زبر پیدا تھا دریا کے ترنم میں
کوئی رنگین ادا پنہاں تھی پھولوں کے تبسم میں

(۲)

حسین دیوی سحر کی! اب جگا سکتی نہیں اس کو
کوئی رنگین نوا آکر اُٹھا سکتی نہیں اس کو

ہماری خلوتِ معصوم میں حائل نہیں کوئی
ہماری بزم میں ہنگامۂ محفل نہیں کوئی

جھلکتی ہے شفق کی مُردنی اس کی نگاہوں میں
سنہری بجلیاں باقی نہیں اسکی اداؤں میں

سکوتِ موت اس کے پیکرِ خاکی پہ طاری ہے
کہ جیسے کوئی مرجھائے ہوئے پھولوں کی کیاری ہے

سویرے اب نہ گھومے گی کبھی وہ کوہساروں میں
سہانے جنگلوں میں، لہلہاتے مرغزاروں میں

وہی سرسبزیاں باقی ہیں لیکن مرغزاروں میں
وہی نغمے فضاؤں میں، وہی شورِ آبشاروں میں

وہی زیر و زبر باقی ہے دریا کے ترنم میں
وہی رنگینیاں باقی ہیں پھولوں کے تبسم میں

محمد نعیم الدین صدیقی ایم اے (عثمانیہ)

تھرمامیٹر!

شیوچرن کپڑے پہن رہا تھا۔ دملا سوچ رہی تھی "آج بھی کیا یہ کام پر چلے جائیں گے۔ بچہ بیمار ہے، رات بھر بخار سے تڑپتا رہا ہے۔ ابھی اس کی آنکھیں لگی ہیں، انہیں اس کی کچھ بھی فکر نہیں! مرد کے دل میں ہمدردی ہوتی ہی نہیں۔ میں اکیلے اب دن بھر اس بیمار بچے کے پاس بیٹھی روتی رہونگی، اس کا بھی انہیں کیا کچھ خیال ہے۔"

اس نے کہا ـــــ "آج نہ جائیے۔ آپ کے لوٹنے تک نہ جانے اسکی طبیعت کتنی خراب ہوجاتی ہو"

شیوچرن سوچ رہا تھا، "میں گھر بیٹھے کیا کرسکتا ہوں۔ یہ سمجھتی ہے کہ اپنے شوہر کے گھر پر رہنے سے اسے بخار نہ آئے گا۔ روپیہ پاس نہیں ہے۔ آج بیس تاریخ ہوگئی ہے، شائد انسویا میری تنخواہ دیں گے۔"

اس نے کہا ـــــ "دوا بھی تو لانی ہے" روپیہ مطلق پاس نہیں ہے۔ کل میں نے ان سے کہا کہ میرے لڑکے کی طبیعت خراب ہے روپیہ چاہئے۔ آج وہ دے دیں گے"

وہ سوچ رہی تھی، "ان میں کچھ بھی ہمت نہیں ہے۔ بیس تاریخ ہوگئی ہے۔ دوسرا مہینہ بھی پورا ہوتا ہے، ابھی تک اپنی ماہوار نہیں مانگ سکے!" اور کہنے لگی ـــــ "کل بھی تو آپ یہی کہتے تھے، آج نہ جائیے، وہ روپیہ ابھی نہیں دیں گے۔"

شیوچرن کہنے لگا ـــــ "اُن سے روز کہنا پڑتا ہے۔ اُس مہینے بھی تو اٹھارہ تک روپیہ نہیں ملا تھا اب تو بیس ہوگئی ہے، دے ہی دیں گے"

شیوچرن اور دملا، شوہر اور بیوی، اس چھوٹے سے شہر کے ایک مکان کے نچلے حصے میں

رہتے تھے۔ شیوچرن انّو یا پرشاد کی دوکان پر محرر تھا۔ بیس روپیہ ماہانہ ملتے تھے۔ وہ بھی کبھی ٹھیک وقت پر نہیں۔ آٹھ دس تاریخ تک تو شیوچرن خاموش رہتا، اس کے بعد اسے کہنا پڑتا ـــــ "میری تنخواہ..." "کل لے لیجئے" انّو یا پرشاد کچھ بیزاری سے کہہ دیتے۔

دوسرے دن شیوچرن سمجھتا، انہیں یاد ہی ہوگا، دے ہی دیں گے، اس لئے چپ رہتا۔ لیکن انّو یا پرشاد کو کچھ بھی خیال نہ رہتا۔ تیسرے چوتھے دن شیوچرن گھر لوٹتے وقت پھر ایک بار ہمت کرکے آہستہ سے کہتا ـــــ میری تنخواہ ....."

جواب ملتا ـــــ "ہاں، تو کل لے لیجئے۔"

اسی طرح چار پانچ بار کل" ہوتے ہوتے بیس بائیس تک شیوچرن کو روپے ملتے، وہ بھی اس شرط پر کہ دس آج لے لیجئے اور دس کل، اسی رقم میں تین جانیں پرورش ہو رہی تھیں۔ دو روپے مکان کا کرایہ ہوتا تھا۔ تیرہ چودہ تک بنئے کا حساب اور چار پانچ دیگر ضروریات میں خرچ ہو جاتے تھے۔ ان کی زندگی اسی طرح گزر رہی تھی۔ چار برس سے یہی حال تھا۔ لیکن بچے کی بیماری نے انہیں سخت پریشان کر رکھا تھا۔

"روپیہ لے کر آپ جلد آجائیے۔ دو دن ہو گئے ہیں، ڈاکٹر صاحب کو کیا جواب دیں گے؟ بیچارے اتنے مہربان تو ہیں کہ بچے کو ہسپتال نہیں لیجانے دیتے، بغیر فیس لئے دیکھنے آجاتے ہیں۔ کہہ رہے تھے کہ دن میں چار پانچ بار ٹمپریچر (حرارت) لیتے رہنا اور اس کو لکھ بھی لینا۔ لیکن ابھی تک تھرمامیٹر ہی نہیں آیا۔ پڑوس میں وکیل صاحب کے پاس ہوگا، ان سے بھی نہیں مانگ لائے"

"وکیل صاحب ہمیں کیوں دیں گے؟" شیوچرن کہنے لگا ـــــ "کل ہی میں مانگنے گیا تھا۔ کہہ دیا کہ ہمارے پاس نہیں ہے۔ میں جاتا ہوں، روپے مانگ کر ابھی تھرمامیٹر لئے لوٹ آؤں گا"

دلاسا نے کہا ـــــ "ہاں، تھرمامیٹر تو لانا نہایت ضروری ہے، دوا پھر بھی آسکتی ہے۔ اس دن ڈاکٹر صاحب کہتے تھے کہ بغیر ٹمپریچر دیکھے میں ٹھیک ٹھیک دوا نہیں لکھ سکتا۔ کل تو اسے بہت بخار تھا۔ آج اگر ڈاکٹر صاحب کے آنے تک تین چار بار ٹمپریچر نہ لیا جائے، تو ٹھیک دوا نہیں ملے گی۔ آپ جلدی روپے

لے کر آجائیے۔ لیکن اگر انھوں نے آج بھی روپیہ نہ دیا تو ــــ" وہ سوچنے لگی ــــ" میرے پاس کوئی ایسا زیور بھی نہیں ہے کہ بیچ سکوں۔ ڈاکٹر صاحب شام کو ضرور آئیں گے۔ ان کی ہدایات پر عمل نہ کیا جائیگا تو وہ بہت خفا ہوں گے۔ ان سے آج بھی روپیہ نہ مانگا جائیگا، کچھ فکر ہی نہیں۔ کہتے تو ہیں کہ ابھی لوٹ آؤنگا، لیکن شام تک نہیں آئیں گے"

آہستہ آہستہ وہ اپنے صندوق کے پاس گئی۔ کھول کر دیکھا، کپڑوں کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ ایک سفید دونی سوٹر نکالتے ہوئے اس نے کہا۔" کیا یہ بک جائیگا؟ میں نے کچھ دن آگے آپ کے لئے بنایا تھا۔ آپ کے لئے پھر بنا دونگی۔ بچے کے لئے تھرمامیٹر بہت ضروری ہے"۔

شیوچرن کچھ دیر اسے بغور دیکھتا رہا۔ اس کی آنکھیں بھر آئیں۔ کمرے کے باہر جاتے ہوئے اس نے کہا ــــ" تھرمامیٹر لے کر میں ابھی آتا ہوں"

راستے میں چلتے چلتے وہ سوچ رہا تھا کہ آج جاتے ہی روپیہ مانگتا ہوں۔ کہونگا بچہ بہت بیمار ہے، آج میں دوکان پر کام نہیں کر سکتا،

(۲)

دوکان پر آنسو یا اسی کے انتظار میں تھے۔ جاتے ہی کہا ــــ" اکیل کا لکھنو سے تار آیا ہے۔ وہ چھٹیوں میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ کشمیر گھومنے جا رہا ہے، اس کے لئے دو سو روپے ابھی تار سے بھیج دو"۔ شیوچرن کچھ بھی نہ کہہ سکا۔ روپے لیکر وہ سیدھے تار گھر کی طرف چل دیا۔ روپیہ بھیج کر جب وہ لوٹ رہا تھا، تو یہی سوچ رہا تھا کہ رمّا میرے انتظار میں بیٹھی ہوگی۔ رمیش کو بخار چڑھ آیا ہوگا۔ اب جاتے ہی روپیہ مانگ کر چل دیتا ہوں۔ ایک منٹ بھی نہ رکونگا۔

دوکان پر پہنچتے ہی آنسو یا پرشاد بولے ــــ" دو آرڈر آئے ہیں۔ سامان دیکھ کر جلدی چڑھا دو اچھا، ہاں، پہلے ایک چٹھی میڈیکل کالج کو تو لکھدو کہ وہاں 'ایکسرے' کرانے میں کیا دینا ہوتا ہے۔ ہمارا شنکر مہینے میں دو تین بار بیمار پڑ جاتا ہے۔ ڈاکٹر سو کہتے ہیں کہ" ایکسرے" سے تشخیص کرانی ہوگی، تب ہی ٹھیک ٹھیک علاج ہوگا"

شیوچرن کچھ کہنے کو ہی تھا کہ انسویا پھر بولے ـــــ "پہلے فون کر دیجئے۔ رائے صاحب کو کہ کل شام سے شنکر کی طبیعت خراب ہوگئی ہے، اسی لئے آج ہم ان کی پارٹی میں نہیں آئیں گے۔"

فون کرنے کے بعد کچھ وقت پاکر شیوچرن کہنے لگا ـــــ "سرکار، میری تنخواہ اور میرا....."

"کیوں شام کو تو لے جاؤ گے" ـــــ انسویا نے بات کاٹ کر کہا

"میں جاتا ہوں، لڑکا بہت بیمار ہے" شیوچرن نے بڑی لجاجت سے کہا۔

"شیوچرن، نوکری کرتے کرتے" ـــــ انسویا کہنے لگے "تمھیں چار سال ہوگئے ہیں، پھر بھی تم مالک کا بھلا برا نہیں جانتے! گھر میں شنکر کی طبیعت خراب ہے۔ اس نے کل رات بالکل کھانا نہیں کھایا۔ اس کی ماں کو بھی اسی کی فکر میں رات بھر نیند نہیں آئی۔ گھر پر ہر وقت ایک آدمی کی ضرورت رہتی ہے، نوکر کیا کیا کرے گا؟"

اسی وقت ڈاکٹر صاحب آگئے، نہیں تو انسویا نہیں معلوم کیا کیا کہہ دیتے۔ ڈاکٹر نے کہا ـــــ "کہئے، اب اس کی طبیعت کیسی ہے؟"

وہ دونوں اندر چلے گئے، پیچھے پیچھے شیوچرن بھی۔ ڈاکٹر نے شنکر کا آلہ سے معائنہ کیا۔

"دوا پی تھی؟" ڈاکٹر نے پوچھا۔

شنکر کچھ نہ بولا، صرف سر ہلا دیا۔

انسویا کہنے لگے ـــــ "ڈاکٹر صاحب، اس کے لئے کیا کروں، دوا پیتا ہی نہیں، سمجھانے پر بھی نہ مانا۔ دوا کی شیشی بھی اس نے غصہ میں آکر توڑ دی۔

"دوا نہ پیوگے تو اچھے کیسے ہوگے؟ دوا تو ضرور پینی پڑے گی" ڈاکٹر نے کہا "دیکھئے بخار کتنا ہے" شنکر بیٹھے پھر اکر کھڑا ہوگیا۔

"لو یہ تھرمامیٹر منہ میں رکھو" ـــــ انسویا نے کہا۔

"ہوں۔ ہوں" شنکر نے اسی طرح سر ہلاتے ہوئے کہا۔

"کیسے نہیں، رکھنا پڑیگا" ـــــ ڈاکٹر نے کچھ خفگی سے کہا۔

لیکن شنکر پھر بھی پیٹھ پھیرے کھڑا رہا۔ انسویا اسے سمجھانے لگے ــــ "لو بیٹا۔ لو۔ ڈاکٹر صاحب کا کہنا مانو۔ لو"

ڈاکٹر کو غصہ آ رہا تھا۔ جھٹ آگے بڑھ کر انہوں نے شنکر کے دونوں ہاتھ پکڑ کر کہا ــــ "منہ کھولو اور رکھو اسے زبان کے نیچے"

انسویا کہنے ہی کو تھے کہ اس کی زبان کے نیچے نہیں، بغل میں رکھئے، لیکن ڈاکٹر کے غصہ کو دیکھ کر کچھ نہ بولے روتے روتے شنکر نے منہ کھولا۔ ڈاکٹر تھرمامیٹر رکھ کر کھڑے دیکھنے لگے۔ ایک منٹ، بس ہو گیا لاؤ، کہہ کر ڈاکٹر نے تھرمامیٹر کے لئے ہاتھ بڑھایا۔ روتے روتے شنکر نے منہ سے تھرمامیٹر نکالا اور زمین پر پٹک دیا۔ وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔

"انسویا، تم نے لڑکوں کو بہت منہ لگایا ہے" کہتے ہوئے ڈاکٹر باہر آ گئے۔

"کیا کروں ڈاکٹر صاحب، لڑکے ہی ایسے ہیں"

انسویا نے کہا ــــ "دوا لکھ دیجئے، اب ضرور پلاؤنگا"

دوا لکھ کر ڈاکٹر سوچل دیئے اور پھر شیوچرن نے گڑگڑاتے ہوئے کہا ــــ "حضور، میں جاتا ہوں، روپیہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

"دیکھتے نہیں، میں کتنا پریشان ہوں" انسویا کہنے لگے ــــ "ایک تو لڑکا ایسا ہے، پھر تم بک بک جھک جھک لگائے رہتے ہو۔ میرے کان نہ کھاؤ۔ جانا ہے تو چل دو، کون منع کرتا ہے۔

(۳)

پیروں کی آہٹ سن کر وملا دروازے پر آئی۔ رمیش کو بخار چڑھ آیا تھا۔ وہ کواڑ کھولتے ہوئے کہنے لگی ــــ "اتنی دیر میں آئے، گھنٹوں بیت گئے۔ رمیش ماں دوا لاؤ، ماں دوا لاؤ، کہہ رہا ہے۔ اتنی دیر کیوں کی؟" اس نے کواڑ کھولا، لیکن یہ کون؟

مالک مکان کا آدمی کہہ رہا تھا ــــ "بیس تاریخ گزر گئی، اس مہینے کا کرایہ ابھی نہیں پہنچا!"

مارے شرم کے وملا گڑ سی گئی۔ منہ پھیر کر اس نے کہا ــــ "وہ روپیہ لانے گئے ہیں،

کل تک دیدیں گے "

وہ سوچ رہی تھی ـــــ ابھی تک نہیں آئے، انہیں فکر ہی نہیں، اب وہی پانچ بجے آئیں گے، تو بچہ زندہ بھی نہ ملے گا۔ میں ہی کہیں جاکر ایک تھرمامیٹر لے آتی، لیکن یہ بھی نہیں ہوسکتا۔ گھر پر بچے کو اکیلا کیسے چھوڑ جاؤں ؟'

اوہر شیوچرن دوکان کا کام چھوڑ کر لوٹ رہا تھا۔ سوچ رہا تھا ـــــ وملا میری پریشانیوں کو سمجھتی ہی نہیں۔ اب تھرمامیٹر کہاں سے لاؤں ؟ اچھا ڈاکٹر وسو کی دوکان پر جاتا ہوں آدمی تو بڑے اچھے ہیں۔ کہونگا، میرا لڑکا بہت بیمار ہے، ایک تھرمامیٹر دے دیجئے، قیمت پھر دے دوں گا۔ شائد دے دیں۔'

وہ ڈاکٹر وسو کے دواخانہ کی طرف چلدیا۔ کچھ دور سے اُس نے دیکھا کہ دواخانے میں ڈاکٹر وسو ایک بیمار سے باتیں کر رہے ہیں۔ اس کے قریب آنے تک ڈاکٹر اس بیمار کو لے کر قریب کے کمرے میں چلے گئے۔ شیوچرن دواخانے میں آکر بنچ پر بیٹھ گیا۔ میز پر تولیں کھڑی تھیں۔ اور شائد اسی بیمار کا ٹمپریچر لے کر تھرمامیٹر بھی وہیں پر رکھ دیا گیا تھا۔

وہ سوچنے لگا، اب کس طرح ان سے تھرمامیٹر مانگوں ؟ وہ تو مجھے جانتے بھی نہیں، پھر ان کے پاس تو ہر وقت تھرمامیٹر بیماروں کے لئے چاہیئے۔ وہ مجھے نہ دیں گے۔ فضول یہاں چلا آیا۔ لیکن بغیر تھرمامیٹر کے گھر بھی کیسے لوٹ جاؤں ؟'

وہ بیٹھ گیا لیکن پھر اسے ایک خیال آیا۔ میز پر تھرمامیٹر رکھا تھا۔ اس کے اور تھرمامیٹر کے درمیان دو ہی گز کا تو فاصلہ تھا۔ لپک کر اس نے اسے اٹھالیا۔ اس کا دل دھڑکنے لگا، ہاتھ کانپنے لگے جلدی سے تھرمامیٹر جیب میں رکھ کر وہ دواخانہ کی سیڑھیوں سے نیچے اُتر آیا۔

اس کے سارے جسم میں کپکپی تھی۔ اس نے لوٹ کر پیچھے دیکھا بھی نہیں کہ کوئی اس کی طرف دیکھ بھی رہا ہے یا نہیں۔ کچھ دور آگے بڑھ کر وہ اپنے گھر کی طرف دوڑنے لگا۔ اسے بالکل یہ خیال بھی نہ رہا کہ میرے دوڑنے پر کسی کو شبہ ہوگا۔ وہ دوڑتا ہی گیا اور اپنے مکان کے دروازے پر پہنچکر رکا۔

اس چوری کے بعد آج اسے اپنے گھر میں جانے کی بھی ہمت نہیں ہو رہی تھی۔ معاً

اسے خیال آیا بچے کے لئے یہ گناہ کیا ہے، کیا اس طرح گناہ کرنے سے میرا بچہ اچھا ہو جائے گا؟ لوٹ کر تھرمامیٹر وہیں پر رکھدوں۔ خدا کی جو مرضی ہوگی وہی ہوگا۔ لوٹ جاؤں .....'

اسی وقت دملا نے کواڑ کھولا، کہا ـــــ "لے آئے تھرمامیٹر لائیے، اسے بہت بخار ہے۔ میرا خیال تھا کہ اب آپ شام ہی کو آئیں گے، اس لئے میں ہی کہیں جا کر تھرمامیٹر لانا چاہتی تھی۔ لائیے۔"

شیوچرن سر سے پیروں تک کانپ رہا تھا۔ اس کے جسم سے پسینہ رواں تھا۔ کانپتے ہوئے ہاتھوں سے وہیں دروازے کی چوکھٹ پر اس نے جیب سے تھرمامیٹر نکالا۔ اب بھی اس کا دل زور سے دھڑک رہا تھا۔ وہ سوچ رہا تھا ـــــ اس گناہ کی وجہ سے میرا لڑکا کبھی اچھا نہ ہوگا! لیکن اب بھی تھرمامیٹر میں واپس کر سکتا ہوں۔ دملا سے تمام واقعہ بیان کر دوں گا۔ اس وقت ٹمپریچر لے لیں'

اس نے تھرمامیٹر کھولا اور دملا کے ہاتھ میں دینا چاہا! لیکن درمیان ہی میں اس کے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے وہ گر پڑا اور ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔

(ترجمہ)

محمد علی نیر بی۔ اے (عثمانیہ)

زندگی

زندگی انسان کی مانا کہ ہے ناپائیدار
ہے مگر وسعت میں یہ اک بحرِ ناپیدا کنار

زندگی ہرگز نہیں بے دست و پا جینے کا نام
دل کی آنکھوں ہی سے آتا ہے نظر اس کا مقام

زندگی اِک محشرِ علم و عمل کا نام ہے
عزم راسخ زندگی کا اوّلیں پیغام ہے

زندگی کی زحمتوں پر اختیار آسان نہیں
کچھ سیاہی میں بھی تاروں کا شمار آسان نہیں

دردِ پیہم سے عیاں ہوتا ہے رازِ زندگی
اور عمل کی چھیڑ سے بجتا ہے سازِ زندگی

منزلِ ہستی نہیں شرمندۂ پائے رواں
ہر قدم پر اک نئی منزل کا ملتا ہے نشاں

سوز و سازِ زندگی کو جاننا آسان نہیں
زندگی کی وسعتیں پہچاننا آسان نہیں

دردِ دل بن کر رواں ہے کاروانِ زندگی
صورتِ سیماب ہے بے چین جانِ زندگی

موت کیا ہے زندگی سے تھک کے ستانیکا نام
جستجوئے منزلِ مقصد سے رُک جانیکا نام

جستجوئے زندگی ہے امتحانِ زندگی
زندگی مٹتی ہے رہتا ہے نشانِ زندگی

گر نہ ہو عزم و عمل تو زندگی بے جان ہے
آدمی بے چینیوں کی گود میں انسان ہے

حرکتِ پیہم سے بزمی جاوداں ہے زندگی
عزم زندہ ہے تو سمجھو کامراں ہے زندگی

احمد معین الدین بزمی بی۔اے (عثمانیہ)

اسلام نے عورتوں کو وہ حقوق عطا فرمائے جو اس سے پہلے کبھی حاصل نہ تھے

(کمیٹی جشن میلاد النبی جامعہ عثمانیہ نے طبقہ نسواں میں اس
مضمون کو انعام اوّل کا مستحق قرار دیا تھا)

دنیا کے بڑے بڑے حکماء اور فلاسفہ اس امر پر متفق ہیں کہ "مذہب" کا مقصد صرف انسان کو چند رسوم سکھانا نہیں ہے بلکہ مہذب اور متمدن بنانا' اور ایسے اصول کی تلقین کرنا ہے جن پر عمل کرنے سے وہ شائستگی کے اعلیٰ منازل و مقامات طے کر سکے ۔ وہی مذہب سب سے اعلیٰ و ارفع سمجھا جا سکتا ہے جو ان شرائط کو بدرجہ اتم پورا کرے ۔ اس حقیقت کو سامنے رکھ کر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ شائستگی اور تمدن کے تمام اعلیٰ بنیادی اصول اسلام نے پیش کئے اور وہ حقائق معارف جو مہذب یورپ نے سینکڑوں برس کے بعد دریافت کئے دراصل قرآنی انوار کی وہی شعاعیں ہیں جو اب سے تیرہ سو برس پہلے ریگستانِ عرب پر چمک چکی تھیں ۔ یورپ کی اس تمام ترقی کے باوجود جسے دیکھ کر آنکھیں چندھیا جاتی ہیں ۔ ایک انگریزی زبان کا قابل فخر شاعر "بائرن" عورت کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے کہتا ہے کہ "عورت قدرت کا ایک نہایت خوبصورت عیب ہے" حقیقت میں یہ اس عہد کے تخیلات کا عکس ہے جب مرد اپنے غلبہ سے عورت کو محکوم و مظلوم بنائے ہوئے تھے اور عورتوں کو ان کی معین کردہ بندشوں کو توڑنے کا احساس بھی نہ ہو سکتا تھا اور ان کی حالت اس پست حال قوم کے فرد کی سی تھی جس کے احساساتِ خودداری کو صدیوں کی مظلومیت نے فنا کر دیا ہو (اور جو پستی کو بلندی سے بدلنے کا خواب میں تک خیال

نہ کرسکتا ہو)

تاریخ عالم اس کی شہادت دیتی ہے کہ اسلام سے پہلے جتنی معاشرتیں اور تمدن کے اُصول بنائے گئے وہ سب کے سب مردوں کے بنائے ہوئے تھے اسی لئے انھوں نے عورتوں کے رتبے کو گھٹانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ رومی تمدن میں "ورجل" کے قول کے مطابق عورت کو متلون مزاج اور بدفطرت سمجھا جاتا تھا اور یونانی تہذیب میں اس کے انتہائی عروج کے زمانے میں بھی عورت کو قابل اعتماد نہ سمجھا جاتا تھا ایک جگہ سقراط کہتا ہے کہ "عورت کو ایک دفعہ مرد کے برابر تسلیم کرلو، پھر دیکھو یہ کس طرح تمھارے سر چڑھتی ہے"۔ "کنفیوشس چین کی نمایندگی کرتے ہوئے کہتا ہے کہ "عورت کا جو قدم آگے بڑھ جائے اسے واپس لے آنا شاید قدرت کے بس میں بھی نہیں ہوتا" اور بدھ مت نے تو صاف صاف عورت کو ایک گھناؤنی چیز بتا کر اس سے الگ رہنے کی تلقین کی۔ یہودیوں میں عورت صرف معمولی ملکیت سمجھی جاتی تھی جو املاک کی طرح ورثا میں تقسیم ہوا کرتی تھی۔

دوسری اور تفصیلات میں گئے بغیر ہم ایک مکالمہ کے ذریعہ آنحضرت صلعم کے دور کی اجمالی حالت بتانا چاہتے ہیں۔ جسے موسیو کوسان دی پرسوان نے نقل کیا ہے یہ مکالمہ آنحضرت صلعم اور قیس شیخ بنی تمیم کے پاس ہوا تھا۔ آنحضرتؐ ایک لڑکی کو زانو پر بٹھائے اس کو بہلا رہے تھے۔ قیس نے پوچھا "یہ کس جانور کا بچہ ہے" حضورؐ انور نے جواب دیا "میرا بچہ ہے"

قیس نے کہا باللہ العظیم میری بہت سی ایسی لڑکیاں ہوئیں لیکن میں نے ان سبھوں کو زندہ دفن کردیا اور کسی کو بھی نہ بہلایا"

آنحضرتؐ نے فرمایا "اے بدبخت! معلوم ہوتا ہے اللہ تعالیٰ نے تیرے دل میں کسی قسم کی محبت انسانی پیدا ہی نہیں کی، تو ایک نعمت عظمیٰ سے جو انسان کو دی گئی ہے محروم ہے"

اور مقامات کو تو چھوڑئے ہمارے اپنے ملک ہندوستان میں بھی اس کی حالت انتہائی زبوں تھی۔ کسی کتاب میں عورتوں کے ساتھ ایسی سختی کا برتاؤ نہیں کیا گیا تھا ہندوؤں کی کتابوں میں

کہا گیا ہے۔ یہ مذہبی کتابیں عورت کو شبہ کی نظر سے دیکھنے کی تاکید کرتے ہیں اور ان کے بزرگوں کا قول ہے کہ "زہریلے سانپ، طوفان، مست ہاتھی، شکار کی تلاش میں پھرتے ہوئے شیر، موت کے فرشتہ اور چور، ڈاکو اور قاتل پر تو بھروسہ کیا جاتا ہے لیکن جو شخص عورت پر بھروسہ کرے گا یقیناً خسارہ میں رہے گا۔ ڈاکٹر گستاؤلی بان نے ہندو قدیم نظریہ نقل کیا ہے کہ عورت ایک دلپسند مخلوق ہے لیکن ادنیٰ طبقہ کی۔ منو جیسے سنجیدہ مقنن نے اپنی سمرتی میں عورت کو عقل و شعور کی تمام خوبیوں سے خالی بتا کر اس کا درجہ شودر سے بھی کمتر رکھا۔ اس کے مذہبی اعمال اور ساری نیکیوں کو مرد سے وابستہ کردیں اور عورت کو کسی عبادت میں حصہ لینے کا تک حق نہ دے کر اس کی عبادت کو فقط اپنے شوہر کی خدمت کرنے تک محدود کردیا گیا۔ اس کی نیکی کا سب سے بڑا درجہ صرف یہی قرار دیا کہ وہ اپنے شوہر کے پاؤں دھو کر پیئے۔ چنانچہ آج بھی بعض قوموں میں شادی کے وقت یہ رسم ادا کی جاتی ہے اور ہندو عورت اپنے شوہر کا چھوڑا ہوا کھانا اپنے لیئے برکت کا موجب سمجھتی ہے یہی وجہ ہے کہ آج بھی جب تک مرد کھانا نہ لے وہ بھوکی پڑی سوکھتی ہے۔

منو نے عورت کو ورثہ کا کوئی حق نہ دیا جو کچھ حق وہ رکھتی ہے وہ اس کی زندگی ہی کی حد تک ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ مال کو بیع یا رہن کرنے کا کوئی حق نہیں۔ صرف تین قسم کی جائیدادوں میں اسے ملکیت کا حق حاصل ہوتا ہے۔ صرف منقولہ جائداد جو اسے جہیز میں ملے دوسری وہ جو اس کے عزیزوں سے تحفہ کے طور پر ملی ہو اور آخری قسم کی وہ جائداد ہے جو اس عورت نے شادی سے پہلے از خود پیدا کی ہو۔

رومی تمدن جس کے آج تک بڑے بڑے راگ الاپے جاتے ہیں عورت کو متلون مزاج اور بدفطرت سمجھتا ہے، رومی قانون کے ماتحت جس لڑکی کی شادی دوسرے خاندان میں ہو وہ اس کی مطیع و منقاد سمجھی جاتی تھی اور قانوناً اپنے باپ کے خاندان سے الگ ہو جاتی تھی اور ان شادیوں کی رو سے جو مملکت میں عام طور پر رائج تھیں اور جنھیں سادہ طور پر اظہار کیا جاتا تھا کہ فریقین میاں بیوی کی حیثیت سے ایک دوسرے کے ساتھ رہیں گے۔ رومی قانون کے تحت تمام سال بیوی پر

قابض رہنے سے خاوند کو اس پر مالکانہ اختیارات حاصل ہو جاتے تھے لیکن اگر عورت اس قید سے آزاد رہنا چاہے اور سال میں صرف ایک دن الگ رہنے کی "مقررہ شرط" پوری کر کے اپنی آزادی کو برقرار رکھے تو اسے کوئی حق نہ تھا کہ وہ خاوند کو مجبور کر کے اس سے گذارہ لے اور نہ اسے خاوند کی جائداد میں کوئی حصہ مل سکے۔

ایک رومی سپاہی کی بہت سی لونڈیاں ہوتی تھیں جنھیں وہ یا تو روم کی منڈیوں سے خریدتا تھا یا وہ جنگ کا مال غنیمت ہوا کرتی تھیں۔ ان سے جو بچے پیدا ہوتے انھیں رومی شہری کا باقاعدہ نام نہ دیا جاتا۔ جب تک ان کا باپ اس کی ماں سے شادی نہ کرلے۔ رومیوں کے تمدن کی بداخلاقی اور کیا ہوگی کہ ان کے مکانات حیاسوز تصاویر سے پُر ہوتے تھے۔

عورت نہ بغیر سرپرست کے رہ سکتی تھی۔ نہ وہ کسی کی ضامن یا اتالیق بن سکتی تھی اور نہ ہی اسے کوئی سیول یا پبلک عہدہ مل سکتا تھا۔ شوہر کو بیوی کے قتل کر دینا کا اختیار تھا اور شادی کے وقت بیوی کی ساری جائداد شوہر کی ملکیت میں چلی جاتی تھی اور عیسائی ممالک میں باوجود جسٹینین کے اتمناعی حکم کے کثیر الازدواجی کا رواج تھا جو اس وقت عالمگیر تھی۔ عورت کی یہ حالت مورخین اس مملکت میں بتاتے ہیں جس کو نہایت عظیم الشان اور مہذب حکومت کہا جاتا ہے اور یورپ کو ایسے بہت سے قوانین اخذ کرنے کا فخر حاصل ہے۔

دور کیوں جائیے تمدن کے سب سے بڑے علمبردار انگلستان فرانس اور جرمنی کی گذشتہ تاریخ کا مطالعہ کیجئے۔ تاریخ ان گندگیوں سے بھری پڑی ہے۔ میں صرف انگلستان کے مایۂ ناز شاعر کے خیال ہی کا ذکر کرنے پر اکتفا کرتی ہوں۔ شیکسپیر کہتا ہے کہ

"عورت، ایک نازک ترین شیطان، جسے کوئی آج تک نہ سمجھ سکا"

اسلام سے پہلے کا تو ذکر ہی کیا آج بھی مغرب کی تمام ترقیوں کے باوجود شادی کے بعد عورت اپنے تمام حقوق ملکیت سے محروم ہے اور اپنا خاندانی نام تک باقی نہیں رکھ سکتی بلکہ شوہر ہی کے نام سے پکاری جاتی ہے۔

خود عرب میں جہاں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے تھے ظہور اسلام سے قبل عورت کی جو حالت تھی وہ سورۂ نحل میں بیان کی گئی ہے" جب کبھی کسی کو بیٹی پیدا ہونے کی خبر دی جاتی تو اس کا چہرہ غم و غصہ سے کالا پڑ جاتا تھا۔ وہ اس خبر کو شرم کے مارے اپنے قوم سے چھپانے کی کوشش کرتا تھا اور وہ سوچتا تھا کہ اس ذلت کو برداشت کرنے یا اس لڑکی کو زندہ زمین میں دفن کردیں" یہ حقیقت ہے کہ اکثر لڑکیوں کو پیدا ہوتے ہی زندہ دفن کردیا جاتا تھا بعض اوقات نکاح کے وقت بیوی سے معاہدہ کرلیا جاتا کہ اگر لڑکی پیدا ہو تو اسے مار ڈالا جائے گا۔ لونڈیوں کو ناچنا، گانا سکھا کر بازار میں بٹھایا جاتا اور ان سے جو آمدنی ہوتی وہ مالک کا حق شمار ہوتا تھا۔ ایک عورت کے ایک سے زیادہ شوہر ہونے کا رواج جو نہایت ادنیٰ اقوام میں پایا جاتا ہے عرب میں بھی موجود تھا نیز ایک مرد جس قدر چاہے عورتوں سے شادی کرسکتا تھا۔ عورت محض ایک جائداد سمجھی جاتی تھی۔ اس کا اپنے متوفی خاوند یا دوسروں کی وراثت میں حصہ تسلیم نہ کیا جاتا تھا بلکہ وہ خود ورثہ کا ایک حصہ قرار پاتی اور ورثے میں چلی جاتی تھی یہاں تک کہ باپ کی عورتوں کو بیٹا اپنی وراثت سمجھتا اور اس سے شادی کرنے میں بھی کوئی پس و پیش نہ کرتا تھا غرض عورتوں کے ساتھ بہائم کا سا سلوک ہوا کرتا تھا، عربوں کی لڑکیوں سے یہودی لڑکیوں کی حالت بہتر تھی یعنی لڑکی کا باپ اپنی بیٹی کو لونڈی کے طور پر فروخت کرسکتا تھا اور اس کے مرنے کے بعد وہ اپنے بھائیوں کے تابع ہوتی تھی اور خوبصورت ہونے کی صورت میں وہ یہودیوں کی نظروں میں ایک بیش بہا مقبوضہ سمجھی جاتی تھی۔

ان حالات میں اب سے ساڑھے تیرہ سو سال قبل سرزمین حجاز سے ایک صدا بلند ہوتی ہے کہ — اے لوگو! تمھارے حقوق عورتوں پر اور عورتوں کے حقوق تم پر واجب ہیں تم پر لازم ہے کہ اپنے رشتہ مناکحت کا انتہائی احترام کرو اور کوئی ناپاک حرکت اپنے سے سرزد نہ ہونے دو اگر ان سے کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو انھیں سزا دو مگر شدید نہیں اور اگر تمھاری عورتیں گناہوں سے توبہ کریں تو ان کی رفاقت اختیار کرو اور ان کے نان اور نفقہ کا معقول انتظام کرو۔ کیونکہ خداوند تعالیٰ کی طرف سے یہ امانت تمھارے سپرد کی گئی ہے"۔ دوسرے الفاظ میں اسلامی

قانون عورت کو مرد کے ساتھ سماج میں ایک اعلیٰ درجہ عطا کرتا ہے۔ عورت ایک منقولہ جائداد باقی نہیں رہتی جسے خریدا یا بیچا جاسکے بلکہ وہ گھر کی حکمراں بنادی جاتی ہے اور حقوق و فرائض میں برابر کی حصہ دار۔

بیوی اور لونڈی کی اولاد میں کوئی تمیز باقی نہیں رہتی اور بہشت کے راستے عورت و مرد دونوں کے لئے یکساں کھل جاتے ہیں۔ ازدواجی رشتہ میں اسلام نے عورت کو مرد کے مساوی درجہ پر لاکھڑا کیا اور ظلم اور ناانصافی سے اس کی حفاظت کرکے بعض حالات میں خلع و طلاق حاصل کرنے کے صریح احکام صادر فرمائے۔ رسم نکاح جو آج بھی تمام اقوام عالم میں محض ایک رسم کی حیثیت رکھتا ہے سب سے اوّل اسلام ہی نے اسے ایک معاہدہ کی شکل دی اور معاہدہ کی تمام شرائط لازم کرائیں چونکہ معاہدہ برابر والوں ہی میں ہوا کرتا ہے اس لئے نکاح کی اسلامی حیثیت بھی مرد اور عورت میں مساوات کی بیّن دلیل ہے اور شوہر و بیوی کے انتخاب میں بھی فریقین کے حقوق و اختیارات مساوی ہیں۔ نکاح کے بعد تفریق کے بارے میں بھی مرد و عورت دونوں کا پلہ برابر ہے اسلام نے محض اختلاف مزاج کے عذر کو تفریق کے لئے جائز تسلیم کرلیا ہے اور عورت و مرد دونوں کو اس کا حق حاصل ہے کہ جب آپس کی مخالفت ناقابل برداشت حد تک پہنچ جائے تو وہ علحدگی اختیار کرسکتے ہیں۔ جن وجوہ کی بنا پر طلاق ہوسکتی ہے ان میں بھی دونوں کا برابر حق ہے ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت ثابت ابن قیس کی بیوی جمیلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں اور کہا کہ میں اپنے شوہر سے جدائی چاہتی ہوں آپ نے وجہ دریافت فرمائی تو عرض کیا کہ آپسمیں بنتی نہیں اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بلا حیل وحجت تفریق کی کارروائی کرادی ساتھ ہی ساتھ اپنے شوہر کے متعلق بی بی جمیلہ کے یہ الفاظ موجود ہیں کہ "میں نہ اس کے اخلاق پر عیب لگاتی ہوں نہ اس کے دین پر"۔

اصلاح کے قابل مخالفت کو رفع کرنے کے لئے جو پنچائت مقرر کرنے کا حکم قرآن مجید میں دیا گیا ہے۔ اس میں ایک پنچ مرد کی جانب سے اور ایک عورت کی جانب سے لکھا گیا

تاکہ دونوں کی مساوی حیثیت میں کوئی امتیاز نہ رہے۔ اسلام نے عقد بیوگان اور تعداد ازدواج کے مسائل کو حل کر کے ہر قسم کی اخلاقی خرابیوں کی جڑیں کاٹ دیں اور تعداد ازدواج کے سلسلہ میں عدل کی شرط لگا کر عورتوں کے حقوق کی بھی ہر طرح حفاظت کر دی اور جنگ وغیرہ کے نتائج کی سماجی ضرورت کو بھی پورا کر دیا۔

نیک اعمال کی جزا میں عورت و مرد کو ایک دوسرے پر فضیلت نہیں دی گئی اور نہ کسی جگہ ایک کے مقابلہ میں دوسرے کو نظر انداز کیا گیا۔ صاف الفاظ میں اس عقیدہ کی مخالفت کیگئی کہ دین میں مرد ہی درجات عالیہ حاصل کر سکتے ہیں۔ عورتیں اس سے محروم رکھی گئی ہیں اسی طرح بدچلنی کی سزا میں بھی مرد اور عورت کو یکساں رکھا کہ حقوق کے ساتھ ذمہ داری بھی مساوی ہو۔ عورت پر جھوٹی تہمت لگانے والوں کے لئے نہایت عبرت انگیز سزائیں مقرر کی گئیں یعنی مجمع عام میں اسّی درّے لگائے جائیں اور پھر کبھی ایسے شخص کی شہادت قبول نہ کی جائے۔

متعدد آیات قرآنی اور احادیث نبوی میں عورت کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید کیگئی ہے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مشہور خطبہ حجۃ الوداع میں فرمایا کہ "اے مردو! تم عورتوں کے بارے میں خدا سے ڈرتے رہو اور بہت احتیاط کرو اس لئے کہ وہ خدا کی امانتیں ہیں" اس کے بعد جہاں جہاں عورتوں کے حقوق کا ذکر کیا وہاں ان حدود کی بھی تاکید کی اور تغیر و تبدل کرنے والوں کو عذاب الٰہی سے ڈرایا۔

اسلام نے مرد کی طرح جائداد کا وارث بننے کے لئے عورت کی راہ میں جتنی رکاوٹیں حائل تھیں ان سب کو دور کر دیا اور بیواؤں کو حق وراثت سے محروم نہیں کیا دیگر زنانہ رشتہ دار مثلاً ماں بہن، بیٹی، بیوی اپنے حقوق کے مطابق برابر ورثہ کی حق دار ہوتی ہے۔ عورت کو اپنی ماں کی طرف سے، اپنے باپ کی طرف سے، اور اپنے شوہر کی طرف سے ترکہ کا مستقل حق ملکیت دیا گیا ہے اور اس ملکیت پر کسی قسم کے قیود عائد نہیں کئے گئے۔ اسلام نے جائداد سے متعلقہ امور میں عورت کو اتنے ہی حقوق دے رکھے ہیں جتنے مرد کو۔ وراثت کے علاوہ

عورتوں کو شرعاً اپنے لئے جائداد خریدنے یا ہبہ میں حاصل کرنے اور رکھنے کا حق حاصل ہے اور وہ اپنے معاملات کے متعلق خود جواب دہ ہیں اسی طرح وراثت اور ترکہ میں جس طرح لڑکے کا حق مقرر کیا گیا ہے اسی طرح لڑکی کا بھی۔ باپ کی جائداد میں بیٹی کا حصہ جو کم رکھا اس کی تلافی مہر، نفقہ اور شوہر کی جائداد سے حصہ دلا کر کردی۔

عورت کی حیثیت کو قرآنی تعلیمات کی روشنی میں دیکھا جائے تو پیدائش سے لیکر موت تک زندگی کا کوئی پہلو ایسا نہیں ہے جس میں اسے مرد سے کم درجہ کی حیثیت دی گئی ہو بجز اس کے کہ فرائض فطری کا اختلاف ہو اگر قدرت کو یہ منظور ہوتا کہ مرد اور عورت میں قوائے فطری کی حد تک کوئی فرق نہ ہو تو دو علیحدہ جنسیں پیدا کرنے کی ضرورت نہ ہوتی اور اکثر درختوں وغیرہ کی طرح ایک ہی جنس سے توالد و تناسل کا سلسلہ جاری ہو جاتا۔ اسلامی تعلیمات کے یہ ایسے ایسے انمول نمونے ہیں جو فطرت کے بالکل مطابق ہیں۔ ان وظائف فطری کے اختلاف اور ان کے اثرات سے قطع نظر اسلام نے تمام دیگر مذاہب کے برخلاف عورت کی ایک مستقل اور قائم بالذات قانونی شخصیت تسلیم کی جیسے حقوق اور فرائض دونوں حاصل ہیں اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہہ کر دنیا کو چونکا دیا کہ "جنت ماں کے قدموں کے تلے ہے۔ مسلمانوں کو چاہیئے کہ عورتوں کے متعلق بدگوئی نہ کریں۔ خدا کی نظر میں مرد اور عورت دونوں برابر ہیں" اور مردوں کی طرح عورت سے بھی یہی کہا کہ قدرت کی پیدا کردہ ہر نعمت سے فائدہ اٹھاؤ لیکن ان نعمتوں کو وسیلہ سمجھو، مقصود نہیں — وسیلہ اس امر کا کہ اپنے خالق کے مقابلے میں اپنے فرائض انجام دو اور اس کے احکام سے جو سراسر ہمارے ہی فائدے کے لئے ہیں، سرتابی نہ کرو۔ یہ احکام ہمیں قرآن مجید اور حدیث شریف میں مدون ملتے ہیں اور اب دیگر اقوام بھی رفتہ رفتہ اور خواہی نخواہی انھیں کو اختیار کرنے پر مجبور ہوتی جارہی ہیں

شمس۔ بانو (سال اول)
کلیہ اناث جامعہ عثمانیہ

نطقِ محبت

جنوں انگیز ہے بادِ بہاری — نہ ہوگی دردِ دل کی بیقراری
ابھی آنکھوں میں پھرتی ہیں وہ راتیں — جوانی کی وہ اگلی وارداتیں
روش، صحنِ چمن، کھیتوں کی سیریں — محبت کی طرب انگیز لہریں
اُمنگوں کا وہ سیلابِ تلاطم — اشاروں کا اُمید افزا تکلم
حجاباتِ دوئی کی پردہ داری — فسانہ بن گئی تھی اشکباری
سمن زاروں کے نرم و سرد جھونکے — فریبِ حُسن کے دو چار دھوکے
خراباتِ تفکر وا الہانہ — کشیدہ خاطری کا اک بہانہ
ملاقاتوں کا وہ اظہارِ پرجوش — نگاہوں میں ابھی تک ہے وہ آغوش
خودی ناآشنا، معصوم باتیں — حجابِ دلبری موہوم گھاتیں
شرابِ عشق سے سرشار و مخمور — نشہ میں اپنے ہی جذبات کے چور
خودی اور بے خودی کی پاسداری — رموزِ عشق کا الہام طاری
محبت اور وہ بھی پاک و معصوم — جدائی کا تخیل حرفِ موہوم
یہی اسرار ہیں سوزِ دروں کے — یہی معیار ہیں جذبِ فسوں کے

یہ افسانہ محبت کی زبان ہے
اسی تخئیل سے دل بھی جوان ہے

عظیم (عثمانیہ)

"بھوت!۔۔۔"

میں نہ تو بھوت ہوں۔ اور نہ آج تک میں نے کسی چڑیل کو دیکھا ہے۔ لیکن چند دن پہلے ایک واقعہ ایسا پیش آیا کہ مجھے اپنے آپ پر بھوت کا شبہ ہونے لگا اور ... ایک چڑیل مجھے نظر آئی۔

کوئی دوست آپ کا علی پور میں ہو۔ اور وہ خط لکھ لکھ کر آپ کو بلا بھیجے۔ شکار اور سیر و تفریح کے سبز باغ دکھائے۔ اور آپ چھٹیاں گزارنے کے سارے منصوبوں کو بالائے طاق رکھ کر، علی پور جانے والی بس کے انتظار میں ٹہلتے رہیں، اور مسافروں کے ریلے میں دبتے دباتے علی پور پہنچ جائیں، تو وہاں کسی راہ چلتے کو "ایے مہاراج" یا "آئے جناب" کہہ کر "ہالٹ" کرائیے، اور چہرہ پر مسکینی طاری کرتے ہوئے پوچھئے کہ یہاں پٹواری کا پرانا مکان کہاں ہے؟ آپ یقین کیجئے، پٹواری اور پرانے مکان کا نام سن کر علی پور کا ہر باشندہ حواس باختہ ہو جاتا ہے۔ اگر آپ جوان ہیں تو آپ کی جوانی پر ترس کھایا جائیگا اگر آپ ادھیڑ ہیں تو آپ کو بیوی بچوں کا واسطہ دیا جائے گا، اور اگر آپ بوڑھے ہیں تو آپ کو "تھوڑی سی رہگئی ہے اُسے بھی گزار دے" کی تلقین کی جائیگی .. اور اس گھر کا بھول کر بھی رُخ نہ کرنے کا مشورہ بلکہ حکم دیا جائے گا، آپ پوچھیں "مگر کیوں؟" تو داستانِ امیر حمزہ کا سا بکھیڑا شروع ہو جاتا ہے۔ ایک زبان کہتی رہیگی اور دو کان سنتے رہیں گے۔

اجی جناب۔ آپ اس گاؤں میں نو وارد ہیں، آپ کیا جانیں، یہ پٹواری کا پرانا مکان

کیسی آفتوں کا اکھاڑا ہے؟ وہ تو اچھا ہوا کہ آپ نے مجھ سے پوچھ لیا۔ ورنہ اب تک آپ کہاں سے کہاں پہنچ گئے ہوتے.. آپ کو اپنی جان پیاری ہے تو بیچ سڑک پر ڈیرہ ڈالئے لیکن اس مکان کا نام نہ لیجئے۔ کتنے ہی لوگ اُدھر گئے۔ اور ادھر سے اُدھر... کسی نے پھر انہیں نہیں دیکھا... آپ ہیبت زدہ ہو کر سوچیں گے "یہ گھر ہے یا نیلی چھتری کہ جو جاتا ہے غائب ... اجی بھوتوں چڑیلوں کا اڈا ہے وہ" آپ کے سوال "مگر کیوں؟" کا مدلل جواب آپ کے گوش گزار ہو جاتا ہے۔ اب آپ اپنے فیصلہ کے مختار ہوتے ہیں۔ آپ امتحان میں ناکام ہوئے ہوں، آپ کا دل دکھا ہوا ہو یا آپ کے دوست، جن کے تقاضے سے آپ علی پور آئے ہوں۔ وہ اپنے مکان کے دروازہ کو قفل توڑ اکر کے دورہ پر نکل گئے ہوں تو آپ یقیناً پٹواری کے مکان کو ترجیح دیں گے۔ ورنہ علی پور سے رفوچکر ہو جانے کی راہ ڈھونڈ نکالیں گے۔

لیکن چند دن پہلے اگر آپ وہاں جا نکلتے تو ہر بھلا مانس، آپ کو پٹواری کے پرانے مکان کا پتہ دیتا، بلکہ ساتھ چل کر آپ کو چھوڑ آتا اور آنجہانی پٹواری کی خوبیوں اور تقدس کی سینکڑوں روایتیں آپ کو سناتا۔ مکان کے "ٹھنڈے سیلے" ہونے کی ضمانت بھرتا۔ "شادی میزبانی جس گھر میں ہوئی ہو، بچے جس گھر میں پیدا ہوتے ہوں۔ جہاں چراغ جلتا ہو۔ وہاں انسانوں کے سوا اور کس کا گزر ہو سکتا ہے؟ اندھیرے میں سو جائیے۔ کوئی خواب نہیں: کوئی خیال نہیں" اور آپ وہاں ٹھیر بھی جائے تو آپ نہ تو بھوت بنتے اور نہ کوئی چڑیل آپ کو نظر آتی۔ مگر وہ جو کہا جاتا ہے کہ آدمی کو بھی میسر نہیں انسان ہونا۔ ہمارے حق میں صحیح ثابت ہوا۔ اور ہماری ذرا سی بھول نے پھر سارے گاؤں کو دہشت کے بھنور میں جھونک دیا اور ایک نیکنام گھر کو شاید ہمیشہ کے لئے "بھوت بھون" بنا دیا۔ مگر اس میں ہمارا بھی کچھ قصور نہیں۔ تند و تیز ہوا چلے۔ چھتری اُلٹ جائے اور اسکی کوئی کاڑی کسی راہگیر کے "نین کا تیر" بن جائے تو چھتری والے کے سر کیا الزام.. ماننا پڑتا ہے کہ بعض واقعات ایسے بھی ہوتے ہیں جن کا پلاٹ خود بخود بنتا اور پوری سرعت کے ساتھ نقطۂ مخرج اور اختتامی منزل تک دوڑ جاتا ہے۔ ہیرو یا اس کے دوسرے کردار منہ تکتے ہی رہجاتے ہیں اور

آناً فاناً میں ایک مکمل افسانہ تشکیل پاجاتا ہے، جس کا عنوان "بھوت" رکھا جاسکتا ہے۔ تو واقعہ یہ ہوا کہ چند دن پہلے میرے ایک مخلص دیرینہ نے مجھے اپنے گاؤں علی پور کو ایسے شدید تقاضوں سے بلا بھیجا کہ میں جو علی پور پہنچا ہوں تو جیسے کسی پٹھان کی ہمیانی میں سود کا پیسہ۔ سفر کی تکلیفوں کا حال نہ پوچھئے۔ غنیمت ہوا کہ یہ سفر سفرِ آخرت نہ ہوا۔ سفر کے سارے عذاب، بالائے غمہائے دگر سمجھ کر سہہ لئے، اور بس سے اُتر کر اپنا مختصر سا اسباب ایک مزدور کے سر پر رکھوا کر اس کے پیچھے پیچھے خوش آیند توقعات کو "لفٹ رائٹ" کراتا ہوا۔ میں اپنے دوست کے مکان کی طرف روانہ ہوگیا۔ مجھے دیکھتے ہی، میرا دوست دوڑ کر گلے سے لپٹ جائے گا۔ وفورِ خلوص سے آبدیدہ ہوجائے گا۔ پرانی باتیں یاد آئیں گی نئے تذکرے چھڑیں گے۔ کھانے کا وقت آئیگا تو مرغیاں.. میٹھے، اور دوسری لذیذ غذاؤں پر ہاتھ ہوگا.. شکار کو نکلیں گے۔ جنگلوں اور باغوں کی سیر ہوگی۔ وقت اس طرح گزر گیا۔ جیسے ہوائی جہاز میں فاصلہ.. ابھی دن، ابھی رات.. کہ میں مزدور سے ٹکراتے ٹکراتے بچا۔ کیونکہ مزدور ایک مکان کے آگے رُک گیا تھا۔ اور کہہ رہا تھا کہ "جناب انسپکٹر صاحب کا مکان تو یہی ہے"۔

میں نے مکان کی طرف دیکھا تو آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ دروازہ پر قفل پڑا تھا اور انسپکٹر صاحب نہ جانے کہاں غائب ہوگئے تھے۔ اتنے میں پڑوس کے ایک صاحب اپنے گھر سے ایک کتے پر ڈھیلے پھینکتے ہوئے، باہر نکلے۔ میں نے آگے بڑھ کر پوچھا "جناب یہ انسپکٹر صاحب کا کچھ پتہ ہے آپ کو؟"

فوراً ہی انھوں نے جواب دیا "وہ تو دورے چلے گئے۔ آٹھ دن کے لئے"۔ آٹھ دن کے لئے۔!! ایسا سنائی دیا جیسے میرا دل بڑی دردناک لَے میں الاپ رہا ہے۔

"اب کہاں بسیرا اپنا" سر تھام کر چبوترے پر بیٹھ گیا۔ سوچا کہ قفل توڑ ڈالوں اور اندر گھس پڑوں آٹھ دن تک بغیر کچھ کھائے پیئے۔ اپنے سامان پر بیٹھے رہوں اور جب وہ انسپکٹر کا بچہ آئے تو درندہ کی طرح اس پر جھپٹوں اور اس کا گلا گھونٹتے ہوئے پوچھوں کہ "اسی لئے بلایا تھا کیا مجھے'

قفل توڑ کر اندر گھسنے اور مرنے کے لئے۔ دورہ ہی جانا تھا تو مجھے یہ چکر کیوں دیا۔" مزدور نے کہا "جناب میری مزدوری دیجئے"۔ میں نے مزدوری کے پیسے اس کے ہاتھ میں رکھ دیئے۔ وہ دو چار ہی قدم بڑھا ہوگا کہ میں نے پکارا "اے ذرا ٹھہر تو" وہ رُک کر، میری طرف پلٹ آیا میں نے پوچھا۔ "اب بس کب جاتی ہے یہاں سے" سوچتے ہوئے اس نے جواب دیا۔ "کل صبح میں..." — ارے .. تو پھر شام کہاں گزاری جائے؟ رات کہاں بسر کی جائے؟

بس تو کل صبح جائیگی۔ میں نے پوچھا "کوئی مسافر خانہ ہے یہاں؟" اس نے نفی میں گردن ہلادی۔ اس کی گردن کے ساتھ میرے دل کو بھی جھٹکے سے لگے .. اور اس کے بعد... جیسے وہ رک گیا "نہیں... کوئی مسافر خانہ .. نہیں۔" میں نے حسرتناک لہجہ میں کہا "پٹواری کا ایک پرانا مکان ہے" وہ کہنے لگا۔ "وہاں کبھی کبھی مسافر ٹھیر جاتے ہیں، خالی پڑا ہے وہ"۔ پٹواری کے "بلیدان" کو سب سے پہلے شاید میں نے محسوس کیا جو مسافروں کے ٹھیرنے کے لئے خود سورگباش ہوا۔ اور مکان کو مسافر خانہ بنا دیا۔ تھوڑی دیر بعد میں پٹواری کے پرانے مکان میں تھا۔ مکان بہت بڑا تھا۔ کئی کمرے تھے صحن بھی کافی وسیع تھا۔ لیکن دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے چوطرف گھاس اُگ آئی تھی اور دو چار کمروں کی چھت بھی گر پڑی تھی۔ دیواروں کا چونہ جگہ جگہ سے جھڑ چکا تھا اور ان پر مختلف ممالک کے نقشے بن گئے تھے۔ جن دیواروں کی استرکاری اچھی حالت میں تھی ان پر کوئلوں کی مصوری کے شہ کار، اور گاؤں کی خفیہ رپورٹیں درج تھیں۔ دالان اور صحن میں جلی ہوئی لکڑیاں اور راکھ اور کوئلوں کے ڈھیر جمے ہوئے تھے۔ یہ مکان سڑک سے بالکل لگا ہوا تھا۔ دالان میں کھڑے ہو جائیں تو راستہ چلنے والے لوگ، بیل گاڑیاں اور چرنے والے جانور صاف نظر آتے۔ لیکن ایک ایسی پراسرار خاموشی اور اداسی چھائی رہی تھی کہ مجھے نانی اماں کی سنائی ہوئی ساری بھوت پریت کی کہانیاں یاد آنے لگیں۔ میں نے اپنا سامان ایک صاف ستھرے کمرہ میں رکھ دیا اور کچھ دیر ٹہل کر سوچا کہ ابھی سے گوشہ نشین ہو جاؤں تو بہت ممکن ہے کہ طبیعت اس ماحول سے مانوس ہو جائے ... شام ہو چکی تھی۔ جانوروں کے

گلے جنگل سے گھروں کی طرف ہنکائے جا رہے تھے، اور گاؤں کی عورتیں کنویں پر پانی بھرنے کے لئے جا رہی تھیں۔ میں نے خیال کیا تھوڑی دیر گاؤں ہی میں کیوں نہ گھوم آؤں لیکن سامان کس کے حوالے کرتا۔ وہ مزدور تو شاید تاک ہی میں ہوگا کہ کب میری آنکھ چوکتی ہے اور کب اُسے اپنے ہاتھ کی صفائی دکھانے کا موقع ملتا ہے۔ میں نے کمرہ کے ایک صاف کونہ میں شطرنجی بچھالی۔ اور دیوار کے ٹیکہ سے بیٹھ کر سگریٹ سلگا لیا۔ اندھیرا بڑھنے لگا۔ چمگادڑیں پھڑپھڑانے لگیں اور مکان کے سامنے ہی دو چار کتّے بھونکنے لگے۔ نانی اماں کہتی تھیں کتے بلیات کو دیکھ بھونکتے ہیں"۔۔۔ اس خیال کا آنا تھا کہ میں بھی بلیات کے دیدار کا منتظر ہوگیا۔ کہ اتنے میں ایسی آواز سنائی دی۔ جیسے کوئی پھلیاں پھوڑ رہا ہو۔ چوڑیاں بھی بجنے لگیں... پسینے چھوٹ گئے۔ اور دل کی دھک دھک کانوں میں نقارہ بجانے لگی۔ یہ چٹ پٹ اور کھن چھن کی آواز جاری ہی تھی کہ گنگنانے کی آواز... دفع بلا کے لئے یاد تھیں جتنی دعائیں باآواز بلند دہرانا چاہتا ہوں تو حلق میں جیسے کانٹے پڑ گئے ہیں۔ ہمت کر کے میں نے دروازہ کی دراز سے باہر کی طرف دیکھا۔ ایک عورت۔ مونگ پھلیاں پھوڑ پھوڑ کر کھاتی بیٹھی تھی۔ اور دروازہ کی طرف دیکھ دیکھ کر گنگناتی بھی تھی۔ چڑیلیں پھلیاں بھی کھاتی ہیں اور گاتی بھی ہیں۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور کانوں سے سنا۔ اکیلی عورت! شام کے وقت! ایسے ڈھنڈار مکان میں عورت تو نہیں ہوسکتی۔۔ پھر... چڑیل! میرے جسم میں لرزہ دوڑ گیا، اور میں وہاں سے بھاگ نکلنے کے امکانات پر غور کرنے لگا۔ کھڑکی کی سلاخیں مضبوط تھیں۔ دیواروں میں کہیں رخنے نہ تھے۔ چھت بھی نچتہ تھی ہائے میں کیا کروں کہاں جاؤں... ایک دروازہ ہی کھلا تھا؟ یا میں باہر نکل جاؤں۔ یا وہ چڑیل اندر گھس آئے۔ میں باہر نکلوں تو وہ مجھے دیکھ لیتی۔ اور شاید پیچھا بھی کرتی... لیکن فٹ بال کا کھلاڑی رہ چکا ہوں۔ سوچا کہ ایسی تیزی سے دوڑوں گا کہ..... جھپٹ کر میں نے شطرنجی کی گٹھری بنالی اور سارے سامان کو جوں توں کر کے سنبھال لیا اور آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا دروازہ کی طرف بڑھا۔ دروازہ کے پٹ کھلنے لگے تو وہ چرچرائے اور میں نے اپنا سر باہر

نکال کر دیکھا تو وہ عورت .. نہیں .. وہ چڑیل .. دروازہ کی طرف دیکھ رہی تھی۔ میری اسکی آنکھیں چار ہوئی ہی تھیں کہ اس نے ایک چیخ ماری۔ اور میں بجلی کی طرح دروازہ کے باہر نکلا۔ مارے دہشت کے میرے منہ سے بھی چیخ نکل گئی اور میں چیختا ہوا دالان سے صحن میں اور صحن سے مکان کے باہر.. جب میں دروازہ سے نکل رہا تھا تو ایک صاحب مجھ سے ٹکرا گئے۔ وہ مکان کے اندر جا رہے تھے .. میں نے انہیں ہکا بکا چھوڑا، اور گاؤں کی سرحد سے نکل کر ایک درخت کے نیچے رک کر دم لیا۔ رات بھر میں اس درخت کے نیچے پڑا رہا۔ اور رات بھر میرے کانوں میں ان چیخوں کی آواز آتی رہی۔ اور رات بھر میں جاگتا رہا۔ پتہ بھی کھڑکتا تو میں کانپ اٹھتا کہ چڑیل!

صبح میں دن چڑھے گاؤں میں داخل ہوا۔ پٹواری کے مکان سے گزر رہا تھا کہ دیکھتا کیا ہوں کہ اچھا خاصا مجمع اس کے آگے کھڑا ہے۔ اور بیچ میں کون؟ وہی چڑیل .. مگر نہیں... میں مجمع میں گھستا ہوا اس کے قریب پہنچ گیا۔ وہی چڑیل مگر ایک عورت! اور وہ لوگوں سے کہہ رہی تھی کہ رات کو اس نے ایک بھوت کو دیکھا۔ اپنی آنکھوں سے دیکھا.. اور وہ قسمیں کھاتی جا رہی تھی .. ایک دوسرے صاحب نے گواہی دی کہ انھوں نے بھی اس بھوت کو بھاگتے ہوئے دیکھا ہے۔ وہ تو کہتے تھے کہ ان کی اس سے ٹکر بھی ہوئی؟ میں نے وہاں ٹھیرنا مناسب نہ سمجھا۔ وہ اگر مجھے پہچان لیتی تو پھر سارے گاؤں والوں میں بھگدڑ مچ جاتی۔ اور جب موٹر ڈرائیور کو معلوم ہوتا کہ میں ہی وہ بھوت ہوں تو وہ بھی موٹر چھوڑ کر بھاگ کھڑا ہوتا۔ کوئی مسافر میرے ساتھ نہ بیٹھتا۔ اور آٹھ دن تک مجھے یا تو اس پٹواری کے پرانے مکان میں رہنا پڑتا۔ یا اس جھاڑ کے نیچے۔ میں دبک دبکا کر اس بھیڑ سے نکل گیا۔ موٹر میں بیٹھ کر میں نے رات کے سارے واقعات پر غور کرنا شروع کیا۔ لیکن دو تین باتیں میری سمجھ میں نہ آئیں۔ وہ عورت اس ویران مکان میں اکیلی۔ رات کے وقت گنگناتی کیوں بیٹھی تھی اور وہ ٹکرانے والے صاحب تیز تیز قدم اٹھاتے اس مکان کے اندر کیوں جا رہے تھے اور کیا میں واقعی بھوت ہوں؟

رشید قریشی ام۔ اے (عثمانیہ)

"گیتی"

سر پہ آنچل نہیں بکھرے ہوئے گیسو کیوں ہیں؟ تمتمایا ہوا چہرہ کھچے ابرو... کیوں ہیں؟
ان گھنی پلکوں پہ سہمے ہوئے آنسو کیوں ہیں؟
رخِ روشن ہے نہ ہونٹوں پہ مسرت کی لکیر قہر آلود نگاہیں ہیں کہ چبھتے ہوئے تیر
فکر زندانِ روایات میں اب تک ہے اسیر
خوں میں لتھڑے ہوئے جوبن کو سنوارین آؤ ان گنت صدیوں کا ملبوس اُتاریں آؤ
کردیں قربان جوانی کی بہاریں آؤ
ظلم کی چھاؤں میں بیتے ہوئے ایام کی یاد ایک فرسودہ تصوّرِ غم و آلام کی یاد
مسکراتے ہوئے آئے اَنتِ جام کی یاد
زندگی نت نئے سانچوں ہی میں ڈھل جائیگی
اِک ذرا صبر کہ تقدیر بدل جائے گی

سردار علی الہام (عثمانیہ)

(سال اوّل)

مملکت آصفیہ کی عدالتوں کا ماضی و حال

سلطنت مغلیہ کے صوبے کی حیثیت سے ابتداءً حیدرآباد کا عدالتی نظام وہی تھا جو مغلیہ سلطنت میں۔ اس کے بنیادی اصول اور قانون کا خاصا بڑا حصہ تو اسلامی تھا لیکن مقامی ضرورتوں سے صدیوں کے عرصے نے اس میں بہت سے دیگر عناصر بھی شامل کردئے تھے۔ آصف جاہ اوّل نے خودمختاری کا اعلان کیا تو عدالتی نظام میں کوئی تبدیلی نہ کی اگرچہ حکام عدالت کا کردار بلند کرنے میں انھوں نے وہی مستعدی دکھائی جو دیگر شعبہ ہائے نظم ونسق میں حضرت ناصرالدولہ آصف جاہ کے زمانے تک اس نظام میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی لیکن نااہل یا خائن وزراء کی سازشوں نے حکام عدالت کے سابقہ بلند معیار کو بہت کچھ پست کردیا تو سالار جنگ نے اپنی مدار المہامی کے زمانے میں اور محکموں کی طرح عدالت کے لئے بھی یہی نسخہ تجویز کیا کہ برطانوی نہج کے انتظامات کے پیوند حیدرآبادی نظم ونسق کے جامے پر لگائے جائیں۔ چنانچہ ۱۳۱۱ھ میں پائے تخت حیدرآباد میں ایک عدالت دیوانی قائم کی گئی جو بعد میں عدالت دیوانی بزرگ کہلانے لگی۔ اس میں چار سو روپے سے زائد مالیت کے مقدمے رجوع ہوتے تھے۔ تجربے کے طور پر نئی نئی عدالتیں اور نئے نئے اختیارات دئے جاتے اور بسا اوقات برخاست بھی کردئے جاتے۔ لیکن نامکمل تقلید اور قدیم نظام کی متوازی بحالی سے ہر دو نظاموں کی برائیاں تو پیدا ہوجاتی ہیں اور بھلائی کسی ایک کی بھی پوری طرح اثر نہیں دکھاسکتی۔ یہی وجہ تھی کہ انصاف میں دیری بھی ہونے لگی اور اس کے

محصول کی قیمت گراں سے گراں تر ہوتی چلی گئی ۔ برطانوی ہند میں اجنبیوں کی حکمرانی سے مالی و عدالتی اقتدارات یکجا کر دئے گئے ہیں بے سوچے سمجھے اس کی نقل بھی ہمارے ہاں بہت دن تک ہوتی رہی اور حکومت کی نیک نامی اور رعایا کی بہبودی دونوں متاثر ہوتے رہے ۔

زمانۂ حال کی نسبتہً ترقی یافتہ صورت حال کی قدر دانی پس منظر کی واقفیت کے بغیر ممکن نہیں اسی لئے ذیل میں مختلف عدالتوں کے حالات جو ۱۳۳۱ف سے قائم ہوئیں مختصراً درج ہیں، عدالت دار القضا بلدہ، اور عدالت امور مذہبی یہ پہلے ہی سے قایم ہیں صرف ۱۳۳۱ف کے بعد ان کے اختیارات کا تعین کیا گیا ۔

عدالت دیوانی بزرگ یہ عدالت ۱۳۳۱ف میں قایم ہوئی جسمیں چار سو روپیہ سے زیادہ مالیت کے مقدمات رجوع کئے جاتے تھے ۔ ۱۲۵۶ف میں اس کے اختیار سماعت میں توسیع ہوئی اور سودی ڈگریاں، جن سے پہلے پرہیز کیا جاتا تھا ۔ عدالت کی طرف سے دیجانے لگیں ۔

عدالت مجلس ساہوان عدالت مجلس ساہوان ۱۲۶۶ف سے لیکر ۱۲۸۳ف تک زیر صدارت نواب سالار جنگ بہادر وزیر سلطنت آصفیہ قائم رہی اس میں مہاجنوں کے مقدمات زر نقد بطریقہ پنچایت طے ہوا کرتے تھے ۔

عدالت دیوانی بلدہ یا عدالت دیوانخانہ اس عدالت کو نواب سراج الملک نے بدوران ۱۲۶۱ف اپنے محل میں قائم کیا تھا اس میں دیوانی و فوجداری دونوں مقدمات پیش ہوتے تھے ۔ ۱۲۷۲ف یعنی قیام کے ۱۱ سال بعد جملہ مقدمات دیوانی کو ایک ہزار تک کے اختیارات دئے گئے ۔ ۱۳۰۱ف میں یہ عدالت عدالت دیوانی بلدہ کہلانے لگی ۱۳۳۱ف میں اس کو اختیارات عدالت خفیفہ عطا ہوئے ۔ یہ اختیارات ۱۳۴۲ف میں علیحدہ عدالت "عدالت مطالبات خفیفہ" کے قیام پر اس سے علیحدہ کر دئے گئے ۔

عدالت بیرون بلدہ عدالت بیرون بلدہ ۱۲۸۶ف میں قائم ہوئی مقدمات کے فریقین مضافات شہر کے رہنے والے ہوتے اور اس عدالت کے اختیارات غیر معمولی تھے، یوروپین، انکی اولاد

اور اس ملک کے دیسی عیسائیوں پر بھی خواہ وہ اضلاع ہی میں سکونت کیوں نہ رکھتے ہوں یا شہر حیدرآباد میں بلالحاظ حدود و مقام حاوی تھے۔ ان کے ازدواجی مقدمات وعطائے وصیت نامجات کے مقدمات بھی یہاں رجوع ہوتے اور اس عدالت کا مرافعہ محکمہ مدارالمہام میں دائر کیا جاتا تھا لیکن بعد میں مرافعہ کی تمام درخواستیں مجلس عالیہ عدالت میں منتقل کردی گئیں ۱۳۰۵ف میں یہ عدالت توڑدی گئی۔ اور پانچ ہزار تک مالیت کے مقدمات عدالت دیوانی بلدہ میں اور اس سے زیادہ مالیت کے مجلس عالیہ عدالت میں منتقل کردے گئے۔

عدالت گوئنڈ راؤ اس عدالت میں مقدمات وطن داری یا نزاع مابین جوشیان گوسایاں پیش ہوتے تھے۔ یہ صرف ڈیڑھ سال ہی تک قائم رہی اور ۱۲۷۳ف میں برخاست ہوگئی۔

عدالت دارالقضا بلدہ جب ملک میں مختلف مسائل کی حد تک قانون اسلامی کی جگہ برطانوی ہند کے مماثل قانون نافذ ہونے لگے تو مسائل شخصی کی حد تک ہندو اور مسلمان دونوں کے مذہبی قانون بحال رکھے گئے۔ انتظامی ضرورتوں سے پائے تخت میں مسلمانوں کے شخصی مسائل کے لئے عدالت دارالقضا کو مختار کیا گیا اور جب ۱۲۷۹ف میں شہر حیدرآباد کی عدالتوں کے اختیارات کا تعین کیا گیا تو اس کو مقدمات نکاح، طلاق، مہر، ترکہ، ثبوت حضانت، قتل، میں اختیارات حاصل تھے دوسرے الفاظ میں ان کو فوجداری اختیارات بھی پہلے سے حاصل تھے لیکن ۱۲۸۸ف میں اس کے اختیارات فوجداری باقی نہ رہے اور صرف مقدمات ثبوت نسب، ترکہ، نکاح، نفقہ و رضاعت، زیارت اقربا، فسخ رسم منگنی، بندوبست آزار دستی ولسانی، اخراجات بیمارگی و زچگی۔ خلع، طلاق، مہر، جہیز و چڑاوا۔ طلب زوجہ و دختر، ولایت و حضانت، ہبہ اخراجات تجہیز و تکفین کی حد تک اور مقدمات شیعہ میں بلدہ حیدرآباد کی حد تک اختیار باقی رہا دیگر مذاہب کے مذکورۂ بالا نوعیت کے مقدمات خصوصاً ازدواجی مقدمات عدالت دیوانی بلدہ کے اجلاس میں رجوع ہوا کرتے تھے۔

عدالت آرایش بلدہ سنہ ۱۳۲۳ف میں یہ عدالت قایم ہوئی اس کے ناظم۔ نزاعات معاوضہ اراضیات کا فیصلہ کرتے انہیں قانون حصول اراضی و آرایش بلدہ (رسٹی امپرومنٹ بورڈ) کے تحت غیر محدود اختیارات حاصل تھے۔ یہ، تصفیہ نزاعات مابین ورثاء، تحقیقات حقیقت متعلق جائیداد، تعیین مقدار معاوضہ کا اختیار بھی انہیں حاصل تھا۔

عدالت "محکمہ قضائے عروب" عربوں کے مقدمات سنہ ۱۲۸۲ف تک پنچایت کے ذریعے طے ہوا کرتے جس کا صدر ابوالپنچ ہوا کرتا اور پنچ عرب جمعدار وشیوخ ہوا کرتے تھے سنہ ۱۲۸۲ف میں انکے مقدمات کے فیصلہ کی غرض سے علیحدہ عدالت کے قیام کی تجویز ہوئی اور سنہ ۱۲۹۸ف میں عربوں کے مقدمات بھی عدالت فوجداری میں دیگر اور فریقین کی طرح رجوع ہونے لگے۔

دفتر امور مذہبی اسے کچھ فوجداری اختیارات بھی حاصل تھے۔ بعض سررشتوں کو مثلاً سررشتہ ٹپہ، سررشتہ کروڑگیری، سررشتہ کوتوالی کو سہولت کار و انتظام کے نقطۂ نظر سے بھی فوجداری اختیارات دینے پڑے تھے انہیں یہ اختیارات صرف کسی خاص حکم قوانین کی خلاف ورزی میں حاصل تھے عام فوجداری اختیار حاصل نہیں تھا ذیل میں ہم چند ایسی عدالتوں کا ذکر کریں گے۔

عدالت تعلقدار کروڑگیری اس عدالت کے اختیارات فوجداری صرف قانون کروڑگیری کے احکام کی خلاف ورزی تک محدود تھے۔ کمشنر کروڑگیری کو چار سال تک قید اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ کا اختیار تھا یعنی ایسے مقدمات جن میں ایسی سنگین سزا دیجاسکے اُنکی وہ خود سماعت کرسکتا تھا بشرطیکہ وہ جرم جس کی سماعت وہ کرتا ہے قانون کروڑگیری کی خلاف ورزی سے بنا ہو۔ مہتمم اور امین کیلئے علی الترتیب تین ماہ قید سادہ اور ۵۰ روپیہ تک جرمانہ اور ایک ماہ قید سادہ ۳۰ روپیہ تک جرمانہ کا اختیار رکھتے تھے۔ عہدہ دار تحت کی ناراضی سے اس کا مرافعہ افسر اعلیٰ کے پاس ہوتا تھا تعلقدار کے فیصلہ کا مرافعہ عدالت عالیہ میں

ہوا کرتا تھا۔ یہ عدالت ۱۲۹۴ف میں برخاست کردی گئی۔

عدالت ناظم ٹپہ عہدہ داران ٹپہ کو اہالیان ٹپہ کی بے ضابطگیوں کو روکنے کے لئے اختیارات فوجداری دئے گئے تھے جن مقدمات کی سماعت کا انہیں اختیار تھا اُنکی نوعیت مقدمات ذیل کی سی تھی :-

۱ ۔ تغلب ۔
۲ ۔ تصرف
۳ ۔ زائد محصول لینا
۴ ۔ دوسرے کا خط شرارت سے کھولنا
۵ ۔ سرکاری کاغذات میں خانگی خطوط بلا ادائی محصول روانہ کرنا ۔

یہ عدالت بھی ۱۲۹۴ف میں اُٹھادی گئی۔

اضلاع میں مہتمم ٹپہ خانہ، مددگار، نائب کارپرداز ٹپہ خانہ کو بھی سزا و جرمانہ کا اختیار تھا۔ عہدہ داران عدالت کے تقرر کے اختیارات ان سے لے لئے گئے تھے۔

فوجداری عدالتیں

عدالت بادشاہی ۱۲۶۴ف میں ایک عدالت نواب سالار جنگ بہادر کی صدارت میں قائم ہوئی بجز سزائے قتل وحبس دوام کے جملہ اختیارات اس کو حاصل تھے ۱۲۷۰ف میں باستثنار مقدمات قابل سماعت کوتوالی و دارالقضار بلدہ جملہ مقدمات فوجداری کی سماعت کا انہیں اختیار تھا۔ ۱۲۷۹ف میں جب یہ عدالت برخاست کردی گئی تو سارے مقدمات عدالت عالیہ میں منتقل کردے گئے۔

عدالت فوجداری بلدہ تیرھویں صدی فصلی کے نصف اوّل میں عدالت فوجداری بلدہ کو وسیع اختیارات حاصل تھے۔ اضلاع میں جج و منصف کے احکامات قابل تعمیل نہ سمجھے جاتے جب تک عدالت فوجداری بلدہ کی منظوری صادر نہ ہو۔

ناظم فوجداری بلدہ کو تین سال قید اور (۵۰۰) روپیہ جرمانہ کا اختیار تھا مددگار ناظموں کو ۱۲۸۰ف تک اختیارات فوجداری نہ تھے وہ بعد تحقیقات ناظم اوّل کے پاس سزا کے لئے مثل بغرض تجویز پیش کیا کرتے تھے۔

عدالت کوتوالی بلدہ ۱۲۳۱ف سے پہلے بھی عدالت کوتوالی بلدہ قائم تھی لیکن صرف زبانی احکام صادر ہوا کرتے تھے۔ کوتوال بلدہ کے مددگاروں کو جو منصفین کہلاتے تھے مجسٹریٹ کے اختیارات حاصل تھے اور

۱۔ ایسے مقدمات جن میں میعاد قید زائد از ایک سال نہ ہو

۲۔ سرقہ کے مقدمات جن کی مالیت تین سو سے زیادہ نہ ہو سزائے قید صادر کرسکتے تھے بس کی میعاد چھ ماہ سے زائد نہ ہوسکتی تھی جرمانہ کی سزا اس سے سوا ہے جس کی مقدار پچاس روپیہ سے زیادہ نہ ہوتی۔ اس عدالت کے احکام کا مرافعہ عدالت بادشاہی میں ہوتا تھا ۱۲۷۲ف میں عہدہ داران عدالت کوتوالی کو صرف مقدمات صرخفیف اور معمولی مارپیٹ کے نزاعات کے تصفیہ کا اختیار دیا گیا تھا ۱۲۸۸ف کے بعد ان کے اختیارات باقی نہ رہے۔

شہر حیدرآباد کی خاص عدالتیں صاحب عالیشان بہادر کو عدالتی اختیارات ۱۲۷۳ف میں ایک عہدنامہ کی رو سے دے گئے جس میں حسب ذیل مقدمات کا تعلق صاحب عالیشان بہادر سے تھا۔

سرکار عالی اور صاحب عالیشان بہادر کے عہدہ داروں کی مشترک جماعت کے مقدمات کی سماعت کا اختیار دیا گیا جب فریقین حسب ذیل ہوں۔

۱۔ کل یوروپین برٹش رعایا و دیگر یوروپین معہ اولاد جو کسی چھاؤنی حیدرآباد کی کنٹنجنٹ فوجی آبادی میں سکونت رکھتے ہوں

۲۔ کل یوروپین برٹش رعایا و دیگر یوروپین معہ انکی اولاد کے جو محکمہ ریل یا تار میں کسی

عہدہ پر مامور ہوں۔

۳۔ کل یوروپین برٹش رعایا و دیگر یوروپین معہ انکی اولاد کے جو ساکن حیدرآباد ہوں یا علاوہ اُن کے جو سرکار عالی میں ملازم ہوں یا بمدار المہام یا کسی افسر حیدرآباد کے نوکر ہوں۔

۴۔ کل یوروپین برٹش رعایا جو مندرجہ بالا اقسام سے نہ ہوں مگر جس کو گورنمنٹ سرکار عالی نے گورنمنٹ سرکار عظمت مدار کے سپرد کیا ہو۔

(The British Enactment in native State Vol. H) کے تحت سنہ ۱۲۹۴ف

مددگار صاحب عالیشان بہادر کو اختیارات سشن اور صاحب عالیشان رزیڈنٹ بہادر کو اختیارات ہائیکورٹ عطا فرمائے گئے۔

مجلس مرافعہ صدر یا مجلس عالیہ عدالت سنہ ۱۲۷۰ف میں اضلاع شوراپور و راچور کے عدالتی انتظام کے لئے اور صدر عدالت مسترد قائم ہوئی۔ سنہ ۱۲۷۲ف میں تمام عدالت ہائے اضلاع کا تعلق اس محکمہ سے ہوگیا اور اس کا نام "صدر عدالت مسترد تصحیح تعلقات" رکھا گیا۔ سنہ ۱۲۷۵ف میں تمام مقدمات دیوانی و فوجداری بہ صیغہ مرافعہ یہاں سے فیصل ہوتے اور سنہ ۱۳۰۵ف میں "مجلس مرافعہ صدر" اس کا نام رکھا گیا سنہ ۱۲۸۱ف میں عدالت دیوانی بزرگ اور بادشاہی عدالت برخاست کردی گئی تو اُن جملہ مقدمات کی سماعت کا اختیار بھی اسکو حاصل ہوا جو اُن عدالتوں میں رجوع ہوتے تھے یہ وہی زمانہ ہے جس میں پہلی دفعہ صیغہ ابتدائی کی بنیاد پڑی سنہ ۱۲۸۷ف میں یہ عدالت "مجلس عالیہ عدالت" کہلانے لگی سنہ ۱۲۹۴ف میں دستور العمل مجلس عالیہ عدالت بعد ترمیم نافذ ہوا۔ ۲۸ فروردی سنہ ۱۳۳۵ف میں مجلس عالیہ عدالت کو منشور خسروی عطا ہوا جس کی رو سے عدالت عالیہ کو بہت وسیع اختیارات حاصل ہوئے۔ سنہ ۱۳۴۴ف میں قانون عدالت عالیہ کی ترمیم ہوئی جس سے فصل خصومات میں بے حد سہولت ہوئی۔

دفتر معتمدی عدالت سنہ ۱۲۷۲ف میں عدالتوں کی نگرانی کے لئے قائم ہوا۔ عدالت العالیہ کا پانچ ہزار سے زائد مالیت کا مرافعہ یہاں دائر کیا جاتا جو صدر المہام عدالت بالاتفاق معتمد سماعت

کیا کرتا تھا سنہ ۱۲۸ف میں ہائیکورٹ کے فیصلہ جات، قطعی قرار دئے گئے۔

مقدمات فوجداری کی بابت بھی مجلس عالیہ عدالت کے فیصلے قطعی قرار دئے گئے اور عدالت بیرون بلدہ کا مرافعہ صدر المہام کے پاس ہوتا تھا وہ بھی اب مجلس عالیہ عدالت میں دائر ہونے لگا تھا اور مقدمات جو صدر المہام عدالت کے اختیار میں تھے وہ مجلس عالیہ عدالت میں منتقل کردئے گئے۔

صوبہ و اضلاع کی عدالتیں

صوبہ جات میں صوبہ داران یعنی عہدہ داران مال کو ہی عدالتی اختیارات حاصل تھے اول دوم وسوم تعلقدار کے کسی فیصلہ کا مرافعہ ان کے پاس پیش ہوسکتا تھا نیز ناظم ریلوے کے فیصلہ کا مرافعہ بھی انہیں کے پاس پیش ہوتا تھا۔ جب کار عدالتی میں اضافہ ہوا تو ان صوبہ داروں کو عدالتی اختیارات کے استعمال کے لئے ایک مددگار ملا۔ سنہ ۱۲۹۴ف سے عدالتی اختیارات عہدہ داران مال سے جب علیحدہ کردئے گئے تو اسی سال سمت اورنگ آباد میں سشن جج مقرر ہوا۔ اور پھر کثرت کار کے باعث زائد ناظم سشن کا سنہ ۱۳۲۶ف میں تقرر کیا گیا

عدالت نظامت سشن اس عدالت میں بہ صیغہ دیوانی غیر محدود اختیارات سماعت مقدمہ ناظم صدر عدالت کو حاصل ہیں اور بہ صیغہ فوجداری ہر جرم کی سماعت ناظم سشن کرسکے گا اور سزائے جائز کا حکم صادر کرسکے گا لیکن اس سزا کا نفاذ نہ ہوسکے گا تاوقتیکہ

۱۔ دس سال سے زیادہ قید کی صورت میں اجلاس متفقہ مجلس عالیہ عدالت کی منظوری نہ ہو

۲۔ سزائے قید دوام کی صورت میں محکمہ سرکار کی

۳۔ سزائے موت کی صورت میں اعلیحضرت بندگانعالی کی منظوری شاہانہ صادر نہ ہو۔ بہ صیغہ مرافعہ عدالت ضلع کی تجویز کی ناراضی سے دائر کئے ہوئے مرافعہ کی سماعت کرسکے گا۔ ضلع اطراف بلدہ میں مرافعہ اجلاس ابتدائی میں پیش ہوگا۔

اہل اسلام کے وہ مقدمات جو بلدہ میں عدالت دارالقضاء بلدہ کے ناظم کے قابل سماعت

قرار دئے گئے ہیں اُن کے مرافعہ کی سماعت اضلاع میں، اُس ضلع کی عدالت سشن میں ہی ہوگی اور فیصلہ کی ناراضی سے مرافعہ اُسی مقام پر ہوا کرے گا۔

عدالت ضلع شہر حیدرآباد میں دیوانی اور فوجداری مقدمات کی سماعت کے لئے علیحدہ علیحدہ عدالتیں قائم ہیں لیکن اضلاع میں دیوانی اور فوجداری دونوں قسم کے مقدمات کی سماعت کا اختیار ناظم ضلع کو دیا گیا ہے۔ اور رعایا کی سہولت کے لئے اختیارات عدالت خفیفہ بغرض سماعت مقدمات دیوانی (مالیتی ستّو یا ستّو سے کم) تک کے دئے گئے ہیں جن کی مالیت میں پانچسو تک کے اضافہ کی گنجائش ہے۔

عدالت ضلع بہ صیغہ دیوانی دس ہزار تک کی مالیت کے مقدمہ کی سماعت کی مجاز ہے۔ اور اسمیں بیس ہزار تک توسیع ہوسکتی ہے۔ اہل اسلام کے جو مقدمات عدالت دارالقضا بلدہ میں قابل سماعت قرار دئے گئے ہیں۔ وہی مقدمات جس میں اہل ہنود فریقین ہوں اضلاع میں عدالت دیوانی ضلع سے اور بلدہ حیدرآباد میں عدالت دیوانی بلدہ سے فیصل ہوتے ہیں۔ مثلاً مقدمہ طلب زوجہ و دختر طلاق، نان ونفقہ وغیرہ۔ بہ صیغہ فوجداری سزائے قید جس کی میعاد چہار سال سے زائد نہ ہو اور جرمانہ جس کی مقدار پانچہزار روپیہ سے زائد نہ ہو دی جاسکتی ہے۔

عدالت دیوانی بلدہ عدالت دیوانی بلدہ کے ناظم کی امداد کے لئے ناظم دوم، ناظم سوم وچہارم مقرر کئے گئے ہیں ناظم اوّل کو دس ہزار کی مالیت کے مقدمہ کی سماعت کا اختیار ہے ناظم دوم کے اختیارات زائد ناظم ضلع کے اختیارات کے مماثل ہیں یعنی دس ہزار یا اُسی قدر مالیت کے مقدمہ کی سماعت کرسکتے ہیں۔ ناظم اوّل کے اختیار سماعت میں بیس ہزار تک اضافہ کیا جاسکے گا لیکن زائد ناظم ضلع یا ناظم دوم کے اختیارات میں اضافہ کی گنجایش نہیں۔ ناظم سوم وچہارم کا درجہ منصفوں کا ہے لیکن انہیں پانچ ہزار یا اُسی قدر مالیت کے مقدمہ کی سماعت کا اختیار ہے۔ ان کا مرافعہ ناظم اول و دوم کے پاس پیش ہوتا ہے، ناظم اوّل و دوم کی تجاویز کی ناراضی سے مرافعہ مجلس عالیہ عدالت میں پیش ہوتا ہے۔

عدالت دیوانی بلدہ میں دو داغزاری نظار بھی کارفرما ہیں جن کو ماسوا اور ۳۰۰ سو کی مالیت کے مقدمات کی سماعت کا اختیار حاصل ہے

عدالت دیوانی بلدہ میں ۱۳۴۲ف سے تمسکات کی رجسٹری Notary Public یعنی مُصدِق کے احکام کے متعلق اختیارات کا استعمال شروع ہوا جن سے بنکوں اور مہاجنوں کو از حد سہولت ہوگئی ہے۔

عہدہ داران مال جن کو ۱۲۹۴ف سے قبل اختیارات عدالتی حاصل تھے اور فوجداری مقدمات میں دس سال قید اور چار ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا صادر کرنے کا اختیار تھا۔

عدالت ہائے اول تعلقداران ۱۲۵۶ف کے بعد ٹھیکہ دار تعلقداروں کو اختیارات عدالتی عطا ہوئے ۱۲۷۵ف میں ان تعلقداروں کو بہ صیغہ دیوانی لامحدود مالیت کے مقدمات کی سماعت کا اختیار تھا اور صیغہ فوجداری چار سال قید اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا صادر کرسکتے تھے بہ صیغہ مرافعہ ۳۰۰ سو روپیہ کی مالیت کے مقدمات میں انکی تجاویز قطعی قرار دی جاتی تھیں، نائب تحصیلداروں کے فیصلہ کے مرافعہ انہیں کے پاس پیش ہوتے ۱۳۳۱ف میں جب اسکیم انتزاع اختیارات نافذ ہوئی تو فوجداری اختیارات بھی لے لئے گئے۔

عدالت ہائے دوم تعلقدار و سوم تعلقدار ۱۲۷۵ف کے بعد عہدہ داران مال کو باقاعدہ عدالتی اختیارات دئے گئے دوم و سوم تعلقداروں کو علی الترتیب بہ صیغہ دیوانی مقدمات مالیتی دو ہزار اور ایک ہزار کی سماعت کا اختیار تھا اور بہ صیغہ فوجداری ۷ سال کی قید اور پانچ سو روپیہ جرمانہ کی سزا صادر کرنے کا اختیار دوم تعلقدار کو اور ایک سال قید اور تین سو روپیہ جرمانہ کا اختیار سوم تعلقدار کو حاصل تھا

تحصیلدار ان کو بہ صیغہ دیوانی تین سو روپیہ کی مالیت کے مقدمات کی سماعت کا اختیار تھا اور بہ صیغہ فوجداری ایسے مقدمہ کی سماعت کرسکتے تھے جس میں چھ مہینے کی قید یا ڈیڑھ سو روپیہ جرمانہ یا دونوں کی مجموعی سزا صادر کی جاسکتی ہو۔ پولیس پٹیلوں کی تجاویز کا

مرافعہ بھی یہی سماعت کرتے تھے۔

پولیس مٹیلیاں ان کو دیوانی مقدمہ کی سماعت کا اختیار نہ تھا البتہ بہ صیغہ فوجداری ۴ دن کی قید اور تین روپیہ جرمانہ کی سزا صادر کرنے کا اختیار انہیں حاصل تھا۔ ان کے احکام کا مرافعہ تحصیلدار کے پاس ہوتا۔ ان کی کارروائی ضبط تحریر میں نہ لائی جاتی تھی۔

موجودہ تنظیم سررشتہ عدالت میں اختیارات سماعت

ہمارے موجودہ بادشاہ کے زمانے میں اور شعبہ ہائے حیات کی طرح عدالت میں بھی بے انتہا اصلاح و ترقی ہوئی ہے۔ عدلیہ کو عاملہ (Executive) سے آزاد کردیا گیا ہے۔ مالی عہدداروں سے عدالتی اختیارات کی علیحدگی وہ نعمت ہے جو خود برطانوی ہند کو اب تک حاصل نہ ہوسکی ہے مقدمات کا دوران گھٹانے کے لئے وسیع تدبیریں اختیار کی گئی ہیں۔ دفتر عدالت صدرالمہام کو برخاست کردیا گیا اور جملہ اختیارات عدالتی ذریعہ منشور خسروی مجلس عالیہ عدالت کو حاصل ہوگئے ہیں ارکان مجلس بغرض انصاف رسانی فرمانروا کے نمایندے سمجھے جاتے ہیں اور مجلس عالیہ عدالت کے اکثر فیصلے قطعی ہوتے ہیں چند فیصلے جو انتظامی معاملات سے متعلق ہوں مجلس عالیہ عدالت کی تجاویز کی ناراضی سے صدرالمہام عدالت و مدارالمہام کے پاس پیش ہوسکتے ہیں نیز ہر شخص جسے مجلس عالیہ عدالت نے سزائے موت و حبس دوام کے سوا کوئی اور سزا دی ہو باجازت خاص جوڈیشیل کمیٹی میں قابل مرافعہ ہوسکتے ہیں۔ حیدرآباد کا قانون عمومی چونکہ اب بھی شرع شریف ہے اس لئے سزائے موت کے لئے مفتی عدالت العالیہ کی رائے بھی حاصل کرنی پڑتی ہے۔

دیوانی مقدمات بھی جن کی مالیت دس ہزار سے زائد ہو یا جو خاص طور پر اہم ہوں مجلس عالیہ عدالت کی ناراضی سے بہ صیغہ مرافعہ جوڈیشیل کمیٹی میں پیش ہوسکتے ہیں لیکن محکمہ بالا یعنی جوڈیشیل کمیٹی کو کارروائی عدالت تحت میں کوئی دخل نہیں۔ مجلس عالیہ عدالت کو بہ صیغہ نگرانی ماتحت عدالتوں کی طلبی امثلہ کا اختیار حاصل ہے نیز کسی کارروائی کی بابت جو عدالت تحت میں جاری رہی ہو کسی خاص

طور پر عمل کرنے کا عدالت ماتحت کا حکم دے سکتی ہے اور مقدمات کے رجوع اور فیصل ہونے تک مختلف ضرورتوں کے لحاظ سے عدالت ماتحت کی رہنمائی کے لئے قواعد وضع کر سکتی ہے، یہ سفارش کر سکتی ہے کہ کسی عدالت کا اختیار سماعت خاص حد تک بڑھایا جائے۔

مجلس عالیہ عدالت کے اختیارات مجلس عالیہ عدالت کے اجلاس ابتدائی پر مقدمات دیوانی دس ہزار سے زائد اور لامحدود مالیت کے رجوع کئے جا سکتے ہیں۔

اجلاس ابتدائی کا مرافعہ اجلاس متفقہ میں ہو سکے گا اور بلدہ حیدرآباد میں اجلاس ابتدائی عالیہ عدالت صدر عدالت کے درجہ کی ہوتی ہے۔

مجلس عالیہ عدالت بصیغۂ فوجداری ہر سزائے جائز کا حکم دے سکے گی لیکن اس سزا کا نفاذ نہ ہو سکے گا تاوقتیکہ

۱۔ سزائے موت کی صورت میں بندگان اقدس کی منظوری صادر نہ ہو۔

۲۔ حبس دوام کی صورت میں محکمہ سرکار کی منظوری نہ لی گئی ہو

مجلس عالیہ عدالت کے اختیارات نگرانی و امثلہ کی طلبی کے اختیارات اوپر مذکور ہوئے ہیں۔ مجلس عالیہ عدالت بصیغہ مرافعہ ثانی عدالت ضلع کے اور بصیغہ مرافعہ عدالت سشن کے فیصلہ کی ناراضی سے مرافعہ کی سماعت کر سکتی ہے۔

جاگیرات کی عدالتیں

ممالک محروسہ سرکار عالی میں چھوٹی بڑی بہت سی جاگیریں ہیں لیکن ان تمام کو عدالتی اختیارات حاصل نہیں ہیں۔ مال کا سررشتہ ہر جاگیر میں موجود رہتا ہے لیکن انتظام و عدالتیں چھوٹی جاگیرات کی رعایا کے لئے سرکار عالی کی جانب سے مہیا کئے جاتے ہیں۔ بڑی جاگیرات میں انتظام و عدالتی اختیارات خود جاگیرداروں کے سپرد رہتے ہیں۔ جاگیر میں کثرت کار کے لحاظ سے منصفی، عدالت ضلع صدر عدالت بھی قائم کیجاتی ہے۔ لیکن ان تمام عدالتوں پر عدالت عالیہ کو اسی طرح نگرانی کا حق

حاصل ہے جس طرح کہ ممالک محروسہ سرکار عالی کی مماثل درجہ کی عدالتوں پر حق رکھتی ہے۔

جاگیرات کی منصفی، اور دیگر عدالتوں کو وہی اختیارات حاصل ہیں جو ممالک محروسہ سرکار عالی کی مساوی درجہ کی عدالتوں کو حاصل ہیں۔ جاگیرات کی اعلیٰ عدالتوں کا مرافعہ اُس ضلع یا صوبہ کی عدالتوں میں ہوتا ہے جس ضلع یا صوبہ کے حدود سماعت کے اندر وہ جاگیری عدالت واقع ہو۔ جاگیرات کی صدر عدالتوں کے مرافعے عدالت عالیہ میں ہوتے ہیں۔ جاگیر کی جانب سے عطا کردہ معاش و انعام کی دریافت اور اس کی وراثت کی کارروائی بھی جاگیر کے عدالتوں میں ہوگی اور اس کی نسبت کوئی دعویٰ سرکار عالی کے محکمہ جات میں سماعت نہیں کیا جاسکے گا۔

لیکن جو معاشین عطیہ سلطانی ہوں اسکو محض اندرونی جاگیرات و پائیگاہ واقع ہونیکی وجہ سے انکی بابت تحقیقات و دریافت انعامی کا اختیار جاگیر یا پائیگاہ کی مالی عدالتوں کو حاصل نہیں رہتا ایسی معاشوں کی دریافت سرکار عالی کے محکمہ انعام میں ہوگی۔ لیکن قبل اس کے کہ مقدمہ سرکار عالی میں رجوع کیا جائے جاگیر متعلقہ میں اُس کی ابتدائی تحقیقات کرکے اس امر کا تصفیہ کرنا ہوتا ہے کہ آیا وہ معاش عطیہ سلطانی ہے یا عطیہ جاگیر مگر ایسی تحقیقات میں کارروائی مطابق اُن تمام ضوابط و قواعد کے ہوگی جو سرکار عالی میں نافذ ہیں۔

اگر معاش ہائے مذکور جو عطیہ سلطانی ہوں مشروط الخدمت ہو یا جو بغرض ادائی خدمت جاگیر عطا کی گئی ہوں اور اب ادا ہو رہی ہوں تو اُن کی دریافت انعامی و دریافت وراثت جاگیر کی مالی عدالتوں ہی میں عمل میں آئیگی مملکت آصفیہ میں ذیل کی جاگیردں کو عدالتی اختیارات حاصل ہیں۔

۱ ۔ نواب سالار جنگ بہادر
۲ ۔ مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر آنجہانی
۳ ۔ راجہ شیوراج بہادر
۴ ۔ نواب کمال یار جنگ بہادر
۵ ۔ نواب غازی جنگ بہادر

۶ ۔ راجہ شامراج راجونت
۷ ۔ نواب شوکت جنگ بہادر
۸ ۔ نواب میر جنگ بہادر
۹ ۔ نواب صاحب کلیانی
۱۰ ۔ نواب سیف نواز جنگ بہادر
۱۱ ۔ راجہ راؤ رنبھا
۱۲ ۔ نواب مہدی جنگ بہادر
۱۳ ۔ نواب دوست محمد خان بہادر
۱۴ ۔ نواب میر سلیمان علیخان بہادر
۱۵ ۔ نواب ثریا جنگ بہادر
۱۶ ۔ نواب علی محمد خان بہادر
۱۷ ۔ جاگیر قطب علیخان
۱۸ ۔ نواب علی یار جنگ بہادر
۱۹ ۔ راجہ رگھوتم راؤ صاحب
۲۰ ۔ قطب النساء بیگم صاحبہ

جاگیر کی طرح سمستانوں کو بھی عدالتی اختیارات حاصل ہیں اور بعض سمستانوں کو غیر محدود عدالتی اختیارات بھی بعض سمستانوں میں صرف ایک یا دو منصفیاں قائم ہیں اور سمستان و نیبرتی اور جنپول میں عدالت ضلع بھی قائم ہے ۔ سمستان کی عدالتوں پر بھی عالیہ عدالت کو انتظامی اختیارات حاصل ہیں اور اختیارات مرافعہ و نگرانی بھی۔

سمستانات ذیل کو عدالتی اختیارات حاصل ہیں

۱ - گدوال

۲ - پالونچہ - عدالت ضلع مستقر بورگم پہاڑ

۳ - وٹپرتی - (ایک عدالت ضلع اور ایک عدالت منصفی) اس کے علاوہ انہیں کو توالی اور رجسٹری کے اختیارات بھی حاصل ہیں

۴ - جیٹول - ایک عدالت ضلع اور ایک عدالت منصفی موجود ہے۔

۵ - امرچنتہ - (ایک منصفی درجہ اول قائم ہے)

۶ - گرگنٹہ - (دو مقامات پر منصفی قائم ہے)

۷ - راجہ پیٹھ - (ایک منصفی موجود ہے)

۸ - گوپال پیٹھ - (ایک منصفی جس کو بہ صیغہ فوجداری درجہ دوم کے اختیارات حاصل ہیں)

۹ - اناگندی - (ایک منصفی قائم ہے)

جاگیرات کی انعامی کارروائیاں ممالک محروسہ سرکار عالی کے محکمہ انعام میں سماعت نہیں کی جاتیں بلکہ وہ جاگیرکی مالی عدالتوں سے ہی فیصل پاتی ہیں۔ البتہ اگر کوئی انعام عطیہ سرکار عالی ہے تو صرف اس کے تصفیہ کا حق سرکار عالی کو ہوگا۔

ناظم عدالت مطالبات خفیفہ

سنہ ۱۳۳۸ف میں ناظم اول دیوانی بلدہ کو مقدمات زر نقد میں ۵۰۰ روپیہ تک اختیارات عطا ہوئے۔ بعدازاں الحاق رزیڈنسی اور کثرت کار کی وجہ سے علیحدہ عدالت کو اختیارات خفیفہ عطا کرنے کی ضرورت پیش آئی چنانچہ عدالت عالیہ کی تحریک پر سنہ ۱۳۴۲ف میں ایک علیحدہ عدالت مطالبات خفیفہ کے نام سے قائم ہوئی جسکو ۵۰ روپیہ کی مالیت کے مقدمات کی سماعت کا اختیار حاصل ہے اور اس میں دو ہزار تک وسعت کی گنجائش ہے۔

کثرت کار کی وجہ سے زائد ناظم عدالت مطالبات خفیفہ کا تقرر بھی عمل میں آیا ہے اضلاع

میں بھی ناظم ضلع اور منصف کو بغرض سہولت رعایا ایک سو وصہ تک کی مالیت والے مقدمات کی نسبت اختیارات خفیفہ استعمال کرنے کا مجاز گردانا گیا ہے۔ زائد ناظم کو پانسو تک کی مالیت والے مقدمہ کی سماعت کا اختیار حاصل ہے

ناظم ضلع اور منصف کے اختیارات میں پانسو اور ایک سو تک اضافہ کی گنجائش ہے۔

عدالت منصفی ہر تعلقہ میں عدالت منصفی قائم ہے۔ اُن جاگیرات کے تعلقوں میں بھی جنھیں عدالتی اختیارات دئے گئے ہیں منصفی قائم ہے۔

اس عدالت کو بہ صیغہ دیوانی ایک ہزار تک کی مالیت کے مقدمات کی سماعت کا اختیار حاصل ہے اور اختیار خفیفہ پچاس روپیہ مالیت کے مقدمہ کے لئے حاصل ہے جس میں ایک سو روپیہ تک اضافہ کی گنجائش ہے۔

تعلقہ میں شائد کثرت کار کی وجہ سے یا رعایا کی سہولت کے مدنظر تحصیلدار یعنی عہدہ دار مال کو جن سے سابق کے اختیارات عدالتی لے لئے گئے ہیں۔ اب پھر ایک سو روپیہ تک کی مالیت کے مقدمات کی سماعت کا اختیار دیا گیا ہے جس میں تین سو تک اضافہ مجلس عالیہ عدالت کی خاص سفارش پر سرکار عالی کرسکے گی۔

عدالت آرائش بلدہ اس عدالت میں، معاوضہ اراضی و املاک وغیرہ کے مقدمات جو علاقہ خالصہ سے متعلق ہوں پیش ہوتے ہیں۔

مقدمات مذکور جو صرفخاص سے متعلق ہوں اول تعلقداری باغات کے ناظم کے پاس رجوع کئے جاتے ہیں۔ تعلقدار مذکور ہی علاقہ صرفخاص کے ناظم آرائش بلدہ تصور کئے جاتے ہیں۔

عدالت فوجداری بلدہ اضلاع میں جس طرح ایک ہی عہدہ دار عدالت کو اختیارات دیوانی و فوجداری حاصل ہیں اس طرح بلدہ حیدرآباد میں عدالت دیوانی بلدہ کے ناظم کو اختیارات فوجداری حاصل نہیں ہیں۔ بلکہ علیحدہ عدالت جو "عدالت فوجداری بلدہ" کے نام سے قائم ہے اس عدالت کے اختیارات ناظم ضلع کے فوجداری اختیارات کے مساوی ہیں۔ البتہ

مقدمات کی سپردگی یا مرافعہ مجلس عالیہ عدالت ہی میں ہوتا ہے کسی عدالت سشن میں نہیں ہوتا

عدالت دارالقضاء بلدہ یہ عدالت اسلامی طریقہ انصاف رسانی کے زمانہ سے اب تک برابر قائم ہے پہلے اس کو اہم فوجداری اختیارات بھی حاصل تھے لیکن اب یہ اختیارات حاصل نہیں اور مقدمات ذیل میں اس کو اختیار سماعت حاصل ہے جبکہ فریقین بلدہ یا ضلع اطراف بلدہ میں سکونت رکھتے ہوں جس میں سکندرآباد بھی شامل ہے اور مسلمانوں کو مسائل شخصی کی سماعت کا حق سکندرآباد کی انگریزی عدالت کو نہیں ہے۔

ازدواجی مقدمات مثل مہر، ترکہ، ثبوت نسب، حصانت، طلاق و خلع، ان معاملات میں اختیارات غیر محدود حاصل ہیں۔ ان تمام مقدمات میں ناظم کی تجویز کا مرافعہ عدالت عالیہ میں ہوتا ہے۔

مذکورالصدر مقدمات میں فریقین ہنود ہوں تو مقدمات عدالت دیوانی بلدہ میں رجوع کئے جاتے ہیں

اگر فریقین مقدمہ اضلاع میں سکونت رکھتے ہوں تو مقدمہ اسی ضلع کے ناظم کے پاس رجوع کیا جائے گا۔

محکمہ انعام دریافت انعامی کی کارروائیاں اس قدر زیادہ تھیں کہ ان کے لئے خاص کر علیحدہ محکمہ قائم کرنا ضروری خیال کیا گیا اور نظامت بندوبست کی طرح نظامت عطیات قائم ہوئی۔ اس محکمہ کے اضلاعی عہدہ دار، عہدہ داران مال ہی ہیں، پس عہدیداران مال کو عدالتی اختیارات صرف بہ صیغۂ انعامی حاصل ہیں کسی اور معاملہ یا حق کے تصفیہ کے لئے عہدہ داران مال کو عدالتی اختیارات حاصل نہیں۔ تحصیلدار کے اختیارات نسبت دریافت وراثت و دریافت انعامی گشتی ۱۳۱ف سے لے لئے گئے۔

انعامی تحقیقات اور دریافت وراثت کے اختیارات صرف تعلقدار، صوبہ دار، اور ناظم عطیات کو حاصل ہیں۔ ہر کارروائی کی جو کسی عہدہ دار کے قابل سماعت قرار دی گئی ہو کامل سماعت اسی عہدہ دار سے ہونی چاہئے اور اعلیٰ عہدہ دار اپنے فرائض عہدہ دار تحت کے سپرد نہیں کرسکتا۔

جس طرح اور عدالتی کارروائیوں میں کیا جاتا ہے۔ تحقیقات انعامی و دریافت وراثت کے علاوہ اور کارروائیاں جو محکمہ انعام سے متعلق ہوں محکمہ انعام میں ہی سموع اور فیصل ہونگی مثلاً۔ کسی انعامی معاش دار کی لی ہوئی تبنیت کو منظور کرنا یا تبنیت لینے کی اجازت دینا۔

قابض آراضی اور انعام دار کے مابین اراضی انعام کی نسبت ان کے حقوق کا تصفیہ جبکہ قبضہ زائد از تیس سال ہو۔

بعض عطا موقوعہ جاگیر معاشہائے عطیہ سلطانی)

عہدیداران انعام کے اختیارات

تعلقدار ضلع کو تحقیقات انعامی میں حسب ذیل اختیارات حاصل ہیں۔

(۱) اراضی انعام و اراضی مقطعہ کی دواماً بحالی تا بحد

۵۰ ایکر خشکی ۱۳ ایکر تری اور مجموعی محاصل سالانہ ۱۰۰ روپیہ

(۲) اراضی انعام و اراضی مقطعہ کی بحالی تا دو پشت

۷۵ ایکر خشکی ۵ ایکر تری اور مجموعی محاصل سالانہ دو سو روپیہ

(۳) اراضی انعام و آراضی مقطعہ کی بحالی تا حیات

۱۰۰ ایکر خشکی ۱۰ ایکر تری اور مجموعی محاصل سالانہ ۲۵۰ روپیہ

نقدی معاش کے متعلق ۱۰۰ روپیہ سالانہ تک

تعلقدار ضلع کو تحقیقات وراثت میں حسب ذیل اختیارات حاصل ہیں۔

(۱) آراضی انعام و اراضی مقطعہ بلحاظ منتخب

(۲) نقدی معاش کے متعلق (۲۰۰) روپیہ سالانہ تک

(۳) پس مقطعہ میں اگر ہار وائلی محاصلی ۱۰۰۰ روپیہ سالانہ تک

(۴) جاگیر و سمستان و مقطعہ بلاپن و اگر ہار بلاپن محاصلی پانسو سالانہ تک۔

گشتی نشان (۱۰) ۱۳۳۵ف

صوبہ دار کو تحقیقات انعامی میں حسب ذیل اختیارات حاصل ہیں :-

(۱) اراضی انعام و اراضی مقطعہ کی صورت میں تعلقدار ضلع کے اختیارات سے متجاوز اور سالانہ (۳۰۰) محاصل تک۔

(۲) نقدی معاش کی صورت میں تعلقدار ضلع کے اختیارات سے متجاوز اور (۲۰۰) دوسو روپیہ سالانہ تک

(۳) موضع مقطعہ کی صورت میں خواہ پن مقطعہ ہو یا پن اگرہار یا اُملی محاصلی (۱۰۰۰) روپیہ سالانہ تک۔

تحقیقات وراثت میں حسب ذیل اختیارات حاصل ہیں۔

(۱) اراضی انعام و اراضی و اراضی مقطعہ کے متعلق تعلقدار ضلع کے اختیارات سے متجاوز اور سالانہ محاصلی پانچہزار (۵۰۰۰) تک

(۲) نقدی معاش کے متعلق۔

تعلقدار ضلع کے اختیارات سے متجاوز اور پانسو (۵۰۰) سالانہ تک

(۳) موضع مقطعہ کی صورت میں خواہ پن مقطعہ ہو یا پن اگرہار یا اُملی تعلقدار ضلع کے اختیارات سے متجاوز اور محاصلی (۲۵۰۰) روپیہ سالانہ تک

(۴) جاگیر و سمستان و مقطعہ بلا پن و اگرہار بلا پن کے متعلق

تعلقدار کے اختیارات سے متجاوز اور محاصلی (۱۰۰۰) روپیہ سالانہ تک

ناظم عطیات کو تحقیقات انعامی میں حسب ذیل اختیارات حاصل ہیں :-

(۱) اراضی انعام و اراضی مقطعہ کے متعلق

صوبہ دار کے اختیارات سے متجاوز غیر محدود

(۲) نقدی معاش کے متعلق

صوبہ دار کے اختیارات سے متجاوز اور پانسو (۵۰۰) روپیہ سالانہ تک

(۳) موضع مقطعہ کے متعلق خواہ پن مقطعہ ہو یا پن اگرہار یا اُملی
صوبہ دار کے اختیارات سے متجاوز اور محاصلی (۲۰۰۰) روپیہ سالانہ تک

(۴) جاگیر وسمستان و مقطعہ بلاپن واگرہار بلاپن کے متعلق محاصلی ہزار روپیہ سالانہ تک۔

ناظم عطیات کو تحقیقات وراثت میں حسب ذیل اختیارات حاصل ہیں :—

(۱) اراضی انعام واراضی مقطعہ کے متعلق
صوبہ دار کے اختیار سے متجاوز اور غیر محدود

(۲) نقدی معاش کے متعلق
صوبہ دار کے اختیارات سے متجاوز اور غیر محدود

(۳) موضع مقطعہ کے متعلق خواہ پن مقطعہ ہو یا پن اگرہار یا اُملی
صوبہ دار کے اختیارات سے متجاوز اور غیر محدود

(۴) جاگیر وسمستان و مقطعہ بلاپن واگرہار بلاپن کے متعلق
صوبہ دار کے اختیارات سے متجاوز اور محاصلی (۲۵۰۰) روپیہ سالانہ تک

گشتی نشان ۱۰ سنہ ۱۳۳۸ ف

مفصلہ ذیل ابواب کی بحالی یا شرکت خالصہ کا حکم دینا محکمہ انعام کے اختیارات سے خارج ہے۔ گشتی نشان ۱۰ سنہ ۱۳۳۸ ف۔

(۱) جاگیرات اور سمستان کے متعلق جب محاصل ہزار روپیہ سالانہ سے زائد ہو۔ ماہوار جو بعاوضہ جاگیر اور سمستان جاری ہو

(۲) مقطعہ جات سے متعلق جن کا محاصل بعد دفع لوکلفنڈ وحصہ سرکار دو ہزار روپیہ سالانہ سے زیادہ ہو آمدنی کا تعین واقعی آمدنی کے لحاظ سے ہوگا نہ کہ کاغذات دیہی کے اندراجات کے لحاظ سے

(۳) انعام از قسم نقدی جب اُس کی مقدار پانسو روپیہ سالانہ سے زائد ہو۔

(۴) ایسے سمستان یا جاگیر کی وراثت و تبنیت کی منظوری و نامنظوری جس کا محاصل (۲۵۰۰) روپیہ سالانہ سے زائد ہو۔

عہدہ داران انعام فیصلوں کی ناراضی سے مرافعہ اُس عہدہ دار کے عین بالا عہدہ دار کے پاس پیش ہو سکے گا یعنی تعلقدار کی تجویز کا صوبہ دار کے پاس اور صوبہ دار کی تجویز کا ناظم عطیات کے پاس۔ اب ناظم عطیات کا فیصلہ بہ صیغہ مرافعہ ثانی قطعی ہے۔ البتہ بہ صیغہ مرافعہ اولیٰ کوئی کارروائی جو ناظم عطیات سے فصیل ہوئی ہو بہ صیغہ مرافعہ اجلاس متفقہ میں پیش ہو سکے گی اور جو فیصلہ نظامت عطیات سے بہ صیغہ مرافعہ ثانی قطعی ہوا ہو اس کی ناراضی سے نگرانی بھی اجلاس متفقہ میں ہو سکے گی۔

ناظم عطیات اور اجلاس متفقہ کے فیصلہ کی ناراضی سے تجویز ثانی بھی اندرون ۳۰ یوم چاہی جا سکتی ہے۔

وائی۔ ویرو پاکشپا پٹیل بی۔ اے۔ ال ال۔ بی (عثمانیہ)

معصوم اشارے

وہ موسمِ گُل اور وہ دریا کے کنارے — سبزہ پہ جہاں لوٹتے پھرتے تھے شرارے
دوشیزۂ فطرت کے وہ دلسوز نظارے — جان لیوا تھے اس پر ترے معصوم اشارے
ہاں - یاد ہیں اب تک مجھے معصوم اشارے

دریا کا نکھار اور وہ پُرکیف بہاریں — وہ منظرِ پُرلطف وہ جنت کی ہوائیں
انوارِ محبت کی ضیا پاش فضائیں — جیسے کسی "مہ پارہ" کی بیداد ادائیں
ہاں - یاد ہیں اب تک مجھے معصوم اشارے

وہ لرزشِ صہبائے محبت کی کہانی — وہ ساغرِ مے محبت رنگین کی نشانی
وہ فطرتِ شاعر کے لئے طور سراپا — تھی حشر بدامان کسی کافر کی جوانی
ہاں - یاد ہیں اب تک مجھے معصوم اشارے

دزدیدہ نگاہیں وہ شرربار نگاہیں — بدمست نگاہیں وہ گُہربار نگاہیں
تو مست مے ناز تھی میں دیدۂ حیرت — بے تاب نگاہیں وہ سحرکار نگاہیں
ہاں - یاد ہیں اب تک مجھے معصوم اشارے

نظروں میں تری رقص شرر دیکھ رہا تھا — مخمور نگاہوں کا اثر دیکھ رہا تھا
مانا کہ مجھے تاب نظارا نہ تھی لیکن — میں دیکھنے والے کی نظر دیکھ رہا تھا
ہاں - یاد ہیں اب تک مجھے معصوم اشارے

ابرو کے اشاروں سے کھلا بابِ تکلم آواز تری گویا ترنم ہی ترنم
وہ محفلِ عشرت کے لئے صبح بہاراں بارِ غمِ دنیا پہ ترا ایک تبسم
ہاں - یاد ہیں اب تک مجھے معصوم اشارے

اک عشق و جوانی کا جگر سوز فسانہ میں دردِ مجسم مجھے رونے کا بہانہ
ہر چند کہ وہ بھول گئے اے دلِ عارف میں بھول نہیں سکتا محبت کا زمانہ
ہاں - یاد ہیں اب تک مجھے معصوم اشارے

شاہ یعقوب عارف (سال اول)

"صدرِ جلسہ"

(اشخاص ڈرامہ)

(۱) مرزا افتخار الدین (المعروف بہ مرزاجی) . . . ایک بھولے بھالے جاگیردار
(۲) قمر جہاں . . . . . مرزاجی کی نوجوان بیوی
(۳) شیخو . . . . . ملازم

وقت ڈرامہ . . . . . زمانہ حال
مقام ڈرامہ . . . . . مرزاجی کا مکان

(مرزاجی کا مکان ۔ بیوی سلائی چلا رہی ہیں اور میاں حقہ پی رہے ہیں ۔ مشین اور حقہ کی آواز باری باری سے سنائی دیتی ہے ۔ اس کا مجموعی دوران بیس سکنڈ ہوگا)

مرزاجی ۔ بیوی ۔ تم برا نہ مانو تو ہم ایک بات کہیں ۔

قمر ۔ سرکار میں بلا وجہ برا کیوں ماننے لگی ۔ کہئے ۔

مرزاجی ۔ نہیں ہمیں یقین ہے کہ تم بگڑ جاؤ گی ۔

قمر ۔ یہ آپ نے خوب کہا ۔ بھئی اگر بات بُری ہے تو ظاہر ہے کہ ہر ایک بگڑے گا تو پھر آپ ایسی بات ہی کیوں کرتے ہیں جو کسی کو بری لگے ۔

مرزاجی ۔ بیوی تمھیں ہماری جان کی قسم کہو بُرا تو نہیں مانو گی ۔

قمر ۔ میں یہ کیسے کہہ سکتی ہوں ۔ پہلے آپ بتائیے تو کہ وہ ہے کیا ۔

مرزاجی ۔ پہلے تم وعدہ کرو کہ بُرا نہیں مانو گی ۔

قمر ۔ یہ خوب حجت ہے ۔ اچھا صاحب بُرا نہیں مانیں گے ۔

مرزاجی ۔ تو کہیں ؟

قمر ہاں ہاں کہئے ۔

مرزاجی ۔ دیکھو بعد میں . . . .

قمر ۔ (بات کاٹ کر) بس اپنے . . . .

مرزاجی ۔ (بات کاٹ کر) اچھا تو سنو ۔ بات یہ ہے کہ . . . . . ہاں ۔ ہاں . . . . آں . . . . آں واللہ تم برا مانو گی ۔

قمر ۔ آپ کو تو دل لگی سوجھی ہے ۔ جائیے اور ہمیں کپڑے سینے دیجئے ۔

مرزاجی ۔ خدا کی قسم صرف اتنا سن لو ۔

قمر ۔ اے ہے مجھے آپ قسمیں وسمیں تو نہ دیجئے جو کچھ کہنا ہے صاف صاف کہہ دیجئے ۔

مرزاجی ۔ مگر تم مانو گی نہیں ۔

قمر ۔ تو پھر نہ کہئے ۔

مزاجی ۔ ہماری اچھی بیوی ذرا سن بھی لو ۔ اچھا تم مشین تو روکو (مشین رک جاتی ہے) بات یہ ہے کہ ابھی تھوڑی دیر پہلے مولانا حکمت عالم آئے تھے ۔

قمر ۔ یہ حکمت عالم کون بلا ہیں ۔

مزاجی ۔ ارے وہی جو ہمیشہ میرے پاس آتے رہتے ہیں نا تمھیں یاد ہوگا ایک مرتبہ میں نے تم سے کہا تھا کہ وہ میرے اٹاوہ کے دوست ہیں ۔

قمر ۔ آہا میں سمجھ گئی ۔ اچھا ۔۔۔ تو ۔

مزاجی ۔ تو وہ کہتے تھے کہ جہانگیر نگر میں ایک یتیم خانہ بنایا جانے والا ہے ۔

قمر ۔ یتیم خانہ ! جی سارا مطلب میری سمجھ میں آگیا ۔ اب رہنے بھی دیجئے ۔

مزاجی ۔ ارے تم سنو تو سہی ۔

قمر ۔ اب آپ کیوں سناتے ہیں بغیر سنے ہی سب سمجھ گئی ۔

مزاجی ۔ ذرا تم صبر تو کرو ۔

قمر ۔ بس بس میں سمجھ گئی اب آپ کیوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مزاجی ۔ (بات کاٹ کر) ابھی تم نے سنا ہی نہیں سمجھی کیا ہو گی ۔

قمر ۔ جی صرف ایک اشارہ کافی ہے ۔ میں آپ کے دوستوں سے خوب واقف ہوں ۔ اور حکمت عالم کو تو اچھی طرح جانتی ہوں ۔ وہ آئے ہوں گے چندہ کے لئے بس یہی اور کیا ۔ کیوں ہے نا ایسا ۔

مزاجی ۔ بھئی تم نے تو غضب ہی کر دیا ۔ ارے وہ آئے تھے اس قدر کہنے کہ اس یتیم خانہ کے سلسلہ میں وہ ایک جلسہ کرنیوالے ہیں جس میں چندہ کی اپیل کی جائے گی ۔

قمر ۔ لیجئے نا وہی ہوا جو میں نے کہا تھا ۔ فرق صرف اتنا پڑا کہ چندہ کا نام میں نے شروع میں لے لیا اور آپ نے آخر میں ۔ مگر مطلب تو دونوں کا ایک ہی ہے نا ۔

مرزاجی ۔ پہلے تم ہماری بھی سنو ۔ تم تو اپنی ہی کہے جارہی ہو ۔
قمر ۔ اچھا بھئی کہئے ہمیں اس سے کیا غرض ۔
مرزاجی ۔ یہ لو تم تو بگڑنے لگیں ۔
قمر ۔ اس میں بگڑنے کی کیا بات ہے ۔ ہم ہی جھوٹے سہی ۔
مرزاجی ۔ واللہ تمھیں میری جان کی قسم غصہ نہ کرو ۔ اس سے ہمیں رنج پہنچتا ہے ۔ میں تو تمھیں ایسی بات سناؤں کہ تم پھڑک جاؤ ۔
قمر ۔ آج تک آپنے کوئی ایسی بات ہی نہیں سنائی پھر اعتبار کیسے کیا جاسکتا ہے ۔
مرزاجی ۔ اچھا اب سنو ۔ ہاں تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ حکمت عالم چاہتے ہیں کہ یتیم خانہ کی جو کمیٹی بنی ہے پہلے اس کا ایک جلسہ ہو اور وہ جلسہ ہماری ہی کوٹھی میں ہو ۔
قمر ۔ سرکار مجھ سے خاموش بھی نہیں رہا جاتا ۔ کہوں تو مشکل اگر خاموش رہوں تو مشکل ۔
مرزاجی ۔ کہو بیوی ۔ ہم تمھاری باتوں کا بُرا نہ مانیں گے مگر تمھارے غصہ سے مجھے دلی تکلیف ہوتی ہے ۔ میں تو تمھیں ہمیشہ خوش دیکھنا چاہتا ہوں ۔ ہاں تو کہو ۔
قمر ۔ سرکار کہنا یہ ہے ـــــ یہ تو آپ کو معلوم ہے ہی کہ آج کل کا زمانہ بڑا نازک ہے ۔
مرزاجی ۔ یہ تم بالکل ٹھیک کہتی ہو ۔ اس سے کس کو انکار ہوسکتا ہے ۔
قمر ۔ اس لئے آجکل جلسوں ولسوں میں آپ کا حصہ لینا کچھ ٹھیک نہیں معلوم ہوتا ۔
مرزاجی ۔ مگر کس قسم کے جلسے ۔
قمر ۔ ہر قسم کے ۔
مرزاجی ۔ بیوی ذرا تم غور تو کرو یہ کیسا جلسہ ہے ۔ یتیموں کی امداد غریبوں کی مدد ارے اس پر کس کو اعتراض ہوسکتا ہے اس سے تو ہر ایک خوش ہوگا اور اس کے لئے تو خدا ورسول کے احکام موجود ہیں مجھے اس وقت وہ آیت یاد نہیں آرہی ہے وہ ہے
. . . . . آں . . . . . آں . . . . . .

قمر ۔ میں یہ سب جانتی ہوں مگر پھر بھی . . . . . .

مزاجی ۔ نہیں بیوی تم اطمینان رکھو۔

قمر ۔ نہیں سرکار میرے دل میں تو کچھ شبہ سا پیدا ہو گیا ہے ۔ میں تو جانوں یہ سب دعوتیں اُڑانے یا محض خوش گپی کرنے کے لئے ہو رہا ہے ۔

مزاجی ۔ بیوی تم مولانا حکمت عالم کے متعلق تو کم از کم یہ نہیں کہہ سکتیں ۔ ارے وہ تو بڑے بڑوں تک رسائی رکھتے ہیں ۔ ان کو اس کی کیا پرواہ ۔ وہ تو میرے دوست اور خیر خواہ ہیں بھلا ان کو ابتک کیا ملا ہے جو اب کچھ مل جائیگا ۔

قمر ۔ تو کہئے معاملہ صرف اتنا ہے کہ جلسہ ہماری کوٹھی میں ہو ۔

مزاجی ۔ نہیں کچھ اس سے زیادہ ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ جس دن کمیٹی ہو اس دن تم . . . تم . . . . . تم . . . . .

قمر ۔ میں حکمت عالم کے سامنے آجاؤں ۔

مزاجی ۔ نہیں جی یہ نہیں بلکہ تم کچھ چار پانی کا انتظام کر دو ۔

قمر ۔ میری کہی ہوئی بات اگر کبھی غلط ہو جائے تو ہاتھ قلم کروادوں ہاتھ ۔ کہئے پیشین گوئی صحیح نکلی کہ نہیں ۔ میں جب ہی سمجھ گئی تھی کہ دعوت ضرور ہو گی اور وہی آپ نے بھی کہا ۔

مزاجی ۔ چار پلا دینا بھی کوئی دعوت ہے اور اگر ہے بھی تو بیوی تمھیں تو ضرور حامی بھرنی پڑیگی ۔

قمر ۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ ایک لمبا چوڑا سلسلہ ہے ۔ نہ معلوم کس نوبت پر چل کر ختم ہو ۔

مزاجی ۔ بیوی بالکل چھوٹی سی چیز ہے اس میں ہوتا ہوا تا ہی کیا ہے ۔ ذرا سی تکلیف ہو گی بند و بست کر دو ۔

قمر ۔ تو کہئے کہ یہ ساری خوشامد اسی کی تھی ۔

مزاجی ۔ اس زمانہ میں تو بیوی کی خوشامد کرنی ہی پڑتی ہے اور پھر وہ بھی تم جیسی بیوی کی تو . . . . . .

قمر ۔ (خاص انداز میں) اوں ـــــ ھوں ۔

مزاجی ۔ بخدا جب سے مولانا نے ذکر کیا ہے میں بے حد خوش ہوں ۔ بیوی وہ کہہ رہے تھے کہ اس میں بڑا نام ہوگا ۔

قمر ۔ اب آپ نے نمک مرچ لگانا شروع کر دیا ۔

مزاجی ۔ نہیں نہیں واقعی وہ کہہ رہے تھے کہ اس میں بہت نام ہوگا ۔

قمر ۔ سرکار کیا نام ہوگا اور نام کو لیکر کیا کیجئے گا ۔

مزاجی ۔ ارے تم نہیں سمجھتیں ۔ آجکل نام اور شہرت کی خاطر لوگ ہزاروں روپیہ خرچ کر دیتے ہیں ۔ اب یہی دیکھ لو ناگذشتہ سال کچی باؤلی کے مدرسہ کے سلسلہ میں شیخ صاحب نے بس اتنا کر دیا کہ تعلقدار صاحب سے اجازت دلوادی ابتک لوگ ان ہی کا ذکر کرتے رہتے ہیں ۔ اب تو وہ مشہور ہو گئے ہیں ۔

قمر ۔ چھوڑیئے بھی ان باتوں کو ۔ ہمارے ابا ۔ خدا جنت نصیب کرے ہمیشہ یہی کہا کرتے تھے ۔" میں بہت مشہور ہوں ۔ تمام شہر والے مجھے جانتے ہیں" اللہ بخشے دادا جان کو وہ تو ان سے زیادہ شہرت رکھتے تھے ۔ دونوں نے ـــــ توبہ کرکے کہتی ہوں ـــــ ایڑیاں گھس گھس کے جان دیدی مگر تحصیلداریاں نہ ملنی تھی نہ ملیں کہاں گئی وہ شہرت اور نام ۔ یہ تو سب دکھاوے کی باتیں ہیں ۔

مزاجی ۔ بیوی صاحبہ وہ زمانہ اور تھا یہ اور ہے ۔ اس وقت تو فقط یہی دیکھا جاتا ہے کہ لوگ کس کو زیادہ جانتے ہیں ۔ سچ ہے اگر کسی کا نام اشتہار ہی کے سلسلہ میں ایک سے دو مرتبہ اخبار میں چھپ جائے تو سمجھ لو کہ دنیا اس کو جاننے لگی ۔ ہر ایک اس کو لائق اور نیک سمجھنے لگا ۔ کوئی دعوت ایسی نہو جس کے رقعے اس کے پاس نہ آئیں ۔ بخدا جدہر وہ چلا جائے لوگ آنکھیں بچھانے لگیں ۔ دیکھتی نہیں چنو میاں کا نواسہ ـــــ ارے ہمارے سامنے کا لونڈا ـــــ اپنے باپ دادا سے زیادہ نیک نام ہوگیا

جہاں کوئی مشکل آن پڑی اور لوگ اس کے پاس پہنچے۔ یہ سب کیوں اس لئے کہ اس نے کام کر کے نام پیدا کیا۔

قمر ۔ تو میں یہ پوچھتی ہوں کہ اس میں آپ کا کیا نام ہوگا۔

مزاجی ۔ اچھا تو تمھیں تفصیل سے بتائیں۔ لو وہ بھی سن لو۔ نام یوں ہوگا کہ سب سے پہلے تو جتنے رضاکار ہیں ہمیں جاننے لگیں گے۔

قمر ۔ شاید دعوت کی وجہ سے۔

مزاجی ۔ دعوت کی وجہ سے کیوں۔ ہم سے جب وہ ملیں گے تو پہچاننے لگیں گے یا نہیں۔ دوسرے یہ کہ جتنے اشتہارات ہوں گے ان میں میرا نام چھپے گا۔ اخبارات میں مضامین آئیں گے۔ تقریروں میں میرا شکریہ ادا کیا جائیگا۔ خود حکمت عالم سب سے کہتے پھریں گے۔ عہدہ داروں کو معلوم ہوگا۔ ہر جگہ یہی چرچا ہوگا کہ جلسہ اور یتیم خانہ کے سلسلہ میں مرزا صاحب بہت محنت سے کام کر رہے ہیں۔ ہر طرف شہرت ہو جائیگی اور کیا چاہیئے۔

قمر ۔ مگر سرکار اپنے گھر میں جلسہ کر دینا تو کوئی محنت کا کام نہیں اس کے لئے تو ہر ایک تیار ہوگا۔

مزاجی ۔ یہ لو تمھاری اس حجت میں اصل بات تو میں بتلانا ہی بھول گیا۔

قمر ۔ اس کے علاوہ اور بھی کوئی بات ہے جو کہنی ہے۔

مزاجی ۔ ہاں ہاں اصل بات تو وہی ہے۔

قمر ۔ اچھا تو فرمائیے۔

مزاجی ۔ وہ ہے یہ کہ آج سے چار چھ روز بعد ایک بڑا جلسہ ہونیوالا ہے۔ واللہ بیوی۔ اتنا بڑا جلسہ کہ میں نے تو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا۔

قمر ۔ اب آپ جھوٹی سچی باتیں نہ بنائیے یعنی وہ جلسہ ابھی ہوا نہیں اور آپ کہنے لگے..... کہ.....

مرزاجی ۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ بہت بڑا جلسہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

قمر ۔ (بات کاٹ کر) جی ہاں بڑا جلسہ ـــــ میں سب سمجھ گئی ۔ کتنا بڑا جلسہ ہوگا۔ شاید پہاڑ کے برابر ٹھیک ہے نا ۔

مرزاجی ۔ مذاق نہیں واقعی بہت بڑا جلسہ ہوگا قسم ہے مجھے ابھی سے یہ محسوس ہو رہا ہے کہ اس دن سارے شہر کے لوگ ٹوٹ پڑیں گے آدمیوں کا ایک سمندر نظر آئیگا ۔

قمر ۔ خیر وہ تو ہوگا میں یہ پوچھتی ہوں کہ اس سے آپ کو کیا خاک فائدہ ہوگا ۔

مرزاجی ۔ یہ لو پھر بات میں بات نکل آئی اور میں جو کہنا چاہتا تھا وہ بھول ہی گیا ۔

قمر ۔ آپ جب اتنے بھولکڑ ہو گئے ہیں تو جلسہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مرزاجی ۔ (بات کاٹ کر) تم تو کو نہیں پہلے سن لو ہاں تو میں اس جلسہ میں تقریر کروں گا ۔

قمر ۔ کیا کہا ۔

مرزاجی ۔ ہاں ہاں جی تقریر کروں گا ۔

قمر ۔ اے ہے میرے کان مجھے کہیں دھوکہ تو نہیں دیر ہے ہیں ۔

مرزاجی ۔ اجی ابھی اور سنو ۔ مرزاجی اول تو بولتے نہیں مگر جب بولنے پر اتر آتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ایک دریا بہا چلا جا رہا ہے ۔

قمر ۔ ہم نے تو کبھی آپ کو تقریر کرتے نہیں سنا ۔

مرزاجی ۔ اس میں کیا ہے اب سن لینا ۔

قمر ۔ اچھا ہم بھی دیکھیں گے ۔

مرزاجی ۔ ہاں ہاں گھوڑا میدان سامنے ہے ۔ واللہ ہم تقریر کریں گے اور تقریر بھی ایسی کہ واہ ـــــ لوگ عش عش کر جائیں ـــــ اچھا تم نے یہ بھی سنا ہم ہی اس جلسہ کے صدر بھی ہوں گے ۔

قمر ۔ ہائیں ۔

مزاجی ۔ جی ہاں صدر۔ آپ نے سمجھ کیا رکھا ہے ۔ مزاجی جو ٹھیرے مزاجی ۔

قسمر ۔ سرکار میرا تو خیال ہے کہ آپ کے ساتھ کچھ مذاق کیا جا رہا ہے ۔

مزاجی ۔ تم نے تو مذاق کی بھی ایک ہی کہی ۔ حکمت عالم اور مجھ سے مذاق کریں !!

اور وہ بھی ایسے اہم معاملا میں ! بیوی ہوش کے ناخن لو ۔ یہ تم کیا کہہ رہی ہو!!!

قسمر ۔ آپ مانیں یا نہ مانیں ہمیں جو چیز کھٹکتی ہے وہ بس زبان پر آ ہی جاتی ہے کیا کریں مجبور ہیں ۔

مزاجی ۔ تم بات کرنے سے پہلے سوچ لیا کرو تم نے وہ مقولہ تو سنا ہی ہوگا کہ دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں ۔ ایسا جملہ ہی زبان پر کیوں لاؤ جس سے کسی کو برا معلوم ہو ۔

قسمر ۔ کوئی بلا وجہ اپنے سے منسوب کرلے تو اس میں میرا کیا قصور ہے میں نے تو کسی کا نام نہیں لیا ۔

مزاجی ۔ حکمت عالم کا ۔ . . . . . .

قسمر ۔ (بات کاٹ کر) میں نے تو حکمت عالم کا نام نہیں لیا تھا وہ تو آپ نے جڑ دیا ۔

مزاجی ۔ میں نے جڑ دیا ؟ وہی اس کے روح رواں ہیں ظاہر ہے سارا گمان ان ہی کی طرف جائے گا ۔

قسمر ۔ جایا کرے ۔

مزاجی ۔ اچھا خیر چھوڑو ان تذکروں کو ۔ یہ بتاؤ کہ جلسہ میں جب چندہ کے لئے اپیل ہو تو میں کیا کروں ۔

قسمر ۔ جو سب کرتے ہیں وہی آپ بھی کریں ۔ یہی کہ بس خاموش رہیں ۔

مزاجی ۔ یہ تم نے خوب کہا جیسے دوسرے خاموش ہی رہیں گے ۔ ارے وہاں تو ہر ایک اپنی بساط کے موافق چندہ دے گا ۔

قسمر ۔ تو آپ ان جھگڑوں میں پڑتے ہی کیوں ہیں ۔

مرزاجی ۔ بھئی اب ہم تمھیں کس طرح سمجھائیں ۔ کہہ تو رہے ہیں کہ ہمارا جانا ضروری ہے اور ہم ضرور جائیں گے ۔

قمر ۔ ایسا ہی اگر ضروری ہے تو چندہ کی اپیل کے بعد جائیے ۔

مرزاجی ۔ بیوی تم نے تو کمال کر دیا ۔

قمر ۔ اے ہے اس میں کمال کی کیا بات ہے ۔ لوگ دعوتوں میں دیر سے آتے ہیں اگر آپ جلسہ میں دیر سے چلے جائیں تو کون سا جرم یا گناہ ہو جائیگا ۔

مرزاجی ۔ تم تو غور کرنا چاہتی ہی نہیں ارے یہ بھی تو سوچو کہ میں اس جلسہ کا صدر ہوں ۔ دیر سے کس طرح جاؤں گا ۔ اور اگر دیر سے جاؤں گا تو جلسہ شروع ہی کیسے ہوگا ۔

قمر ۔ سو بات کی ایک بات یہ ہے کہ آپ اس سے کسی طرح پیچھا چھڑا لیجئے ۔

مرزاجی ۔ بیوی بخدا نیک کام کرنے سے نہ روکو ۔ دین بھی خراب اور دنیا بھی خراب ۔

قمر ۔ اب آپ جائیں اور آپ کا جلسہ اور حکمت عالم ۔ مجھ سے کچھ نہ کہیے ۔

مرزاجی ۔ تم تو بگڑنے لگیں ۔ بتاؤ ہم نے تمھارے مشورہ بغیر کون سا کام کیا ہے جو یہ کریں گے ۔

قمر ۔ تو پھر میں جو کہتی ہوں اس پر عمل کیجئے گا ۔

مرزاجی ۔ نہیں بیوی تمھیں میرے سر کی قسم ایک مرتبہ پھر غور کر لو دیکھنا معاملہ بہت چھوٹا ہے مگر اس میں بے حد شہرت ہوگی اب تم ہی دیکھ لو نا کہ شہر کے بچہ بچہ کی زبان پر میرا نام ہوگا ۔

قمر ۔ میری تو سمجھ میں نہیں آتا کہ کیوں خواہ مخواہ ہر ایک آپ ہی کا وظیفہ پڑھتا رہے گا ۔

مرزاجی ۔ یقین نہ آئے تو کہو ۔ حلفیہ کہتے ہیں جب تو اطمینان ہوگا ۔

قمر ۔ اچھا صاحب ہوگا ۔ اب آپ یہ فرما دیجئے کہ چاہتے کیا ہیں ۔

مرزاجی ۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ آٹھ سو روپیہ جو میں نے حکمت عالم کو چندہ کے نام سے دئے ہیں اس میں دو سو روپیہ کا اضافہ کر کے پورے ایک ہزار کر دوں ۔

قمر ۔ آٹھ سو روپیہ کیسے ۔

مرزاجی ۔ میں نے حکمت عالم کو آٹھ سو روپیہ دئے ہیں ۔
قمر ۔ آپ نے ان کو آٹھ سو روپیہ دیدیئے !!! ۔
مرزاجی ۔ دے کیا دئے ہیں امانتاً رکھوا دئے ہیں ۔ جلسہ کے دن وہ مجھے دے دیں گے مگر میں یہ چاہتا ہوں کہ پورے ایک ہزار کے چندہ کا اعلان ہو ۔
مرزاجی ۔ میں آپ سے یہ پوچھتی ہوں کہ کیا آپ نے آٹھ سو روپیہ ان کو دیدے !!!
مرزاجی ۔ کہا نا کہ امانتاً رکھوائے ہیں ۔
قمر ۔ ہاں ہاں امانتاً ۔ مگر ان ہی کے پاس نا ۔
مرزاجی ۔ ہاں ہاں ان ہی کے پاس محفوظ ہیں ۔
قمر ۔ آپ نے غضب کر دیا ۔
مرزاجی ۔ غضب کی کیا بات ہے ۔ یہ سمجھ لو کہ میرے ہی پاس رکھے ہیں ۔
قمر ۔ یہ آپ کو سوجھی کیا تھی ۔ کیا میں روپیہ رکھنے والی مر گئی تھی جو آپ نے ان کو دیدئے یہ آخر آپ کو ہو کیا گیا تھا ۔
مرزاجی ۔ تمھیں خواہ مخواہ شبہ ہو رہا ہے ۔
قمر ۔ آپ شبہ ہی کو رو رہے ہیں میں پوچھتی ہوں آپ نے اتنی بڑی رقم ان کو کیوں دیدی ۔
مرزاجی ۔ بیوی تم ذرا میری بھی تو سنو ۔
قمر ۔ بس اب آپ سننا وننا رہنے دیجئے ۔
مرزاجی ۔ میری جان کی قسم پہلے پوری بات سن لو بعد میں جو کچھ کہنا ہے کہہ لینا ۔ اصل معاملہ یہ تھا کہ چندہ کی رقم پہلے سے ان کے پاس نہ پہنچ جاتی . . . . . .
قمر ۔ آپ نے آٹھ سو روپیہ !! اور چندہ میں دیدے ۔
مرزاجی ۔ بھئی اگر میں رقم نہ دیتا تو وہ مجھے جلسہ کا صدر نہ بناتے ۔
قمر ۔ تو روپیہ حکمت عالم کو رشوت میں دیا گیا ۔ یہی نا ۔

مرزاجی ۔ رشوت کیوں ہوئی ۔ امانت ہے امانت ۔ جلسہ کے دن بلکہ اس سے کچھ پہلے ہی مجھے وہ واپس کردیں گے ۔ نہ دیتا تو وہ کبھی صدر نہ بناتے ۔

قمر ۔ نہ بناتے تو وہ اپنے گھر خوش رہتے ہمارا کیا بگڑتا ۔ یہ آپ پر آخر آفت کیا آئی تھی ۔ "صدر نہ بناتے" اور اب تو شاید آپ کو جاگیر یا خزانہ ملجائے گا ——— اور ان کو دینا کیا فرض تھا ۔

مرزاجی ۔ واہ یہ خوب کہا ۔ یعنی ہم آٹھ سو روپیہ کے لئے ان کا اعتبار نہ کرتے اور وہ ہم کو.....

قمر ۔ بس بس میں سمجھ گئی ۔ اب جھک جھک نہ کیجئے جب آپ نے ان کو آٹھ سو روپیہ اعتبار کرکے دئے ہیں تو اب اس میں مجھ سے مشورہ کرنے کی کیا ضرورت ہے ۔ صدر تو بن گئے نا ۔ اب کیا ہے سارا معاملہ ختم ہوگیا ۔

مرزاجی ۔ معاملہ کہاں ختم ہوا ۔ انھوں نے دو گھنٹے قبل کہلا بھیجا تھا کہ نواب ابراہیم خان بھی ایک ہزار چندہ دینے کے لئے تیار ہیں بشرطیکہ ان کو صدر بنایا جائے ۔ چونکہ حکمت عالم میرے پرانے دوست ہیں اس لئے وہ کہتے ہیں کہ اگر میں دو سو روپیہ اور بھجوادوں تو وہ مجھ ہی کو صدر بنائیں گے ۔

قمر ۔ سرکار اب بھی کچھ نہیں گیا ہے ۔ آپ ان کو خط لکھدیجئے کہ بعض اسباب کی بنا پر آپ شریک جلسہ نہ ہوسکیں گے ۔

مرزاجی ۔ بیوی تم زمانہ کے نشیب و فراز سے واقف نہیں ہو ۔ تمھارا کیا ہے سارے شہر میں ڈنکہ پٹ جائیگا کہ مرزا صاحب دو سو روپیہ کی خاطر پیچھے ہٹ گئے ۔ ساری دنیا میں بدنامی ہوگی ۔

قمر ۔ اجی ہاں ہاں دو سو روپیہ کی خاطر صدر نہ بن سکے نہ سہی یہاں کسی کے باپ کا کچھ دھرا ہے ۔ سارے شہر میں ڈنکہ پٹ جائے گا تو ہمارا کیا جائے گا ۔ دنیا کو مار ئیے گولی آپ ہمیشہ دنیا ہی کا رونا روتے ہیں ۔ دنیا نہ ہوئی عذاب جان ہوگئی ۔ اٹھو تو دنیا کا ڈر ۔ بیٹھو تو دنیا کا ڈر ۔ کیا آپ نے دنیا کو بچوں کا کھیل بنا رکھا ہے ۔

مرزا جی ۔ بیوی دودھ کی مکھی کی بات ہے اور تم بلاوجہ برہم ہوئی جارہی ہو۔ دوسو روپیہ اگر تم نہیں دینا چاہتیں تو نہ دو مگر بگڑتی کیوں ہو۔

قمر ۔ میرا کیا ہے میں دے دیتی ہوں آپ جانیں آپ کے حکمت عالم جانیں ۔ مجھے اس سے کیا (زور سے پاندان کھولتے ہوئے) یہ لیجئے سو سو کے دو نوٹ۔ اب مجھ سے نہ کہیئے گا۔

مرزا جی ۔ تم خفا ہو کر دو گی تو ہم نہ لینگے ۔

قمر ۔ میں کیوں خفا ہونے لگی ۔ مجھے بھلا کیا سروکار ۔

مرزا جی ۔ بیوی تم کو میری جان کی قسم کہو خفا تو نہیں ہوئیں ۔

قمر ۔ بس کہہ دیا ایک مرتبہ . . . . . .

مرزا جی ۔ میری بیوی واللہ کہو تم خفا تو نہیں ہوئیں ۔

قمر ۔ بھئی اب ہمیں آپ چھیڑئے نہیں ۔ کپڑے سینے دیجئے ۔

مرزا جی ۔ اگر تم خفا ہو تو میں یہ روپیہ واپس کئے دیتا ہوں اور ان سے وہ آٹھ سو روپیہ بھی منگوا لیتا ہوں ۔

قمر ۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ اس میں آپ کی بدنامی ہوگی تو پھر میری وجہ سے کیوں ۔ . . .

مرزا جی ۔ ہاں بدنامی تو ہوگی ۔ اب بھی دیکھو نا اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے تو میرے متعلق وہ کیا رائے قائم کریں گے ۔ اچھا اس میں تمھاری بھی سبکی ہے ۔ تم جس محفل میں جاؤ گی تم پر انگلیاں اٹھیں گی ۔ عورتیں کہیں گی ان ہی کے میاں نے دو سو روپیہ کا منہ دیکھ ذلت اٹھائی ۔

قمر ۔ تو آپ کی مرضی ۔ ساری ذمہ داری آپ ہی پر ہے ۔

مرزا جی ۔ پہلے یہ بتاؤ کہ تم خفا تو نہیں ہو ۔

قمر ۔ میری خفگی سے اب کیا ہونے والا ہے ۔ آپ یہ رقم بھجوا دیجئے ۔

مرزا جی ۔ واقعی تم ناراض تو نہیں ہو۔

قمر ۔ دیر ہو رہی ہوگی بھجوا دیجئے۔

مرزا جی ۔ تو میں شیخو کو بلاتا ہوں تم ہی اپنے ہاتھ سے اُس کو دیدو۔

قمر ۔ اب میں کیوں دوں آپ ہی دیدیجئے۔

مرزا جی ۔ نہیں بیوی تمھیں میری جان کی قسم اپنے مبارک ہاتھوں سے دو۔ بڑا نام ہوگا۔ شیخو ابے او شیخو۔

شیخو ۔ جی سرکار (شیخو آتا ہے)

مرزا جی ۔ ادھر آ بھی تو۔

شیخو ۔ جی فرمائیے۔

مرزا جی ۔ دیکھنا وہ چوک کی مسجد ہے نا۔

شیخو ۔ جی۔

مرزا جی ۔ وہاں ہمارے دوست حکمت عالم صاحب رہتے ہیں۔ وہی جو آج صبح یہاں آئے تھے۔

شیخو ۔ جی ہاں جی ہاں۔

مرزا جی ۔ بیگم صاحبہ یہ دو سو روپیہ دے رہی ہیں انھیں دیدے اور ان سے کہدے کہ ۲۷ تاریخ جلسہ کے لئے مناسب ہے۔ میرا نام وہ کل کے اخباروں میں بھی چھپوا سکتے ہیں۔ اتنا کہدے وہ سب سمجھ جائیں گے بلکہ تو انہیں بلا لا۔

شیخو ۔ جی بہت مناسب۔

مرزا جی ۔ تاریخ کیا بتائیگا۔

شیخو ۔ ابھی جو آپ نے بتائی۔

مرزا جی ۔ کیا بتائی۔

شیخو ۔ جی اس مہینہ کی ۲۷ تاریخ۔

مرزا جی - تیرا سر ــــ بے وقوف کہیں کا۔ میں کہہ رہا ہوں ۲۷ اور تو بکتا ہے ۳۷۔ تیرے دادا کے زمانہ میں ۳۷ تاریخ ہوتی ہوگی۔ ۲۷ تاریخ کہہ ۲۷ تاریخ۔ سُنا۔

شیخو - ۲۷ تاریخ بہت ٹھیک۔

قمر - رسید منگوا لینا زیادہ مناسب ہوگا۔

مرزا جی - بیوی ایک ہزار روپیہ کے لئے ان سے رسید کا مطالبہ تو مجھے کچھ ٹھیک نہیں معلوم ہوتا۔

قمر - آپ کی مرضی۔

مرزا جی - ہاں ہاں حکمت عالم سے رسید مانگنا گویا خود سے رسید لکھوا لینا ہوا۔ ہاں تو بھئی جلدی ہو آ۔

شیخو - میں ابھی آتا ہوں (شیخو جاتا ہے)

مرزا جی - بیوی واللہ تم بڑی دل والی ہو۔ قسم ہے میں اس جلسہ میں اعلان کروں گا کہ یتیم خانہ کے قیام میں تم نے بھی ان تھک کوشش کی ہے اور تم کو نیک کاموں سے ہمیشہ دلچسپی رہی ہے۔

قمر - غیر مردوں میں آپ میرا نام تو نہ لیجئے۔

مرزا جی - کیوں نہ لوں اس میں چھپانے کی بات ہی کیا ہے۔ میں تو تمھارا نام ڈنکہ کی چوٹ لوں۔

قمر - لوگ ہنسیں گے آپ پر۔

مرزا جی - خوب ہنسیں گے کیوں۔

قمر - سب یہی کہیں گے کہ مرزا صاحب نے رقم بیوی سے خوشامد کر کے لی ہے۔

مرزا جی - ارے کہنے بھی دو لوگوں کو۔ ان کے کہنے سے کیا ہوتا ہے اور کیا میں کسی سے ڈرتا ہوں مگر بیوی یہ تو کہو کہ اس جلسہ کے بعد جب تم کسی محفل میں جاؤ گی تو عورتیں تمھاری خوب آؤ بھگت کریں گی نا۔

قمر - اب میں یہ کیا جانوں۔

مرزا جی ۔ قسم ہے عورتوں کی مجلسوں میں ہر ایک تمہارا ہی ذکر کریگا تم جا بھر جاؤ گی تمہارے قدم چومے جائیں گے اور واللہ جب میں نکل جاؤں گا تو ہر مرد یہی کہے گا دیکھنا صاحب آرہے ہیں ۔ ہر ایک جھک جھک کر ملیگا اور چاروں طرف سے مبارکباد کے پیامات آئیں گے ۔

قسمر ۔ اب ان فضول تذکروں کو ختم کیجئے ۔

مرزا جی ۔ فضول تذکرے کیسے ۔

قسمر ۔ فضول اس طرح کہ ابھی جلسہ ہوا نہیں اور آپ لگے خواب دیکھنے ۔

مرزا جی ۔ اچھا بیوی کہو تو میر ٹھ بڑے آکا کے پاس تار بھیج دیں ۔ ان کو تاریخ معلوم ہو جائے تو دورہ کے بہانہ سے یہاں آجائیں ۔ اچھا ہے جلسہ بھی دیکھ لینگے ۔ نہ معلوم پھر کب ایسا موقع ہاتھ آئے ۔

قسمر ۔ آپ کی مرضی ۔ بلانا ہے تو بھابی جان کو بھی بلوا لیجئے ۔

مرزا جی ۔ یہ تم نے ٹھیک کہا ۔ دونوں کو آنا چاہئے ۔ میں ابھی تار دیتا ہوں ۔ عورتوں کے لئے بھی اچھا خاصا انتظام ہوگا واللہ بیوی میں اس سے بڑا خوش ہوا ۔ قسم ہے ابھی سے میری آنکھوں میں جلسہ کا نقشہ پھر رہا ہے ۔ بڑا شامیانہ ہوگا ہزارہا حاضرین.... بیچ میں ایک تخت ـــــ اور اس پر ہم بیٹھے ہوئے تقریریں کرنے کا حکم دیں گے اور چلمن کی اس جانب تم عورتوں کی صدر بنی ہوئی بیٹھی ہوگی ۔

قسمر ۔ تو کیا عورتوں کی صدر میں بنوں گی ۔

مرزا جی ۔ اور نہیں تو کیا صدر کی بیوی صدر ہ ۔ واللہ خوب لطف آئیگا ۔ بڑے آکا اس منظر کو دیکھ کر بیحد خوش ہوں گے ۔

قسمر ۔ سرکار یہ دیکھئے شیخو کیوں ہانپتا کانپتا آرہا ہے ۔

مرزا جی ۔ بے وقوف ہے حکمت عالم نے اس جلسہ کا اشتہار وغیرہ دیدیا ہوگا اس میں میرا نام پڑھکر

جامہ سے باہر ہو گیا ہے ۔ بیوی دیکھنا تو کر بھی خوش ہیں ۔ (شیخو ھانپتا ہوا آتا ہے اور اسی طرح گفتگو کرتا ہے)

شیخو ۔ سرکار سرکار ۔

مزاجی ۔ ابے دم کیوں نکلا جا رہا ہے ۔ کیا کوئی تیرا گلا دبا رہا ہے ۔

شیخو ۔ سرکار میں حکمت عالم صاحب ..... کے گھر ..... گیا تھا .... انھوں نے رقم لے لی اور مجھے اپنی گاڑی میں بٹھلا کر اسٹیشن لے گئے ..... جہاں ان کے بچے ..... وغیرہ ..... پہلے ہی سے ..... موجود تھے ..... جب ریل آگئی اور وہ اس میں .... بیٹھ گئے تو مجھ سے کہا ..... کہ ..... ان کے پاس تار آیا ہے ..... انکی سالی کی شادی ہونیوالی ہے اس لئے وہ لکھنو جا رہے ہیں وہاں سے آنے کے بعد جلسہ کریں گے ۔

مزاجی ۔ کیا کہا ۔

شیخو ۔ جی ہاں اور وہ یہ بھی کہہ رہے تھے کہ شادی کے دو چار روز بعد شاید انہیں پٹنہ اور پھر کلکتہ بھی جانا پڑے ۔ چونکہ ان کے آنے میں بہت دیر لگے گی اس لئے اب ابھی اپنی تقریر تیار نہ کریں ۔

قسمر ۔ مجھے تو اس میں .....

مزاجی ۔ بیوی پہلے مجھے بات کر لینے دو ۔ حکمت عالم اس وقت کہاں ہیں ۔

شیخو ۔ سرکار وہ اپنے بال بچوں سمیت ریل میں بیٹھے ہیں جو شاید پانچ سات منٹ میں چھوٹ جائے ۔

قسمر ۔ میں نے آپ سے جب ہی کہا تھا کہ .....

۔ مجھے اس وقت پریشان نہ کرو ۔ ارے ریل چھوٹنے میں کتنی دیر ہے ۔

قمر ۔ اس نے کہہ تو دیا کہ پانچ سات منٹ باقی ہیں۔ آپ ایک ایک سوال کو بار بار کیوں پوچھ رہے ہیں۔

مرزا جی ۔ بیوی تم دخل نہ دو ۔ سارا معاملہ بگڑ جائیگا ۔

قمر ۔ معاملہ میں اب دھرا کیا ہے جو بگڑیگا ۔

مرزا جی ۔ ارے شیخو تو ڈرائیور سے تو کہہ دے کہ موٹر تیار رکھے ۔

شیخو ۔ جی اس نے ابھی تھوڑی دیر پہلے کہا تھا کہ پٹرول بالکل نہیں ہے ۔

قمر ۔ آپ پیدل بھی چلے جا سکتے ہیں ۔ جلدی کیجئے ۔ دو قدم پر تو اسٹیشن ہے ۔

مرزا جی ۔ بیوی تمھیں میری جان کی قسم اب کوئی گفتگو نہ کرو ۔

قمر ۔ یہ تو آپ کا بڑا ظلم ہے ۔ ہزار روپیہ پر پانی پھر جائے اور میں کچھ نہ بولوں ۔

مرزا جی ۔ بھئی واللہ مجھے مت چھیڑو ۔ خواہ مخواہ لڑائی ہو جائیگی مجھے اسٹیشن جانے دو میں ان سے سارا حال معلوم کرلوں گا ۔

قمر ۔ ہاں ہاں جائیے آپ کو کون روک رہا ہے مگر معاملہ صاف ہے وہ آپ کے ہزار سے اپنی سالی کی شادی کر رہے ہیں اور کیا ۔

مرزا جی ۔ ارے شیخو میری تلوار کہاں رکھدی ۔

(کسی کے باہر جانے کی آواز سنائی دیتی ہے)

قمر ۔ خدا کے لئے تلوار تو نہ لیجائیے ۔ اسٹیشن پر کیا ان سے دنگہ فساد کیجئے گا ۔

مرزا جی ۔ ارے شیخو تلوار لاتا ہے یا نہیں ۔

قمر ۔ پھر آپ نے تلوار کا نام لیا ۔

مرزا جی ۔ بھئی تم میرے معاملہ میں نہ بولو ۔ شیخو ابے کیا مرگیا کہاں رکھدی تلوار میری ۔

قمر ۔ میں نے کہا نا کہ تلوار نہ لیجائیے ۔

مرزا جی ۔ بیوی تمھیں میری جان کا واسطہ پہلے مجھے تلوار دیدو وقت ضائع ہو رہا ہے ۔ ریل چھوٹ جائیگی

شیخو - سرکار موٹر میں پٹرول ڈلوادیا گیا ہے -
مزاجی - ابے تو نے میری تلوار کہاں رکھی -
شیخو - بیگم صاحبہ ہی کے پاس تو ہے -
مزاجی - لاؤ بیوی خدا کے لئے تلوار دیدو ورنہ جھگڑا ہو جائے گا -
قسمر - آپ کو ایمان کی قسم تلوار نہ لیجائے -
مزاجی - تم بلاوجہ وقت ضائع کر رہی ہو ریل چھوٹ جائے گی - تلوار دیدو -
قسمر - جی نہیں میں آپ کو تلوار نہیں لیجانے دونگی -
مزاجی - نہیں تم اس کو نہیں سمجھتیں - نہ معلوم اسکی کب ضرورت پڑے -
قسمر - ضرورت پڑے یا نہ پڑے میں آپ کو تلوار نہیں لیجانے دونگی -
مزاجی - دیکھو اگر دو چار منٹ میں اسٹیشن نہ پہنچا تو ریل روانہ ہو جائیگی - لاؤ تلوار دیدو -
قسمر - بند آپ تلوار نہ لیجائیے - ایسا ہی ہے تو ہاتھ میں چھڑی رکھ لیجئے -
مزاجی - خدا کی قسم دیر ہو رہی ہے -
قسمر - نہیں میں نہیں دونگی -
مزاجی - تمھیں دینا پڑے گا ورنہ جھگڑا ہو جائے گا -
قسمر - میں نہیں دونگی -
مزاجی - دیکھو ہم کہہ رہے ہیں دیدو -
قسمر - میں قسمیہ کہتی ہوں نہیں دونگی -
مزاجی - لاؤ دو -
قسمر - جی نہیں -
مزاجی - دیدو -

قسمہ ۔ جی نہیں ۔

(مرزا جی کی زبان سے "ریل" "ویدو" لاد" اور "تلوار" وغیرہ اور بیوی کی زبان سے "نہیں" میں نہیں دونگی ۔ آپ کو میری جان کی قسم "نہ جائیے" مت لیجائیے" آہستہ آہستہ سنائی دیتا ہے دونوں کی آواز کا حجم کم ہوتا جاتا ہے اور ریل کے روانہ ہونیکی آواز آتی ہے ۔ آواز کے حجم میں اضافہ کے ساتھ ساتھ دونوں کی آوازیں غائب ہوتی جاتی ہیں اور آخر میں صرف ریل کی آواز سنائی دیتی ہے)

ختم شد

مرزا ظفر الحسن بی۔ اے (عثمانیہ)

غزل

نوید زندگی پہونچی ہوا بادلی سحاب آیا
چمن والے اُٹھے انگڑائیاں لیکر شباب آیا

رسائی تو وہاں تک ہوگئی آگے مقدر تھا
ترے کوچہ سے جو ناکام آیا کامیاب آیا

نہ آنے کو وہ لکھتے ہیں لکھیں پھر بھی غنیمت ہے
دل بیتاب کچھ تو نے سُنا ان کا جواب آیا

زمانہ کا فقط اک فرق رہجاتا ہے دونوں میں
وگرنہ ایک ہیں دونوں اجل موت آئی کہ خواب آیا

یہ ہاتھوں کی لکیریں ہوں کہ پیشانی کی تحریریں
ازل میں اک دعا مانگی تھی دنیا میں جواب آیا

پرستش حسن عالم سوز کی منظور تھی یارب
اسی دھوکہ میں کس کس پر دلِ خانہ خراب آیا

سعیدؔ آیا سوئے حرم فرشتوں کی نہ ائیں ہیں
زمیں تعظیم کو اُٹھے غلام بوتراب آیا

میر عابد علی سعیدؔ

"مذہب اسلام اور دوسرے مذاہب کے مشترک امور"

(میلاد کمیٹی نے اس مضمون کو ۱۳۵۱ھ کے مقابلے میں "پروفیسر سار اوپر ائز" کا مستحق قرار دیا۔)
(مجلہ عثمانیہ)

ایک مشہور فیلسوف نے مذاہب عالم کے متعلق نہایت دلچسپ بات بتائی ہے۔ وہ دعویٰ کرتا ہے کہ "ہر مذہب اپنے پیروؤں کو سیدھے راستے پر ہی چلاتا ہے" اور اس دعوی کی توضیح یوں کرتا ہے کہ "اگر منزل مقصود کو مرکز اور تمام مذاہب کو محیط کے مختلف نقاط فرض کرلیا جائے تو یقیناً محیط کے ہر نقطہ کو مرکز سے ملانے والے کم سے کم فاصلے کا خط، خطِ مستقیم ہی ہوگا لیکن ایک خط پر حرکت کرنے والے کو دوسرے خط پر حرکت کرنے والا خط ٹیڑھے راستے پر نظر آئے گا اور اپنے راستے کو سیدھا سمجھنے میں وہ کوئی غلطی نہ کرے گا حالانکہ حقیقتاً دونوں سیدھے راستوں پر ہوں گے"۔ اگر اس فلسفی کے خیال کو صحیح تسلیم کرلیا جائے تو یقیناً ہر وہ شخص جو کسی غیر مذہب والے کو اپنے مذہب کی دعوت دے، غلطی پر ہوگا اور اس کی مثال ایسی ہی ہوگی جیسے کوئی بچہ دوسرے بچہ کو اس کے بجائے اپنے والدین سے محبت کرنے کی دعوت دے کیونکہ وہ فطرتاً اپنے والدین سے محبت کرتا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ تمام بچوں کی فطری محبت کی طرح اکثر مذاہب کی فطرت بھی یکساں ہے اور ان میں بہت سے امور مشترک ہیں۔ نبیوں، پیغمبروں اور ناصحوں کی تعلیم مختلف زمانوں، قوموں، اور مقاموں کے لحاظ سے ایک دوسرے سے کچھ مختلف نظر آتی ہے لیکن ان سب کی روح ایک ہی ہوتی ہے۔

اسلام اور دوسرے مذاہب میں سب سے پہلی چیز جو نمایاں طور پر مشترک نظر آتی ہے د

یہ ہے کہ جس طرح آفتاب اسلام عرب کے انتہائی تاریک دور اور عیش پرستی و فحاشی کے عہد میں طلوع ہوا اسی طرح دوسرے مذاہب بھی جن قوموں میں آئے وہ اس وقت نہایت تاریک دور سے گذر رہی تھیں۔ اور جس طرح پیغمبر اسلام نے گذشتہ پیغمبروں کی تعلیم کو اصلاح یافتہ شکل میں پیش کیا یعنی مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق اسلام کی تکمیل کردی اسی طرح تمام مذاہب کے پیشواؤں نے سچائی اور راستی کے وہی اصول پیش کئے جو ان سے پہلے پیش کئے جا چکے تھے فرق صرف اتنا تھا کہ ان کی خصوصیات مقام بافتوں، اور وقت کے لحاظ سے مختلف تھیں اور وہ سابقہ تعلیم پر بعض اضافے اور اصلاحات عمل میں لائے۔

مسلمانوں کا بنیادی عقیدہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے یعنی اللہ ہی ایک الٰہ ہے اس کے سوائے کوئی الٰہ نہیں اور محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ اس عقیدہ کے پہلے جزو میں اللہ کے الٰہ واحد ہونے اور کسی دوسرے کے الٰہ نہ ہونے کا عقیدہ پیش کیا گیا ہے ـــــ اسی طرح مسیحیت بھی عقیدۂ تثلیث کے باوجود خدا کی واحدانیت کی قائل ہے "تمام احکامات الٰہی سے پہلے، اے اسرائیل! کہدے کہ ہمارا خدا ایک ہے" (مرقس ۱۲ : ۲۹) "اور جان لو کہ جس کی ذات لافانی ہے، سوائے خدا کی ذات کے کوئی اور نہیں اور اسی نے عیسیٰ کو تمہارے لئے بھیجا" (یوحنا ۱۷ : ۳) انجیل کی ان آیتوں سے اس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ مسیحیت نے توحید سے انکار کبھی نہیں کیا۔ ہندومت میں بھی توحید کا تصور پایا جاتا ہے۔ رگ وید میں لکھا ہے "ہستی واحد کو (عقلمند) لوگ بہت سے ناموں سے پکارتے ہیں" بہرحال واحدانیت کے متعلق دنیا کے اکثر مذاہب کے خیالات ایک ہیں اور دنیا کا ہر شخص اپنے اوپر ایک خاص ہستی کے وجود کا تصور رکھتا ہے اور البتہ اس کی عبادت اور اس کا تصور مختلف طریقوں سے کرتا ہے۔

جہاں قرآن مجید نے اپنے اس نظریہ کو پُرزور طریقہ سے پیش کیا کہ خدا اور آخرت پر یقین رکھنے والے خواہ عیسائی ہوں یا یہودی یا کسی اور قوم سے تعلق رکھتے ہوں اگر ان کا کردار نیک ہوگا تو وہ ضرور خدا کی طرف سے اس کا پھل پائیں گے اور ان میں خوف کھانے یا مایوس ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اور ہر شخص کے اعمال اس کے ساتھ ہیں۔ منوجی نے بھی ہندومت کی نمایندگی کرتے ہوئے کہا ہے کہ "ہر شخص تنہا پیدا ہوا ہے اور تنہا مرے گا۔ وہ تنہا اپنے اچھے کرموں کا پھل لے گا اور تنہا اپنے بُرے کاموں کا پھل پائیگا۔

مرنے کے بعد آدمی کا دوست سوائے افعال حسنہ، تقدس، نیکی اور تقویٰ کے کوئی نہیں ہوتا"۔ بدھ مت نے راستی سچائی اور نیکی کے متعلق نہایت عمدہ تعلیم دی ہے اور ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہی چیزیں بدھ مت کی روح ہیں۔ مسیحیت بھی خدا کو انہی لوگوں کا ساتھی بتاتی ہے جو راستباز سچے اور نیک کردار ہوں۔ مختصر یہ کہ تقریباً تمام بڑے مذاہب کے احکام سچائی اور راستبازی کے باب میں اسلام سے زیادہ ملتے جلتے ہیں اور یہ یقین کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ کوئی مذہب اپنے پیروؤں کو جھوٹ اور دھوکہ بازی اور ظلم و زیادتی کی تعلیم نہیں دیتا۔

مذہب اسلام میں خدا کی طرف سے مسلمانوں پر یہ ذمہ داریاں عائد کی گئی ہیں کہ وہ خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں، اپنے والدین سے اچھا برتاؤ اور ان کی عزت کریں، گناہ سے دور رہیں، کسی کو بلاوجہ نہ ماریں۔ بدنیتی سے کسی یتیم کی دولت کے قریب نہ جائیں، ناپ تول میں ایمانداری سے کام لیں اور سچ بولا کریں خواہ کسی عزیز یا رشتہ دار کا ہی معاملہ کیوں نہ ہو وغیرہ وغیرہ ۔ یہاں بھی دیگر تینوں بڑے مذاہب یعنی ہندومت بدھ مت اور عیسائیت اس سے قریبی مشابہت رکھتے ہیں۔ ہندومت میں حکم دیا گیا ہے کہ۔ برائیوں اور جھوٹ سے گریز کرو سچے اور راستباز و پاکباز بنو، چوری نہ کرو، اور اپنے نفس پر قابو رکھو۔ منو نے حکم دیا ہے کہ ان اصولوں پر عمل درآمد سارے فرقوں کے ساتھ ہونا چاہئے بدھ مت میں بتایا گیا ہے کہ جو شخص برائی کرتا ہے وہ سزا پاتا ہے اور جو نہیں کرتا وہ نیک اور پاک رہتا ہے۔ کوئی کسی کو پاکباز نہیں بنا سکتا انسان کو اپنی مدد آپ کرنی چاہئے۔ اسی طرح مسیحیت میں حکم دیا گیا ہے کہ کوئی شخص منہ سے بیہودہ لفظ نہ نکالے کیونکہ اس کا مواخذہ آخرت کے دن ہوگا اور اسی شخص کے الفاظ سے اس کا انصاف ہوگا اور انہی کی وجہ سے اسے سزا دی جائیگی گویا انسانی ذمہ داریاں بھی مذاہب اربعہ میں تقریباً ایک ہی ہیں ——

اسی طرح عورتوں کے متعلق اسلام حکم دیتا ہے کہ مسلمان اپنے رشتہ مناکحت کا نہایت احترام کریں اور عورتوں کے متعلق بدگوئی نہ کریں اور پیغمبر اسلام جہاں "جنت ماں کے قدموں کے نیچے" بتاتے ہیں وہاں منو نے بھی باوجود انتہائی بدگمانیوں کے کہا ہے کہ "عورت کی عزت سے بھگوان خوش ہوتے ہیں"۔ اور بدھ مت میں حکم دیا گیا ہے کہ "عورت کی طرف دیکھنے سے پرہیز کرو اور جب اس سے گفتگو کرو تو صاف دلی کے ساتھ کرو"۔ مسیحیت عورت کی طرف بری نظر دیکھنے کو "گناہ" کا مرتکب ہوجانے کے برابر سمجھتی ہے۔

گویا عورت کی عزت کے معاملہ میں جو اخلاقی اصول تمام مذاہب کی تعلیم میں مضمر ہیں عملی طور پر بالکل یکساں معلوم ہوتے ہیں ۔

عفو و کرم سے متعلق تمام مذاہب کے احکام میں یکسانیت پائی جاتی ہے ۔ اسلام جنت کو ان لوگوں کے لئے بتاتا ہے جو غصہ پر قابو پاتے ہیں اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں اسی طرح قرآن مجید مساوی بدلے کی اجازت دیتے ہوئے معاف کر دینے کو سراہتا ہے ۔ بدھ مت کی ہدایت ہے کہ "برافروختہ آدمی کے ساتھ غصہ سے پیش نہ آؤ بلکہ اسے معاف کر دو تاکہ وہ خود نادم ہو جائے" ۔ بدھ مت محبت اور نرمی کو غصہ پر فتحیاب کرنے، اور نیکی کو برائی پر غلبہ دینے کی ترغیب دیتا ہے ۔ اور مسیحیت نے تو یہ کہہ کر عفو و کرم اور درگذر کی انتہا کر دی ہے کہ اگر کوئی ایک گال پر تھپڑ مارے تو دوسرا گال بھی پیش کر دینا چاہئے" ۔ بہر حال عفو و درگذر کے ان مختلف احکام میں بہتر اور قابل عمل کوئی ہی سہی لیکن اتنا ضرور ہے کہ ان تینوں مذاہب کی طرح اسلام میں بھی عفو و درگذر کی تعلیم دی گئی ہے ۔

سزا اور جزا کے مسئلہ میں تمام مذاہب اسلام سے متفق ہیں کہ نیکی اور اچھائی جزا کی مستحق ہے اور گناہ اور برائی سزا کی، جس کا جلد یا بدیر ملنا ضروری ہے ۔ اور تمام مذاہب نے یہ چیز پیش کی ہے کہ ہر شخص جو بوئے گا وہی کاٹے گا ۔ اور دنیا میں جزا و سزا کا یہی قانون کام کر رہا ہے ۔ یہ چیز یقینی ہے کہ اگر کوئی کسی کو تکلیف پہنچائے تو خود بھی تکلیف اٹھائے گا اور اگر کسی کو خوش کرے تو اس کا بدلہ مسرت و انبساط کی شکل میں ضرور پائے گا اس کے علاوہ تمام مذاہب آپس میں بیر رکھنے سے منع کرتے اور آپس میں مل جل کر رہنے اور دوسرے مذاہب اور ان کے پیشواؤں کی عزت کرنے کی تلقین کرتے ہیں، چنانچہ قرآن مجید میں ہے کہ اگر کوئی خدا کو چھوڑ کر کسی اور کو معبود بناتا ہے تو ایسے جھوٹے معبودوں کو تک برا نہ کہو تاکہ ان جھوٹے معبودوں کے پیرو کہیں جہالت سے خدا ہی کو برا بھلا نہ کہنے لگیں ۔

گناہ اور انسان کا ہمیشہ کا ساتھ ہے کیونکہ انسان تحریص و ترغیب پر ہمیشہ غالب نہیں رہتا اور بعض اوقات اس کے دل و دماغ پر پردہ پڑ جاتا ہے اور وہ گناہ پر آمادہ ہو جاتا ہے ۔ اسلام نے گناہ گار کے لئے توبہ و استغفار کے بعد کچھ کفارہ بھی رکھا ہے ۔ یہ چیز بھی دوسرے مذاہب میں مشترک ہے

یعنی ہندومت اور مسیحیت وغیرہ میں بھی یہی چیز دوسرے ناموں سے موجود ہے ـــــ کفارہ تو خیر ایسی چیز ہے جسے سوائے کبھی کبھار کے مستقل طور پر ادا نہیں کیا جاتا لیکن اسلام نے بعض گہرے مقاصد کی بنا پر اپنے پیروؤں کو اپنے مال کا چالیسواں حصہ مستقلاً زکوٰۃ کے طور پر نکالنے کا حکم دیا ہے۔ اسی قسم کی چیزیں ہندومت میں پوتر دان، اور مسیحیت میں خیرات، اور دوسرے مذاہب میں بعض دوسرے ناموں سے موجود ہیں۔ صرف یا تو مقدار میں اختلاف پایا جاتا ہے یا ترغیبی اور لازمی ہونے میں۔ گویا تمام مذاہب اسلام سے اس بارے میں متفق ہیں کہ ایسے لوگوں کو خیرات دی جائے جو اس کے مستحق ہیں۔

بعض اوقات انسانی دل حد سے تجاوز کرنا چاہتا ہے اور ایسا کرنے میں وہ کسی نیک کام کو بُرے کام سے بدل دیتا ہے۔ اسلام کی طرح تمام مذاہب نے بزرگوں کی عزت اور احترام کی ہدایت کی ہے لیکن بعض جاہل پیرو ضرورت سے زیادہ احترام اور عزت کرنے میں پرستش سے بھی دریغ نہیں کرتے مثلاً بعض جاہل مسلمان قبر پرستی کرتے اور قبر پر سجدہ کرتے ہیں۔ اسی طرح ہندومت میں بتوں کی پوجا کی جاتی ہے اور بدھ مت کے پیرو خود گوتم بدھ کی پرستش کرنے لگے ہیں۔ گویا اس طرح بعض بُری باتیں جو مذاہب کا جزو نہیں، ان کے پیروؤں میں رائج ہوگئی ہیں اور مشترک ہیں۔ اور اب حالیہ زمانے میں معقولیت کی ترقی ہر مذہب کے پیروؤں میں پرانے اصلی مذہب کی طرف عود کی تحریک قوت پکڑ رہی ہے اور ان برائیوں میں کمی کے آثار نظر آرہے ہیں۔

مذاہب کے عبادت خانوں کے متعلق بھی بعض مذاہب کے احکام اسلام سے ملتے جلتے ہیں مثلاً اسلام میں ہے کہ مسجدیں ایک دوسرے سے اتنے فاصلے پر بنائی جائیں کہ ایک موذن کی آواز دوسری مسجد تک نہ پہنچ سکے۔ اسی طرح ہندومت ایک نیا مندر بنانے سے بہتر پرانے مندر کی تعمیر و ترمیم کو بتاتا ہے یہ احکام محض اس لئے ہیں کہ عبادت خانوں کی بے حرمتی نہ ہو اور یہ ویران نہ پڑے رہیں۔

نفس کشی کے لئے اسلام کی طرح تمام مذاہب میں روزہ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے اسی طرح تہجد اور شب بیداری کی قسم کی عبادتیں بھی تمام مذاہب میں مشترک ہیں۔ اس کے علاوہ تمام مذاہب بشمول اسلام کی طرح بعض عبادات میں دلی ارتکاز کے لئے تسبیح کی طرح کچھ نہ کچھ مادی وسیلہ اختیار کیا جاتا ہے مثلاً

ہندومت میں مالا اور عیسائیت میں بھی اسی قسم کی ایک چیز ہوتی ہے۔

جس طرح اسلام میں مسلمانوں کو حج کرنے کا حکم دیا گیا ہے اسی طرح ہر مذہبی رہنما نے اپنے عقیدت مندوں اور پیروؤں کو اپنے مقدس مقامات کی زیارت کا حکم دیا ہے ۔۔۔ اس کی تہ میں سب سے بڑا مقصد جو پنہاں ہے وہ اخوت، باہمی ہمدردی اور ایک جگہ پر اجتماع کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ بدھ مت نے کرشنا گڈھ کے قریب کے علاقے کو مذہبی مرکز قرار دیا ہے۔ ہندومت نے کاشی کو مقدس مقام بنایا اور مسیحیت نے بیت المقدس اور بعض دوسرے مقامات کو زیارت گاہ قرار دیا تاکہ تمام لوگ سال میں ایک خاص موقع پر ایک جگہ جمع ہوں اور آپس میں باہمی ہمدردی، اخوت اور محبت کے پیمان باندھیں اور تبادلہ خیالات کرسکیں۔ نیز ہر سال اپنے تعلقات اور پیمان ہائے محبت کی تجدید کرسکیں اور ایک ہی ضابطہ حیات میں منسلک رہیں تاکہ مذہبی استحکام حاصل ہو اور دین سربلند ہو۔

بہرحال اسلام اور دیگر بڑے مذاہب میں بہت سی چیزیں مشترک ہیں اور موجودہ متمدن دنیا میں توقع ہے کہ معقولیت پسندی کی تعلیم و تربیت سے وہ تعصبات سائنس اور سائنس، سائنس اور مذہب، اور مذہب اور مذہب کے درمیان باقی ہیں روز بروز ٹوٹتے اور کم ہوتے جائیں گے اور خیال کیا جاتا ہے کہ تعصبات کی روز افزوں کمی اور انسانی ضروریات تمام مذاہب کو کسی ایسے مذہب میں ضم ہوجانے پر مجبور کردیں گی جو ایک عالمگیر مذہب بننے کی صلاحیت رکھتا ہو اور اسے "دین فطرت" کا نام دیا جاسکے فقط

گوپال راؤ (سال دوم)

شاعر

میرے خونِ دل سے بزمِ خلد کی تکمیل ہے
رازدارِ رازہائے خُلد ہے میری نگاہ
میری آہوں کا تنفس نغمۂ داؤد ہے
میرے اشکوں میں نہاں ہے نورِ یزدان کی چمک
میرے دم سے کائناتِ ارض ہے بزمِ حسین
میری آنکھوں میں جہانِ عشق آرامیدہ ہے
میرے فانوسِ تخیل سے شفق ہے لالہ رو
کائناتِ حُسن میرے خونِ دل سے شعلہ رو
میرے دل کا نور گویا جلوۂ رنگین طور
میری شریانوں میں رقصاں ہے ظہورِ جانفزا
کوثر و تسنیم کے پانی سے کرتا ہوں وضو
میرے ہی زیرِ نگیں یہ عالمِ ناسوت ہے
میری دنیا میں شراب و شعر و مستی اور شباب
مجھ کو قدرت سے ملی ہے بے پناہ تابندگی
نکتہ ہائے معرفت ہیں میرے سینہ میں نہاں
بزمِ ہستی میں سکون نا آشنا پاتا ہوں میں
آفتاب و ماہ کو زیرِ نگیں رکھتا ہوں میں

خواب گاہِ عرش میرا دامنِ تخئیل ہے
آسمانِ شعر کا ہوں تاجدارِ کجکلاہ
میرے نغموں کا ترنم مسکنِ معبود ہے
عرشِ اعلیٰ سے چرا لاتا ہوں میں رنگین دھنک
میرے دم سے بربطِ فردوس بھی ہے آتشین
میری دنیا عرش کے تاروں سے بھی پوشیدہ ہے
رس رہا ہے عالمِ فردوس سے میرا لہو
میری آہوں کے شرارے ہیں ستاروں کے سبو
کہکشانِ نور افشاں میرے گیتوں کا سرور
میرے سازِ دل کے زیر و بم پہ جنت ہے فدا
لامکاں والوں سے ہوتا ہوں میں محوِ گفتگو
میرا شہبازِ تخیل طائرِ لاہوت ہے
میری دنیا ہے بہارِ عشق کی رنگین کتاب
سینۂ گیتی میں میرے دم سے روحِ زندگی
میری پروازِ تخیل سے ہیں نیچے آسماں
محفلِ فردوس کا ٹوٹا ہوا تارا ہوں میں
زندگی کے ہر نفس کو آتشیں رکھتا ہوں میں

سید محمد یوسف ناظم متعلم ام۔اے (ابتدائی)

جنگ عظیم اور تحریک اشتراکیت

۲۸ جون ۱۹۱۴ء کو ولی عہد سلطنت اسٹریا آرچ ڈیوک فرانسز فرڈیننڈ کو بمقام سراجیوقتل کردیا گیا۔ اس قتل نے عالمی بارود خانہ میں آگ لگادی نصف درجن سلطنتیں تباہ ہوئیں اور پانچ سال تک تحریک اشتراکیت پر امید و بیم کا عالم طاری رہا۔

۲۳ جولائی کو آسٹریا ہنگری نے سربیا کو الٹی میٹم دیدیا۔ جرمنی، اسٹریا، فرانس و برطانیہ عظمیٰ نے جلسے کئے اور جنگی دھمکیوں کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی۔ یورپی ممالک کے تمام اشتراکی قائدین جنگ کو روکنے کی کوشش کر رہے تھے۔ لیکن روس، جو مستقبل میں ان سب کا امام بننے والا تھا خاموش رہا۔

۱۴ ر ۱۵ ر ۱۶ ر جولائی کو متحدہ اشتراکیوں کی ایک قومی کانفرنس پیرس میں منعقد ہوئی اور اس کے ایک مہینہ بعد میں قومی کانگرس ویانا میں منعقد ہونیوالی تھی۔ پیرس کانفرنس میں مختلف ممالک کے نمایندے شریک رہے۔ بلجیم سے انسبیل اور واڈرسن انگلستان سے بروس گلیشلر، اسمتھ اور کنیڈی، روس سے پلی خانو اور روبانوچ، جرمنی سے کارل لیب نچٹ، الساک لورین سے جارجس ویل، ہالینڈ سے وسیی جن اور اٹلی سے السن ڈای اور ریپوسی شریک تھے۔ اس کانفرنس میں اہم مسئلہ زیر بحث یہ تھا کہ جنگ استعماریت کے خلاف کون سے طریقے اختیار کئے جائیں۔ ویلانت نے عام ہڑتال کی تجویز پیش کی۔ جارجس اور مارسل سمبا تھ نے اس کی تائید کی لیکن دیگر مندوبین نے اس تجویز کی مخالفت کی۔ ان کی رائے میں عام ہڑتال کا سب سے بڑا خطرہ یہ تھا کہ اشتراکی اقوام کو نیم اشتراکی اقوام کے قبضہ و اقتدار میں دیدینا پڑتا تھا بالآخر کانگرس نے ویلانت کی تائید کی اور ایک قرارداد

منظور ہوئی۔ جس کو جارس نے نہایت ہوشیاری سے مرتب کیا تھا اس قرارداد کو دونوں گروہوں نے قبول کرلیا۔

۲۸ر جولائی کو آسٹریا نے سربیا کے خلاف اعلان جنگ کردیا۔ اب چونکہ ایک عام یورپی جنگ کا خطرہ پیدا ہوچلا تھا اس لئے اسٹریا، بلجیم، فرانس، اور برطانیہ عظمیٰ کے اشتراکیوں نے اس کے خلاف احتجاج کیا لیکن روس پھر بھی ٹس سے مس نہ ہوا۔ اس زمانہ میں جنگی زہر تمام ممالک میں سرایت کرگیا تھا اشتراکیوں نے امن کے جلوس نکالے لیکن نوجوانوں نے جنگ کے نعرے بلند کئے۔ کئی مقامات پر ان دونوں میں تصادم بھی ہوا۔

دوسرے دن بیورو آف دی انٹرنیشنل کے ایک اجلاس میں تمام یورپی ممالک کے اشتراکی قائدین بمقام برسلز جمع ہوئے۔ جارس گیس ڈی، ولانت، مارسل سمباۃ اور لانگے نے فرانس کی نمایندگی کی۔ ہیس، ملر اور رشید من نے جرمنی کی روسا لکسمبرگ نے پولستانی اشتراکیوں کی نمایندگی کا فرض ادا کیا۔ وکٹر اور فریڈرک اڈلر نے اسٹریا کی نمایندگی کی۔ بروس گلیشلز، ارونگ اور ہارڈی نے برطانیہ عظمیٰ کی جانب سے شرکت کی۔ بلجیم، روس سوئزرستان، ڈنمارک، ہنگری، اسپین کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ لیکن سربیا نے اپنا کوئی نمائندہ نہیں بھیجا۔

اسٹریا میں اشتراکیت کے بانی وکٹر اڈلر نے اعلان کیا کہ اسٹریا کی داخلی نازک صورت حال کے مدنظر اسٹریوی اشتراکیوں کو اپنی حکومت کے جنگی کاموں میں ہاتھ بٹانا چاہئے۔ اس نے یہ بھی کہا کہ بین قومی کانگریس ویانا میں منعقد نہیں ہوسکتی۔ چیکوں کی جانب سے نیمک نے اڈلر کے اس اعلان کی توثیق کی۔ مندوبین کو حیرانی ہوئی۔ جنگ کے ابتدائی مراحل ہی میں اسٹریوی طاقتور جماعت جنگ کی حمایت کررہی تھی، ہیس نے اعلان کیا کہ جرمن اشتراکیین جنگ کو روکنے کی حتی الامکان کوشش کریں گے۔ دیگر مندوبین نے بھی حلف اٹھایا کہ ان کی جماعتیں جنگی قرضوں کی تائید نہیں کریں گی۔ بیورو نے طے کیا بین قومی کانگریس ویانا کی بجائے پیرس میں ۹ر اگسٹ کو منعقد کی جائے۔

ادھر جرمنی میں یہ خیال عام ہوگیا کہ جنگ ناگزیر ہے۔ تمام جماعتیں متحد ہوگئیں۔ قومی جذبہ بیدار ہوگیا تھا۔ نوجوان مارنے مرنے پر تیار تھے۔ لیکن سوشل دیموقراط خاموشی سے حالات کا مطالعہ کررہے تھے۔ یکم اگسٹ کو اشتراکی قائدین نے ایک منشور جاری کیا انہوں نے اپنے پیروؤں کو یقین دلایا کہ مستقبل میں اشتراکیت ہی کا بول بالا ہوگا۔ اور اشتراکیت ہی تمام قوموں کے مابین ایک مضبوط ربط قائم کریگی۔ یہ سب کچھ ہوا لیکن فضا اب بھی ناسازگار تھی۔

یکم اگست کو پیرس کے متحدہ اشتراکین کی پارلیمانی جماعت سے ہر مل نے ملاقات کی۔ جو جرمن ریشتاغ کے ایک اشتراکی رکن تھے۔ ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ انہوں نے بیان کیا کہ ان کے ساتھی دو جماعتوں میں منقسم ہو گئے ہیں۔ ایک جماعت جنگی قرضوں کی موافقت کرنا چاہتی ہے اور دوسری مخالفت۔ لیکن انہیں یقین تھا کہ ان کے ساتھی بہر حال جنگ کی تائید نہیں کریں گے۔ ہر مل اسی شام پیرس سے روانہ ہو گئے۔ برلن آنے کے بعد انہیں معلوم ہوا کہ جرمنی نے روس و فرانس کے خلاف اعلان جنگ کر دیا ہے۔ وہ ٹھیک اس وقت پہنچے جبکہ ان کے ساتھی اشتراکیوں نے جنگ کی تائید میں رائے دیدی تھی۔ انہوں نے بھی چار و ناچار جنگ کی تائید کی۔ دو دن قبل اشتراکیوں نے اپنے چانسلر سے کہدیا تھا کہ وہ جنگی قرضوں کے خلاف رائے دینگے۔ لیکن وقت پر انہوں نے جنگ کی تائید کی۔ ایک دن قبل اشتراکی جماعت کے ایک جلسہ میں کاٹسکی نے ووٹ دینے سے احتراز کرنے کی تجویز پیش کی لیکن ۱۴ آرا کے مقابل میں ۷۸ آرا سے پارٹی نے جنگ کی تائید میں رائے دینے کا فیصلہ کیا۔ ہیس نے جماعتی نظم و ضبط کے آگے سر جھکا دیا۔ اور ریشتاغ میں پارٹی کے فیصلہ کو پڑھ کر سنایا۔ سوشل ڈیموکراط نے اپنے تمام اصول و عقائد پس پشت ڈال دیے اور بین الاقوامیہ پاور ہوا ہو گیا وہ وطن پرستی کے نشہ سے سرشار تھے۔ جنگ کے بعد والے شاندار مستقبل کے تصور نے ان کے دماغوں کو ماؤف کر دیا اور بالآخر انہوں نے اپنے مخالفین کے شانہ بہ شانہ جنگی قرضہ کی تائید میں پہلی قرنبہ رائے دی۔ جرمن اشتراکیوں کے اس رویہ نے تمام اشتراکیوں کو حیرت میں ڈالدیا اشتراکیت کے بین قومی اصولوں پر قومی جذبہ کی یہ پہلی فتح تھی۔ اسٹروی اشتراکیوں نے جرمن اشتراکیوں کی اتباع کی۔ جاجس کو پیرس میں قتل کر دیا گیا تھا۔ ۴ر اگست کو اس کی تدفین عمل میں آئی۔ اس موقع پر Reneviviani صدر کونسل نے تمام فرانسیسیوں کو متحد رہنے کی تلقین کی۔ اسی دن دوپہر میں اشتراکین نے L'union-sacree میں بالاتفاق جنگی قرضوں کی تائید کی۔ رائے دیتے وقت انہوں نے اپنے اپنے موقف کی وضاحت میں ایک لفظ بھی نہیں کہا عام ہڑتال کا ذکر تک نہیں کیا گیا۔ اب تو وہ نئی وزارت میں عہدے ڈھونڈ رہے تھے۔ ۱۶ر اگست کو Viviani نے اپنی وزارت کی توسیع کی اور تین اشتراکیوں کو اس میں جگہ دی مارسل سمبا تھ کو کارہائے عام البرٹ ٹامس کو اسلحہ کی تیاری و تنظیم کے قلمدان دئے گئے۔ جولس گسڈی کو وزیر بے قلمدان بنایا گیا۔ اشتراکین نے بورژوازی وزارت میں شرکت کی اور علانیہ اس امر کا اظہار کیا کہ جرمنی کو کچل کر رکھ دیا جائیگا۔ اور اس وقت تک تمام سیاسی سماجی اختلافات دریا برد کر دئے گئے۔

ویلیانتے اور ہر دی سب سے زیادہ وطن پرست بن گئے۔ ویلیانتے نے ۱۹۱۵ء میں وفات پائی۔

اسی دوران میں انگلستان کی فرودر جماعت نے ایک نہایت ہی عمدہ منشور شائع کیا جس میں بتلایا گیا تھا کہ ۱۰ لاکھ کے جرمن اشتراکین اور اراکین ٹریڈ یونین نے جنگ کے خلاف احتجاج کیا ہے اور اپیل کی گئی تھی کہ برطانیہ عظمیٰ کے فرودر فرانس کے فرودرون سے اشتراک کرے۔ "ہمیں ان فرودروں کے ساتھ ملکر یہ اعلان کر دینا چاہئے کہ ہماری حکومتیں لڑتی ہیں تو لڑیں لیکن ہم امن چاہتے ہیں" ۲ر اگسٹ کو جنگ کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے فرودر ہزاروں کی تعداد میں جمع ہوئے۔ کیر ہارڈی اور میکڈانلڈ نے دو اجتماعات کو مخاطب کیا۔

ایک طرف اشتراکین کی یہ جدوجہد جاری تھی لیکن دوسری طرف مورخ کا قلم کچھ اور ہی لکھنے کو تھا دوسرے دن جرمنی نے بلجیم کو الٹی میٹم دیدیا۔ برطانیہ اب خاموش کیسے رہ سکتا تھا۔ اُس نے بھی جرمنی کے خلاف اعلان جنگ کر دیا نتیجۃً لارڈ مارلے مسٹر جان برنس کابینہ سے مستعفی ہوگئے۔ برطانوی اشتراکین کی اکثریت اور فبیون نے جنگ کی تائید کی۔ ۴۲ فرودر اراکین پارلیمان میں سے صرف چند نے اپنے دامن کو آلودہ ہونے نہ دیا۔ میکڈانلڈ اور پانسن بی۔ اور اسنوڈن ان میں نمایاں تھے۔ فرودر جماعت کی اکثریت نے جس میں ارتھر ہنڈرسن اور جی۔ ین برنس شریک تھے ہر ممکنہ طریقہ سے حکومت کی امداد کرنے کا ارادہ کر لیا۔ اور پانچ اگسٹ کو جنگی قرضوں کی تائید میں رائے دیدی۔ اور اسی طرح جرمن، اسٹروی، فرانسیسی اشتراکین نے اشتراکیت کو وطن پرستی پر قربان کر دیا۔

اسی زمانہ میں میکڈانلڈ اور اُن کے بعض ساتھیوں نے عجیب و غریب عزم و جرأت کا مظاہرہ کیا۔ اور جنگ کی تائید نہیں کی۔ ۱۹۱۴ء میں میکڈانلڈ نے نہ صرف برطانوی عوام کے جذبات کی مخالفت کی بلکہ فرودر جماعت کے ایک گروہ سے جس کے وہ صدر تھے اختلاف کیا۔ بالآخر انہیں اس سے مستعفی ہونا پڑا۔ انہوں نے ی۔ ڈی مورل ماڑیو لین اور نارمن اینجل کو ساتھ لیکر یونین آف ڈیموقراطی کنٹرول قایم کی۔ اس جماعت نے بڑی جرأت کیساتھ امن کا پرچار شروع کیا۔

اسی طرح ہر ایک متحارب ملک میں اشتراکی قائدین اور اراکین کو اسی کشمکش کا سامنا کرنا پڑا کہ آیا وہ اپنے بین قومی امن کے اصولوں پر قائم رہیں یا جنگ میں اپنی قوم کا ساتھ دیں۔

بلجیم میں اشتراکی جماعت نے اپنی حکومت کو غیر مشروط امداد دینے کا فیصلہ کیا۔ اسٹریا میں تمام جماعتوں اور نسلوں نے شہنشاہ اسٹریا سے وفاداری کا اظہار کیا اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ ولیعہد کا خون ہوگیا تھا اور یہ خیال عام

ہو چلا تھا کہ سلطنت پارہ پارہ ہو جائیگی۔ سوشل ڈیموقراط نے اپنے بلجمی ساتھیوں کے مانند حکومت کی مساعی جنگ میں امداد کا فیصلہ کیا۔

اس طرح جنگ کے آغاز ہی میں یہ ثابت ہو گیا کہ قومی جذبات بین قومی جذبات سے کہیں زیادہ مستحکم ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ سربیا (جس پر سب سے پہلے حملہ ہوا تھا) کی اشتراکی جماعت نے جنگی قرضوں کی مخالفت کی اور بین الاقوامیہ کی آخر وقت تک تائید کرتی رہی لیکن برطانیہ، فرانس، بلجیم کے وطن پرستوں نے اشتراکی اصولوں سے انحراف کیا اور اپنی جماعتوں کو جنگ کی آگ میں جھونک دیا۔ ان ممالک میں چھوٹی چھوٹی اقلیتوں نے مخالفت ضرور کی یہ مخالفت کرنے والے یا تو انتہا پسند اشتراکین تھے یا پرامن اشتراکین لیکن جنگ کے نقار خانے میں ان طوطیوں کی آواز کون سنتا تھا!

جنگ کا لازمی اثر یہ ہوا کہ بین الاقوامیہ دو حصوں میں بٹ گیا۔ ایک حصہ جنگ کے مؤیدین کا تھا دوسرا مخالفین کا۔ بین الاقوامیہ کی معتمدی کا دفتر برسلز سے ہالینڈ میں منتقل کر دیا گیا اور عاملہ میں ولندیزی اراکین کو شریک کر لیا گیا اور اس کے بعد جماعت واری کانفرنسیں منعقد ہونے لگیں۔ جنوری ۱۹۱۵ء میں غیر جانبدار اراکین کا ایک جلسہ کوپن ہیگن میں منعقد ہوا اور متحارب اشتراکین کے نام ایک اپیل جاری کی گئی کہ وہ قیام امن کی کوشش کریں فروری ۱۹۱۵ء میں اشتراکی قائدین لندن میں جمع ہوئے اور ایک قرارداد منظور کی جس میں جنگ جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا گیا تھا۔ اپریل ۱۹۱۵ء میں وسطی ممالک کے اشتراکین ویانا میں جمع ہوئے اور مابعد جنگ کے مسائل کے متعلق قراردادیں منظور کیں۔

یہ تمام کانفرنسیں بین الاقوامیہ کی عاملہ کی منظوری سے منعقد ہوئی تھیں ستمبر ۱۹۱۵ء میں مخالف جنگ اشتراکین نے بزعم خود جنگ کے بعد پہلی بین قومی اشتراکی کانفرنس بمقام Zimmerwald (سوئزرستان) منعقد کی۔ ۳۲ مندوبین شریک تھے جرمنی، فرانس سے غیر سرکاری مندوبین نے شرکت کی۔ اور اٹلی، سوئزرستان، روس، پولینڈ، لیتھونیا، رومانیہ، بلغاریہ، سوئیڈن، ناروے اور ہالینڈ سے سرکاری مندوبین شریک ہوئے۔ بروس گلیشر، جوبیٹ برطانوی مندوبین کی حیثیت سے شریک ہونا چاہتے تھے لیکن انہیں پاس پورٹ دینے سے انکار کر دیا گیا۔

زمروالڈ منشور پر اکثریت نے دستخط کئے۔ اس میں جنگ کی مذمت کی گئی تھی اور بتلایا گیا تھا کہ یہ جنگ استعماریت کی آفریدہ ہے۔ اور سرمایہ داروں کی حرص و ہوس کو پورا کرنیکے لئے لڑی جا رہی ہے۔ انسانی محنت اور فطرت کے خزانوں کا استحصال کیا جا رہا ہے" آخر میں قیام امن کی اپیل کی گئی تھی۔

زمرو الڈ کانفرنس میں ایک اشتراکی کمیشن قائم کیا گیا تھا یہ کمیشن ولندیزی ہیرو کا حریف بن گیا جب ایک دوسری کانفرنس اسی کمیشن کی سرپرستی میں مقام کینتھال اپریل ۱۹۱۶ء میں منعقد ہوئی تو انکی یہ رقابت نمایاں ہوگئی۔

جنگ کے چند ابتدائی مہینوں میں جرمن سوشل ڈیموقراط کے رویہ میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں ہوئی۔ وہ ابتک اس جنگ کو روس کے خلاف ایک دفاعی جنگ سمجھ رہے تھے۔ انہوں نے بین قومی اشتراکی ہیرو کے مخالف جرمن رویہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی۔ اور یوں اپنے آپ کو دشمن ممالک کے اشتراکین سے جدا کرلیا۔ ڈسمبر ۱۹۱۴ء میں انہوں نے دوبارہ جنگی قرضوں کی تائید کی اور ان کے لیڈر ہیں کو یقین تھا کہ فتح ان ہی کی ہوگی۔ دوسرے سال ۱۹۱۵ء میں ہیں نے بہادر جرمن فوجوں کا ملک کی جانب سے شکریہ ادا کیا۔ شہنشاہی حکومت اشتراکین کے اس رویہ سے بہت خوش ہوئی اور ان کے مطالبات کو قبول کرنے کا تہیہ کرلیا۔" لیکن مئی ۱۹۱۵ء میں حالات نے پلٹا کھایا انتہا پسند اشتراکین کے ایک گروہ نے لیبسک نچٹ ( ) اور زورا لکسمبورگ Rosa luxembeourg کی سرکردگی میں جنگی قرضوں کی مخالفت کے لئے ایک مجاہرہ اور عام ہڑتال کا انتظام کیا۔

مئی ۱۹۱۵ء میں اٹلی بھی جنگ کی آگ میں کود پڑا۔ جرمنی کو اس کی توقع پہلے ہی سے تھی اس لئے اس کو کوئی حیرت نہیں ہوئی۔ روپیہ کی مزید ضرورت تھی اس لئے قرضہ کی تحریک منظور کی گئی۔ سوشیل ڈیموکراٹس نے اسکی مخالفت نہیں کی حالانکہ کارل لیبنچٹ Karlich knecht نے اس کی مخالفت میں ایڑی چوٹی کا زور لگایا۔ ایک طرف تو پارلیمانی سوشیل ڈیموقراط پارٹی تھی اور دوسری طرف انتہا پسند اشتراکین مثلاً کارل لیبنچٹ (Karlich knecht) اور روزا لکسمبرگ تھے ان دونوں جماعتوں کے مابین بہت کم مشترک چیزیں تھیں۔

(نیا پان) اقلیتی جماعت میں جون ۱۹۱۵ء میں منشور امن شایع کیا۔ اکثریتی جماعت نے اس منشور کی سخت مخالفت کی اور اپنا ایک علیحدہ منشور ۲۳ جون کو شائع کیا جس میں انہوں نے جرمن حکومت کو مشورہ دیا کہ صلح کی گفت و شنید کا آغاز کرے۔ اخبار (Vorwaerts) میں یہ منشور شائع ہوا تھا۔ حکومت نے اس اخبار کو بند کردیا۔ یہیں سے حکومت اور اشتراکین کے درمیان کشمکش کا آغاز ہوتا ہے۔

اگست ۱۹۱۵ء میں ایک دوسری اپیل کی گئی۔ اور دسمبر ۱۹۱۵ء میں جنگی قرضوں کے لئے منظوری لینی پڑی تو ایک سو دائیں اشتراکی نمایندوں میں سے انیس نے جس میں کارل لیبنچٹ اور برنس ٹائن

شامل ہیں نہ صرف پارٹی کے جلسہ میں بلکہ رشتاغ کے کھلے اجلاس میں اسکی Bernsteine مخالفت کی۔ پارٹی نے اس اقلیتی جماعت کو پارٹی کے ضبط و نظم کو توڑنے کی سزا دی۔ اسی طرح سوشل ڈیمو قراط پارٹی جو ۱۹۱۴ء میں نہایت مضبوط اور طاقتور جماعت تھی اب ٹکڑے ٹکڑے ہو رہی تھی۔

جنگ کے دوسرے سرمایعنی ۱۹۱۵ء تا ۱۹۱۶ء میں جرمن عوام نے غذا کی کمی محسوس کی اور حکومت کو روپیہ کی قلت محسوس ہوئی۔ پوری قوم جنگ سے بیزار ہو چلی تھی۔ حکومت نے جوش و خروش پیدا کرنے کی بساط بھر کوشش کی مگر اس کی ایک نہ چلی۔ اور جرمن پارلیمان کے اشتراکیوں میں انتشار خیال پیدا ہو چلا تھا۔ آب دوزی لڑائیوں کے مسئلہ پر بحث کیا چھڑی گویا بھڑوں کے چھتے کو چھیڑ دیا گیا۔ مارچ ۱۹۱۷ء میں قدامت پسندوں نے ایک قرارداد پیش کی کہ یوبوٹوں کا استعمال اس وقت تک نہیں کیا جائے جب تک کہ دیگر دول سے گفتگو نہ کر لی جائے اس قرارداد میں بیان کیا گیا تھا کہ برطانوی جنگی طریقوں کے خلاف یوبوٹیں بہت کامیاب ثابت ہوئی ہیں اور یہ کہ قیام امن اور جرمنی کے تحفظ کے لئے اس حربے کا استعمال ضروری تھا۔ سوشیل ڈیمو قراطی پارٹی کے ان انیس ساتھیوں کو اب ایک بہانہ مل گیا اور انہوں نے رشتاغ کی سرکاری جماعت سے قطع تعلق کر لیا اور قرارداد کی مخالفت میں رائے دی انہوں نے ایک علٰحدہ جماعت بنائی جس کا نام انڈیپنڈنٹ سوشلسٹ پارٹی سوشل دیمو قراط کا سابق صدر ہیسی Hasse اس پارٹی کا قائد بن گیا۔

اپریل ۱۹۱۶ء میں اشتراکیوں نے محسوس کیا کہ انکی صفوں میں رخنے پڑتے جا رہے ہیں۔ لیب نچٹ اور Ruhle ان سے علٰحدہ ہیں۔ اگرچہ انہوں نے آزاد جماعت میں شرکت نہیں کی تھی اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ ان کے خیال میں یہ جماعت ابھی اتنی انتہا پسند نہیں تھی جتنے کہ خود یہ تھے۔

۱۹۱۶ء کے وسط سے جرمن اشتراکین کی ایک اقلیت نے باقاعدہ مخالف جنگ پالیسی اختیار کی اور ۱۹۱۶ء کے اواخر میں انتہا پسند اشتراکی اور انقلابی تحریکات عوام میں پھیلنے لگیں۔ ان تحریکات کو دبانے میں پولس کو کامیابی نہ ہوئی۔

سوشل دیمو قراط کی ایک کانگرس ۱۹۱۶ء میں منعقد ہوئی اس میں تمام مملکت کے نمایندے

شریک تھے ایک قرارداد منظور کی گئی جس میں انہوں نے دفاعی جنگ کی تائید کی لیکن جارحانہ اقدام کی مذمت کی اور بین الاقوامی تعلقات کے دوبارہ قیام کی اپیل کی۔ اسی دوران میں کارل لیب نخٹ کو برلن میں امن کے مظاہروں کی قیادت کرنے کے جرم میں گرفتار کرلیا گیا اور اس کو دو سال کی سزا دی گئی۔

اشتراکین کی اکثریتی جماعت کے لیڈر فلپ شیڈمن اور Philipp scheilemam

فریڈرک ایبٹ تھے۔ ایبٹ ایک درزی کا لڑکا تھا اور ۱۹۱۳ء Friedrich Ebert

میں سوشل دیموقراط پارٹی کا صدر بن گیا۔ ۱۹۱۷ء کے ایٹر تک جرمن اکثریتی اشتراکین کا کافی اثر تھا اور ان کی تنظیم بھی بڑی اچھی تھی۔ ان کی قوت کا اظہار اس سے ہوتا ہے کہ انہوں نے شہنشاہ کے پیام البسٹر کو نظر انداز کردیا اور بلجیم پر قبضہ کرنے اور تاوان جنگ وصول کرنیکی مخالفت کی۔

مئی ۱۹۱۷ء میں آب دوزی لڑائیوں کے مسئلہ کو پھر چھیڑا گیا شیڈمن نے سوشل دیموقراط کے قائد کی حیثیت سے حکومت اور اس کے جنگی مقاصد پر حملہ کیا۔ ارزبرگر (Erzherger) اب امن کا بہت بڑا داعی بن گیا تھا۔ سوشل دیموقراط، دیموقراط، اور کیتھولک مرکزی جماعت کی اس نے تائید کی۔ سوشل دیموقراط کے تائید کرنیکی ایک دوسری وجہ یہی تھی وہ ہال وگ (Hollweg) کو چانسلری سے معزول کردینا چاہتے تھے کیونکہ ان کے خیال میں ہال وگ کی موجودگی میں امن ناممکن تھا۔ اور ہال جنرل انڈنڈراف (Inden droff) کے اشارۂ چشم و ابرو پر ناچتا تھا۔ اشتراکین آہستہ آہستہ اپنے مقاصد حاصل کررہے تھے۔ بالآخر ہال وگ کا دور ختم ہوگیا۔ اس نے اپنا استعفیٰ پیش کردیا اس کے بعد ڈاکٹر میکیلس Michaelis چانسلر بنا۔

ڈاکٹر میکیلس کی نئی کابینہ میں صرف ایک سوشل دیموقراط اگسٹ مولر (August muller) تھا۔ اس کو جنگی محکمۂ غذا کا انڈر سکرٹری بنایا گیا تھا۔ سوشل دیموقراط، پیپلس پارٹی اور کیتھولک سنٹر نے جولائی ۱۹۱۷ء میں متفقہ طور پر امن کی ایک قرارداد پیش کی۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ انہوں نے اس امر کا بھی اعلان کیا کہ اگر کوئی حکومت سمندروں کی آزادی یا بین قومی قانون کے دوبارہ نفاذ پر رضامند نہ ہو تو وہ جنگ جاری رکھیں گے۔ یہ قرارداد ایک سو چھبیس ۱۲۶ کے مقابل دو سو سولہ ۲۱۶ ارارسے کامیاب ہوگئی۔

فرانس میں بھی جنگ کے پہلے سال میں اشتراکین جنگ کے مؤید تھے ۱۹۱۵ء میں آلبرٹ تھامس کو جو ایک اشتراکی لیڈر تھا کابینہ میں لیا گیا۔ لیکن مئی ۱۹۱۵ء میں امن کی تحریک شروع ہوئی جین لانگے Jaulesguesde اور پال فارے Paul faure اس اقلیتی جماعت کے سرگروہ بن گئے۔ جولس گسڈی Jean longuet مارسل سمبا تھ Marcel sembat

) آلبرٹ تھامس پارٹی کی مخالفت کے بغیر کابینہ میں حصہ لے رہے تھے لیکن جب سے امن کی تحریک شروع ہوئی۔ حالات بدل گئے۔ اپریل ۱۹۱۶ء میں قومی کانگریس نے بین الاقوامیہ کے مختلف شعبہ جات میں ربط قایم کرنے کی قرارداد منظور کی۔ اس دن سے اقلیتی گروہ زور پکڑتا گیا لیکن اس گروہ میں بھی ایک چھوٹی سی جماعت بہت انتہا پسند تھی یہہ جماعت زمہ والڈین (

Zimmer waldian) کا تھی اس جماعت نے ۱۹۱۶ء ہی میں جنگی قرضوں کے خلاف رائے دی۔ زمروالڈین کو متحدہ اشتراکیوں سے بڑی تائید حاصل ہوئی اور اس جماعت کی ایک کانگریس دسمبر ۱۹۱۶ء میں بمقام پیرس منعقد ہوئی۔ اس وقت اس جماعت کی تعداد دو سو انیس تھی۔

چند ماہ بعد اشتراکین کا حکومت سے تعاون عمل ختم ہوگیا۔ ۷ ستمبر ۱۹۱۷ء میں رباط (

Rihot) وزارت ختم ہوگئی اور نئی پین لیو (. Pain leve) وزارت میں ایک بھی اشتراکی نہیں تھا۔

۱۹۱۷ء کے موسم گرما میں اسٹاک ہوم میں بین قومی صلح کانفرنس منعقد کرنے کی بڑی سرگرم کوششیں کی گئیں۔ یہہ تجویز ولندیزی۔ اسکینڈینوی کمیٹی کے اشتراکیوں کی تھی۔ جن کا صدر برانگٹنگ تھا تمام متحارب اور غیر جانب دار یورپی ممالک کو دعوت نامے روانہ کئے گئے۔ جرمن اور آسٹروی حکومتوں نے مشکلات نہیں پیدا کیں۔ روسی اشتراکی جماعت نے اس تحریک کا خیر مقدم کیا۔ لیکن امریکی وفاق مزدوران اور بلجمی اشتراکیون نے اس میں حصہ لینے سے انکار کردیا۔ برطانوی، فرانسیسی، اطالوی حکومتوں نے اپنی اشتراکی جماعتوں کو پاسپورٹ دینے سے انکار کردیا اس طرح یہہ کانفرنس منعقد نہوسکی لیکن تمام اشتراکی جماعتوں میں شرایط امن کے متعلق اپنے خیالات لکھ بھیجے۔

اسی زمانہ میں زمرو الڈ کمیشن نے ایک علٰحدہ جلسہ اسٹاک ہوم میں کیا اور بالآخر تیسری بین الاقوامیہ یا اشتمالی بین الاقوامیہ کے بنانے کا فیصلہ کیا۔

برطانیہ عظمیٰ نے پاسپورٹ دینے سے جو انکار کیا تھا اس کے بہت ہی اہم نتائج برآمد ہوئے۔ کیونکہ آٹھ اگسٹ کو مسٹر آرتھر انڈرسن جنگی کابینہ سے مستعفی ہوگئے اور انکی جگہ مسٹر جی۔ ین بارنس G. N. Barnes نے لی اس واقعہ کی وجہ سے برطانوی مزدور پارٹی متحد ہوگئی اور اس نے مسٹر ہنڈرسن پر اعتماد کی قرارداد منظور کی۔ ۲۱ اگسٹ کو مزدور کانفرنس ہوئی جس میں طے پایا کہ اسٹاک ہوم کانفرنس میں حصہ لیا جائے۔

ڈسمبر ۱۹۱۷ء میں برطانوی مزدور تنظیموں نے مطالبہ شروع کیا کہ حکومت اپنے مقاصد جنگ کا دوبارہ اعلان کرے۔ انہوں نے حسب ذیل مطالبات بھی پیش کئے:۔

(۱) مجلس اقوام کا قیام۔
(۲) بین قومی عدالت کا قیام۔
(۳) بین قومی مقننہ کا قیام۔
(۴) قوموں کے مابین جبری ثالثی فیصلہ۔
(۵) تمام ممالک کو عمومیایا جائے۔
(۶) ڈپلومسی کھلی ہوئی ہو۔
(۷) تخفیف اسلحہ۔
(۸) جبری فوجی خدمت کو برخاست کرایا جائے۔
(۹) بلجیم کی حکومت کو قائم کردیا جائے۔
(۱۰) الکساک لورین کو اپنے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کرنے دیا جائے۔
(۱۱) افریقہ کی یوروپی نوآبادیات کو مجلس اقوام کے سپرد کردیا جائے۔

مندرجہ بالا مطالبات میں سے سات مطالبات کو پہلے ہی قبول کیا جاچکا تھا اور ان مطالبات

کے پیچھے تحریکِ مزدوران کی پوری قوت کام کر رہی تھی۔

اسی دوران میں آسٹریا میں ڈاکٹر اڈلر اور سوشل دیموقراط امن کے لئے جدوجہد کر رہے تھے انہیں ڈاکٹر اڈلر کے بیٹے فریڈرک سے بڑی مدد ملی۔ جنگ کے زمانہ میں جب اشتراکی بین الاقوامیہ ٹوٹ گیا تو فریڈرک اس نتیجہ پر پہونچا کہ کونٹ اسٹرز وزیر اعظم آسٹریا کو قتل کر دینا چاہیئے۔ چنانچہ ۲۱ اکتوبر ۱۹۱۶ء کو اس نے وزیر اعظم کا خون کیا۔ ابتدا میں اس کو پھانسی کی سزا دی گئی۔ لیکن بعد میں اٹھارہ سال کی سزا کے قید پر اکتفا کیا گیا۔ ۱۹۱۸ء کے موسم خزاں میں شہنشاہ نے اس کو رہا کر دیا۔ ۱۹۱۹ء میں وہ رکن پارلیمان منتخب ہوا اور آسٹروی سوشل دیموقراطی پارٹی کا نائب صدر بن گیا۔

جرمنی میں ۱۹۱۷ء میں ہرٹ لنگ نے ڈاکٹر میکے لس کی بحیثیت چانسلر جگہ لی۔ اس نے سوشل دیموقراط کو مزید مراعات عطا کئے۔ پہلے تو اس نے ایوان مزدوران کی اجازت دی پھر انجمن مزدوران کو سیاسی مقاصد کے لئے باہم ملنے کی اجازت بھی عطا کر دی۔ جرمنی نے ابھی تک جنگ جاری رکھی تھی یہ بڑے تعجب کی بات ہے لیکن سوشل دیموقراط کو ابھی اتنا اقتدار حاصل نہیں تھا کہ وہ جنگ کو روکنے کیلئے حکومت پر دباؤ ڈالے۔

نومبر ۱۹۱۷ء میں روسی بالشویکی انقلاب ہوا۔ اس کا فرانس اور جرمنی پر تقریباً یکساں اثر پڑا ان ممالک کے اشتراکیین دو جماعتوں میں بٹ گئے۔ جرمنی میں عام مزدوروں کا خیال تھا کہ یہ انقلاب جنگ کو ختم کرنے کا پیش خیمہ ہے اس کے بعد ہی اسلحہ سازی کے کارخانوں میں ہڑتالیں ہونے لگیں۔

۱۹۱۸ء میں جنگ کے لئے جدوجہد کا آغاز ہو گیا۔ ولسن صدر جمہوریۂ متحدۂ امریکہ نے اپنے مشہور چودہ نقاط پیش کئے۔ اب جرمنی میں پارلیمانی جنگ شروع ہو گئی کہ آیا ان نقاط کو امن کی بنیاد بنانا چاہیئے یا نہیں۔ سوشل دیموقراط اس کی تائید کر رہے تھے اور سرحدی حلقے اس کے مخالف تھے اڑبرگ امن کا خواہش مند تھا۔ لیکن چانسلر ہرٹ لنگ چاہتا تھا کہ آسٹریا، ہنگری کے مطالبات کو تسلیم کیا جائے اس کا خیال تھا کہ ان چودہ نقاط کی بنیاد پر صلح کی گفت و شنید کی جا سکتی تھی۔

۱۹۱۸ء کے موسم بہار میں ہرٹ لنگ نے خیال کیا کہ اشتراکیوں کو مزید مراعات عطا کرنیکا

اچھا موقع ہے اوّلاً اس نے ریشتاغ کے اراکین کی تنخواہ میں تین ہزار مارک سے بڑھا کر پانچ ہزار مارک کردی۔ اس کی وجہ سے اکثر سوشل دیموقراط کو بہت فائدہ ہوا۔ دوسرے یہ کہ ہرٹ لنگ نے ریشتاغ کی توسیع کی۔ ان تمام اسباب کی وجہ سے سوشل دیموقراط میں ایک نئی قوت پیدا ہوگئی۔ وہ مزید مطالبات کرنے لگے یہاں تک کہ وہ اپنے آپ کو وزارتی جماعتوں سے سودا کرنیکے قابل سمجھنے لگے۔ اب انہوں نے یہ مطالبہ کیا کہ کم از کم داخلی امور میں تبدیلیاں کی جائیں بلجیم کی حکومت کو قائم کیا جائے برسٹلیٹوسک (Brest litovsk) اور نجارسٹ کے معاہدات کو رد کردیا جائے۔

ستمبر ۱۹۱۸ء میں بلغاریہ نے صلح کی خواہش ظاہر کی سوشل دیموقراط نے یہ سمجھا کہ اس کھیل کے سارے پتے ان ہی کے ہاتھ میں ہیں اس لئے انہوں نے اپنی امداد کی قیمت طلب کی کہ ملک میں پارلیمانی نظام قائم کیا جائے۔ ہرٹ لنگ اس کے لئے تیار نہیں تھا۔ اس کو مستعفی ہونا پڑا اس کے بعد شہزادہ میاکس آف بیڈن کو پارلیمانی طریقے کے مطابق چانسلر بنایا گیا۔

شہزادہ میاکس نے ابتدا ہی میں یہ اعلان کیا کہ وہ صلح کرنی نہیں چاہتا بلکہ صدر ولسن سے بعض امور کے متعلق اپیل کرے گا۔ یہ اعلان نہیں تھا، میکس کی چانسلری کے لئے موت کی گھنٹی تھی۔ عہدہ داران فوج بھی صلح کا مطالبہ کر رہے تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کیل Kiel اور ولہلم شیون Wilhelmshavn میں غدر ہوا۔

سوشل دیموقراط نے اب حکومت کو دھمکی دی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میونچ کو ایک جمہوریہ بنا دیا گیا میاکس اپنے عہدے سے چمٹا ہوا تھا۔ اس نے ایک آخری چال یہ چلی کہ سوشل دیموقراط کو کابینہ میں شریک کرنا چاہا لیکن اشتراکیین اڑے ہوئے تھے کہ ان کے گذشتہ شرائط کو تسلیم کرلیا جائے۔ میاکس نے ان شرائط کو تسلیم کرلیا۔ گستاؤ بوائیر Gustavaurer شیڈمن اور ڈیوڈ ۳ر اکتوبر ۱۹۱۸ء کو کابینہ میں شریک ہوئے اب انہوں نے دستور کو عمومی بنانا چاہا۔

یکم نومبر کو سوشل دیموقراط نے شیڈمن کی قیادت میں میاکس کو مجبور کیا کہ وہ بادشاہ کو تخت سے اتار دے۔ میاکس نے بادشاہت کو برقرار رکھنے کے لئے لاکھ جتن کئے مگر اس کی ایک نہ چلی ۹ر نومبر کو

قیصر تخت پر جلوہ فگن تھا۔ میاکس نے اپیلیں کیں لیکن شیڈمن نے کابینہ میں استعفا دیدیا۔ ایک بے چینی پھیل گئی۔ جس نے انقلاب کی صورت اختیار کرلی۔ اور اس انقلاب میں سپاہی بھی شریک تھے۔ ۹ر نومبر کی صبح کو اشتراکی قائدین کا ایک جلسہ ہوا اور بالاتفاق یہہ طے پایا کہ قیصر کو تخت سے اتار دیا جائے فوجی عہدیدار پہلے ہی سے آگاہ ہوگئے انہوں نے برلن میں فوجی پڑاؤ ڈالدیا تاکہ تخت کی حفاظت کی جائے اوٹووِلز (Ottowels) کی تقریروں نے سحر کا کام کیا۔ چند گھنٹوں کے اندر برلن کی ساری فوجیں عوام کے ساتھ ہوگئیں اور جب یہہ خبر برلن سے سپا (Spa) پہنچی تو ولیم دوم فرار ہوگیا اور جمہوریہ قائم کردیا گیا۔

میاکس نے ریشتاغ میں اعلان کردیا کہ شہنشاہ نے تخت سے دست برداری کرلی ہے حالانکہ یہہ خلاف واقعہ تھا۔ قیصر اٹھائیس نومبر سے پہلے تخت سے علیحدہ نہیں ہوا۔ میاکس کو بھی بالآخر مستعفی ہونا پڑا اور اس کی جگہ ایبرٹ سوشل دیموقراط کا لیڈر چانسلر بن گیا خطرہ اب بھی باقی تھا۔ لیپ لچٹ ایک اشتمالی جمہوریہ کے قیام کی فکر کررہا تھا اور شیڈمن جرمن جمہوریہ قایم کرنا چاہتا تھا۔ ایبرٹ دستوری بادشاہت کے قیام کی کوشش کررہا تھا۔ ایک طرف یہ منصوبے تھے اور دوسری طرف قدرت جرمنی کی تاریخ بنارہی تھی۔ جرمن ریاستوں کے حکمرانوں کو معزول کردیا گیا تھا یا وہ خود تخت سے دست بردار ہوگئے تھے شہنشاہی پارلیمان تحلیل کردی گئی تھی۔ قومی اسمبلی کے انعقاد کے انتظامات کئے جارہے تھے دستوراً جمہوریت کا قیام عمل میں آچکا تھا۔ اور شیڈمن اس کا پہلا وزیر اعظم تھا۔

یہہ انقلاب دراصل آزاد اشتراکیوں کا کرادھرا تھا انہیں روس سے مالی امداد ملی اور ان انقلابیوں نے تمام ذرائع حمل ونقل پر قبضہ کرلیا۔ دارالسلطنت کا محاصرہ کرلیا گیا اس موقع پر اشتراکیین کی اکثریتی جماعت نے مداخلت کی اور آزاد خیال اشتراکیوں سے گفت وشنید ہونیکے بعد حالات کو سنبھال لیا۔ ۱ر نومبر کو ایک کونسل آف کمشنرز قایم کی گئی اس میں تین سوشل دیموقراط ایبرٹ، شیڈمن اور لیانڈبرگس تھے، اور تین آزاد خیال اشتراکی ہیس، ڈیٹمن اور بارتھ تھے۔ طرفہ ماجرا یہ ہوا کہ تمام وزارتی عہدیدار اس نئی ہیئت حاکمیہ کے تحت کام کرنے کے لئے تیار ہوگئے۔ کونسل نے سب سے پہلا

کام یہہ کیا کہ ایک کابینہ بنائی اور اس کی سخت ضرورت بھی تھی۔ اس لئے کہ مقامی حکومت پر فوج نے قبضہ کر رکھا تھا اور عام رعایا ان کے ظلم وستم کا شکار بنی ہوئی تھی۔ یہہ نئی کابینہ بھی عجیب وغریب تھی چونکہ اسمیں صرف ایک شخص وارم (Warm) اشتراکی تھا۔ ان اشتراکیوں کے اقتدار کا بہرحال بول بالا تھا انہوں نے آناً فاناً وہ سب کچھ کیا جس کے لئے وہ بیس۲۰ سال سے کوشش کر رہے تھے۔ حالت محاصرہ کو برخاست کر دیا گیا۔ اجتماعات اور جلسوں پر جو پابندیاں عائد تھیں وہ اٹھالی گئیں۔ پریس کو آزادی دی گئی۔ سیاسی قیدیوں کو معافیاں عطا کی گئیں۔ خانگی ملکیت کے تحفظ کے لئے قانون منظور کیا گیا۔ زرعی مزدوروں کے لئے خاص احکام نافذ کئے گئے۔ خانگی ملازموں پر جو پابندیاں عائد کی گئیں تھیں انہیں اٹھالیا گیا۔ ان کا سب سے بڑا کارنامہ یہہ ہے کہ بیس۲۰ سال سے زائد عمر والوں کو حق رائے دہی عطا کیا۔ مارچ ۱۹۱۸ء میں بین اتحادی اشتراکی اور بین قومی مزدور کانفرنسیں منعقد ہوئیں۔ ان کانفرنسوں نے جنگی مقاصد کے متعلق ایک بیان شائع کیا اور دول وسطیٰ کی اشتراکی جماعتوں کے پاس اس کو روانہ کیا۔ ان جماعتوں نے اس کے جوابات بھی دیدئے یہہ گفت وشنید ہو رہی تھی کہ ۱۹۱۸ء کے موسم گرما میں عارضی سمجھوتہ کا اعلان ہوگیا۔

فرانس میں جنگ کے آخری چند مہینوں میں انتہا پسند اشتراکیوں نے بڑی طاقت حاصل کرلی۔ سالانہ کانگریس میں جین لونگے نے یہہ تحریک پیش کی کہ ایک بین قومی کانفرنس منعقد کی جائے۔ یہ تحریک ایک ہزار پانچسو چوالیس کے بمقابل ۱۱۷۲ آرا سے کامیاب ہوگئی۔ اس طرح یہہ جماعت جو پہلے اقلیت میں تھی اب اس کی اکثریت ہوگئی۔ فبروری ۱۹۱۹ء میں پیرس کی قومی کانگریس نے یہہ فیصلہ کیا کہ جنگی قرضوں کی تائید میں رائے نہ دی جائے لیکن جنگ تو کب کی ختم ہوچکی تھی!۔

اشتراکی تحریک پر جنگ کے چار اثرات مترتب ہوئے۔

(۱) تقریباً ہر متحارب ملک کے اشتراکی جنگ کے مؤید ہوگئے تھے

(۲) ۱۹۱۵ء میں ان میں پھوٹ پڑگئی ایک جماعت جنگ کی مؤید تھی اور دوسری مخالف۔

(۳) ۱۹۱۶ء و ۱۹۱۷ء میں اشتراکیوں میں مزید اختلافات پیدا ہوگئے۔ زمرو الدمین اور اشتمالی فریق پیدا ہوگئے۔

(۴) پہلی دو جماعتوں نے جنگ کے آخری سال میں تیسری جماعت کے خلاف ایکا کیا۔ لیکن اس وقت تک وہ عوام کی ہمدردیاں کھو چکے تھے۔

اشتراکیت ایک عالمگیر اور بین قومی تحریک ہے۔ قوم، مذہب، نسل اور رنگ کی بنیاد پر وہ انسانیت کی تقسیم نہیں کرتی۔ اس کے فلسفہ اجتماعیت میں صرف دو ہی طبقوں کا تصور ہے بورژوازی اور پرولتاری یا دارندے اور نادار۔ پرولتاری، خواہ کسی قوم کے ہوں یا کسی ملک کے وہ سب ایک ہیں کیونکہ ان کا معاشی مفاد ایک اور ان کی معاشی منزل مقصود ایک ہے۔ "دنیا کے مزدورو! ایک ہو جاؤ" کارل مارکس نے اپنے اس نعرہ میں اشتراکیت کے سارے فلسفۂ اجتماعیت کا نچوڑ بیان کر دیا ہے۔ جنگ عظیم نے پہلی مرتبہ یہ بتلایا کہ انسانی فطرت بڑی کج مج واقع ہوئی ہے۔ انسان نے ابھی جذبات کے دھارے پر بہنا نہیں چھوڑا ہے۔ جنگ عظیم میں اشتراکیت کے بین قومی اصولوں اور قومی حسیات، جذبات و توہمات کے درمیان ٹکر ہوئی۔ اور قومی جذبات کے طوفان میں یہ مطمحی اشتراکی اصول بہہ گئے!! تحریک کے اصول اپنی جگہ کتنے ہی سچے کیوں نہ ہوں، لیکن تحریک کی کامیابی کا انحصار صرف ان ہی پر نہیں ہے، تحریک کے کارپردازوں کی استقامت، اور ایثار در اصل اس کی کامیابی کے ضامن ہیں۔ اور جن تحریکات میں انسانی فطرت کے تنوع کا خیال نہیں رکھا جاتا ان تحریکات کو چلانا گویا پانی پر نمک کی دیواریں بنانا ہے۔ جنگ عظیم نے اشتراکیت کے بین قومی، عالمگیر اصولوں کا تار و پود بکھیر کر رکھ دیا ـــــ اور موجودہ جنگ میں تو اشتراکیت نے سرمایہ داری کا دامن تھام لیا ہے!! اشتراکیت و سرمایہ داری کے اس معانقہ سے کیا نتائج برآمد ہوں گے؟ ان میں سے کون آگے بڑھ کر دوسرے کو اپنائے گا" یا ان دونوں کے امتزاج سے ـــــ اگر ایسا امتزاج ممکن ہو سکے ـــــ کون سے نظام نو کی تخلیق ہوگی؟ قدرت کے نامعلوم قلم نے اس کا فیصلہ کر دیا ہے ـــــ مستقبل کا مورخ اسی فیصلہ کو سنائے گا۔

احمد خان بی۔ اے (عثمانیہ)
سابق مہتمم مدیر مجلہ عثمانیہ

خواب کی تصویر

(۱)

"تاریخ اپنے آپ کو دہرا رہی ہے" زارکوف نے اخبار میز پر رکھتے ہوئے کہا

"کیوں؟" میں نے پوچھا

"کہتے ہیں کسی زمانے میں مرد گھر کی دیکھ بھال کیا کرتے تھے اور عورتیں شکار اور کھیتی باڑی کرکے خاندان کی پرورش کیا کرتی تھیں"

"خیر تو ہے؟" میں نے شرارت سے پوچھا "کیا مادام زارکوف سے پھر لڑائی ہوئی؟"

"نہیں یار!" اس نے کافی کا گھونٹ لیتے ہوئے کہا "یہ دیکھو کیا لکھا ہے اخبار میں"

میں نے اخبار اٹھایا... ایک حسین عورت کی تصویر کے نیچے لکھا تھا "مدموازل جولیا رولان" اور ساتھ ہی یہ خبر تھی کہ مدموازل جولیا کو روین کے سائنس کالج میں نظریہ روانیات پر لکچر دینے کے لئے بلوایا گیا ہے اور وہ کل صبح وہاں پہنچنے والی ہیں۔

"دیکھا؟" زارکوف نے اپنے مخصوص انداز میں کہا "کیا کر رہی ہیں لڑکیاں"

"بات دراصل یہ ہے" میں نے کہنا شروع کیا "عورتوں کے پاس سکونِ قلب بہ نسبت مردوں کے زیادہ ہوتا ہے۔ اس لئے وہ آسانی سے عالم فاضل نہ جانے کیا کیا بن جاتی ہیں"

"نہیں" اس نے سر ہلاتے ہوئے کہا۔ اس کے بشرے سے معلوم ہو رہا تھا کہ وہ کوئی یونیورسٹی کی بات کرنے والا ہے "یہ بات نہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو ہمیشہ عورتیں ہی قابل اور لائق ہوا کرتیں۔ یہ تو اس دور کی لعنت ہے

اصل میں اس جنگ نے بہت سے قابل مرد مار ڈالے ہیں اس لئے اب عورتیں شہرت پا رہی ہیں"
میں ہنستے ہوئے اٹھا اور جیب سے بٹوہ نکالا لیکن حسب عادت زارکوف نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور کافی کے دام خود ادا کئے ـــــ ہم دونوں ہوٹل سے باہر نکل گئے۔

(۲)

ٹیلیفون کی گھنٹی بجی اور میں نے ریسیور اٹھایا۔ زارکوف بول رہا تھا۔
"سنا تم نے" اس نے کہا "مدموازل جولیا نے روین میں کوئی لکچر نہیں دیا"
"تمہیں اس عورت سے اتنی دلچسپی کیوں ہے؟" میں نے سوال کیا "ان چھ دنوں میں کیا تم اسی کے نام کی مالا جپ رہے تھے؟"
"اخبار میں لکھا ہے" اس نے حسب عادت میرے اعتراض کی پروا نہ کرتے ہوئے کہا "وہ روین گئی ہی نہیں"
"نہ گئی ہوں نہ سہی" میں نے قدرے درشتی سے کہا "ان عورتوں کا کوئی اعتبار ہے؟"
"واہ!" اس نے اپنی سنجیدگی برقرار رکھتے ہوئے جواب دیا "مدموازل جولیا کا اعتبار نہیں؟ وہ تو ڈی۔ ایس سی ہیں..... کیمیا کی"
مجھے غصہ آگیا
"مجھے اس وقت بہت کام کرنا ہے زارکوف" میں نے غصہ کو ضبط کرتے ہوئے کہا "یہ مہمل گفتگو پھر کبھی کر لینا"
میں نے فون رکھ دیا اور کام میں مشغول ہو گیا۔ ایک مقدمہ عدم سراغ میں ختم کر دیا جا رہا تھا۔ ایک پولس کے عہدہ دار کے لئے اس سے زیادہ کوفت کا اور کونسا موقعہ ہو سکتا تھا۔ ایسے وقت زارکوف کی بکواس میرے لئے اور تکلیف دہ ثابت ہو رہی تھی۔ دفتر برخاست کر کے میں باہر نکلا ہی تھا کہ زارکوف مل گیا اور ہم دونوں رستوران میں داخل ہوئے۔

زارکوف میرے ان عزیز ترین دوستوں میں سے ایک تھا جن سے مجھے بے حد محبت تھی اسکا موروثی تمول اس کی بیکاری اور فضول خرچی کا باعث تھا۔ اس کی گفتگو ہمیشہ بے ربط اور بظاہر مہمل معلوم ہوتی تھی

لیکن اکثر مجھے محسوس ہوتا تھا کہ اس کی تیز نگاہ سربستہ رازوں کی تہ تک نہایت کامیابی کے ساتھ پہنچ جانے کی صلاحیت رکھتی ہے گو اسکی روزروشن کی طرح واضح بیوقوفیاں میرے اس اعتقاد کو بسا اوقات متزلزل کردیا کرتیں لیکن اس کے باوجود اپنے تفتیشی معاملات میں میں اس سے اکثر گفتگو کرلیا کرتا۔ اس کے لئے یہ وقت گذاری کا ایک مشغلہ تھا جس پر وہ نہ صرف مسرور بلکہ نازاں رہا کرتا۔

"ہاں... تو... مدموازل جولیا..." اس نے کافی کی پیالی اٹھاتے ہوئے کہنا شروع کیا

"آخر بات کیا ہے؟" میں نے بات کاٹتے ہوئے پوچھا "کیا تمہیں مدموازل جولیا سے عشق ہوگیا ہے؟"

"بات یہ ہے" اس نے کافی کا ایک گھونٹ لیکر ہونٹوں پر زبان پھیرتے ہوئے کہا "مجھے اس میں بو آرہی ہے"

"کافی میں؟" میں نے پوچھا

"نہیں یار!" اس نے کہا "مدموازل جولیا کے روئین نہ پہنچنے میں"

"کاہے کی بو؟" میں نے سوال کیا

"جرم کی" اس نے کہا

"کوئی لازمی امر تو نہیں" میں نے کافی ختم کرکے سگریٹ جلاتے ہوئے کہا "ممکن ہے مدموازل کی طبیعت خراب ہوگئی ہو۔

"لیکن وہ گھر پر نہیں ہے" اس نے نہایت رازدارانہ انداز میں کہا

"گھر پر نہیں ہے!!!" میں نے حیرت سے پوچھا "کب سے؟"

"جس دن سے وہ روئین جانے کے ارادے سے گھر سے نکلی"

"تمہیں کیسے معلوم ہوا؟"

"میں نے فون کرکے اس کی ماں سے دریافت کیا تھا"

زارکوف نے بل ادا کیا اور ہم تیزی سے باہر نکل گئے۔ میں محسوس کر رہا تھا کہ زارکوف اتنا بیوقوف نہیں ہے جتنا کہ اکثر میں سمجھتا رہا ہوں۔

"کیا سوچ رہے ہو؟" زارکوف نے پوچھا

"مادام رولان سے گفتگو کرنی چاہیئے" میں نے جواب دیا

"میں نے اس کے گھر کا پتہ معلوم کرلیا تھا" اس نے کہا "چلو اس سے مل لیں"

"فون کرلیں گے" میں نے کہا اور ایک پبلک فون کی طرف چلا

"نمبر کیا ہے؟" میں نے پوچھا "تمہیں یاد ہوگا نا"

"۷۲۹۰۵" اس نے اپنی نوٹ بک دیکھ کر کہا

یکے بعد دیگرے کئی سکے میں نے فون کی نذر کردیئے لیکن مادام رولان سے فون نہ مل سکا

"بیکار ہے" میں نے تھک کر کہا "معلوم ہوتا ہے مادام کسی سے طویل گفتگو میں مصروف ہیں"

"پتہ تو معلوم ہے نا" اس نے کہا "میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ اس کے گھر چلیں"

"تم دور اندیش بھی ہو اور کارآمد بھی۔ زارکوف" میں نے اسے خوش کرنے کے لئے کہا اور اس نے دانت دکھادیئے۔

کارڈ بھیجنے پر ہمیں فوراً اندر بلوالیا گیا۔ یہ ایک اعلیٰ پیمانہ پر سجایا ہوا مکان تھا جس سے صاحبِ خانہ کے تمول کا بخوبی اندازہ ہوسکتا تھا۔ مادام رولان ملاقاتی کمرے میں ہماری منتظر تھیں۔ پاس ہی ٹیلیفون دھرا تھا۔

"مجھے اس وقت آپ ہی کی ضرورت تھی" مادام رولان زارکوف سے مصافحہ کرتے ہوئے کہا زارکوف نے اپنی اہمیت کا اظہار مادام کی زبان سے سن کر دانت دکھانے شروع کئے لیکن معاً غلط فہمی کے خیال سے وہ سنجیدہ ہوگیا

"موسیو لارل آپ ہیں" اس نے میری طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

"اوہ معاف فرمانا" مادام رولان میری طرف متوجہ ہوئیں "تشریف رکھئے نا"

ہم لوگ بیٹھ گئے۔

"خیریت سے تو ہیں آپ؟" زارکوف نے استفسار کیا

"سخت پریشانی میں ہوں صاحب" مادام رولاں کی آنکھوں میں آنسو آرہے تھے "میری بچی لاپتہ ہے"

"ہم اسی سلسلے میں آپ سے کچھ پوچھنے آئے ہیں" میں نے کہا

"میں خود نہیں جانتی کہ واقعہ کیا ہے" مادام نے جواب دیا "سارے پیرس اور اس کے نواح میں، جہاں جہاں جولیا کے جانے کے امکانات تھے فون کرکے پوچھا۔ دن بھر فون کرتی رہی۔ پیرس اور رووین کے درمیان سارے اسٹیشنوں پر جوابی تار بھیجے جن میں سے اکثر کے جواب بھی آچکے ہیں۔۔۔۔ کہیں کوئی پتہ نہیں۔ خود مجھے بھی اس کی گمشدگی کی اطلاع اس وقت ملی جب کسی نے مجھ سے فون پر کہا"

"جی وہ میں ہی تھا" زارکوف نے کسی قدر فخر کے ساتھ کہا

"آپ کو کیسے اطلاع ملی؟" مادام نے پوچھا

"میرا تعلق پولس سے ہے"

"آپ کیا۔۔۔ انسپکٹر ہیں"

"نہیں۔۔۔ میں موسیو لارل کا دوست ہوں"

مادام رولاں کے متفکر چہرے پر تھوڑی سی مسکراہٹ نمودار ہوئی اور وہ میری طرف متوجہ ہوگئیں۔

"ہوا یہ موسیو" مادام نے کہنا شروع کیا "کہ رووین کے سائنس کالج میں جولیا کو لکچر دینے کے لئے بلوایا گیا تھا۔ اس کو ایسی دعوتیں اکثر آتی رہتی ہیں اسی لئے ہمارے نزدیک اس کی کوئی اہمیت نہیں تھی۔ مغرب کے قریب وہ تیار ہوئی اور اسٹیشن چلی گئی۔ عموماً میں اس کے ساتھ اسٹیشن تک جایا کرتی تھی لیکن اس دفعہ زکام کی وجہ سے نہ جاسکی۔ بس اتنا مجھ سے قصور ہوا موسیو۔ آج اسے گئے ہوئے چھٹا دن ہے اور اس کی کوئی اطلاع نہیں"

"قطع کلامی معاف" میں نے پوچھا "اس دوران میں مدموازل کا کوئی خط یا تار آیا تھا؟"

"کوئی نہیں موسیو . . . نہ میں نے ہی اس کو کوئی خط لکھا کیونکہ مجھے اس کا پتہ نہیں معلوم تھا ہمیشہ وہ کسی مقام پر پہنچنے کے بعد اپنے پتہ سے مجھے مطلع کر دیا کرتی ہے ۔ اس کا خط نہیں آیا تو میں نے خیال کیا کہ شاید اسے جلد لوٹ آنا ہے ۔ بس روز یہی انتظار رہتا تھا موسیو . . اور ہر روز میں سمجھتی تھی کہ وہ آ رہی ہے ۔ آپ اندازہ نہیں کر سکتے میرے دل پر کیا گذر رہی ہے ۔ میری اکلوتی بچی اس قدر قابل ۔ اس قدر نامور ۔ اتنی حسین ۔ اتنی کمسن ۔ ابھی اس کی عمر ہی کیا ہے موسیو ۔ پاک مریم اسے بہ عافیت لائے ۔ مشکل سے پچیس سال کی ہوگی ۔"

"مدموازل کے ساتھ قیمتی سامان تو نہیں تھا ؟" میں نے پوچھا

"سامان تھا ہی کیا موسیو" مادام نے کہا "چند کتابیں ۔ کچھ کپڑے . . . . . ہاں کچھ روپیہ تھا تھا"

"کتنا" میں نے پوچھا

"کوئی دس ہزار فرانک" مادام نے سادگی سے کہا

"دس ہزار فرانک ! ؟ ؟" حیرت کے مارے میری اور زارکوف کی زبان سے بیک وقت نکلا "اتنا روپیہ ساتھ رکھنے کی کیا ضرورت تھی"

"اس کا خیال کالج کو عطیہ دینے کا تھا" مادام نے جواب دیا "وہ اکثر اداروں کو دیا کرتی ہے ۔ بڑی فیاض ہے موسیو"

"لیکن اتنی رقم ساتھ لیجانے کی کیا ضرورت تھی ؟" زارکوف نے کہا "چک بک لیجا سکتی تھیں"

"بنک کا کاروبار میرے نام سے چلتا ہے" مادام نے جواب دیا

"اچھا یہ تو بتائیے" میں نے پوچھا "مدموازل کے ساتھ اسٹیشن کون گیا تھا ؟"

"صرف شوفر" مادام نے کہا "اور شوفر کی زبانی مجھے معلوم ہوا کہ اسٹیشن پر ڈاکٹر کارلو اور ڈاکٹر ژیران بھی آئے تھے"

"یہ کارلو اور ژیران کون ہیں ؟"

"یہ جولیا کے بہت گہرے دوست ہیں ۔ جولیا ان کی ہم جماعت رہ چکی ہے ۔"

"کیا آپ نے ان دونوں کو فون کیا تھا؟"

"ہاں۔ کیا تھا۔ مگر دونوں نے جولیا سے لاعلمی ظاہر کی۔ دونوں کو اس کا اعتراف ہے کہ وہ اسٹیشن تک گئے تھے۔ اور ان کے سامنے جولیا نے ٹکٹ خریدا اور ریل میں سوار ہوئی"

"ہو سکے تو ان دونوں سے کہدیجئے کہ وہ مجھ سے مل لیں" میں نے کہا "میں ان سے کچھ سوالات کرونگا"

"بہت اچھا موسیو" مادام نے جواب دیا "آپ جو کہیں میں کرنیکو تیار ہوں مگر میری جولیا کو کسی طرح ڈھونڈ نکالئے"

"خدا نے چاہا تو وہ بہت جلد آپ سے آملینگی" میں نے مادام کو تسلی دینے کے لئے کہا اور ہم باہر نکل آئے

(۳)

دوسرے دن سارے اخبارات میں مدموازل جولیا رولان کی گمشدگی کی خبر تھی۔

دفتر میں داخل ہوا ہی تھا کہ مجھے اطلاع ملی کہ مادام رولان نے مجھے دو دفعہ ٹیلیفون کیا تھا۔ میں نے اپنے کمرے میں پہنچتے ہی مادام کو فون کیا۔

"میں بڑی دیر سے آپ سے گفتگو کرنیکی منتظر تھی" مادام نے فون پر کہا "ساور سے ٹیلگرام کا جواب آیا ہے کہ چھ روز قبل ایک نوجوان عورت ٹرین میں بیہوش ہوگئی تھی۔ دو آدمیوں نے جو مسافر تھے اور غالباً خاتون کے ساتھ تھے انہیں ایک قلی کی مدد سے اسٹیشن کے باہر ٹکسی تک پہنچایا اور شاید دواخانے لے گئے۔ مگر وہاں کے دواخانے میں وہ نہیں ہیں . . . . . میں نے یہاں کے دواخانوں کو بھی فون کرکے پوچھ لیا۔ کہیں جولیا کا پتہ نہیں ہے"

"یہ بہت قیمتی اطلاع ہے" میں نے مادام کو یقین دلاتے ہوئے کہا "اب ہم بہت جلد کھوج لگالینگے"

میں نے بھی اپنی طرف سے پیرس اور روئین کے درمیان واقع ہونے والے تمام اسٹیشنوں کے تھانوں پر تار بھیج دیئے کہ مدموازل جولیا رولان سے متعلق کوئی اطلاع ہو تو فوراً مجھے آگاہ کردیا جائے۔

سہ پہر کے قریب ساور سے تار وصول ہوا کہ ایک شخص دو روز قبل ایک سونے کی گھڑی جس پر لفظ "جولیا" کھدا ہوا ہے فروخت کرتا ہوا پکڑا گیا اور زیر حراست ہے۔ میں نے جواب دیا کہ اسے فوراً میرے پاس روانہ کردیا جائے۔

(۴)

"ہولمز!" زارکوف نے میرے آفس میں داخل ہوتے ہوئے کہا "کہو کہاں تک پہنچے؟"

"مادام رولان کے پاس ساور سے تار وصول ہوا ہے کہ ایک خاتون ٹرین میں بیہوش ہوگئی تھیں جنھیں دو مسافروں نے جو سمجھا جاتا ہے کہ ان کے ساتھی تھے اتارا اور ایک قلی کی مدد سے ٹیکسی میں ڈال کر دواخانہ لے گئے۔ اور میرے پاس ساور کے تھانے سے ایک شخص گرفتار ہوکر آیا ہے جو ایک گھڑی فروخت کرتا ہوا پکڑا گیا۔ اس گھڑی پر لفظ "جولیا" کندہ ہے۔ ملزم سے دریافت کیا جارہا ہے کہ اس نے گھڑی کہاں سے پائی"

"کچھ پتہ چلا" اس نے پوچھا

"اب چل جائیگا" میں نے جواب دیا "گرفتار شدہ شخص ایک عادی مجرم ہے۔ پاریلی اس کا نام ہے۔ اس سے قبل بھی سرقہ کے الزام میں سزا پاچکا ہے۔ مجھے اندیشہ ہے کہیں ابکی بار اس نے قتل نہ کیا ہو"

"قتل!!!" زارکوف نے تعجب سے کہا "نہیں جی۔ قتل کرکے کہیں کوئی شخص صرف گھڑی چراتا ہے؟"

"صرف گھڑی کیوں؟" میں نے پوچھا "اور سامان بھی تو تھا۔ ممکن ہے اس نے کہیں چھپا رکھا ہو"

"واہ" اس نے کہا "نقد دس ہزار فرانک جس چور نے چرائے ہوں کیا وہ گھڑی بیچنے بازار میں جائیگا۔ اگر بازار میں جائے بھی تو موٹر خریدنے جاسکتا ہے۔ کچھ بیچنے تو نہیں جاسکتا۔"

میں لاجواب ہوگیا

"مدموازل کے ساتھ جو رقم تھی اس کے نوٹوں کے نمبر معلوم کئے تم نے؟" اس نے پوچھا

"نمبر خود مادام رولان کو یاد نہیں . . . اور نہ کوئی دوسرا ان سے واقف ہے"

"آخر یہ پاریلی کہتا کیا ہے؟" کچھ سوچ کر اس نے سوال کیا

"کہتا ہے اس نے گھڑی ساور کے اسٹیشن پر پڑی ہوئی پائی"

"ذرا چلو تو اس کے پاس" زارکوف نے کہا

پاریلی کے ساتھ پورا تفتیشی برتاؤ کیا جارہا تھا لیکن وہ یہی کہتا تھا کہ اس نے گھڑی اسٹیشن پر پڑی ہوئی پائی۔"

"دیکھو" میں نے کہا "اگر تم اس گھڑی کی مالکہ کا پتہ نہ بتلاؤ گے تو تمہارے ساتھ بہت برا برتاؤ کیا جائیگا"

"مجھے نہیں معلوم" اس نے کہا "میں سچ کہتا ہوں مجھے نہیں معلوم"

"سنو پاریلی" زارکوف نے نہایت نرمی سے کہنا شروع کیا "تم اصل واقعہ سے ناواقف ہو۔ تم چوری کے الزام سے تو بچ نہیں سکتے کیونکہ مال مسروقہ تمہارے پاس سے برآمد ہوا ہے اور تم اسے فروخت کرتے ہوئے پکڑے گئے ہو مگر اصل بات یہ ہے کہ اس گھڑی کی مالکہ لاپتہ ہے اور سمجھا جارہا ہے کہ اسے مار ڈالا گیا۔ تم جس قدر اصل واقعات کے اخفا کی کوشش کروگے اپنے آپ کو قاتل ثابت کرتے جاؤ گے"

پاریلی سوچنے لگا

"تم اگر واقعات سچ سچ بتلادوگے تو ہم تمہارے ساتھ رعایت کریں گے" میں نے کہا

"سنئے موسیو" بالآخر پاریلی نے کہنا شروع کیا "اب میں سب کچھ بتلادوں گا۔ سادر کے اسٹیشن پر ایک صاحب اسٹیشن سے اترے۔ میں بھی اتر کر کھڑا ہوا تھا اور ٹکٹ چیکر کی نظر بچا کر باہر نکلنے کا موقعہ ڈھونڈ رہا تھا۔ انھوں نے ٹرین سے ایک خاتون کو اتارا جو بیہوش تھیں۔ میں ان کی مدد کے لئے بڑھا انہوں نے ایک کانسٹبل سے کچھ کہا۔ وہ باہر چلا گیا۔ اس کے بعد ایک قلی کے ذریعے اپنا سامان اتروایا۔ پھر میرے پاس آئے۔ ہم دونوں نے مل کر خاتون کو اسٹیشن کے باہر پہنچایا کانسٹبل نے ٹکسی تیار کر رکھی تھی۔ خاتون کو لیکر وہ صاحب ٹکسی میں بیٹھ گئے اور ٹکسی چلی گئی مجھے خبر نہیں وہ کون تھے اور کہاں گئے البتہ یہ گھڑی خاتون کے ہاتھ پر بندھی ہوئی تھی جو میں نے نکال لی"

"پھر جھوٹ کہہ رہے ہو تم" میں نے ڈانٹ کر کہا

"قسم ہے یسوع مسیح کی میں سچ کہہ رہا ہوں موسیو" پاریلی نے انگلی سے اپنے سینے پر صلیب کا نشان بناتے ہوئے کہا "اگر میں جھوٹ کہہ رہا ہوں تو مسیح میرا کفارہ نہ ہوں"

"اعتبار کرنا بھی تو سیکھو" بڑے ہی بزرگانہ انداز سے زارکوف نے کہا

"اعتبار؟" میں نے ہنس کر کہا "چور پر"

"تم پولس والوں نے کبھی خود اپنے آپ پر بھی اعتبار کیا ہے؟" اس نے کہا

" اُن لوگوں کو پہچان سکتے ہو" میں نے زارکوف کی بات اڑاتے ہوئے پاریلی سے پوچھا۔
" اگر آپ اُن دونوں کو سامنے لائیں تو ممکن ہے پہچان سکوں" اس نے کہا "اس وقت میں ان دونوں سے زیادہ گھڑی کی طرف متوجہ تھا۔"
" مرد کا حلیہ بیان کر سکتے ہو؟"
" صرف اتنا یاد ہے کہ عینک لگائے ہوئے تھا"
" وہ بھی شاید اس لئے یاد رہ گیا تمہیں، کہ اس عینک کا فریم یا زنجیر سونے کی تھی" زارکوف نے کہا
" جی ہاں موسیو" اس نے اتنی سادگی سے کہا کہ ہم ہنسی ضبط نہ کر
فی الحال اسے حوالات میں رکھنے کی ہدایت دیکر ہم چلے آئے

(۵)

" کافی کڑیاں مل گئی ہیں زارکوف" میں نے کہا
" ممکن ہے" اس نے بے نیازی سے جواب دیا
" باقی کڑیاں ڈاکٹر کارلو اور ڈاکٹر ژیران سے ملاقات کے بعد مل جائیں گی"
" کیسے؟" اس نے معصومیت سے استفسار کیا
" ان سے معلوم ہو جائیگا کہ مدموازل کیسا تھ ٹرین میں کون تھا"
" وہ کس طرح؟"
" وہ جب مدموازل کو چھوڑنے کیلئے گئے تھے تو کافی دیر تک ڈبہ کے پاس ٹھیرے ہوں گے اور لازمی بات ہے کہ ڈبہ کا انہوں نے جائزہ لیا ہوگا اور ہر اس آدمی کو جو ڈبے میں بیٹھا ہوا تھا دیکھا ہوگا"
" دیکھا تو ہوگا" زارکوف نے کہا
" لیکن اگر ڈبے میں بہت سے آدمی تھے تو..."
" لارل!" اس نے میری بات کاٹتے ہوئے کہا "تم پولس والے ہو۔ اپنی صفات کو بڑی سختی کے ساتھ برقرار رکھتے ہو... اگر ڈبہ میں زیادہ آدمی ہوتے تو کیا اس قسم کا واقعہ ہو سکتا تھا؟"

"ممکن ہے، موازل واقعی بیہوش ہوگئی ہوں" میں نے جواب دیا" اور کوئی بدمعاش ان کا ساتھی بن کر انہیں معہ سامان کے اُتار لے گیا ہو"

" اگر ڈبے میں زیادہ آدمی ہوتے تو مدد کے لئے پارٹی کیوں آتا۔ خود ڈبے میں کا کوئی معزز آدمی اس فریضہ کو انجام دیتا"

" تمہارا استدلال ٹھیک تو ہے" میں نے اعتراف کیا

" غلط بھی ہوسکتا ہے" اس نے کہا" اگر کسی درمیانی اسٹیشن پر لوگ سوار ہوگئے ہوں تو وہ اُن ڈاکٹروں کی نظروں سے بچے ہوئے رہیں گے۔ ان کے بارے میں ہم کوئی قیاس نہیں قائم کرسکتے۔"

" خیر" میں نے گفتگو کو مختصر کرنیکے لئے کہا" یہ سب بعد کی باتیں ہیں۔ پہلے ہمیں ان ڈاکٹروں سے مل لینا چاہئے"

(۶)

کارڈ بھیجنے پر ڈاکٹر ژیران نے ہمیں فوراً اندر بلوالیا۔ رسمی ملاقات اور کچھ غیر ضروری گفتگو کے بعد ہم اصل معاملہ کی طرف متوجہ ہوئے

" آپ ڈاکٹر ہیں؟" زارکوف نے پوچھا

" ہاں" ڈاکٹر ژیران نے جواب دیا

" آپ ملازم ہیں؟" زارکوف نے پھر سوال کیا

" ہاں" ڈاکٹر ژیران نے جواب دیا

" کس دواخانے میں؟"

" میں کالج میں سائنس پڑھاتا ہوں"

" تو یوں کہئے آپ پروفیسر ہیں"

" آپ، موازل جولیا کو کب سے جانتے ہیں؟" میں نے پوچھا

" بہت دنوں سے" اس نے جواب دیا" ہم چھوٹی جماعتوں سے ہم جماعت رہے ہیں"

"آپ مدموازل سے اکثر ملتے رہتے ہوں گے" زارکوف نے سوال کیا

"ہاں" ڈاکٹر نے کہا "تقریباً روز ہی"

"کیا آپ کسی ایسے شخص سے واقف ہیں جس سے مدموازل کو کبھی خطرہ محسوس ہوا ہو" میں نے پوچھا

"ایسا تو کوئی شخص میری نظروں میں نہیں ہے" اس نے قدرے سوچ کر جواب دیا "وہ ایسے اچھے صفات کی لڑکی ہے کہ اس سے کسی کو عداوت ہو ہی نہیں سکتی"

"آپ غالباً مدموازل کو چھوڑنے کے لئے اسٹیشن تشریف لے گئے تھے" میں نے پوچھا

"جی ہاں" ڈاکٹر نے جواب دیا "میں اور کارلو اسٹیشن تک گئے تھے"

"آپ لوگ گاڑی کے چلنے تک رہے؟"

"میں آخر تک رہا لیکن کارلو کچھ دیر قبل ہی واپس ہو گیا۔ اس کو شاید کچھ ضروری کام تھا"

"کیا آپ کو یاد ہے کہ ڈبے میں مدموازل کے ساتھ کس قسم کے آدمی تھے؟"

"ڈبہ خالی تھا" ژیران نے جواب دیا اور زارکوف میری طرف دیکھ کر مسکرایا

"ڈاکٹر کارلو کیسا آدمی ہے؟" میں نے پوچھا

"فرشتہ ہے" ڈاکٹر ژیران نے کہا "اس کے لئے نیکی ممکن اور بدی ناممکن ہے۔ بے انتہا سنجیدہ اور پرخلوص آدمی ہے۔ جھوٹ تو کیا شاید مبالغہ کا بھی اس کی باتوں میں شائبہ نہیں ہوتا۔ اسکی راست گوئی اور ایثار کالج میں ضرب المثل تھے"

"ضرورت ہو تو ہم آپ کو پھر تکلیف دیں گے" میں نے اٹھتے ہوئے کہا "اگر آپ کو کوئی کارآمد خبر ملے تو ہمیں مطلع کر دیجئے"

"اسی قسم کے ایک اور آدمی سے ملنا رہ گیا" زارکوف نے باہر نکلتے ہوئے کہا

"چلو ابھی چلیں" میں نے جواب دیا — اور ہم کارلو کے گھر کی طرف چلے

جیسا کہ ڈاکٹر ژیران نے بیان کیا تھا "ڈاکٹر کارلو بے انتہا سنجیدہ اور پرخلوص آدمی تھا

"ڈاکٹر!" میں نے سوال کیا "آپ اسٹیشن پر مدموازل کے ساتھ کب تک رہے"

"مجھے کچھ کام تھا" ڈاکٹر نے جواب دیا "اس لئے میں گاڑی کے روانہ ہونے سے بہت پہلے ہی لوٹ آیا"

"آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جسے کسی بنا پر مدموازل سے عداوت ہو سکتی ہے۔ وہ ایک مجسمہ حسن و محبت اور سراپا نیکی ہے۔ آپ نہیں جانتے جولیا کن اوصاف کی لڑکی ہے۔ . . . . .

"اچھا اب ہم چلتے ہیں" میں نے بات کاٹتے ہوئے کہا "ضرورت ہو تو پھر مل لیں گے۔ ہاں اگر آپ کو کوئی کارآمد خبر ملے تو ہمیں مطلع کر دیجئے" ہم باہر نکل آئے

"نہ جانے وہ کتنی دیر تک جولیا کی تعریف کرتا رہتا" زارکوف نے کہا "اگر ہم اسے خدا حافظ نہ کہتے"

"ایک چیز مجھے کھٹک رہی ہے" میں نے کہا "اس کے آنکھوں پر عینک تھی"

"تھی تو سہی"

"اس کی زنجیر سونے کی تھی"

"تو کیا ہوا؟"

"یاد ہے" میں نے کہا "پاریلی کہتا تھا کہ مدموازل کے اتارنے والے کی آنکھوں پر عینک تھی جس کی عینک سونے کی تھی"

"اس نے یہ تو نہیں کہا تھا کہ اس کی زنجیر سونے کی تھی"

"اس نے یہی کہا تھا" میں نے کہا "مجھے تو ڈاکٹر صاحب کچھ مشتبہ معلوم ہوتے ہیں"

"تمہاری نظر میں تو دنیا کا ہر شخص مجرم ہے" اس نے قدرے سخت لہجہ میں کہا "ہر شخص پر لازم ہے کہ وہ خواہ مخواہ تمہارے سامنے آکر اپنے آپ کو بے گناہ ثابت کرے۔ اور خود تم سب سے بڑے مجرم ہو۔ بے گناہوں کو پھانس لیتے ہو۔ بلاوجہ شریف آدمیوں کو پریشان کرتے ہو۔ انتہا یہ ہے کہ عدالت سے قتل کا جرم سرزد کرا دیتے ہو . . . . بیگناہ کو پھانسی دینا قتل نہیں تو کیا ہے۔ یہ تو ہے خود آپ کی داستان۔ چلے ہیں ڈاکٹر کارلو کو مجرم ٹھیرانے"

"کیوں!" میں نے پوچھا "کیا وہ مجرم نہیں ہو سکتا

" اتنا سیدھا۔ اتنا پرخلوص۔ اتنا قابل ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ "

" خیر میں نے بات کاٹتے ہوئے کہا " پھر ملیں گے۔ خدا حافظ "

(۷)

" ہلو لارل!" زارکوف نے اپنے مخصوص انداز میں کہا اور میرے دفتری کمرے میں داخل ہوگیا

" ہلو زارکوف!" میں نے جواب دیا " اچھے تو ہو "

" میں ہمیشہ اچھا ہی رہتا ہوں" اس نے کہا " اور تم ہمیشہ یہی پوچھتے رہتے ہو۔ ۔ ۔ ۔ اچھا یہ بتاؤ کہاں تک پہنچے؟"

" قریب الختم ہے" میں نے جواب دیا " ہر چیز کا پتہ لگ گیا "

" وہ کیسے؟"

" سنو" میں نے کہنا شروع کیا " تمہیں یاد ہے پرسوں جب ہم ڈاکٹر کارلو سے ملنے گئے تھے تو میں نے تمہیں بتلایا تھا کہ سنہری زنجیر والی عینک مجھے شبہ میں ڈال رہی ہے۔ ڈاکٹر کارلو پر شبہ کرنے سے پہلے مجھے وجہ تحریک دریافت کرنی تھی۔ تمہیں رخصت کرکے میں سیدھے مادام رولان کے مکان پر پہنچا۔ اور ان سے مجھے وہ سب کچھ معلوم ہوگیا جس کا خود انھیں بھی علم نہیں۔ اصل قصہ یہ ہے کہ مدموازل جیا سے ڈاکٹر کارلو اور ڈاکٹر ژیران دونوں نے انتہا محبت کرتے ہیں اور دونوں شادی کے خواہشمند۔ مادام رولان نے بتلایا کہ مدموازل جولیا ڈاکٹر ژیران کی طرف زیادہ مائل ہے حالانکہ مادام کو کارلو پسند ہے۔ ژیران زیادہ حسین، زیادہ دولتمند اور بہت خوش مزاج آدمی ہے۔ ممکن ہے کہ دونوں میں شادی کا عہد و پیمان بھی ہوگیا ہو۔ چونکہ یہ تینوں ہمیشہ ساتھ رہا کرتے تھے اس لئے ناممکن ہے کہ کارلو کو اس کی اطلاع نہ ہو جوش رقابت میں ایک دل شکستہ انسان سے جو حرکت سرزد ہوسکتی ہے وہ یہ ہے کہ یا تو رقیب کو نقصان پہنچائے یا محبوبہ کو۔"

" نہ رہے بانس نہ بجے بانسری" زارکوف نے لقمہ دیا

" یہی وجہ تحریک تھی۔ اسٹیشن سے کارلو گاڑی کے روانہ ہونے سے پہلے ہی چلا گیا۔ دراصل

وہ کہیں گیا نہیں بلکہ کسی دوسرے ڈبہ میں سوار ہوگیا۔ چونکہ مدموازل کے ساتھ اور کوئی نہ تھا اس لئے جب کسی دوسرے اسٹیشن پر کارلو ان کے ڈبہ میں آکر سوار ہوا تو یہ امر مدموازل کے لئے باعث اطمینان ہی ہوسکتا تھا کیونکہ ان کے نزدیک کارلو سے خائف ہونے کی کوئی وجہ نہ تھی۔ اس کے بعد کارلو نے کلوروفارم کی دستی شیشی مدموازل کو بیہوش کیا اور ساور کے اسٹیشن پر اتار لے گیا۔ اگر کارلو کا ارادہ قتل کرنیکا ہوتا تو وہ ٹرین ہی میں اس کام کو بخوبی انجام دے سکتا تھا اور نعش کو چھوڑ کر کسی اسٹیشن پر اتر جاتا۔ رات کا وقت تھا کوئی شبہ پیدا نہ ہوتا۔ چونکہ وہ اتار لے گیا اس لئے میرا قیاس ہے کہ وہ کہیں مقید ہے۔

جب ہم پہلی دفعہ کارلو سے ملنے گئے تھے تو میں نے یہ محسوس کیا تھا کہ مدموازل کے تذکرے کے ساتھ ہی اس کے چہرے پر ہوائیاں اڑنے لگیں۔ وہ بہت سنبھل سنبھل کر بول رہا تھا۔ حالانکہ مدموازل کو چاہنے والا ڈاکٹر ژیران بھی ہے لیکن چونکہ وہ مجرم نہیں اس لئے پولس کی آمد سے اس کے چہرے پر کوئی تردد کے آثار نمایاں نہیں ہوئے۔ ساتھ ہی یہ کہ اس نے ڈاکٹر کارلو کے کردار کی دل کھول کر تعریف کی۔ اگر وہ مجرم ہوتا تو اس خیال سے کہ ہمارا ذہن کارلو کی طرف منتقل ہوجائے اس کی مذمت کرتا اور اسے مشتبہ ٹھیراتا۔

اس کے بعد میرا دوسرا اقدام کارلو کے مکان کا معائنہ تھا۔ میں نے اس انداز سے اس کا گھر دیکھا کہ اسے تلاشی کا شبہ نہ ہو۔ اس کے پاس مدموازل کی کئی چیزیں تھیں جن کے بارے میں وہ کہتا تھا کہ خود مدموازل نے اسے یہ چیزیں تحفتاً دی تھیں۔ لیکن ایک قلم بھی اس کے پاس ہے جو مدام دولان کہتی ہیں کہ مدموازل جولیا روین جاتے ہوئے اپنے ساتھ لے گئی تھیں۔

اسٹیشن سے کارلو جو گاڑی کے روانہ ہونے سے پہلے لوٹ آیا اس کی وجہ پہلے تو اس نے یہ بتلائی کہ کام تھا۔ جب میں نے پوچھا کہ اسٹیشن سے لوٹ کر کہاں گئے تو جواب دیا کہ پارک میں بیٹھا رہا۔ جب اس سے پوچھا گیا کہ پارک میں بیٹھنا کوئی ایسا اہم کام نہیں جس کے لئے وہ اپنی محبوبہ کے ساتھ گذرنے والی گھڑیوں کو قربان کرے تو کہتا تھا کہ اس نے ژیران اور جولیا کو تنہائی میں گفتگو کرنیکا موقعہ دیا۔ یہ کسی محبت کرنے والے سے ممکن ہی نہیں کہ وہ رقیب کے لئے محبوبہ سے ملنے کے مواقع پیدا کرے دوسری چیز یہ کہ اسکے پاس اس کا بھی کوئی ثبوت نہیں کہ وہ پارک میں بیٹھا رہا۔"

"تم بڑے اچھے قصہ گو بن سکتے ہو لارل" زارکوف نے سب سن کر آہستہ سے کہا

"میرے لئے واحد صورت یہ ہے کہ ڈاکٹر کارلو کو گرفتار کر لوں۔ ممکن ہے ڈرانے دھمکانے سے وہ پتہ دیدے ممکن ہے گرفتاری اور رسوائی کا خیال اسے مدموازل کا پتہ بتلانے پر مجبور کر دے۔ ایسے تو وہ نہیں مانتا ..... اس پر میں نے نگرانی مقرر کر دی ہے ... فرار تو کسی صورت نہیں ہو سکتا وہ"

"اگر تم ڈاکٹر کارلو کو گرفتار کرنے والے ہو تو بڑی غلطی کر رہے ہو" زارکوف نے کہا "محض شبہ پر تم ایک بڑے آدمی کو۔ یعنی ایک ڈی پی سی کو گرفتار نہیں کر سکتے۔"

"یہ گرفتاری کی دھمکی بڑی کارآمد ہوگی" میں نے جواب دیا "ہم ڈاکٹر کو سمجھائیں گے کہ اگر تم صحیح صحیح پتہ بتلا دو تو ممکن ہے کہ تمہیں سزا نہ ہو۔ ممکن ہے ہم سمجھوتہ کرا دیں۔ ورنہ اغوا، حبس بیجا اور نہ جانے کیا کیا الزام قائم کر دئے جائیں۔"

"کیسی باتیں کرتے ہو لارل!" زارکوف نے کہا "اتنا سنجیدہ، اتنا پرخلوص اور نیک آدمی کہیں مجرم ہو سکتا ہے"

"تم نہیں جانتے زارکوف" میں نے کہا "کہ لوگ اپنے کتنے چہرے رکھتے ہیں"

"خدا حافظ" زارکوف نے یکایک اٹھتے ہوئے کہا

"کیوں؟" میں نے کہا "کارلو کے گھر نہیں چلتے۔ اسے گرفتار کرنا ہے نا"

میرے سوال کا جواب دئے بغیر وہ چلا گیا

(۸)

پولس کے دو جوانوں کو لیکر میں ڈاکٹر کارلو کے مکان پر پہنچا۔ ڈاکٹر گھر میں موجود تھا

"میں آپ کو مدموازل جولیا رولان کے اغوا کے الزام میں گرفتار کرنیکے لئے آیا ہوں" میں نے کارلو سے کہا "کارلو کی پریشانی ناقابل بیان تھی۔ تھوڑی دیر تک تو وہ نیچی نظریں کئے کچھ سوچتا رہا۔ پھر یکایک لپک کر میری کمر سے پستول نکال لیا۔ میں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور میرے ساتھیوں نے پھرتی سے اس کو قابو میں کر لیا۔

"مجھے چھوڑ دو، مجھے چھوڑ دو" وہ چلّا رہا تھا۔
ہم نے اسے ایک کرسی پر بٹھا دیا۔ اس کی آنکھوں میں آنسو آرہے تھے اور ہونٹ کانپ رہے تھے"
"مجھے مرنے کا موقعہ بھی نہیں دینا چاہتے" قدرے توقف کے بعد اس نے تھرائی ہوئی آواز میں کہا
میں نے ہر چیز قربان کردی۔ اب زندگی کی میرے پاس کیا حقیقت ہے ... کیا یہ زندگی موت سے اچھی ہے؟"
اب مجھے معلوم ہوا کہ اس کا ارادہ خودکشی کا تھا۔
"میں ٹیلیفون استعمال کرنا چاہتا ہوں" اس نے کہا۔ ہم اسے ٹیلیفون کے پاس لے گئے
"ہلو" اس نے کہنا شروع کیا "میں کارلو ہوں۔ ژیران! مجھے پولس گرفتار کررہی ہے...
..... جولیا کی گمشدگی کے سلسلے میں .... خیر اب ان باتوں کو چھوڑو .... دیکھو .. جولیا مل جائے
تو اسے اچھی طرح رکھنا۔ جو کچھ میرے پاس ہے وہ بطور تحفہ اپنی شادی میں اسے دینا .....
میری طرف سے ... روکے رکھوں؟ ... کیوں ... کیوں آرہے ہو .... ہلو ... ہلو"
"ڈاکٹر ژیران آرہے ہیں" اس نے فون رکھتے ہوئے کہا "آپ سے ملنے کے لئے"
"ہم انتظار کرتے ہیں" میں نے کہا اور سوچنے لگا کہ کارلو آخر کیا ڈرامہ کرنا چاہتا ہے تھوڑی
دیر بعد ڈاکٹر ژیران شور مچاتا ہوا اندر داخل ہوا۔
"کون بیوقوف ہے وہ" اس نے کہنا شروع کیا "کون کارلو کو گرفتار کرنا چاہتا ہے؟"
"میں گرفتار کرنا چاہتا ہوں" میں نے اپنے آپ کو پوری طرح پولس کا عہدہ دار تصور کرکے کہا
"کیا فرمائیں گے آپ؟"
"کیوں گرفتار کرنا چاہتے ہیں آپ؟"
"مدموازل جولیا کے اغوا کے الزام میں"
"احمق ہو ..... پاگل ہو ..."
"میرے پاس اس کا ثبوت موجود ہے"
"ثبوت تمہارے پاس کیا خاک ہے۔ ثبوت میرے پاس ہے"

"... کس بات کا ثبوت ۔ کیا ثبوت ہے آپ کے پاس"

"مدموازل جولیا باہر میری موٹر میں بیٹھی ہوئی ہیں"

"جولیا !!!" کارلو چلایا اور باہر دوڑا۔ ہم سب کے سب باہر چلے۔ موٹر کے قریب کارلو بیہوش پڑا ہوا تھا اور ایک حسین لڑکی اس کا سر تھامے ہوئے تھی۔ یہی مدموازل جولیا تھیں جنکی تصویریں میں دیکھ چکا تھا۔ ہم سب کارلو کو اٹھا کر اندر لے آئے اور ایک کوچ پر لٹا دیا۔ تھوڑی دیر میں اسے ہوش آگیا۔

"تم آرام کرو کارلو!" ڈاکٹر ژیران نے کہا "ہم پھر آتے ہیں"

ہم لوگ وہاں سے ہٹ گئے۔ صرف کارلو کے ملازم کو وہاں چھوڑ دیا گیا۔ بوکھلاہٹ مجھپر شدت سے طاری تھی

"آخر معاملہ کیا ہے ڈاکٹر" میں نے ڈاکٹر ژیران سے سوال کیا

"میں آپ کو سب سمجھا دوں گا" ژیران نے جواب دیا "آپ کی جسارت چونکہ غلط فہمی پر مبنی تھی اس لئے آپ کو درگذر کیا جا سکتا ہے۔ چلئے میرے مکان پر، میرے ساتھ"

ہم چلنے لگے۔ میں نے کارلو سے حسب استطاعتِ ذہنی، معافی چاہی

"کارلو" ژیران نے کہا "میرے گھر چلو گے .... ایجاد کا پہلا نتیجہ دیکھنے کے لئے"

"نہیں ژیران" اس نے کمزور آواز میں جواب دیا "میں چلنے کے قابل نہیں ہوں نتیجہ اچھا ہی ہوگا"

ساتھیوں کو تھانے پر واپس جانیکا حکم دیکر میں ڈاکٹر ژیران اور مدموازل جولیا کے ساتھ موٹر میں سوار ہوگیا۔ اور موٹر چل پڑی۔

"ہماری داستان یہ ہے" ڈاکٹر ژیران نے کہنا شروع کیا "کہ مدموازل جولیا میری اور کارلو کی ہم جماعت تھیں۔ آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں کہ جولیا کے جمال کا ہم پر کس قدر اثر تھا ہوگا جولیا کے لئے مشکل یہ تھی کہ وہ ہم دونوں سے مساوی محبت رکھتی تھی۔ ہم دونوں شادی کے طلبگار تھے۔ جولیا وقت واحد میں دونوں کی بیوی بننے سے تو رہی اس نے تصفیہ ہم دونوں پر ہی چھوڑ دیا۔ ہم آپس میں کچھ طے

کر ہی نہ سکتے تھے۔ قربانی اور خود غرضی ہر دو کے لئے ہم دونوں بیک وقت تیار ہوتے۔ اس سے معاملہ طے نہ ہوتا۔ آخر جولیا نے اس کو ایک شرط کے ذریعہ سے حل کر دیا جو ہم دونوں نے منظور کر لی یعنی یہ کہ ہم دونوں سائنس میں کوئی کارنامہ پیش کریں۔ جس کا کام قابل قدر ہوگا جولیا کا وہی مستحق ہوگا۔ اور پھر دوسرے کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔ کارلو نے ایک تجربہ شروع کیا تھا مگر۔ ۔ ۔ نہیں معلوم اسکا نتیجہ کیا ہوا ۔ ۔ ۔ میرے دماغ میں ایک نظریہ تھا جس کو میں تجربات سے ثابت کرنا چاہتا تھا مختلف منازل طے کرنیکے بعد میرا تجربہ مکمل ہوگیا لیکن عملی طور پر نتائج حاصل کرنیکے لئے مجھے ایک ایسے شخص کی ضرورت تھی جو میرے پاس زیر تجربہ رہے۔ جو کچھ کامیابی کہ مجھے حاصل ہو چکی تھی میرے لئے اتنی کافی تھی کہ میں جولیا کو اپنی تصور کرنے لگا تھا۔ اس لئے کچھ فطری شرارت کے زیر اثر میں نے خود جولیا ہی کو منتخب کیا۔ جولیا کو اپنے تجربہ خانے میں لانے کے لئے بھی مجھے سیدھا سادھا طریقہ پسند نہ آیا اور میں نے جدت یوں دکھائی کہ جب یہ روین جانیکے لئے نکلیں تو میں بھی ٹرین میں سوار ہوگیا اور کلورو فارم سے انہیں بیہوش کر کے اگلے اسٹیشن پر اتار لیا۔ ایک ٹکسی لی اور انہیں اپنے گھر لے آیا۔ ٹکسی والے کو خوب انعام دے کر تاکید کر دی کہ پتہ کسی کو نہ بتائے۔ اس طرح وہ تجربہ خانہ میں پہنچ گئیں۔

اس اثنا میں ہم ڈاکٹر ژیران کے مکان تک پہنچ گئے۔ ڈاکٹر ہمیں سیدھے تجربہ خانہ کی طرف لے چلا "آپ مجرم تو بہر حال ہیں" میں نے ڈاکٹر سے کہا

"ہاں" ڈاکٹر نے جواب دیا "ہاں مجرم ہوں بشرطیکہ جولیا میرے خلاف مقدمہ چلانا چاہے"

"آپ کا کیا خیال ہے مدموازل" میں نے پوچھا

مدموازل جولیا نے جواب دینے کے بدلے کاغذ قلم لیا اور لکھنا شروع کیا

"مجھے ڈاکٹر ژیران سے کوئی شکایت نہیں حالانکہ وہ مجھے بلا میری اجازت کے اپنے ہاں لے آئے تھے" نیچے اس نے اپنے دستخط کر دئے اور کاغذ میرے ہاتھ میں دیدیا۔ میں نے دیکھا کہ ایک شوخ مسکراہٹ اس کے لبوں پر کھیل رہی تھی۔ میں نے کاغذ کو تہ کر کے جیب میں رکھ لیا۔ میری بوکھلاہٹ ابھی برقرار تھی۔

"ڈاکٹر" میں نے کہا "کیا آپ کے پاس کوئی عینک ہے"

"ہاں" ڈاکٹر نے جواب دیا "کبھی کبھی میں لگا لیا کرتا ہوں"

"کیسی ہے" میں نے پوچھا

"جیسی آپ نے کار لوک کے پاس دیکھی" اس نے جواب دیا "ہم دونوں نے ایک ہی ساتھ خریدی تھی۔ اگر آپ دیکھنا چاہتے ہیں تو دکھائے دیتا ہوں"

"نہیں نہیں" میں نے کہا "آپ اپنا تجربہ بیان کیجئے"

"پہلے میرا نظریہ سن لیجئے" ڈاکٹر نے سلسلہ کلام جاری کیا "اس کے بعد آپ کو اس تجربہ سے کچھ دلچسپی پیدا ہو جائیگی۔ کسی چیز کو آپ دیکھتے ہیں تو اس کا عکس آپ کی آنکھ کے اندرونی پردہ پر پیدا ہوتا ہے۔ اس پردہ کو شبکیہ کہتے ہیں۔ اس کے سامنے ایک عدسہ ہوتا ہے اور عدسہ کے مقابل ایک سوراخ دار سیاہ پردہ جس کا سوراخ چھوٹا بڑا ہو سکتا ہے جسے آپ آنکھ کی پتلی کہتے ہیں۔ آپ کی آنکھ بالکل ایک کیمرہ کی سی ہے جس میں ہر اس چیز کا عکس پیدا ہوتا ہے جو سامنے آتی ہے۔ اب رہا یہ سوال کہ دیکھنا اگر صرف آنکھ کا فعل ہوتا تو آنکھ ہر چیز سے بے تعلق ہو کر بھی دیکھ سکتی۔ لیکن ایسا نہیں ہوتا۔ آنکھ کا تعلق جونہی دماغ سے منقطع ہوتا ہے وہ دیکھ نہیں سکتی۔ حالانکہ پردۂ شبکیہ پر برابر عکس پیدا ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس عکس کا اثر کسی دوسری شکل میں دماغ پر پڑتا ہے جسے دماغ محسوس کرتا ہے۔ آنکھ کے پیچھے دماغ تک پہنچی ہوئی ایک نس ہوتی ہے۔ یہ مجموعہ ہے چند رگوں اور شریانوں کا۔ اس نس کا وہ سرا جو آنکھ سے ملا ہوا ہوتا ہے موٹائی میں اتنا ہوتا ہے جتنا کہ آنکھ کے حساس پردے کا احاطہ کر سکے۔ جب پردہ پر کوئی عکس پیدا ہوتا ہے تو اس کی وضاحت کی بنیاد دو چیزوں پر ہوتی ہے۔ نور و تاریکی، جتنا زیادہ فرق نور و تاریکی کے عکس میں ہوگا اسی قدر پورا عکس واضح ہوگا۔ یہ نور اور تاریکی کا امتزاج برقی رو میں اونچ نیچ پیدا کرتا ہے۔ یہ رو جس کی نوعیت عام طور پر استعمال ہونے والی برق سے کسی قدر مختلف ہے ان شریانوں اور رگوں میں چلتی ہے۔ جو رگیں تاریکی کے عکس کو چھو رہی ہوں وہاں سے کمزور رو پیدا ہوتی ہے اور جہاں نور کی حدت زیادہ ہو وہاں سے

طاقتور رو پیدا ہوتی ہے دماغ، رو کی حدت کی اونچ نیچ کو محسوس کرتا ہے اور آپ کسی چیز کو دیکھتے ہیں اسی طرح مختلف رنگ اپنا اثر مختلف رکھتے ہیں اور ان مختلف اثرات کو دماغ نہایت آسانی کے ساتھ محسوس کرتا ہے۔

یہاں تک تو کوئی نئی بات نہیں۔ مجھے ان بنیادوں پر ایک نئے نظریہ کو کھڑا کرنا تھا۔ میرا خیال تھا کہ جب انسان کچھ نہ دیکھتا ہو اور محض یہ تصور کرتا ہو کہ اسے کچھ دکھائی دے رہا ہے تو بھی آنکھ کے پردے پر عکس پیدا ہوتا ہے۔ اس کی معمولی مثال یہ ہے کہ آپ کسی جنگل میں تنہا رات کے وقت کھڑے ہوں اور کسی چیز سے خائف ہوں۔ آپ اس چیز کا خاکہ اپنے دماغ میں جس قسم کا بھی کھینچیں گے بالکل وہی خاکہ آپ کو کسی طرف جہاں کہ آپ کی نظر ہو دکھائی دیگا۔ سب سے اہم مثال جو میرے تجربے کی جان ہے خواب ہے۔ آپ خواب دیکھتے ہیں بالکل ایسے جیسے آپ واقعی کوئی چیز دیکھ رہے ہوں۔ وہمی اشکال اتنی واضح نہیں ہوتیں جتنی خواب کی حالت میں دماغ خود سکون میں ہوتا ہے اور وہ بآسانی اپنی قوت احساس کو کسی ایک جانب مرکوز کر سکتا ہے۔

اس صورت میں جبکہ دماغ میں نور و تاریکی کی ترکیب کا احساس پیدا ہو رہا ہو، اس لنس میں جو آنکھ کو دماغ سے ملاتی ہے رو پیدا ہوتی رہتی ہے۔ ان برقی روؤں کا مبداء بجائے پردۂ شبکیہ کے دماغ ہوتا ہے۔ اور ان کے اثر سے پردہ پر وہ شکلیں بنتی رہتی ہیں جو دماغ کو دکھائی دے رہی ہیں۔ یعنی یہ عمل انسان کے دیکھنے کے عمل کا الٹا ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے جب انسان خواب دیکھ رہا ہو تو جو کچھ وہ دیکھ رہا ہے سینما کی طرح پردہ پر بنتا جاتا ہے۔

میں کوشش میں تھا کہ ان تصویروں کو محفوظ کر سکوں۔ میری کامیابی کا ثبوت یہ آلہ اور یہ ریل ہیں۔" اس نے ایک آلہ کی طرف اشارہ کیا جو بالکل کیمرہ کی شکل کا تھا اسمیں فلم لگا ہوا تھا۔ کئی برقی تار اس آلے سے ملے ہوئے تھے۔ اور بہت سے باریک پرزے اس میں لگے ہوئے تھے۔

"یہ آلہ" اس نے پھر سلسلہ کلام جاری کیا "ایک کیمرہ ہے۔ یہ ان تصویروں سے جو آنکھ کے پردے پر پیدا ہوتی ہیں شعاعیں حاصل کرتا ہے۔ یہ شعاعیں ایک شیشہ کی تختی پر جو اس کے اندر لگی ہوئی ہے

جس کے اطراف برقی شراروں کا حلقہ پیدا ہوتا رہتا ہے وہ تصویریں پیدا کرتی ہیں جو آنکھ کے پردے پر بنتی رہتی ہیں۔ ان تصویروں کا عکس فلم پر بہ آسانی اترتا رہتا ہے۔ اس طرح خواب کو فلمایا جا سکتا ہے۔

مشکل یہ پیش آرہی تھی کہ عکس بہت دھندلے اور غیر واضح اترتے تھے۔ شیشہ کے عدسے میں سے یہ شعاعیں لاشعاعون کی موجودگی کی وجہ سے پوری طرح منحرف نہ ہو سکتی تھیں برقی قوس کو بطور عدسہ استعمال کیا گیا تو شراروں کی مثبت اور منفی خاصیت کی وجہ سے شعاعوں کا انتشار بہت زیادہ ہونے لگا۔ بالآخر برقی قوس اور عدسوں کے مجموعہ سے وضاحت پیدا کی جا سکی۔ پردے کا آنکھ سے فاصلہ معین کرنے میں بھی کسی قدر مصیبت کا سامنا ہوا لیکن بالآخر اس پر قابو پا لیا گیا۔

میں نے مدموازل جولیا کے چند خوابوں کی مسلسل تصویریں تیار کی ہیں آج میں انہیں ادویات میں دھو کر دیکھوں گا کہ یہ واضح ہیں یا نہیں۔ اس سے پیشتر کی تصویریں اتنی غیر واضح تھیں کہ سمجھ میں نہیں آسکتا تھا کہ کیا منظر ہے۔

آپ کی گڑبڑ کی وجہ سے مجھے اس کا اتنی جلد انکشاف کر دینا پڑا ورنہ میرا خیال تھا کہ جب تک پوری طرح تصویریں عوام میں پیش نہ ہو سکیں میں اسے راز ہی میں رکھوں۔ لیکن میرا راز میرے عزیز ترین دوست کے لئے وبال جان بن رہا تھا۔ اور آپ اپنی پوری نامعقولیت کے ساتھ اس کے سر پر مسلط تھے۔"

ڈاکٹر نے ملازم کو آواز دی اور اسے چائے لانے کو کہا

" اگر آپ کچھ وقت دے سکتے ہیں تو ان فلموں کے صاف ہونے تک ٹھیریئے تاکہ انہیں تذبیلِ مناظر Magic Lantern پر چڑھا کر دیکھ لیا جائے۔"

چائے پینے کے بعد ہم لوگ کمرۂ تاریک میں چلے گئے۔ وہاں ڈاکٹر نے فلم کو دوائیوں میں دھونا شروع کیا

" خواب کی تصویر میں خود دیکھنے والے کی شکل نظر نہیں آسکتی کیونکہ دماغ دیکھنے والے کی شکل وصورت کا تصور نہیں کرتا۔ اس لحاظ سے ان تصویروں کو یہ فرض کر کے دیکھنا چاہیئے کہ یہ بے واقعات جولیا کے ساتھ پیش آرہے ہیں۔"

" یہ دیکھو " ڈاکٹر نے کہا " عکس ابھر رہے ہیں "

" وہ مارا " تھوڑے سے وقفہ کے بعد ڈاکٹر چلا اُٹھا " بالکل صاف اور واضح تصویریں ہیں بالکل جیسے کیمرے کی "

تھوڑی دیر میں فلم دھل کر تیار ہو چکا تھا۔ خشک کرنے کے لئے اسے ایک برقی آلہ میں رکھ دیا گیا اور ہم لوگ وہاں سے ہٹ گئے

مغرب کے قریب فلم کی چھپی ہوئی یعنی مثبت کاپی تیار ہو گئی۔ اشتیاق کے ساتھ ہم لوگ تاریک کمرے میں پہنچے۔ ڈاکٹر نے قندیل مناظر میں فلم چڑھایا۔ سامنے دو گز کے فاصلے پر ایک سفید پردہ جو لکڑی کے چوکھٹے میں تانا ہوا تھا کھڑا کر دیا گیا۔ روشنی گل ہوئی اور فلم شروع ہوا۔ پردہ پر مادام رولان نہایت واضح طور پر حرکتیں کرتی ہوئی نظر آ رہی تھیں۔

" یہ جولیا کی والدہ صاحبہ ہیں " ڈاکٹر نے کہا " غالباً خواب میں جولیا انکی گالیاں سن رہی ہے "

مدموازل جولیا نے اس پر ایک ہلکا سا قہقہہ لگایا

تھوڑی ہی دیر میں مادام رولان غائب ہو گئیں کچھ دیر دھندلے سائے نظر آئے ایک سیاہ نقطہ درمیان میں نمودار ہوا جو بڑھتے بڑھتے ایک چھوٹے بچے کی شکل میں تبدیل ہو گیا۔ یہ بچہ آہستہ آہستہ پورے پردے پر چھا گیا

" یہ کوئی بچہ ہے " ڈاکٹر نے کہا " جسے جولیا اپنی گود میں لئے ہوئے ہے۔ یہ جولیا کی آرزو کا خواب ہے ..... ماں بننے کی آرزو ..... ایک عورت کے لئے اس سے بہتر اور کیا آرزو ہو سکتی ہے۔

(۹)

" دعوت نامہ نہیں ملا تمہیں ؟ " زارکوف نے باندازِ قدیم کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا

" ملا تو سہی مگر ....

" مگر کیا ؟ " اس نے بات کاٹتے ہوئے کہا " تم نے چلنے کی ابھی تک تیاری نہیں کی "

" مگر زارکوف " میں نے کہنا شروع کیا " یہ معمہ میری سمجھ میں نہیں آیا کہ مدموازل جولیا کی شادی

کارلو سے کیسے ہو رہی ہے "

" تمہاری سمجھ میں نہیں آتا تو میری سمجھ میں کب آتا ہے" زارکوف نے کہا

" وہیں چل کر کچھ راز کھلے گا" میں نے اُٹھتے ہوئے کہا اور ہم روانہ ہوئے

شادی پر اہتمام طریقہ پر انجام پا رہی تھی مدموازل جولیا نے جواب مادام کارلو بن چکی تھیں بڑھ کر ہمارا استقبال کیا اور ہم کارلو کو مبارکباد دینے کے بعد بیٹھ گئے

" آپ کی شادی ڈاکٹر کارلو سے کیسے ہو رہی ہے مادام ؟" زارکوف نے سوال کیا

" یہ ایک دلچسپ داستان ہے" مادام نے جواب دیا " بہرصورت یہ میرا اپنا انتخاب تھا"

" لیکن آپ کی شرائط ؟" زارکوف نے پھر پوچھا

" میں نے اپنی شرائط کا پورا خیال رکھا ہے" مادام نے کہا۔

" یہی تو ہماری سمجھ میں نہیں آتا" میں نے کہا

" یہ پھر کبھی سن لیجئے۔"

" اگر اس محفل کے لائحۂ عمل میں کوئی خلل واقع نہیں ہوتا تو ابھی سنا دیجئے" زارکوف نے نہایت عاجزی سے کہا " ہم اس قدر بیچین ہیں کہ اس مسرت کا لطف نہیں اٹھا سکیں گے"

" خیر آپ کا اصرار ہے تو سنائے دیتی ہوں" مادام کارلو نے اُٹھتے ہوئے کہا " مگر یہاں نہیں۔ میرے ساتھ آیئے۔ ہم علیحدہ کمرے میں گفتگو کریں گے"

ہم اُٹھ کر چلنے لگے تو ڈاکٹر کارلو نے خاص نظروں سے اپنی بیوی کی طرف دیکھا

" اس معاملہ میں یہ کوئی غیر نہیں ہیں کارلو" مادام نے اپنے شوہر سے مخاطب ہو کر کہا اور ہم لوگ ایک علیحدہ کمرے میں پہنچے۔ تینوں کرسیوں پر بیٹھ گئے۔

" قصہ یہ ہے" مادام نے کہنا شروع کیا " شرط میں ژیران نے کامیابی حاصل کر لی گو اس تجربے کے سلسلے میں میرے ساتھ اس کی خلاف قانون حرکت مجھے بُری معلوم ہوئی تھی لیکن اس کی کامیابی نے مجھے درگذر کرنے پر مجبور کر دیا۔ اس کے چند روز بعد ہم نے کارلو کو مطلع کیا کہ دوسرے ہفتہ

ہماری منگنی ہونیوالی ہے ۔ میرے نزدیک کارلو کا دل شکستہ ہونا مسلم تھا اس لئے مجھے یہ مناسب معلوم ہوا کہ میں خود اس سے مل لوں ۔ اس خیال کے ساتھ ہی میں سیدھے اس کے مکان پر پہنچی اور حسبِ عادت بغیر اطلاع کروائے ہوئے اندر گھس گئی کارلو کسی بیاض کے مطالعے میں مشغول تھا۔ میری آہٹ پر اس نے نظر اُٹھائی جوں ہی اس نے مجھے دیکھا، کچھ بوکھلا سا گیا ۔ یکایک لپک کر اس نے بیاض آتشدان میں پھینک دی

یہ انسانی فطرت کا تقاضا ہے کہ جو چیز اس سے چھپائی جائے اس کے لئے وہ زیادہ بیچین ہو جاتا ہے یہی حال میرا ہوا ۔ یہ محسوس کر کے کہ کارلو مجھ سے کوئی چیز چھپا رہا ہے بغیر آگ کا خیال کئے ہوئے میں نے پھرتی سے بیاض آتشدان سے باہر نکال لی ۔ جلد کافی دبیز ہونیکی وجہ سے صفحات کو زیادہ نقصان نہیں پہنچا تھا ۔ کارلو نے مجھ سے بیاض چھیننے کی کوشش کی لیکن میں اسے لیکر غسل خانے میں بھاگ گئی اور اندر سے دروازہ بند کر لیا

بیاض میں میں نے دیکھا کہ اس تجربے کی پوری تفصیلات تاریخ وار لکھی ہوئی تھیں جسے میری دانست میں ژیران نے انجام دیا تھا ۔ اور پھر بیاض پر کارلو کا نام لکھا ہوا تحریر بھی کارلو ہی کی تھی ۔ تجربہ کی تفصیلات کے آخر میں لکھا ہوا تھا ۔ "ژیران کے حوالے" اس کے ساتھ ہی تاریخ بھی پڑی ہوئی تھی ۔

میں شش و پنج میں مبتلا ہو گئی ۔ سیکڑوں خیالات میرے دماغ میں ایک ساتھ جمع ہوئے اور مجھے لامحالہ خود کارلو سے استفسار کرنا پڑا ۔

" یہ بیاض تمہاری ہے نا کارلو ؟" میں نے پوچھا

" آخر تم نے اسے پڑھ ہی لیا " اس نے کہا

" میں سب کچھ جان چکی ہوں " میں نے جواب دیا " مجھے صاف صاف بتاؤ کہ تم نے اپنے نظریہ کو ژیران کے حوالے کیوں "

" میں نے ژیران کو کیا دیا ؟" اس نے کہا " صرف تھوڑی سی رہنمائی کی ۔ ۔ ۔ ۔ وہ بھی بہت کم "

میری تشویش اتنی بڑھی ہوئی تھی کہ میں سیدھے ژیران کے پاس پہنچی۔ ادھر ادھر کی باتیں کرکے میں نے اس کے تجربے کا ذکر چھیڑا اس کی ذہانت کی بہت تعریف کی اور باتوں باتوں میں پوچھا

"کارلو سے کچھ مدد نہیں ملی تمہیں"

میری امید کے خلاف اس نے صاف انکار کردیا۔ مجھے دوسری ترکیب سوجھی

"اب تو یہ گھر میرا ہے" میں نے کہا اور ادھر اُدھر گھومنا شروع کیا

"بے شک" ژیران نے جواب دیا "تمہارا تھا، تمہارا ہے اور تمہارا رہے گا"

چپکے سے میں اس کے تجربہ خانے میں پہنچ گئی اور ایک ایک چیز کا بغور معائنہ شروع کیا۔ عکسالہ جس سے ژیران نے میرے خوابوں کی تصویریں تیار کی تھیں ایک طرف رکھا ہوا تھا۔ اس کے پچھلے حصے پر مجھے کارلو کی دستخط نظر آئی۔ یہ کارلو کی عادت ہے کہ جب وہ اپنے اور صرف اپنے لئے بازار سے کوئی چیز خریدتا ہے تو نکٹائی کی پن سے اس پر دستخط کردیتا ہے۔ عکسالہ پر کارلو کی دستخط اس بات کا بیّن ثبوت تھا کہ وہ کارلو ہی کا بنایا ہوا ہے۔

میں نے ژیران سے کچھ نہیں کہا اور پھر کارلو کے پاس پہنچی

"ژیران نے مجھ سے سب کچھ کہہ دیا" میں نے کارلو سے کہا "اب تم سچ سچ بتلادو کہ تم نے یہ حرکت کیوں کی؟"

کارلو تھوڑی دیر تک میرا منہ تکتا رہا بالآخر اس نے کہا

"ژیران نے کہدیا؟"

"ہاں" میں نے کہا "میں تم سے صرف اس کی وجوہات سننا چاہتی ہوں"

"شرط میں ژیران کو شکست ہو رہی تھی" قدرے توقف کے بعد کارلو نے کہنا شروع کیا "ژیران نے مجھے یقین دلایا اور میں نے خود بھی محسوس کیا کہ تم اس کی طرف زیادہ مائل ہو۔ اگر شرط میں جیت جاتا تو شاید تم خوش نہ ہوتیں۔ اس لئے میں نے ژیران کو سب کچھ دیدیا"

"کارلو" میں نے کہا "اتنے دنوں میرے ساتھ رہنے کے باوجود تم نے مجھے سمجھنے میں

غلطی کی۔ میں بس اس سے ناخوش ہوں" اس خاموش دیوتا کے ساتھ میری شادی کی بس یہی وجہ ہے"

"ژیران کہاں ہے" میں نے پوچھا

"سوئٹزرلینڈ میں" مادام نے جواب دیا "وہ اس آلہ میں خوش ہے"

"بڑی مسرت ہوئی مادام" زارکوف نے کہا "اب اجازت دیجئے۔ ہم چلتے ہیں"

"واہ" مادام نے کہا "شب کا کھانا تو کھاتے جائیے"

ظہیر الدین رونق (عثمانیہ)

موھنجدارو

(وادیٔ سندھ کا تمدن)

تمہید موھنجدارو کے انکشاف نے دنیائے تاریخ اور تمدن میں ایک انقلاب پیدا کردیا ہے۔ اب تک تاریخ ہند سے متعلق جو نظریے اور قیاسات تھے وہ بالکل بے بنیاد و غلط ثابت ہوگئے۔ ہندوستان کی تاریخ کے متعلق یہ قیاس اور نظریہ تھا کہ ہندوستان کی تاریخ بنانے والے اور یہاں تہذیب و تمدن پھیلانے والے آریا ہیں جو یہاں سنہ عیسوی سے ایک ہزار سال قبل آکر آباد ہوئے یہ لوگ ہندوستان میں درۂ خیبر اور بولان کے راستہ سے وسط ایشیا سے آئے اور بعد میں رفتہ رفتہ فتوحات اور کامیابی کے ساتھ پھیلنے اور آباد ہونے لگے۔ یہی ایک بہت مہذب اور متمدن قوم تھی ورنہ ان سے قبل ہندوستان میں جاہل اور وحشی اقوام آباد تھیں۔ جو برہنہ یا نیم برہنہ حالت میں جنگلوں میں رہتے اور پھل شہد اور گوشت پر گزارا کرتے تھے۔ ان کی اگر آبادیاں تھیں تو بھی بہت ہی پست اور غیر مہذب قسم کی ان ہی کو آریاؤں نے اپنے مذہبی کتب وید وغیرہ میں داس کے نام سے موسوم کیا اور آریاؤں کے ہی اثرات سے ان غیر متمدن وحشی لوگوں میں تہذیب کی لہر دوڑ گئی۔ نہ ان میں رسم تھا نہ رواج اور نہ ہی کوئی مذہب اور حکومت۔ مگر موھنجدارو کے انکشاف سے یہ تمام قیاس اور خیال آرائیاں باطل ہوگئیں۔ کیونکہ علمائے ارضیات و آثارِ قدیمہ کے رائے میں ان کھنڈروں کا بہت پرانا ہونا ثابت ہوچکا ہے۔ اب بھی ٹھیک طور پہ اندازہ نہیں لگایا جاسکتا کہ یہ مکانات و کھنڈر اور دیگر اشیا جو وہاں دستیاب ہوئیں کتنی پرانی ہیں ماہرین میں بھی اختلاف رائے ہے۔ ان کی رائے میں یہ کھنڈر تین ہزار سے

لیکر چھ ہزار قبل از مسیح تک کے ہوسکتے ہیں۔ چند ماہرین نے اس سے بھی زیادہ قدیم ثابت کرنے کی کوشش کی مگر غالب قیاس اوّل الذکر کی تائید میں ہے۔ اس شہر کی حالت جس کو موھنجداڑو کے نام سے یاد کیا جاتا ہے بہت ہی بہتر اور مہذب و متمدن معلوم ہوتی ہے۔ وہاں اچھے خاصے دو منزلہ اور سہ منزلہ مکانات موجود تھے تعمیر کا خاص فن تھا۔ حمام کو خاصی اہمیت تھی۔ اور عوام کے لئے بڑے بڑے حمام موجود تھے زمین دوز پختہ زینوں کی نالیاں ایسی مضبوط اور اصولی طور پر تیار ہوتی تھیں کہ اب تک ان کی مضبوطی میں فرق نہیں آیا تعمیر مکان میں روشندان در و دریچہ کا خاص اہتمام تھا۔ کپڑے اور اون کی صنعت اور ملبوس تیار کرانے اور استعمال کرنے کا رواج تھا غلہ میں گیہوں اور جو کی کاشت کے نشانات ثابت ہو چکے ہیں۔ فنون لطیفہ میں ان لوگوں کو نہ صرف کافی دخل بلکہ اچھی مہارت تھی۔ صنعت قلب معادن پائی جاتی تھی سنگتراشی اور آرٹ بھی موجود تھا۔ زیورات چاندی اور سونے کے پائے گئے ہیں۔ قیمتی کنکر بھی ملے ہیں۔ بہت سی مہریں دستیاب ہوئی ہیں۔ ان تمام اشیاء کے ملنے سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہونچتی ہے کہ ہندوستان میں اور خصوصاً وادئ سندھ میں آج سے پانچ ہزار سال قبل ایک متمدن اور مہذب قوم بستی تھی جس کی تہذیب و تمدن بلند اور ایک اونچے معیار کی تھی۔ اچھے آرام دہ مکانات میں ان کا قیام تھا مذہب کا احساس اور شیو اور مہامائی کی پرستش رائج تھی۔ ضرور ان لوگوں میں منظم اور طاقتور حکومت بھی ہوگی اور ان کا تہذیب و تمدن گو آج کل کے میکانی ترقیات کے مماثل نہ ہوگا مگر دیگر شعبہ زندگی اور قطع نظر میکانی ترقی کے کسی حالت میں موجودہ حالت سے کم بھی نہ ہوگا۔ اور اس سے سابقہ نظریہ کہ ہندوستان کے قدیم باشندے آریاؤں کے آمد سے قبل جاہل اور وحشی تھے بالکل بے بنیاد ہوگیا۔ اور یہ قیاس غالب ہوتا ہے کہ گلہ بانی کرنے والی قوم اس قدر مہذب اور شائستہ قوم کو کس طرح تمدنی سبق دے سکی بلکہ بہت ممکن ہے کہ آریاؤں نے ہی ان لوگوں سے تہذیب سیکھی ہو

آریا آریاؤں کے ہندوستان میں آنے کے متعلق بھی مختلف نظریے ہیں۔ ایک دبستان کا کہنا ہے کہ آریا قطب شمالی سے وسط ایشیا اور وہاں سے درہ خیبر اور بولان کے راہ ہندوستان میں داخل ہوئے اور پھیلتے گئے۔ ان کا ایک حصہ ہندوستان میں داخلہ سے قبل ہی ان سے علیحدہ ہوکر ایران میں آباد ہوا اور وہاں سے مغرب کی جانب پھیلتے ہوئے ہنگری اسٹریا اور پرشیا (جرمنی) تک آباد ہوگئے۔ دوسرا دبستان

یہ کہتا ہے کہ آریاؤں کا اصلی وطن قطب شمالی نہیں بلکہ اسٹریا اور ہنگری ہے۔ یہ لوگ وہاں سے مشرق کی طرف پھیلے اور ہندوستان تک آباد ہو گئے۔ تیسرا اسکول کہتا ہے کہ آریا ہندوستان کے ہی باشندے ہیں قدامت سے یہیں ہیں۔ نہ کہیں سے آئے اور نہ گئے۔ موھنجداڑو کے انکشاف تک پہلے دبستان کی رائے مستند سمجھی جاتی تھی۔ مگر موھنجداڑو اور ہڑپا وغیرہ کے انکشاف کے بعد تیسرے دبستان کی رائے بہت قرین قیاس معلوم ہوتی ہے کہ آریاؤں کا ہی تہذیب و تمدن ہندوستان میں قدامت اور تاریخی دور سے پہلے کا ہے اور سمیرین۔ مصری اور عراق کا تمدن بعد کا ہے جو کہ ہندوستان سے ماخوذ ہے۔ انگریز ماہرین تاریخ و آثار قدیمہ بلا اختلاف اس رائے سے اتفاق کرتے ہیں کہ سب سے قدیم تہذیب و تمدن وادی سندھ، موھنجداڑو اور ہڑپا کا ہے اور دیگر مراکز تمدن مثلاً سمیرین۔ مصری وغیرہ یہاں کے تجلی ہی سے منور ہوئے ہیں۔ اکثر علماء تاریخ کا یہ کہنا ہے کہ زمانہ قدیم میں صرف ہندوستان کی آریا قوم ہی مہذب اور متمدن تھی۔ اور دیگر مقامات پر یہاں سے یہ قوم جاکر آباد ہو کر تہذیب و تمدن پھیلایا ہے اور اس طرح سمیرین۔ مصری اور عراق کا تمدن بھی آریائی تمدن ہے۔ اور مشہور رومن شہنشاہت بھی آریاؤں ہی کی قائم کردہ تھی۔ یہ قوم یورپ تک پھیل گئی تھی۔ اور اسی بنا پر جرمن اقوام بھی اپنے آپ کو آریا Aryans کہتے ہیں۔ تیسرے دبستان کے علماء کا بھی یہ خیال ہے کہ ایک قوم ایک زبان ہی رائج تھی جو کہ زمانی اور مکانی قیود کے تحت علیحدہ علیحدہ رسم الخط بھی لکھی جانے لگی ورنہ اس زبان کے حصص میں اب بھی تلفظ اور معنی کے لحاظ سے اکثر الفاظ ملتے جلتے ہیں۔ اور یہی زبان کہیں لاطینی کہیں عربی اور کہیں سنسکرت کے نام سے موسوم ہوئی۔ دوسرے دبستان کے حامی بہت کم ہیں کہ آریاؤں کا وطن آسٹریا ہنگری تھا اور وہاں سے ہندوستان تک پھیلے۔ اس نظریہ میں اصلیت نہیں پائی جاتی۔ خصوصاً جب سے موھنجداڑو کے انکشافات ہوئے۔ اس اسکول والوں کے اہم دلائل یہ ہیں کہ ویدمیں جو نام جانوروں وغیرہ کے پائے جاتے ہیں وہ آسٹریا ہنگری کے زبان میں اب بھی رائج ہیں اس لئے ویدآریاؤں کی قدیم تاریخ ہے جس کو آسٹریا ہنگری سے ساتھ لائے۔ مگر یہ زیادہ قرین قیاس معلوم ہوتا ہے کہ آریاؤں کا جو حصہ کشور کشائی یا آبادکاری کے لئے مغرب گیا ہوگا یہاں سے وید اپنے ساتھ لیتا گیا ہوگا اور اب تک وہ نام

وہاں مروج ہیں۔

موھنجداڑو کا محل وقوع اور انکشاف

موہنجداڑو کے لفظی معنی Mowd: of dead کے ہیں یہ مقام ہڑپا جو کہ پنجاب میں واقع ہے بعد معلوم ہوا ہے۔ اس کا محل وقوع شہر لرکھنا (سندھ) سے ۲۵ میل اور نارتھ ویسٹرن ریلوے کے اسٹیشن ڈوکری سے ۷ میل پر ہے۔ جغرافی نقطۂ نظر سے عرض البلد و طول البلد معلوم کیا جائے تو ۲۷° ۱′ شمال اور ۶۸° ۸′ جنوب ہوگا۔ یہ مقام ۱۹۲۱ء کے قبل تک ناہموار اونچے نیچے ٹیلوں کی شکل میں تھا اور اکثر لوگوں کا یہ خیال تھا کہ ان ٹیلوں کے کھودنے پر شاید کوئی ذخیرہ آثار قدیمہ کا برآمد ہو۔ اس کے انکشاف کا سہرا مسٹر آر۔ ڈی بنرجی ایک بنگالی افسر آثار قدیمہ کے سر ہے جنھوں نے اس خوشگوار خواب کو شرمندۂ تعبیر کردیا۔ مگر ان کو خود اس بات کا گمان تک نہ تھا کہ ان ٹیلوں کے نیچے ایک بہت قدیم اور ہزارہا سال قبل کا شہر برآمد ہوگا جس سے کہ دنیا تاریخ میں انقلاب ہوجائے گا۔ بنرجی کا خیال تھا کہ ان ٹیلوں کے نیچے اگر کوئی آثار قدیمہ برآمد ہونگے تو وہ ایک یا دو صدی قبل از مسیح تک کے ہوسکتے ہیں یعنی بدھ دور کے آثار قدیمہ ہونگے اور اسی خیال کے تحت انھوں نے کھدوائی شروع کروائی مگر جب ان کو چند مہریں کھدوائی میں برآمد ہوئیں تو اپنے کام کی اہمیت کا اندازہ ہوگیا کیونکہ اس کے قبل ہڑپا کا انکشاف ہوچکا تھا۔ اور یہ مہریں بالکل اسی قسم کی تھیں جیسی کہ ہڑپا میں ملی تھیں۔ اس کے بعد مسٹر بنرجی نے حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کروائی اور استدعا کی کہ خاص رقم عطا فرماکر کھدوائی جاری رکھوائی جائے۔ اس پر وہاں اور ایک افیسر آثار قدیمہ مسٹر کے این دکشت روانہ کئے گئے اور دو سال تک ان دونوں ماہرین کی ان تھک محنت اور جانفشانی سے بہت سے مقامات صاف کئے گئے جس سے اس کام کی اہمیت اور بڑھ گئی اس کے بعد سرجان مارشل ڈائرکٹر جنرل آثار قدیمہ نے معائنہ فرماکر رائے دی کہ ایک ایک ٹیلہ کھودنا بیوقوفی مفید نہیں ہے۔ کیونکہ اب تک کی کھدائی سے صاف ظاہر ہوچکا تھا کہ یہ آثار ایک پورے شہر کے ہیں سرجان مارشل نے دو لانبی خندقیں طولاً و عرضاً کھدوائیں تاکہ اس سے شہر کی وسعت کا اندازہ ہوسکے۔ اس کے بعد ایک سال تک مسٹر ایم ایس وائس کے زیر نگرانی کام جاری رہا۔ آخر میں ۱۹۲۵ء میں حکومت ہند نے ایک گرانقدر رقم اس انکشاف کے لئے منظور فرمائی اور سرجان مارشل نے خود بہت اعلیٰ افسران

آثار قدیمہ اور ماہرین کے ساتھ کھدوائی شروع کردی۔ ان ماہرین میں مسٹر ای میکے۔ مسٹر ننا اللہ اور رائے بہادر دیارام سہانی بہت مشہور ہیں۔ ان تمام ماہرین اور سابقہ افسران اور ماہرین کی مدد سے سرجان مارشل نے رقبہ کو چار حصوں میں تقسیم کرکے دو سال میں بہت بڑے حصہ کا انکشاف کیا۔ اور اب بھی وہاں معمولی طور پر کام جاری ہے۔ سرجان مارشل کا خیال ہے کہ ابھی انکشاف اور تحقیق کا وسیع میدان باقی ہے۔ اب تک جو جو چیزیں حاصل ہوئیں اس سے ان لوگوں کے تمدنی اور عمرانی پہلو پر روشنی پڑتی ہے اس کا ذکر ذیل میں ہوگا۔

موہنجداڑو کی جغرافی حالت ان تمام انکشافات کے بعد ماہرین کی رائے ہے کہ سندھ کی جغرافی حالت میں اس وقت کوئی خاص فرق یا تبدیلی کا ہونا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ جہاں پر کہ آجکل موہنجداڑو پایا جاتا ہے۔ وہاں کی آب وہوا سخت اور بارش بہت کم ہوتی ہے۔ اچھے موسم میں یہاں بارش کا سالانہ اوسط زائد از زائد ۵ انچ ہے۔ موسم سرما میں بارہ نقطہ انجماد سے نیچے اور گرما میں انتہائی حرارت ۱۲۰ درجہ ہوجاتی ہے علاوہ اس کے ریتیلے طوفان کی وجہ سے یہاں کا موسم نہ خوشگوار ہی نہیں بلکہ انتہائی تکلیف دہ ہے۔ تو ایسے تکلیف دہ اور سخت آب وہوا میں اتنا اچھا اور خوشگوار تمدن فروغ پانا قرین قیاس نہیں معلوم ہوتا۔ ماہرین ارضیات کی رائے ہے کہ اس گذرے ہوئے تمدنی عہد میں یہاں کے موسم کا نہایت خوشگوار ہونا اور ملک کا زرخیز اور دریاؤں سے سرسبز و شاداب ہونا ضروری معلوم ہوتا ہے جب ان کھنڈروں کی قدامت کا اندازہ پانچ ہزار سال سے زیادہ لگایا جاتا ہے تو اس تمدنی معیار کی داغ بیل کم از کم تین چار ہزار سال اس سے بھی قبل ڈالی گئی ہوگی اور اس وقت کے جغرافی حالت میں اور اس کے جغرافی حالت میں فرق ہونا قرین قیاس معلوم ہوتا ہے۔ سر آورل اسٹین جنھوں نے سندھ اور بلوچستان کے مختلف جغرافی اشیاء اور پتھروں وغیرہ کو دیکھ کر یہ قیاس قائم کیا ہے۔ کہ زمانہ قدیم میں اس حصہ میں بہت کافی بارش ہونے کے آثار پائے جاتے ہیں سرجان مارشل بھی خود کے پیش کردہ دلائل یعنے موھنجداڑو میں بندھ وغیرہ کے نشانات اور مکانات کی تعمیر میں پختہ اینٹوں وغیرہ کے استعمال پر بحث کرتے ہوئے یہ ثابت کرتے ہیں کہ اس وقت سندھ میں بارش کا اوسط ۲۰ انچ تک پایا جاتا ہے اس کے علاوہ وہاں جو مہریں پائی گئی ہیں ان پر تمام ان جانوروں کی تصویریں

نقش ہیں جو صرف مرغزار اور جنگلوں میں پائے جاتے ہیں مثلاً۔ شیر، بیل، گینڈا وغیرہ یہ ہرن مہر اور دیگر مہروں کے مانند یہاں شیر ببر اور بارہ سنگا کی تصویریں نہیں پائی جاتیں جو کہ ریتلے پہاڑیوں کے جانور ہیں۔ غرض ان تمام واقعات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہاں کا اوسط بارش بہت کافی تھا۔

میجر ریورتی نے (Raverty) جغرافی نقطۂ نظر سے غور کرنے کے بعد یہ رائے قائم کی ہے کہ سندھ میں دریائے سندھ کے علاوہ ایک اور دریا کے بہنے کے آثار پائے جاتے ہیں۔ چودھویں صدی عیسوی تک بھی سندھ دریا کا دو حصوں میں بہنا ثابت ہوتا ہے۔ اس رائے کی سرجان مارشل نے بہت سے دلائل کی بنا پر تائید کی ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ زمانۂ قدیم میں اور ایک دریا رواں تھا جس کا نام مہران تھا۔ دریا سندھ اور دریائے مہران دونوں موھنجداڑو کے قطعہ کو سیراب کرتے تھے۔ اور اس کی وجہ سے یہ خطہ بہت زرخیز ہو گیا تھا۔ ان دریاؤں میں اکثر طوفان وطغیانی آیا کرتے تھے جس کے اثرات موھنجداڑو کے قدیم آثار سے ثابت ہوتے ہیں کافی بارش کی وجہ سے اور ان دریاؤں کے سیراب کرنے کی وجہ سے یہ خطہ سرسبز وشاداب تھا اور خوشحالی کے باعث ہی یہاں کے مختلف عمرانی پہلو ترقی کر سکے اور تمدن پھل پھول سکا۔ ورنہ خشک اور سخت موسم میں تمدن کی بیل پروان چڑھنا ناممکن ہی نہیں بلکہ محال ہے۔

رقبہ سرجان مارشل کی رائے میں موھنجداڑو کا رقبہ انکشاف شدہ رقبہ سے کہیں زیادہ وسیع ہوگا۔ کیونکہ بہت سے آثار کو انقلاب زمانہ، باد وباراں اور سندھ کی نمک ملی ہوئی مٹی نے تباہ وتاراج کر دیا۔ اور ان تباہی وبربادی کے باوجود جو باقی رہے وہ آجکل پیش نظر ہیں۔ شہر کے عمارات کا سلسلہ ختم ہونے کے بعد نصف میل کے فاصلہ پر بجانب مشرق اور شمال پھر کھنڈروں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اس سے یقینی طور پر رائے قایم نہیں کی جاسکتی کہ درمیان میں میدان وغیرہ کسی خاص اغراض کے لئے چھوڑ کر سلسلہ تعمیر جاری رکھا گیا ہے۔ یا شہر کی حد ختم ہونے کے بعد مضافاتی آبادی کے اثرات ہیں کیونکہ اب تک کل ۲۴ ایکر رقبہ کا انکشاف ہوا ہے جس سے وہاں عمارات کی بلندی اوسطاً ۲۰، ۳۰ فٹ اور کہیں کہیں ۷۰ فٹ پائی گئی ہے۔ شہر کا نقشہ بہت ہی دلفریب اور بالکل حالیہ قسم کا معلوم ہوتا ہے

شہر کے نقشہ پر طائرانہ نظر ڈالنے سے صاف ظاہر ہو جاتا ہے کہ شہر خاص طریقے اور قرینے سے بسایا گیا ہے خود بخود بے ڈھنگے طور پر آباد نہیں ہوا بلکہ خاص قسم کی Town planing پائی جاتی ہے۔ یہاں کی آبادی گنجان ہو گی۔ سڑکیں بالکل سیدھی اور شہر کے اس سرے سے اُس سرے تک چلی گئی ہیں البتہ سڑکوں میں کشادگی کم ہے جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس وقت بھاری قسم کی سواریوں کا عام رواج نہ تھا۔ Drains (زمین دوز نالیاں) کا انتظام بہت باقاعدہ ہے جو سڑکوں کی نیچے سے بند طور پر گذاری گئی ہیں۔ شہر کے اطراف آیا کوئی فصیل تھی یا نہیں۔ جیسا کہ اکثر قدیم شہروں میں پائی گئی ہے اس کے متعلق مسٹر میکے کی رائے ہے موہنجداڑو میں کوئی فصیل نہ تھی مگر سر جان مارشل اس رائے سے اختلاف کرتے ہوئے زمانہ قدیم کی تاریخ کو پیش نظر رکھتے ہوئے ثابت کرتے ہیں کہ فصیل تو ضرور تھی مگر ضرورتاً آبادی بڑھنے پر شہر کو وسعت دینے کی خاطر توڑ دی گئی ہے۔ ثبوت میں نشیب زمین کے مکانات پیش کرتے ہیں جو کہ شہر کی سطح زمین سے تقریباً ۳۰ فٹ نشیبی حصہ پر بعد میں تعمیر کئے گئے۔

سطح موہنجداڑو میں تغیرات۔ مرور زمانہ کے ساتھ موہنجداڑو کی سطح اور زیرین سطح اور سطح آب میں تغیر واقع ہوا ہے عمارات کی بلندی اوسطاً ۲۰ فٹ سے ۳۰ تک پائی جاتی ہے اور کہیں کہیں ۷۰ فٹ اونچے مکان بھی اس زمانے میں تعمیر ہوئے تھے۔ اوپر کی سطح عرض میں تو کوئی خاص فرق واقع نہیں ہوا۔ البتہ زیرین سطح اور سطح آب Subsoil Water level میں کافی فرق رونما ہوا ہے کیونکہ سر جان مارشل کو اکثر مقامات میں ۱۵ / ۲۰ فٹ پر زمین سے پانی نکلتا ہوا ملا ہے جس سے مزید کھدوائی اس مقام پر ناممکن ہو گئی۔ ان کی رائے میں زیرین سطح Subsoll اس وقت سے تقریباً ۱۵ / ۲۰ فٹ بلند ہو گئی ہے۔ حالانکہ اوپری سطح میں کوئی خاص فرق نہیں پایا جاتا۔

فن تعمیر موہنجداڑو کے کھنڈروں میں جب اس کی کشادہ سڑکوں پر گذرتے ہیں تو مارشل صاحب کو ایسا معلوم ہوتا کہ حالیہ لنکاشائر جیسے گنجان شہر کے کھنڈر ہیں یعنی وہاں کی فن تعمیر اس قدر پختہ اور بلند معیار کی ہے کہ حالیہ شہر کا مغالطہ ہوتا ہے۔ مکانات نہایت پختہ اور کشادہ و ہوادار ہیں۔ ان میں نمود و نمائش نہیں بلکہ پختہ اینٹوں کو گھس کر صاف کر کے خوشنمائی پیدا کر دی گئی ہے اور کہیں کہیں ان پر استرکاری

کے نشانات پائے جاتے ہیں۔ الغرض ضرورتاً جتنا کہ کیا جانا لازمی تھا اتنا ہی کیا جاتا اور بس۔ بے جا نمائش و آرائش وزیبائش کا وہاں کہیں نشان نہیں ملتا۔ مکان کی تعمیر میں لکڑی بھی بکثرت استعمال کی جاتی تھی۔ مگر وہ بہت کم اچھی حالت میں ملی ہے۔ لکڑی پر البتہ نقش ونگار کے نشانات پائے جاتے ہیں۔ مکانات کی تعمیر میں اینٹیں بکثرت ہی نہیں بلکہ کلیتہً استعمال کی جاتی تھیں۔ موہنجداڑو کے معمار کچی اینٹوں کے استعمال سے واقف تھے مگر صرف بنیاد اور درز بندی کے سوا اور کہیں یہ اینٹ استعمال نہیں کی جاتی تھی جیسا کہ عراق اور مصر میں خام خشت تعمیر امکنہ میں استعمال ہوتی تھی۔ موہنجداڑو میں تعمیر مکان جملہ پختہ اور مضبوط اینٹ سے ہوتی تھی اینٹوں کے درمیان مٹی اور کھریا ملا کر دیا جاتا تھا۔ اہم پانی کے مقامات میں اور پانی کی نالیوں و نہروں میں چونا اور کھریا بھی استعمال کیا جاتا تھا۔ مگر چونے کا استعمال بہت کم تھا۔

دیواریں عموماً سیدھی اور عموداً تیار کی جاتیں مگر اونچی اور ان دیوارات پر جن کو کہ کافی وزن پڑنے والا تھا اونچائی اور وزن کے تناسب سے ضخیم ہونے کے علاوہ پشتی دار ہوتی تھی تاکہ سیلاب وغیرہ سے بھی محفوظ رہ سکیں۔ دیواروں کی بنیادیں بھی اسی تناسب سے گہری ہوتی تھی۔ بنیادوں میں کہیں کہیں چونے کے کنکر اور کہیں پتھر کے ٹکڑے بھی پائے گئے ہیں۔ فرش زیادہ تر صاف اینٹوں اور ٹائیلس کا ہوا کرتا تھا حمام وغیرہ کے فرش میں زیادہ اہتمام برتا جاتا تھا۔ مکانات کے دروازوں اور دریچوں میں لکڑی کا کام ہوتا تھا۔ مکان میں اکثر موقع بہ موقع کمانیں بھی پائی جاتی ہیں۔ کمان فن تعمیر کا ارتقائی عمل ہے۔ موہنجداڑو میں کمانیں نہ صرف مکانات میں بلکہ ڈرینیں میں بھی پائی گئی ہیں۔ جن سے ان کی بلندی معیار فن تعمیر کا اندازہ ہوتا ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ ان لوگوں کے مکانات عام طور پر دو منزلہ اور اکثر سہ منزلہ بھی ہوا کرتے تھے۔ اوپر چڑھنے کے لئے مکان میں دو تین جگہ سے زینہ اور سیڑھیاں بھی موجود تھیں جو کہ بالکل حالیہ سیڑھیوں کی طرح پائی جاتی ہیں۔ اکثر بڑے مکانوں میں باؤلیاں موجود ہیں جو کہ گول یا بیضوی شکل کی بنی ہوئی ہیں۔ باؤلیاں پختہ اینٹوں سے تعمیر کی جاتی تھیں۔ چند مکانات کے باؤلیوں کے کمروں میں سڑک کی طرف بھی دروازے موجود ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مالک مکان نے ان باؤلیوں سے عوام کو بھی مستفید ہونے کی اجازت دے رکھی تھی۔

تین آتشکدے بھی موہنجدارو میں پائے گئے ہیں مگر سرجان مارشل کو ان کے آتشکدے ہونے کا ہنوز یقین کامل نہیں۔

موہنجدارو کے مکانات میں حمام کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ ہر مکان میں حمام حسب ضرورت تعداد میں ملتے ہیں اور ان سے نالیاں راست سڑک اور Lane (گلی) کی ڈرینس میں ملادی گئی ہیں۔ حمام مکان کے ہر منزل پر پائے جاتے تھے۔ بیت الخلار بھی مکان میں لازمی طور پر ہوا کرتے تھے اور ان کا بھی مکان کے ہر منزل پر پایا جانا ضروری تھا۔ ان حمام اور بیت الخلار کا پانی و غلاظت مٹی کے نلوں کے ذریعہ سڑک کے ڈرینس میں ملادیا جاتا تھا۔ یعنی بالکل آجکل فلش کے بیت الخلا اور موجودہ حمام کی طرح اس وقت بھی انتظام تھا۔ مکانات کی چھت اکثر چوبی ہوا کرتی تھی جس پر کہ اینٹ یا مٹی کی تہ دی جاتی تھی۔ سرجان مارشل کا قیاس ہے کہ اس زمانہ میں ٹایل (Tyle) سلیٹ تانبے اور پیتل کا رواج چھتوں میں تھا۔ بعد میں صرف اینٹوں کو ہی چونے کے ساتھ چھتوں میں استعمال کرنا شروع کیا گیا جس کو سکھارا کہا جاتا۔ اس سکھارا کو فن تعمیر کے نقطہ نظر سے بہت اہمیت ہے۔

موہنجدارو کے عمارات کو عام طور پر ان کی نوعیت کے لحاظ سے تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ (۱) رہایشی مکانات۔ (۲) ایسی عمارات جس کا مقصد ہنوز واضح نہیں ہوسکا (۳) حمام بغرض رفاہ عام جن کو کہ مذہبی یا عمرانی اہمیت حاصل تھی۔

رہایشی مکانات موہنجدارو میں عام مکانات اور مکانات برائے ملازمین و عملہ میں بہت تھوڑا فرق کیا جاسکتا ہے وہ فرق صرف وسعت کا ہے۔ مکان کی تعمیری نقطہ نظر سے آرائش و زیبایش کے معیار سے کوئی فرق نہیں برخلاف اس کے دیگر ممالک میں جو مکانات برآمد ہوئے ہیں۔ ان کے وضع و قطع سے بآسانی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ عام رعایا کے مکانات کونسے ہیں۔ مذہبی عمارات کونسی ہیں اور شاہی محلات کونسے ہیں۔ مگر موہنجدارو میں عام مکانات اور شاہی محلات میں امتیاز کرنا نہ صرف دشوار بلکہ ناممکن و محال ہے۔ سرجان مارشل کا خیال ہے کہ موہنجدارو میں راعی و رعایا کے مکانات میں کوئی خاص فرق نہ ہوتا تھا۔ اگر تھا تو صرف وسعت و کشادگی کا کیونکہ مکانات میں کوئی خاص خصوصیت نہیں ہے۔ سرجان کہتے ہیں کہ اگر شاہی

محلات تھے تو یہ مان لینا پڑیگا کہ ان کا ہنوز انکشاف ہی نہیں ہوا۔ یہاں اتنی گنجائش نہیں کہ ہر مکان کی خصوصیت پر بحث کی جائے مگر عام طور پر مکانات کا نقشہ اور ان کی مجوزہ ارضی و عمودی تراش دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ مکان کی تعمیر میں ہمہ قسم کی ضرورت کا لحاظ رکھا جاتا تھا۔ متوسط قسم کے مکان مثلاً (مکان نمبر ۸) میں دو زینہ صحن۔ دو زینے ایک باؤلی۔ تین چار حمام اور بیت الخلاء۔ ایک کمرہ برائے مہمان۔ ملازمین کے کمرے اور راکین کے ضروریات کے لئے پہلی منزل پر دس اور دوسرے و تیسرے منزل پر حسب ضرورت کمرے ہوا کرتے تھے باورچی خانہ بھی ہوتا تھا۔ اور زمین کی سطح کو کافی بلند کر کے ایک دو کمرے دوسرے یا تیسرے منزلہ پر تیار کئے جاتے تاکہ سیلاب و طغیانی کے وقت محفوظ مقام ثابت ہو سکیں۔ اوسط درجہ کے مکان کو دو یا تین دروازے راستے پر ہوتے تھے۔ مکان میں بالائی منزلہ سے زیرین منزل تک بیت الخلاء اور حمام کا پانی نلوں کے ذریعہ نیچے سڑک کی ڈرینس میں ملا دیا جاتا۔ اعلیٰ قسم کے مکانوں میں (مثلاً مکان نمبر ۱۳) پندرہ سولہ کمرے زیرین منزل میں اور اتنے ہی دوسرے اور تیسرے منزل میں ہوا کرتے تھے۔ اس میں تین زینہ اور تین دروازے پائے جاتے ہیں۔ اعلیٰ قسم کا مکان صرف وسعت کے لحاظ سے بڑا ہے نہ کہ آرائش کے لحاظ سے۔ اس سے قیاس ہوتا ہے کہ اس میں بڑے خاندان یا کئی مشترکہ خاندان سکونت پذیر ہوتے ہوں گے۔ اس میں چار صحن اور کئی حمام وغیرہ ہیں۔ مکان کا نقشہ اور ارضی تراش دیکھ کر یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ایک بہت بڑا چار حصوں والا مکان ہے۔ ہر حصہ میں تمام ضرورتیں مہیا کی گئی ہیں۔ اگر درمیان سے ان حصوں کو الگ کر دیا جائے اور شمال کی طرف ایک اور راستہ نکالا جائے تو بہت آسانی سے چار مکان بن سکتے ہیں۔ اگر کوئی خاص ترمیم نہ کی جائے تو بھی تین حصے خود بخود موجود ہیں جن میں سے ہر ایک از خود ایک مکان ہے۔ ہاں البتہ باؤلی صرف ایک اور سب میں مشترک ہے۔ اس بلاک یا مکان سے اور بھی بڑی بڑی عمارتیں رہائشی اغراض کی برآمد ہوئیں ہیں جیسے مکان نمبر ۲۷ و ۱۸۔

عمارات جنکی غرض تنقیح طلب ہے

اس کے علاوہ دوسرے قسم کی عمارتیں (مثلاً نمبر ۳) برآمد ہوئی ہیں جن کا مقصد اب تک معلوم نہ ہو سکا کہ کس غرض کے لئے استعمال کی جاتی تھی۔ ممکن ہے کہ یہ مندر وغیرہ کے طور پر استعمال کی جاتی ہوں کیونکہ ان کے چند کمروں سے شیو کی مورتیاں برآمد ہوئیں۔ یا کسی اور

غرض کے لئے استعمال کی جاتی ہوں ۔ کیونکہ کسی خاص کمرے سے مورتی برآمد ہونا اس کی دلیل نہیں کہ مندر ہی ہو ۔ اکثر ہندو گھرانوں میں آج بھی مکان میں ایک کمرہ بغرض پرستش وعبادت مختص کردیا جاتا ہے ۔ اس خیال کے تحت یہ مکان کا ایک کمرہ عبادت ہوسکتا ہے ۔ اس قسم کے مکانات کی تعمیر ویسی نہیں جیسی کہ اوپر بیان کی جاچکی ہے ۔ اور رہائشی اغراض کے لئے اتنے آرام دہ نہیں جتنے کہ موخر الذکر ۔

ایک اور قابل ذکر عمارت بہت بڑا ستونوں والا ہال ہے جو کہ حصہ ج بلاک ۱ میں پایا گیا یہ بہت بڑا ہال ہے جس کے دراندے میں ستون لگے ہوئے ہیں ۔ بالکل دور وسطیٰ کے دربار عام کی شکل کا بنا ہوا ہے اس میں درمیانی جگہ کے اطراف بنچیں پتھر کی موجود ہیں ۔ اس کی فن تعمیر بالکل بدھی وہارے سے ملتی جلتی ہے ۔ اور ایلورہ کے مہاردارہ ہال سے مشابہت رکھتی ہے ۔ سرجان مارشل کی رائے میں درمیانی نشست کے اطراف جو بنچوں کی لائن ہے اس سے قیاس کیا جاسکتا ہے کہ یہ ان لوگوں کا اسمبلی ہال ہوگا اور اس سے اس وقت کے سیاسی حالات پر کچھ روشنی ڈالی جاسکتی ہے ۔

حمام Public Bath

موہنجداڑو کی کھدائی میں ایک بہت بڑا حمام جو کہ رفاہ عام کے لئے بنایا جاتا ہے ۔ ایسے حمام قدیم اور زمانہ ماقبل تاریخ کے دیگر مقامات میں کہیں نہیں پائے جاتے ۔ سرجان مارشل کی رائے میں یوں تو حمام کو موہنجداڑو میں بہت کافی اہمیت ہے کوئی گھر بغیر حمام کے نہیں ملتا ۔ مگر اس بہت بڑے حمام کی کیا اہمیت ہوسکتی ہے اب تک صحیح طور پر قیاس نہیں کیا جاسکا کہ اس حمام کی اہمیت محض حفظان صحت کی اصولوں کی حد تک محدود تھی یا اس کو کوئی سماجی یا مذہبی اہمیت بھی حاصل تھی ۔ حمام کے درمیانی حصہ میں ایک بہت بڑا حوض ہے (۸ × ۲۳ × ۳۹) جس میں دونوں طرف سے سیڑھیاں اترنے کے لئے موجود ہیں ۔ یہ حمام غریب اور امیر عورت مرد اور بچے بوڑھے سب کے لئے ہوا کرتے ۔ اس حوض میں بجانب شمال ایک خاص اور معین حصہ صرف ایک خشک گہرائی کا ہے جہاں کہ ضعیف اور بچے اور کمزور نہا سکیں ۔ جملہ تعمیر پختہ سرخ اینٹوں سے کی گئی ہے ۔ مسٹر میکے کی رائے میں یہاں کی سیڑھیوں پر سامنے چوبی حاشیہ دیا جاتا تھا تاکہ نہ صرف مضبوطی رہے بلکہ پھسلن بھی کم ہو ۔ اس قسم کی تعمیر قرون وسطیٰ سے لیکر حالیہ دور تک اکثر امیر وامرار کے محلوں میں پائی جاتی ہے ۔ اس

حوض کے پانی کے نکاس کا تو معقول انتظام ہے ۔ مگر اس کو پھر کیونکر بھرا جاتا ہوگا ۔ اس پر مسٹر میکے نے بحث کرتے ہوئے ثابت کیا ہے کہ نمبر ۱۶ کی باؤلی سے اس کو اندرونی طور پر بھر دیا جاتا ہوگا کیونکہ باؤلی اور حوض میں اندرونی طور پر تعلق رکھا گیا تھا جو مرور زمانے کے ساتھ بند ہوگیا تھوڑی دور تک تو کھدائی سے سلسلہ معلوم ہوتا ہے مگر بعد میں پتہ نہیں چلتا ۔ اس حوض کے گرداگرد بہت سے بند حمام یا کمرے ہیں ۔ سر جان مارشل نے ان کمروں کے بازو اور دوسرے منزلہ کے ایک باقی حصہ پر کوٹلہ پایا ہے جس سے انہوں نے اندازہ لگایا کہ یہ گرم پانی کے حمام ہوں گے اور بہت ممکن ہے Hot air bath ہوں ۔ اگر یہ صحیح ہے تو ہم کو بلاشک وشبہ مان لینا پڑتا ہے کہ ان لوگوں کی سائنس اور دیگر ترقیات اور معیار زندگی کسی حالت میں بھی ہم لوگوں سے کم نہ تھی کیونکہ Hot air bath بالکل نئی اور حالیہ زمانے کی چیز ہے جو کہ یورپ میں اور ہندوستان کے بہت بڑے بڑے بلاد میں جاری ہوا ہے ۔ حفظان صحت کے اصولوں پر سام کھولنے کے لئے اس سے بہتر اور کوئی طریقہ نہیں جس سے اہل موہنجدارو واقف تھے اور مستفید ہوا کرتے تھے ۔ ان کمروں کی سطح بہت ڈھلوان رکھی جاتی تھی تاکہ پانی بہت جلد بہ جائے ۔ جو ڈرینس میں ملا دیا جاتا تھا ۔ ڈرینس کے اوپر پتھر رکھے ہوئے پائے جاتے ہیں یہاں دیواروں میں بھی پانی کے حوض پائے گئے ہیں جس سے بند حمام کی اہمیت میں اضافہ ہو جاتا ہے ۔ کہ ان میں گرم اور سرد پانی پہونچایا جاتا تھا ۔ یہاں کی تعمیر میں اینٹ بہت پختہ اور بڑی استعمال کی گئی ہے ۔ اینٹوں کے درمیان معمولی مٹی یا کھر یا نہیں بلکہ سمنٹ پائی جاتی ہے (جس کی کیمیائی تحلیل کرنے پر کھر یا ۔ چونا ۔ ریتی اور الکلائین سالٹ پایا گیا) جو کہ اس وقت بہت کمزور اور خراب ہوگی ۔ اس کے نکل جانے کے باوجود بھی اینٹوں کے درمیان کوئی شگاف نہیں پایا جاتا ۔ کیونکہ اینٹوں کو یہاں پر گھس کر تعمیر میں لایا گیا ہے ۔ اوپر کی طرف دو زینے پائے گئے اور ایک بہت تھوڑا حصہ اس وقت بھی دو منزلہ ملتا ہے جس سے گمان غالب ہے کہ حمام کا بہت بڑا حصہ کم سے کم دو منزلہ ضرور ہوگا ۔ مگر یہ ہنوز واضح نہ ہو سکا کہ دو منزلہ پر بھی حمام ہوتے تھے یا وہ حصہ کسی اور کام میں لایا جاتا تھا ۔ اگر حمام ہوتے ہوں گے تو ان میں پانی کے رسد کا کیا اہتمام تھا ۔

حمام کی عمارت میں داخل ہونے کے لئے چھ دروازے پائے جاتے ہیں۔ مسٹر میکے کی رائے میں ایک صدر دروازہ یا گیٹ بھی ہونا ضروری ہے۔ گو اس کے آثار نابود ہو گئے ہیں۔ قلت گنجائش کے باعث حمام کے متعلق مزید تفصیلات یہاں پیش نہیں کی جاسکیں۔ مگر اس قدر بڑے اور وسیع اور بلند معیار کے حمام بغرض رفاہ عام دنیا کے لئے ایک غور و فکر کی شئے بنا ہوا ہے۔

دیگر تمدنی عناصر اور فنون لطیفہ

عمارات کا ذکر باختصار ختم کرنے کے بعد ہم ان لوگوں کے طریق زندگی اور ان اشیاء سے جو کہ ان کے روزمرہ کام آتی تھیں اور وہاں کی کھدوایوں میں دستیاب ہوئی ہیں۔ بحث کریں گے کہ آج سے پانچ چھ ہزار سال قبل کا رہن سہن اور طریق زندگی کیسا ہے موہنجداڑو اور ہڑپا میں اس وقت کاشتکاری اور زراعت کے اثرات پائے جاتے ہیں۔ ایک خاص قسم کا چقماق کے پتھر کا آلہ دستیاب ہوا کہ جس سے کہ ہل کا کام لیا جاتا تھا۔ اور غلہ بھی از قسم گیہوں اور جو دستیاب ہوا ہے جو اکھلیوں میں صاف کیا جاتا تھا۔ چکی کے بھی آثار پائے جاتے ہیں مگر گول حالیہ طرح کی چکی وہاں معدوم معلوم ہوتی ہے۔ اناج کے علاوہ وہاں کے لوگوں کی خوراک میں گوشت۔ تازہ اور سوکھی مچھلیاں مرغ اور دیگر پرندے۔ دریائی اور سمندری مچھلی۔ دیگر دریائی جانور از قسم کچھوے اور گھڑیال بھی داخل تھے جس کا ثبوت بادرچیخانہ کے قریب ان جانوروں کی نیم سوختہ ہڈیوں اور ڈھانچوں سے ملتا ہے۔ سر جان مارشل کی رائے میں ان لوگوں میں دودھ اور پھل (جو کہ اس وقت وہاں پیدا ہوتے ہوں) اور دیگر سبزیات وغیرہ کے بھی استعمال کا رواج ہونا ضروری ہے۔ گو اس کا صریح ثبوت قطعی طور پر نہیں پایا جاسکتا۔

پالو جانور

موہنجداڑو میں پالو جانور بھی بکثرت ہوا کرتے تھے۔ اس زمانہ ماقبل تاریخ میں سانڈ، بھینس بھیڑ۔ ہاتھی۔ اونٹ۔ سور اور مرغ بکثرت پائے جاتے تھے جیسا کہ ان کے ڈھانچے دستیاب شدہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ آخری دو کے متعلق شک ہے کہ آیا وہ پالتو تھے یا جنگلی جو کہ بعد شکار لائے جاتے تھے۔ کتے کے پالتو ہونے کے متعلق کوئی صریحی قدیم شہادت نہیں ملتی۔ کتے کے ڈھانچے جو ملے ہیں وہ اوپری سطح پر ہیں جس سے یہ قیاس کرنے میں دشواری ہوتی ہے کہ یہ ڈھانچے زمانہ ماقبل تاریخ کے ہیں یا بعد کے۔ کرنل سویل Swell کی رائے میں کتے بھی موہنجداڑو میں پالے جاتے تھے

جو کہ Australian Hound یا آسٹریلیا کے شکاری کتوں کے مشابہ ہوتے تھے۔ ثبوت میں چند مہروں کے نقوش کو پیش کرتے ہیں جو کہ کتے کے مشابہ ہیں مگر پوری طور پر واضح نہیں۔ البتہ سکندر اعظم کے حملہ کے دوران میں وہاں بہت خوفناک قسم کے کتوں کا ذکر آتا ہے جو کہ شیر کا بھی مقابلہ کر سکتے تھے۔ گھوڑے کے متعلق بھی یقینی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ آیا یہ جانور موہنجداروں میں پالتو حالت میں تھا یا نہیں۔ کیونکہ ہڑپا میں اس کا کوئی نشان نہیں پایا جاتا مگر کرنل سویل نے ثابت کیا ہے کہ یہ جانور موہنجداروں میں تھا اور اس وقت کے گھوڑے حالیہ کاٹھیاواری گھوڑوں کی طرح ہوا کرتے تھے۔ پروفیسر Langdon کی رائے میں گھوڑا وادی دجلہ و فرات میں تین ہزار سال قبل از مسیح پہلے بھی پایا جاتا تھا تو بہت ممکن ہے وہاں سے وادی سندھ میں آیا ہو ان تمام دلائل سے گھوڑے کے وجود کے نظریہ کو تقویت پہونچتی ہے۔

بیلوں اور دیگر جانوروں کی جو تصویریں مہروں پر نقش ہیں۔ ان سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس وقت افزائش نسل حیوانات کے طرف بھی توجہ کی جاتی تھی۔ کیونکہ جانوروں کی جسمانی حالت نہایت ہی صحتور اور سڈول ہے ورنہ جب تک حقیقت نہ ہو آرٹسٹ آرٹ میں نہیں لا سکتا۔

وحشی اور جنگلی جانور | موہنجداروں میں جنگلی اور وحشی جانوروں کا بھی وجود پایا جاتا تھا جس کا یا تو شکار کیا جاتا یا پکڑ کر رکھا جاتا۔ ان میں نیولا۔ چوہے اور چار قسم کے ہرن۔ (کشمیری بارہ سنگا۔ سانبر۔ چیتل اور سیاہ رنگ کا ہرن) عام طور پر پائے جاتے تھے۔ وحشی جانوروں میں شیر۔ گینڈا۔ بندر۔ ریچھ اور خرگوش کا وجود بھی مہروں اور نقوش سے ثابت ہے۔

ادویات | ادویات کے قسم سے موہنجداروں میں کوئی چیز دستیاب نہیں ہوتی شاید دست برد زمانہ سے باقی نہ بچی ہو۔ صرف ایک قسم کی سیاہ چیز چٹانوں سے ملی ہے اور وہ سلاجیت ہے۔ جو کہ اُس وقت بھی بطور دوا استعمال کیا جاتا تھا۔ اور آجکل ایورویدک حکمت میں جس کی اہمیت اظہر من الشمس ہے۔

دھاتیں | موہنجداروں میں ضروریات زندگی اور خانہ داری اسلحہ حرب اور اوزارات کے لئے مختلف قسم کی دھاتوں کا رواج پایا جاتا تھا۔ جن میں تانبہ۔ ٹین جست بہت عام ہیں یہ بات ثابت نہ ہو سکی کہ

دھاتیں کہاں سے حاصل کی جاتی تھیں آیا وہاں کوئی کان تھی یا دیگر مقامات سے برآمد کی جاتی تھیں بہرحال مارشل کی رائے میں ایران اور عرب اور تبت سے درآمد کی جاتی ہونگی مگر سر ایڈون پسکو Sir Edwin Pascoe کی رائے میں سونا جو یہاں زیورات وغیرہ میں استعمال کیا گیا ہے جنوبی ہند سے درآمد ہوا ہے یعنی حیدرآباد اور میسور کی کانوں کا سونا ثابت ہوتا ہے کیونکہ اس سونے میں چاندی خاص تناسب کی پائی جاتی ہے اور اب بھی کولار (میسور) کی کان میں چاندی کا تناسب زیادہ ہے۔

جست اور چاندی بھی سونے کی طرح زیورات اور بڑے ظروف کی تیاری میں کام آتی تھی جست کا استعمال مقابلتہً دیگر دھاتوں کے بہت کم نظر آتا ہے۔ تانبا البتہ بکثرت استعمال ہوتا تھا کیونکہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عہد حجر کے بعد تانبے سے بھی تمام اوزارات اور خانہ داری کی چیزیں مثلاً برتن۔ ظروف۔ اسلحات۔ خنجر۔ بھالے۔ نیزے۔ چاقو۔ آرے۔ چھینیاں استرے اور ارزاں قسم کے زیورات مثلاً انگوٹھی۔ کڑے۔ لولک۔ کرن پھول وغیرہ تیار کئے جاتے تھے۔ تانبا موہنجدارو میں راجپوتانہ بلوچستان اور ایران سے درآمد کیا جاتا تھا۔ اور اس درآمد اور برآمد سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں بھی تجارتی تعلقات بہت دور دراز ممالک تک پھیلے ہوئے تھے۔

تانبے کے علاوہ روزمرہ کے ضروریات کی اشیاء کی تیاری کے لئے ٹین اور کانسہ کے استعمال کا بھی رواج پایا جاتا تھا۔ کانسہ عموماً زیادہ تیز اور دھاردار اوزارات کی تیاری میں استعمال ہوتا تھا کانسے کے بہت کم مصنوعات دستیاب ہوئے ہیں۔

پتھر | قدرتی طور پر سندھ میں پتھر بہت کم یاب ہے۔ مگر موہنجدارو کے مکانات کی تعمیر میں تین رنگ کا پتھر لگا ہوا ملتا ہے۔ سفید۔ زردی مائل اور چونے کا پتھر۔ پتھر کے متعلق ماہرین کا خیال ہے باہر سے درآمد کیا جاتا ہوگا خصوصاً زرد رنگ کا پتھر جیسلمیر کے علاقہ سے آتا ہوگا۔ مکانات کی چوکھٹ اوزان۔ ظروف۔ طشتریاں۔ چاقو وغیرہ پتھروں سے تیار کئے جاتے تھے۔ پتھر۔ مذہبی مورتیاں۔ لنگ اور یونی کی تیاری میں بھی کام آتا تھا اور نالیوں کے اوپر بھی اکثر شاہ راہوں پر پتھر ہی ڈھکے ہوئے ملتے ہیں۔

جواہرات | موہنجداڑو کے لوگ قیمتی کنکروں کے بھی قدر و قیمت اور استعمال سے واقف تھے مختلف رنگ و روپ کے کنکر زیورات میں جواہرات کے طور پر لگے ہوئے ملے ہیں۔ ان میں سنگی بلور لعل۔ سنگِ سلیمانی۔ عقیق۔ عقیق ابیض۔ یشپ۔ سرخ چھینٹے دار کنکر۔ اور نیلم بہت عام ہیں جو کہ غالباً خلیج ایران۔ راجپوتانہ۔ پنجاب۔ نیلگری اور وادی گوداوری و کرشنا سے درآمد کئے گئے ہونگے۔

رال | موہنجداڑو میں اکثر اشیاء کو پانی سے محفوظ کرنے یا بارش سے بچانے کے لئے رال (مشابہ لاکھ) اُس شئے کے اوپر لگادی جاتی تھی۔ اور اس طرح رال کا استعمال بھی عام تھا۔ رال ماشل صاحب کی رائے میں ایران سے درآمد کی جاتی ہوگی۔ یوں تو رال ہندوستان میں بھی پائی جاتی تھی مگر ایران کی رال بہت اچھی قسم کی ہوتی تھی۔

اہل موہنجداڑو ہاتھی دانت۔ ہڈی۔ سیپ و سنکھ اور گونگا وغیرہ کی صنعت میں بھی ماہر تھے مگر موخرالذکر دونوں کی صنعت کو یہاں کوئی خاص فروغ حاصل نہیں تھا جیسا کہ مصر و یونان وغیرہ میں۔ تاہم سیپ و سنکھ وغیرہ منقش حالت میں پائے گئے ہیں۔

سوت اور روئی | سوت کاتنے کا عام رواج ہر امیر و غریب گھر میں پایا جاتا تھا۔ کیونکہ تقریباً بہت سے مکانوں میں سوت اور کاتنے کے آلات مٹی یا دیگر دھات کے ملے ہیں۔ اُون کا بھی رواج عام تھا۔ سوت کی تحقیق کرنے پر ماہرین روئی نے ثابت کیا ہے کہ وہاں بہت اعلیٰ قسم کی روئی پیدا ہوتی تھی جو کہ حالیہ امریکن اور مصری کپاس کے مقابلہ کی تھی۔ ماہرین پارچہ بافی کا خیال تھا اس سوت سے نہایت نفیس پارچہ بنا جاتا ہوگا۔ مسٹر گولاٹی اور مسٹر ٹرنر کی رائے میں پارچہ پر سنہری رنگ بھی دیا جانا ثابت ہے۔

(باقی دارد)

بالا پرشاد شکلا بی۔ اے (عثمانیہ)



Mr. MIR ASAD ALI B. A., D. P. E. (Osman).
Captained Hockey Eleven in 1927-28. Formerly worked as Chief Physical Instructor.
He is at present Control officer of the students of the Osmania University.

"بدنصیب البانیہ"

گبن جو عالمی مورخین میں ممتاز درجہ رکھتا ہے، البانیہ کے متعلق یوں رقمطراز ہے کہ "یہہ ملک ایطالیہ کی نظروں میں ہے اور اتنا ہی کم معروف ہے جتنا کہ اندرونی امریکہ"۔ فی الحقیقت ساری بلقانی ریاستوں یعنی یوگوسلاویہ، البانیہ، یونان، ترکی، بلغاریہ اور رومانیہ میں اسے کوئی اہمیت حاصل نہیں درانحالیکہ اس کا جغرافی محل وقوع ایطالیہ اور یونان کی آویزش کے وقت جس میں آگے چل کر جرمنی اور انگلستان بھی شامل ہوگئے، بڑی قیمت رکھتا تھا اس کے شمال میں یوگوسلاویہ، مغرب میں بحر اڈریاٹک، جنوب میں یونان اور مشرق میں بلغاریہ اور یوگوسلاویہ کا جنوبی حصہ ہے۔ نقشہ کا سرسری مطالعہ البانیہ کی اہمیت کو بخوبی واضح کرسکتا ہے۔

پولینڈ اور البانیہ کی سیاسی زندگی بڑی حد تک ملتی جلتی ہے۔ پولینڈ ۱۷۷۲ء میں روس، پروشیا اور آسٹریا کے مابین منقسم ہوا۔ ۱۷۹۳ء میں اس کی دوسری تقسیم عمل میں آئی اور ۱۷۹۵ء میں تیسری۔ ۱۸۱۵ء میں ویانا کی کانگریس نے اس کے باقاعدگی سے حصے بخرے کئے۔ لیکن معاہدۂ ویرسائی کی رو سے ۱۹۱۹ء میں اس کو مکمل آزادی عطا ہوئی۔ اسے قسمت کی ستم ظریفی کہئے تو بجا ہے کہ ہٹلر اور اسٹالن کا آہنی طوق غلامی پھر سے پولینڈ کی گردن میں ڈالدیا گیا۔ البانیہ کی تاریخ بھی اسی قسم کے بدنما داغ پیش کرتی ہے۔ سلطنت عثمانیہ کی فتوحات سے قبل تمام بحر اڈریاٹک کے مشرقی ساحل پر ایطالوی پرچم لہراتے تھے۔ پندرہویں صدی سے

۱۹۱۴ء تک البانیہ ترکوں کے زیر اقتدار رہا۔ اس عرصہ میں تھوڑے تھوڑے وقفوں سے اسے آزادی حاصل ہوتی رہی۔ یہہ غالباً البانوی فطری اثرات تھے کہ حُرّیت کے علمبردار اس ملک میں بسا اوقات خال خال رہے۔

۱۹۱۴ء میں البانیہ نے مکمل آزادی حاصل کرلی۔ اس پرآشوب زمانہ میں شہزادہ ولیم البانیہ کی ڈگمگاتی کشتی کا کھویا قرار پایا۔ اس ملاح کے بازو اتنے طاقتور نہ تھے کہ ناؤ کو بھنور سے نکال کر ساحل مراد پر لگا دیتے۔ ولیم خانہ جنگیوں اور جنگ عظیم کی تباہ کاریوں سے مغلوب ہوگیا اور سراسیمگی کے عالم میں ملک کو دشمن کے حوالہ کرکے راہ فرار اختیار کی۔ اتحادین کی فوجیں ملک میں گھس آئیں۔ یہہ بخوبی روشن رہے کہ گذشتہ جنگ عظیم میں ایطالیہ جو اس وقت ناتسیت کے آستانہ پر جبہ سائی کر رہا ہے، اتحادیوں کا حلیف تھا۔

مشہور انگریز سیاسی مورخ سر چارلس پیٹر Lords of the اپنے مقالہ Inland Sea میں البانوی انتداب کا نقشہ اس طرح کھینچتا ہے کہ "ایطالوی اقتدار کے تحت البانیہ کی آزادی انگلستان، فرانس اور روس نے ۱۹۱۵ء میں معاہدہ لندن کی رو سے تسلیم کرلی ہے ـــــ معاہدۂ ویرسائی ۱۹۱۹ء کے تکمیل پاتے وقت ایطالوی وزیر اعظم آرلینڈس Orlands کی عدم قابلیت کی وجہ سے محافظت کی بجائے انتداب کی شرط قرار پائی۔"

اس بیان نے ہم پر یہہ ظاہر کردیا کہ ایطالیہ البانیہ کو ہضم کرنا چاہتا تھا۔ لیکن یہ کوشش ناکامی پر منتج ہوئی۔ علاوہ بریں اس کمزور مسلک کے باوجود ایطالوی حکومت شطرنج کے مہروں کو یوں جماتی رہی کہ اسے انتداب سے بھی ہاتھ دھونا پڑا۔ برخلاف اس کے البانیہ کی ہمسایہ مملکتیں خاص طور پر یوگوسلاویہ نے اپنی سیاست کی تنظیم جدید شروع کی اور Strait of Otranto کے مشرقی ساحل پر عسکری قوت کو مستحکم کرنا شروع کیا۔ یوگوسلاویہ کا یہہ طرز عمل ایطالیہ کے مفادات کو ٹھیس پہنچا رہا تھا۔ اسی زمانہ یعنی ۱۹۱۷ء میں شہزادۂ ولیم فرار ہوگیا۔ جس پر ایطالوی کمانڈر انچیف نے البانوی باشندوں کا دل موہ لینے کے لئے یہہ اعلان کیا کہ

"سنیر رکا ملک البانیہ کو آزاد مملکتوں کے دوش بدوش کھڑا دیکھنے کا متمنی ہے۔" بہرحال اپنے موقف کو مستحکم کرنے کے لئے ایطالیہ نے ۱۹۲۱ء میں بلقانی ریاستوں کی کانفرنس منعقد کی جس میں یہہ طے پایا کہ کسی قسم کا اقدام جس سے سرحد البانیہ میں تبدیلی ہو، ایطالیہ کے حق میں مضرت رساں ہوگا اور اقدامی ملک مستوجب انتقام قرار پائیگا۔ چونکہ اس زمانہ میں انگریزی اقتدار بلقانی ریاستوں پر کم وبیش مسلط تھا۔ لہذا اس کانفرنس میں انگریزوں نے بلقانی نمایندوں کے ذریعہ ایطالیہ کو البانیہ کے حق انتداب سے محروم کروادیا اور جس کے ٹھیکہ دار برطانیہ و فرانس قرار پائے اور جن کے زیر اثر علی الترتیب فلسطین اور شام پر انتدابی حکومت قائم ہے۔

۱۹۲۱ء سے ۱۹۲۵ء تک البانیہ ایک خونین ٹھیٹر بنا رہا تھا۔ بالآخر شاہ زوغو جن کا نام احمد زوغو ہے، اس ڈرامائی منظر پر اس طرح نمودار ہوئے کہ انہوں نے طویل خانہ جنگیوں کا خاتمہ کردیا اور خود صدر جمہوریہ قرار پائے۔ لیکن صرف ۳ سال بعد یعنی ۱۹۲۸ء میں البانیہ پر سے عمومیت کے پردے اُٹھے، حقیقت جلوہ نظر بنی اور احمد زوغو نے تخت سلطنت پر شاہی فرائض انجام دینے کے لئے قبضہ جمایا۔ شاہ زوغو کی ذاتی صلاحیتیں اور فطری کاوشیں اُجاگر ہوئیں اور عمومیت کا جنازہ البانیہ جیسے حقیر ملک نے اٹھایا۔ اس جنازہ کو نکالنے اور شاہ زوغو کو تخت شاہی دلوانے میں یوگوسلاویہ کا حصہ ناقابل فراموش تھا۔ لیکن شاہ نے اپنے محسن کی مخالفت پر کمر باندھی اور بڑی سرعت کے ساتھ ایطالیہ کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھایا۔ یہہ کوئی نئی بات نہیں تھی۔ مکیاولی کی سیاست کے نقش قدم پر کسی مدبر کا گامزن ہونا اس کی بقا کے لئے ناگزیر ہے۔ بہرحال اس وقت مسولینی آمریت کے جامہ میں ملبوس ہوچکا تھا۔ اپنی پوری توانائیوں کیساتھ شاہ زوغو کی طرف قدم اُٹھایا تاکہ یوگوسلاویہ کو نیچا دکھائے۔ یوگوسلاویہ کا مالیہ اتنی حیثیت نہیں رکھتا تھا کہ وہ البانیہ کی امداد کے سلسلہ میں ایطالیہ سے ہمسری کا دعویٰ کرسکے۔ میدان صیغم ایطالیہ کے ہاتھ رہا۔ مادی امداد کا تیز دھارا البانیہ کی طرف بہہ نکلا۔ جنگل کٹوائے اور دلدل بھروائے گئے۔ تمباکو اور زیتون

کی کاشت کا انتظام بڑے پیمانہ پر کیا گیا۔ ملک کی زرعی اور صنعتی ترقی کو نمایاں کرنے کے ساتھ ساتھ شاہ زوغو نے اس امر کی امکان بھر کوشش کی کہ ترقی کے دوڑ میں البانیہ کو کم و بیش برابر کا حصہ دار بنا دے۔ اس مقصد براری کے لئے ہوائی سرویس، لاسلکی، ٹیلیفون، بنک اور کمپنیاں قایم کئے گئے۔ حقیقت یہہ ہے کہ مسولینی اس طرح کی امداد دینے سے البانوی باشندوں میں بڑا ہردلعزیز ہوگیا۔ لیکن "محافظ اسلام" کی اسلام نوازی سے ہم بہر نوع واقف ہیں اس کا مقصد سوائے اس کے کچھ نہ تھا کہ موقعہ آنے پر ان مساعی جمیلہ سے پوری طرح استفادہ کیا جائے اور البانیہ میں ایطالوی سیادت قایم ہو۔

شاہ زوغو نے عسکری انتظامات کی طرف بھی اپنی توجہ مرکوز کی۔ البانیہ میں جبری بھرتی کے باوجود فوج کی تعداد ۱۸۰۰۰ تھی جس میں ۳۱۳۱ افسر ۱۱۴۵۰ سپاہی سرحد کی حفاظت کے لئے ۴ بٹالین، ساحل سمندر کی حفاظت کے لئے ۶ موٹر بوٹ کا اضافہ عمل میں آیا جبکہ ساحل کا طول کم سے کم ۴۰۰ میل ہے۔

اس امر کی کافی شہادت موجود ہے کہ مسولینی نے تنظیم یافتہ ایطالوی فوج کو اپنے حلیف کی حفاظت کے لئے اس روپیہ پر ترجیح دی جو پہاڑی قوم یعنی البانوی پر ایطالیہ کی جانب سے صرف کیا جاتا تھا اور جسمیں اتنی قابلیت نہ تھی کہ وقت ضرورت بندوق کی نالیوں کو دشمن کی طرف پھیر دیں حالانکہ شاہ زوغو کی کوششیں عسکری انتظامات کی طرف پوری سرگرمی سے کام کر رہی تھیں۔ غرضکہ اس نہج کی ایطالوی مداخلت ایک عرصہ سے البانیہ میں کارفرما تھی۔ جس کا نتیجہ یہہ نکلا کہ مخالفوں نے شاہ زوغو کو "مسولینی کا کارندہ" اور "ایطالوی روپیہ کا بندہ" جیسے الفاظ سے یاد کیا۔ شاہ کی غیر ہردلعزیزی کی ایک وجہ انکی شادی بھی تھی۔ جو غیر البانوی لڑکی سے عمل میں آئی اور جس امر کے لئے ساری قوم مخالف تھی۔ اس رشتہ کو قایم کرنے میں مسولینی نے مکیاولی کے وہ توڑ جوڑ لگائے کہ مکیاولی کی مکاری اور گیری بالڈی کی سیاست دانی ہر وقت اس کے پیش نظر رہی۔ ہمارے شکوک حرف غلط کی طرح مٹتے ہیں جب ہماری

نظریں شاہ کے تمام مطالبات کی فاسطیت کی دہلیز سے سرسبز ہوتا ہوا دیکھتی ہیں۔ بہرحال شاہ نے جو ابتک صرف ایک قبیلہ کے سردار تھے، ۳۰۰ خونریزیوں میں اپنے ہاتھ رنگتے ہوئے البانوی تدبّر کی داغ بیل ڈال دی۔ لیکن یہہ عمارت غارتگری کی بنیاد پر قایم ہوئی تھی اور اس کے معمار جس فرض سے روشناس ہو چلے تھے اس کا یہہ ناگزیر نتیجہ تھا کہ قتل اور کشت وخون جو غیر مہذب اور جاہل اقوام کا طرۂ امتیاز ہے، البانوی باشندوں میں اس استحکام کے ساتھ سرایت کرتا چلا جائے کہ خود شاہ زوغو اپنی پوری جد وجہد کے باوجود اس بدنظمی کو دور کرنے میں کامیاب نہ ہوسکیں۔ انہوں نے ایک قانون نافذ کیا جس کی رو سے یہ طے پایا کہ جن گروہ کے مابین انسانی خون بہے اور جانیں تلف ہوں، ان کے کشتگان کو خارج کرنے کے بعد جو بقید حیات رہیں، ان سے فی کس ایک مقررہ رقم بطور خلاف درزی قانون وصول کی جائے۔ اس مقام پر ہم البانیہ کو ہندوستان کے شمال مغربی صوبہ کے وحشی قبائل سے بھی گرا ہوا پاتے ہیں جن کی بربریت انگریز حکومت کے لئے مستقل خطرہ بتائی جاتی ہے۔ حاصل یہ کہ شاہ زوغو کی جہدِ مسلسل نے البانیہ کو ترقی کے راستہ پر ڈال دیا۔ چنانچہ ۱۹۲۷ء میں ایطالیہ سے ایک معاہدہ "متحدہ ناقابل تغیر تحفظ" ۲۰ سال کے لئے وجود میں آیا۔ شاہ کے نزدیک یہہ سارے انتظامات مفید اور احسن تھے۔ اور مسولینی اپنی سیاست کاری پر فخر کر رہا تھا کہ اس نے البانیہ کو ہر طرح اپنے جال میں جکڑ لیا اور شاہ زوغو اطالوی امر کے ہاتھ میں کھلونا بن کر رہ گئے۔ تاریخ سیاسیات کے طالب علم اس امر سے واقف ہیں کہ کس طرح مکیاؤلی گیری بالڈی اور میزنی نے ایطالوی قوم کو پستی سے نکال کر عروج پر پہنچا دیا۔ مکیاؤلی کہتا ہے کہ اخلاق اور مذہب کی پابندی افراد معاشرہ کے لئے ہے نہ کہ حکومت کے لئے۔ حکومت مذہب کو فنا کی آغوش میں سلا سکتی ہے، اخلاق کی بنیادوں کو اکھیڑ سکتی ہے اور وقت ضرورت معاہدوں کو توڑ سکتی ہے۔ یہ تھا مسولینی کا طرز عمل جس نے ۲۰ سالہ معاہدہ کو بالائے طاق رکھا اور البانیہ کی آزادی روند ڈالی۔

روم برلن محور بظاہر مستحکم اور پائیدار ہے۔ اس کی شکست کے اسباب تلاش کرنا غیر ضروری ہے۔ لیکن مسولینی کو جیسا کہ ہم دیکھتے آئے ہیں جاریہ جنگ کے ختم پر جرمنوں سے پیچھے رہنا گوارا نہیں۔ دونوں آمر لوٹ میں شریک ہیں۔ مسولینی ہر دفعہ مشکوک نگاہوں سے فیوہرر کی چالوں کا مطالعہ کرتا ہے۔ دیکھتا ہے کہ اس کی کمزوری دنیا پر عیاں ہو چکی ہے۔ حبشہ میں ایطالوی افواج کی ناکامیوں نے اُس کا دل توڑ دیا۔ یونان پر مسلسل حملے اور آخر میں ہٹلری افواج کا اس کی امداد کو آنا اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ ایطالیہ میں چھوٹی مملکتوں سے مقابلہ کی بھی قوت باقی نہ رہی۔ یہہ رہا ایطالیہ کا کمزور موقف۔ دوسری طرف ہٹلر ہے کہ برابر دوسری مملکتوں کو اپنے زیر اقتدار لاتے ہوئے آگے بڑھتا چلا جاتا ہے۔ ہنگری اور رومانیہ ریشتاغ سے وابستہ ہو چکے۔ یوں بھی رومانیہ پر جرمن جنگی قبضہ عمل میں آچکا۔ ان حالات کے تحت یہہ کہا جاسکتا ہے کہ دونوں متذکرہ مملکتیں جو پہلے سے بہ اعتبار معاشی حیثیت نیم دیوالیہ ہیں، ہٹلر کی دائمی غلامی بہت جلد قبول کریں گی۔ رومانیہ پر مقتدر ہونا جرمنی کو بحر اسود تک پہنچا دینا ہے۔ جہاں سے ترکی پر سمندری حملے ہو سکتے ہیں۔ علاوہ برین اب تو بلغاریہ بھی جو ایک اسلامی مملکت ہے، ہٹلر کے آگے سر تسلیم خم کر چکی ہے کیا اچھا ہوتا اگر روس جرمن معاہدہ وجود میں نہ آتا اور روس یا تو غیر جانبداری کی پابندی کرتا یا نہیں تو اتحادیین کی طرف جھک جاتا جس کے بعد ہٹلر کا رومانیہ، ہنگری، بلغاریہ، یوگوسلاویہ اور یونان پر اقتدار نہ دکھائی دیتا۔ اس وقت جبکہ ہٹلر مشرق کی طرف قدم اٹھا رہا ہے، روس کا ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا رہنا اسٹالن کو اس راستہ پر گامزن کراتا ہے جہاں پر بربادیوں کی نہ ختم ہونے والی گہرائیاں اس کے استقبال کو آگے بڑھتیں۔ لیکن لینن کے جانشین نے اپنی حکمت عملی کا جائزہ لیا اور جرمنی کے بطل اعظم کے آگے ایک سنگین دیوار کھڑی کر دی ہے۔ ہٹلر چاہتا ہے کہ یوکرین کے تیل کے چشموں سے فائدہ اٹھائے اور جنگ کے طولانی ہونے میں جس کے امکانات قوی ہو چلے ہیں، کسی قسم کی فکر دامنگیر نہ ہو۔ لیکن یوکرین اور قفقاز کے معدنی وسایل سے اس وقت استفادہ

کیا جاسکتا ہے جبکہ ہٹلر کو اس سرزمین پر اطمینان کا سانس لینا نصیب ہو۔ اسٹالن گراڈ اور روسٹوف پر جس بے مثال جرأت و پامردی سے جمہوریہ اشتراکیہ کے سپوت محوری دول کی عددی برتری کا ترکی بہ ترکی جواب دے رہے ہیں، وہ جاریہ جنگ کی تاریخ میں ایک ناقابل فراموش باب ہے۔ جرمنی کی یہہ قوت ایطالیہ کے لئے تشویشناک ضرور ہے کیونکہ مسولینی اپنے کو شمال اور مشرق میں مقید پائیگا اور روم برلن محور میں کمزور حلیف بن کر اس کو اپنے ظاہری غیر متزلزل وقار سے جس کا وہ آج حامی ہے، محروم ہونا پڑے گا۔ اس زد سے بچنے کے لئے اس نے دو قدم اٹھائے۔ ایک البانیہ کی جانب اور دوسرا یونان کی جانب۔ اوّل الذکر کو اس نے تنہا شکست دی اور آخر الذکر کی فتح کے لئے مجبوراً جرمنی کو آنا پڑا۔ بہرحال البانیہ کا الحاق چند گھنٹوں میں عمل میں آیا کیونکہ پانچویں کالم کے سارے انتظامات پائے تکمیل کو پہنچ چکے تھے۔ اخباری معلومات شاہد ہیں کہ کس طرح یوگوسلاویہ اور یونان پر ڈورے ڈالے گئے اور کس طرح ان کو اپنے زیر سیادت لانے کی کوششیں جاری رہیں۔ یوگوسلاویہ نے روم برلن محور کے آگے گھٹنے ٹیک دئے۔ قابل ستایش ہے یونان کہ اس نے سینیر کی عسکریت اور مکیاولی کی چالبازیوں اور مکر و فریب سے جنگ کی اور دنیا پر یہہ ثابت کردیا کہ کس طرح صداقت باطل کے مقابلہ میں ڈٹ جاتی ہے۔ یونان آج محکوم مملکتوں کی صف میں کھڑا ہے لیکن اس کی روح آزاد ہے اور اتحادئین کے شانہ بہ شانہ ہنڈن برگ کے جانشین سے برسرپیکار ہے۔ یونان اور کریٹ کے بعد روم برلن محور کی نظریں ترکی پر جم گئی ہیں۔ فان پاپن جرمن سفیر متعینہ انقرہ کی وہ ساری جدوجہد ہمارے سامنے ہے جو ترکی کو اتحادئین سے توڑنے کے لئے کی گئی تھی۔ اخبارات کہہ رہے ہیں کہ جرمنی قوت و اقتدار کو کام میں لاکر ترکی پر دھاوا بولنا چاہتا ہے اور ہمیں یہہ بھی معلوم ہے کہ روس و انگلستان نے ترکی کو اپنی پوری پوری امداد کا یقین دلایا ہے ممالک متحدہ امریکہ قانون پٹہ و قرضہ کے تحت ممکنہ مدد ترکی کو پہنچا رہا ہے۔ مسٹر ونڈل ولکی کا حالیہ سفر جس کا مقصد ترکی اور امریکہ کے سیاسی تعلقات کو استوار کرنا ہے، محوری پروپگنڈے کو نقش بر آب

بنا دیگا ۔ ترکی کو ہتیا لینے کی کوششیں سمجھ لیجئے کہ پانی پر نمک کے محل تیار کرنے سے کم نہیں۔ اور سراج اوغلو وزیر اعظم مملکت ترکیہ نے حال میں ببانگ دہل اعلان کردیا کہ اگر ترکی سرحد پر کسی نے ٹیڑھی نظر بھی ڈالی تو ترک ہر قسم کی اقدامی کارروائی کے لئے اپنے عصری اسلحہ اور سرفروشان ملت کی پرشکوہ سپاہ کے ساتھ غنیم کی امیدوں پر پانی پھیرنے تیار ہیں ۔ بہر حال ہم یہہ کہیں گے کہ انگریز حکومت کا یہہ فرض اولین ہے کہ وہ ترکی اور مصر کو دشمن کی للچائی ہوئی نظروں سے محفوظ رکھے تاکہ ہندوستان کا راستہ ایطالوی عزائم کے خطروں سے دور رہے ۔

سیاسیات کا طالب علم حقیقت بیں نگاہوں سے رفتار زمانہ کا مطالعہ کرتا ہے اور جب کبھی اس کے قلم کو جنبش ہوتی ہے تو صداقت اور حقانیت کے گوہر قرطاس ابیض پر بکھر جاتے ہیں ۔ اسی کلیہ کی روشنی میں اگر مصر کی موجودہ حالت پر غور کیا جائے تو یہہ امر بالکل عیاں ہے کہ ہٹلر کی ابتدائی کارروائیوں نے کامیابیوں کا منہ دیکھا ضرور اور جرمن فوجیں افریقہ کے شمالی ساحل کے کنارے کنارے مصر کی جانب بڑھتی گئیں لیکن جیسے ہی فیلڈ مارشل رومل نے قلوپطرا کی سرزمین پر قدم رکھا تو واقعات نے پلٹا کھایا اور اس اقدام کو فرزندان حریت نے اپنی فقید المثال قربانیوں سے روک دیا جو جاریہ جنگ کا ایک عظیم کارنامہ ہے ۔ امریکہ کی بروقت امداد جو خلوص دل سے جاری ہے، مصر کو بربریت اور دوزخی منصوبوں سے پاک رکھے گی ۔ مصر ناتسیت کا گلا گھونٹ کر اقوام متحدہ کے ۱۴ اگست ۱۹۴۱ء والے "نئے نظام عالم" کی داغ بیل ڈالیگا۔

مختصر یہہ کہ البانیہ کی مسلم مملکت جس طرح Oracle of Delphe کی قربان گاہ پر بھینٹ چڑھی وہ ضیغم ایطالیہ کی ہوس ملک گیری کا آئینہ ہے ۔ جو نقوش ہم پر مرتسم ہوئے وہ ڈوچے کی سیاست کاری کو جس میں مکر و فریب کا عنصر غالب ہے، باحسن الوجوہ نمایاں کرتے ہیں ۔ " محافظ اسلام " کی مسلم کش حکمت عملی سارے

عالم اسلام کے لئے ایک تازیانہ ہے۔ مسلم طبقوں کی مادی اور روحانی امداد اتحادیوں کے پلڑے میں اپنا پورا وزن رکھے گی۔ اگر ہماری توقعات پوری نہ ہوئیں تو خود البانیہ ایطالوی عزائم کو مشرق میں کامیاب بنانے کے لئے ایک فوجی مرکز کی حیثیت اختیار کرے گا جس کے قرائن ظاہر ہونے لگے ہیں۔ بہرحال شاہ زوغو نے جسے اپنا دوست خیال کیا تھا اسی نے انکی پیٹھ میں خنجر بھونک دیا۔ غریب البانوی ڈوچے کی ستم کاریوں کے سامنے نہتے ہیں۔ جرمن سیلاب البانوی سرحد سے گذر کر ترکی کے سامنے ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔ البانیہ کی حالیہ آزادی کی جدوجہد جس بیرحمی سے کچل ڈالی گئی وہ اس کے مستقبل کو تاریک کردیتی ہے۔ لیکن کیا عجب کہ حالیہ آویزش نے جس طرح ہیل سلاسی شہنشاہ حبشہ کو اپنی کھوئی ہوئی مملکت پر آزادی کے پرچم اڑانے کا موقعہ دیا، اسی طرح شاہ زوغو کو بھی پھر ایک دفعہ "ٹوٹی کشتی کا ملاح" بنادے۔ یہی منزل ہوگی جہاں سے کامرانیاں اقوام متحدہ کے قدم چومنے کے لئے آگے بڑھیں گی اور البانیہ ستاروں کی تابناکیوں سے قریب ہوجائے گا۔

سید علی محمد موسوی ایم۔اے (آخری)

مہتمم مدیر و مدیر انگریزی



محمد اشہد خان صاحب بی۔اے (عثمانیہ) مدیر اردو

کلیہ کی خبریں

انجمن اتحاد انجمن اتحاد کے انتخابات جامعی زندگی میں ایک جوش، ولولہ عام بیداری اور ہلچل پیدا کردیتے ہیں۔ یوں تو ہر سال انتخابات نہایت دل چسپ ہوتے رہے ہیں لیکن اس سال کے انتخابات غیر معمولی طور پر مرکز توجہ بنے رہے اور سالہائے ماسبق کی بہ نسبت اس سال طلبا کی ایک کثیر تعداد نے رائے دہی میں حصہ لیا اور حسب ذیل عہدہ داران کا انتخاب عمل میں آیا۔

صدر۔ عاقل علی خاں صاحب بی اے۔ عثمانیہ

نائب صدر۔ مرزا سیف علی بیگ صاحب بی۔ ایس۔ سی (عثمانیہ)

معتمد۔ ابو تراب خلیل الدین صاحب

کتب خانہ دار۔ حامد محی الدین صاحب۔

انجمن اتحاد کا مقصد برادران کلیہ میں ربط، ضبط اور خوش آہنگی پیدا کرنے کے علاوہ طلبار کے ملکہ تقریر اور مباحثہ کو تربیت اور جلا دینا بھی ہے۔ عہدہ داران انجمن نے حتی الامکان اس خصوص میں کوشش کی متعدد مباحثے منعقد ہوئے۔ باہر کے مقابلوں میں جامعہ کی نمائندگی بھی کیگئی لیکن ہمیں افسوس کے ساتھ لکھنا پڑتا ہے کہ جامعہ کا تقریری اور تحریری معیار وہ نہیں رہا جو پہلے تھا۔ جس کی بڑی وجہ طلبار میں ربط ضبط اور ہم آہنگی کی کمی ہے۔

یوم جامعہ، طلبار کی اجتماعی کوششوں کا نتیجہ اور ان کی ہم آہنگی کا مظہر ہوتا ہے۔ یوم جامعہ نہیں منایا گیا۔ صرف اس سال ہی نہیں بلکہ گذشتہ سال بھی اس کو نظر انداز کردیا گیا۔ یوم جامعہ کا نہایت ہی اہم جزو سالانہ اسپورٹس کے مقابلے ہوا کرتے تھے وہ بھی نہ ہوسکے چنانچہ اتھلیٹک اسپورٹس کے

کپتان ایوب احمد کرمانی نے جو رپورٹ ہم کو بھیجی ہے اس میں ایک معقول شکایت کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں

"ہاکی فٹ بال، کرکٹ ٹینس میں باہمی دوستانہ مقابلہ آئے دن منعقد ہو سکتے ہیں مگر انٹیک اسپورٹس میں جب تک بڑے پیمانہ پر انتظام نہ کیا جائے اس کی گنجائش یا موقع نہیں، یوم جامعہ کے سلسلہ ہی میں اس کا ایک موقع ملتا تھا جس میں برادران جامعہ بڑے شوق و انہماک سے حصہ لیتے تھے۔ اسپورٹس کا مظاہرہ نہ صرف دلچسپی کا باعث ہوتا تھا بلکہ اس سے طلبا اور اساتذہ میں تعاون پیدا ہوتا تھا۔ یہ ہماری بدقسمتی ہے۔ یا انجمن اتحاد کے عہدداروں کی فرض ناشناسی کہ گذشتہ دو سال سے نہ یوم جامعہ ہی منایا جا رہا ہے اور نہ اسپورٹس کے مقابلے منعقد ہو رہے ہیں۔ سال میں ایک ہی موقع ملتا تھا اس سے بھی محروم کر دیا گیا جس کی ہمیں شکایت ہے اور بہت ہی شدید"

ہمیں اس شکایت سے اتفاق ہے لیکن یہ صحیح نہیں کہ اس تساہل کے ذمہ دار صرف عہدہ داران انجمن اتحاد ہیں بلکہ اس کی ذمہ داری تمام طلبا برادری پر ہے کیونکہ ہم میں جوش، ولولے اور سب سے بڑھ کر ہم آہنگی کی کمی ہے جس کا نتیجہ ہمارا جمود ہے اور جمود اس کا ذمہ دار ہے

مباحثے متعدد تقریری مقابلے منعقد کئے گئے بعض نئے اور بعض قدیم مقررین نے اس میں حصہ لیا، مسٹر احمد محی الدین، مسٹر عبدالحق، مسٹر بی۔ کے نرائن، مسٹر رحیم الدین ظہیر آبادی اور مسٹر شعیب اللہ خاں نے نمایاں حصہ لیا۔

قرضہ حسنہ فنڈ اس سال انجمن اتحاد کے قرضہ حسنہ فنڈ سے نادار طلبا کو قرضہ حسنہ دیا گیا جو نہایت ہی مستحسن اقدام ہے۔ امید ہے کہ اس کو آئندہ بھی برقرار رکھا جائیگا۔

ذیلی انجمیں

بزم دینیات صدر قاضی محمد عبدالرحمن صاحب بی۔ اے۔

نائب صدر خلیل الرحمن صاحب۔ بی۔ اے۔

خازن محی الدین محمد عبدالقادر صاحب۔ بی۔ اے۔

جلسہ کرسی نشینی بصدارت نواب بہادر یار جنگ بہادر منعقد ہوا خطبۂ صدارت میں بعض

اہم اور مفید تحریکیں پیش کی گئیں۔ بزم کی جانب سے متعدد جلسے منعقد ہوئے۔

بزم قانون صدر ۔ عالیجناب پروفیسر حسین علی مرزا صاحب۔
نائب صدر ۔ ریاض احمد صاحب
معتمد ۔ غلام سعادت علی صاحب
خازن ۔ سید افضل علی خاں صاحب
اراکین ۔ محمد مظفر الدین صاحب
شنکر جی صاحب
یعقوب حسینی صاحب

اس سال ذیلی بزموں میں بزم قانون غیر معمولی طور پر مرکز توجہ بنی رہی اختتامی جلسہ عالیجناب آنریبل عبدالعزیز صاحب صدر المہام کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ نائب صدر نے چند اہم تجاویز پیش کیں جس سے جناب صدر نے اتفاق کیا اور عملی طور پر امداد کا وعدہ فرمایا۔ معتمد صاحب بزم قانون کی کوششوں اور کاوشوں کے باعث اس سال بزم قانون کی جانب سے ایک درسی تقاریر کا سلسلہ شروع ہوا جو نہایت فائدہ مند اور کامیاب ثابت ہوا۔ بزم کی جانب سے یوم خود مختاری سلطنت آصفیہ منایا گیا جس میں عالیجناب صدر اعظم بہادر نے بہ نفس نفیس شرکت فرمائی۔ بزم کا یہ آخری جلسہ تھا مگر اس جلسے نے جو نقوش چھوڑے ہیں وہ بہت دیرپا اور قابل قدر ہیں۔ اس کامیابی کا سہرا بزم کے سرگرم، ہونہار اور کامیاب معتمد جناب سعادت علی صاحب کے سر ہے۔

پروفیسر حسین علی مرزا کی غیر معمولی دلچسپی اور سرپرستی نے بزم کی زندگی میں ایک گونہ اضافہ کر دیا اور بزم کو طیلسانین کے معیار کے شایان شان بنا دیا۔

اعزازی ڈگریاں جامعہ کی خوش قسمتی ہے کہ جناب والا شان پرنس معظم جاہ بہادر نے ۱۵ مئی ۱۹۵۱ء کو ایک خصوصی جلسہ تقسیم اسناد میں ال ال ڈی کی ڈگری کو قبول فرما کر جامعہ کی عزت افزائی فرمائی۔

جامعہ کے مایہ ناز سپوت جناب رضی الدین صاحب کو ڈی یس سی اور ہمارے مشفق معین امیر جامعہ نواب مہدی یار جنگ بہادر کو ڈی لٹ کی اعزازی ڈگریاں دی گئیں۔

تقرر اور تبادلے انتظامی وجوہات اور کارگزاریوں کی بنا پر بعض اساتذہ صاحبان کا تبادلہ اور بعض کا تقرر عمل میں آیا، ہمارے دل اجتماع ضدین کی آماجگاہ ہیں افسوس کے ساتھ بہت سے عزیز اساتذہ سے جدا ہونا پڑا اور ساتھ ہی ساتھ ہمارے افسوس کی تلخی بعض مشفق اور فرض شناس اساتذہ کی آمد سے کم ہوگئی۔

سنسکرت کی ریڈری پر ڈاکٹر رابندر شرما ایم اے (الہ آباد) ڈی فل (میونچ) کا تقرر ہوا ہم انھیں مبارک باد دیتے ہیں۔

پروفیسر عبدالقادر سروری کی خدمات ان کے اردو ادب کی اعلیٰ قابلیت اور علمی تبحر کی بنا پر جامعہ میسور نے حاصل کیں۔ ہمیں ان کی جدائی کا رنج ہے مگر کامیابی کی خوشی بھی۔

پروفیسر عزیز احمد بی۔ اے۔ آنرز آکسفورڈ کو سکرٹری ہز ہائینس پرنس آف برار کے عہدہ پر مامور کیا گیا ہمیں خوشی ہے کہ انکی جگہ پر ان ہی کے مانند ایک زندہ دل خلیق اور قابل پروفیسر مسٹر مظہر علی خاں ایم۔ اے۔ کا تقرر کیا گیا۔

جناب وہاج الدین صاحب شمیم ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی پرسنل مددگار نائب معین امیر جامعہ کا انفارمیشن آفیسر حکومت ہند کے عہدہ پر تقرر عمل میں آیا۔ آپ بہت ہی خلیق تھے۔ آپ نے انجمن اتحاد کی سرگرمیوں میں بہت ہی نمایاں حصہ لیا ہمیں آپ کی جدائی کا رنج ہے اور یقین ہے کہ صاحب موصوف دوری کی وجہ سے اس رشتہ اتحاد کو نہیں بھلا دیں گے جو اس مدت میں ہم سے قائم ہوا تھا۔

کانفرنسیں دسمبر کی چھٹیوں میں جامعہ کے اقامت خانہ سنسان ہو جایا کرتے تھے لیکن اس سال غیر معمولی طور پر آباد رہے لیکن بجائے طلبار کے ان میں مختلف جامعات کے اساتذہ اور علم مقیم رہے جو آل انڈیا مسٹری کانفرنس اور اورینٹل کانفرنس کے سلسلہ میں جامعہ کے مہمان تھے یہ نہایت ہی کامیاب کانفرنسیں ہوئیں ہمارے مہمان جامعہ کی عظیم الشان عمارتوں اور جذبہ مہمان نوازی سے بیحد متاثر

ہوئے جناب ہارون خانصاحب شروانی صدر شعبۂ تاریخ، جناب نظام الدین صاحب صدر شعبۂ فارسی اور وہ تمام طلبا جنھوں نے اس سلسلہ میں رضاکارانہ خدمات انجام دیں اس کامیابی پر قابل مبارکباد ہیں۔

کھیل اس سال سے کھیل کے میدانوں پر ۷۵ فیصد حاضری لازم قرار دی گئی۔ برادران جامعہ میدانوں پر نسبتاً زیادہ تعداد میں حاضر رہے۔ بین الکلیاتی اور بین الجامعاتی مقابلوں نے کھیل کے میدانوں کو دلچسپ بنا دیا۔ بعض مقابلے نہایت ہی ہمت افزا اور بلند معیار کے ہوئے اور بعض ہمت شکن بھی جن کی تفصیل ہر کھیل کے محاذی درج ہے۔

کرکٹ

صدر - پروفیسر حسین علی خان۔
کپتان - مسٹر سراج الدین۔
معتمد - مسٹر حسام الدین صدیقی۔

کرکٹ کلب کی خصوصیت رہی ہے کہ مشق بہت ہی پابندی کے ساتھ کی جاتی ہے اور ٹیم میں ان ہی لوگوں کو نمائندگی کا موقع دیا جاتا ہے جو پابندی سے مشق کرتے ہیں۔ اس سال ہماری ٹیم مختلف مقابلوں میں بہت ہی کامیاب رہی۔ مسٹر حسام الدین، مسٹر اصغر، مسٹر کاظم مسٹر راجکمار مسٹر شاہد اور مسٹر کفیل اچھے کھلاڑی ثابت ہوئے۔ مسٹر حسام نے اپنی اعلیٰ اور معیاری بیاٹنگ سے اکثر مواقع پر ٹیم کو ہارنے سے بچالیا۔ آپ کو صدر اعظم الیوں، حیدرآباد الیوں اور بالآخر حیدرآباد کی نمائندہ ٹیم میں موقع دیا گیا۔ اصغر بہت ہی ہونہار کھلاڑی ہیں۔ آپ سے بہت سی توقعات وابستہ ہیں۔ مسٹر کاظم اسی سال جامعہ میں آئے ہیں اور اعلیٰ درجہ کے بولر کی حیثیت سے ٹیم میں شریک کئے گئے ہیں۔ آپ کو بھی صدر اعظم الیون میں منتخب کیا گیا تھا۔ مسٹر کفیل نے اس سال تین مرتبہ ہیٹ ٹرک لین جو ان کے عمدہ بولر ہونے کا ثبوت ہے۔ مسٹر راجکمار نے اپنے اعلیٰ کھیل کی وجہ سے لڑکوں میں مقبولیت حاصل کی آپ کا شمار اعلیٰ کھلاڑیوں میں ہے۔ مسٹر شاہد نے بھی گذشتہ کی بہ نسبت اپنے کھیل کے معیار کو بہت بلند کیا۔ بحیثیت مجموعی کرکٹ ٹیم کا نظم وضبط اور اسکی کامیابیاں خصوصاً سالار جنگ ٹورنامنٹ میں بہت ہی ہمت افزا رہیں جس کے لئے ہم کپتان اور

متعمد کو مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

ٹینس

صدر۔ ڈاکٹر عبدالحق۔
معتمد۔ سید حسین رضوی۔

مسٹر رضوی کی انتھک کوششوں کی وجہ سے ممبران کلب کی تعداد میں اضافہ ہوا اور کھیل کا معیار بھی بلند ہوا متعدد دوستانہ مقابلہ کھیلے گئے میکنزی ٹورنامنٹ، مہدی جنگ ٹورنامنٹ اور قمرالدین میموریل ٹورنامنٹ میں جامعہ کے کھلاڑیوں نے نمایاں حصہ لیا مسٹر قیصر نے حسب روایت پھر میکنزی ٹورنامنٹ میں سنگلز چمپین شپ حاصل کیا۔ صاحب موصوف کی شہرت خود ان کے اعلیٰ کھلاڑی ہونیکی ضامن ہے۔ آپ حیدرآباد کے ممتاز ترین نوعمر کھلاڑی ہیں۔ اور امید ہے کہ آپ کے توسط سے نہ صرف جامعہ عثمانیہ بلکہ حیدرآباد کو کل ہند ٹینس کے مقابلوں میں خاص امتیاز حاصل ہوگا۔

مسٹر حفیظ، مسٹر حامد محی الدین، مسٹر حبیب اللہ، مسٹر اشہد رضوی، مسٹر مقصود عبدالعلی، مسٹر رضوی اور ممتاز الدین نے مختلف مقابلوں میں جامعہ کی نمائندگی کی۔

کلب کے ٹورنامنٹ کامیابی کے ساتھ ختم ہوئے مسٹر مقصود اور ممتاز نے فائنل میں ایک دوسرے کو شکست دینے کی پوری کوشش کی مقابلہ دلچسپ رہا۔ ممتاز ان ہونہار کھلاڑیوں میں سے ہیں جن سے آئندہ ہمیں بہت سی توقعات وابستہ ہیں انھیں اس میدان میں آئے ہوئے کچھ زیادہ عرصہ نہیں ہوا پھر بھی انھوں نے اپنی بے جگرانہ کوششوں سے اپنے کھیل کو جامعہ کے معیار پر لالیا۔ مقصود بھی ابھی کالج میں نئے نئے آئے ہیں ان سے بھی ہمیں آئندہ بیحد توقعات وابستہ ہیں بشرطیکہ یہ اپنی کوششیں جاری رکھیں۔ اور ترقی کے منازل جلد جلد طے کرتے جائیں مسٹر رضوی ٹینس کلب کی اس چہل پہل اور طلباء کی دلچسپی کے لئے قابل مبارکباد ہیں۔

ڈاکٹر عبدالحق صدر ٹینس کلب کی مشفقانہ توجہ نے لڑکوں کی ہمت افزائی فرمائی۔ ڈاکٹر موصوف ٹینس کے اچھے کھلاڑی ہونے کے علاوہ بہت ہی خوش اخلاق ہیں۔ تمام سال آپ نے لڑکوں کو ترقی کے زینہ طے کرنیکا درس دیا۔ اور انکی ہمت افزائی میں کسی طرح کا بخل نہ کیا ہم ڈاکٹر صاحب کو

کو بھی کلب کی کامیابیوں اور اچھے نظم وضبط کے برقرار رکھنے پر ہدیۂ تشکر پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ آئندہ بھی یہی طرز عمل برقرار رکھا جائے گا۔

ہاکی

صدر۔ مسٹر برکت اللہ
کپتان۔ مرزا سیف علی بیگ۔
معتمد۔ اوصاف علی عباسی۔

